الحمد للہ الذی جعل صدورنا مشکوٰۃ لمصابیح الانوار و نور قلوبنا بنور معرفۃ معانی الاٰثار والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ المجتبیٰ المختار و رسولہ المبعوث بصحاح الاخبار وعلیٰ اٰلہ الاخیار واصحابہ الکبار ومتبعیہم الذین اختاروا سنن الھدیٰ واستمسکوا باحادیث سید الابرار + **بعد** حمد و صلوٰۃ کے خادم احادیث نبویہ ابو عبد الحق قاضی رحمۃ اللہ راندیری حضرات ناظرین پر تمکین کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ ہر چند میں نے اپنے رسالہ صبح سنابل وغیرہ میں ترک رفع یدین کو بوقت رکوع کرنے اور رکوع سے اٹھنے کے بتصریح تام لکھ دیا ہے تاہم بعض احبا بالحاح تام مصر ہوئے کہ ایک رسالہ مستقل سلیس اردو زبان میں لکھ دوں ناچار اپنے اوقات عزیز میں سے کچھ تھوڑا سا وقت نکال کر یہ رسالہ لکھ کے پیش کرتا ہوں وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم۔ **مقدمہ** کتب احادیث سے ظاہر ہے کہ ابتدا میں نماز کے متعلق بہتیری ایسی باتیں تھیں کہ پیشتر مروج تھیں مگر رفتہ رفتہ متروک کردی گئیں چنانچہ لوگ پہلے نماز میں باتیں کرلیا کرتے تھے اور نماز میں آگے پیچھے کھڑے ہو جاتے تھے صف بندی کا اہتمام نہ تھا پھر کلام کرنا نماز میں موقوف کیا گیا اسی طرح پھر اہتمام صف بندی کا بھی کیا گیا پہلے رکوع کرتے تو ہاتھوں کو گھٹنوں کے اندر کرلیتے تھے پھر گھٹنوں پر رکھنے کا حکم ہوا غرضکہ بہتیرے امور ہیں کہ رفتہ رفتہ ان میں اصلاح ہوئی اس میں شک نہیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رفع یدین کیا ہو اور یہ رفع یدین ایک دو روایت سے نہیں بلکہ بیسیوں روایتوں سے ثابت ہے۔ تحریمہ والے رفع یدین کا ترک تو کسی طرح ثابت نہیں اور غالباً

Marfat.com

کل مسلمان متفق ہیں کہ عند الافتتاح ہاتھ اُٹھانا چاہیئے۔ اسمیں کسی فرقے کو اختلاف نہیں۔ اگر اختلاف ہے تو دوسرے رفع یدین میں ہے۔ امام ابوحنیفہ تابعی رح مشھود لہ بالخیر اور بقول مشہور امام مالک رح اس طرف گئے کہ تحریمہ کے سوائے رفع یدین مستحب نہیں۔ چنانچہ جناب ملا علی قاری محدث حنفی رح نے شرح مسند میں تصریح کی ہے واجتمعت الامة علی استحباب رفع الیدین عند تکبیرة الاحرام واما فی ماسواھا فقال الشافعی واحمد یستحب ایضاً۔ اور مجوزین میں دو فرقے ہوئے۔ کچھ تھوڑے سے لوگ اسکے قائل ہوئے کہ کل مواضع مذکورہ میں یعنی سجود میں بھی رفع یدین کرنا مستحب ہے۔ اور دوسرا فرقہ رفع یدین للسجود کے منسوخ ہونیکا تو قائل ہوا مگر رکوع کے رفع یدین کے نسخ کا قائل نہوا چنانچہ امام شافعی واحمد وغیرہ آج کل کے وہ حضرات جو پابند تقلید نہیں اُن کا یہی مسلک ہے کہ سجدہ کے سوائے اور مواضع میں، ہاتھ اُٹھانا چاہیئے۔ بلکہ اکثر حضرات کے نزدیک مواضع ثلٰثہ کے علاوہ تشہد سے اُٹھتے وقت بھی رفع یدین مستحب ہے۔ اب ایسے معرکۃ الآرا مسئلے میں جسمیں ایسے ایسے امام محدثین مختلف ہیں ہمیں حضرت کی احادیث صحیحہ مرفوعہ والہ برترک رفع یدین کے سوا صحابہ رض کے افعال کیطرف رجوع کرنا چاہیئے۔ اگر صحابہ رض کو بھی مختلف پائیں تو خلفائے اربعہ رض کو دیکھنا چاہیئے کہ یہ مقدس حضرات جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسطرح نماز پڑھا کرتے تھے۔ کیونکہ دوسرے اور اصحاب رض تو اِدھر اُدھر بھی چلے گئے تھے۔ مگر یہ لوگ تادم وصال نبوی حضوری میں رہے۔ انکو رفع یدین کرنے اور نہ کرنیکا پورا حال معلوم ہوگا۔ کیونکہ نماز کچھ ایسی چیز نہیں کہ احیاناً ادا کی جاتی ہو۔ شب و روز میں پانچ وقت پڑھی جاتی ہے۔ ان حضرات نے سیکڑوں دفعہ آنحضرت ص کے ساتھ نماز پڑھی ہوگی اور چونکہ یہ حضرت عاشق سنت تھے۔ اور خلیفہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ انکی نمازیں ضرور اسی طرح ہوا کرتی ہونگی جسطرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آخر عمر میں پڑھا کرتے تھے۔ اور یہ ایک ایسی عقلی بات ہے جس سے کوئی ایسا شخص جسکو صحابہ رض سے حسن عقیدت ہے۔ انکار نہیں کرسکتا۔ پس بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگر خلفائے اربعہ رض سے باسناد صحیح رفع یدین ثابت ہے تو ہمیں ضرور ماننا پڑیگا کہ آخر عمر میں بھی آنحضرت رفع یدین کیا کرتے تھے۔ اور منسوخ ہونیکا دعوے درست نہیں۔ اور اگر ان سے

Marfat.com

ثابت نہیں بلکہ ترک ثابت ہو تو اب تمہیں انصاف سے کہو کہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ اب میں حضرات
ناظرین کو ذرا زیادہ متوجہ کرنے کی تکلیف دیتا ہوں اور دعوے کرتا ہوں۔ ذرا غور سے ملاحظہ فرمائیں
اور خوب یاد رکھیں۔ ایک دعوے یہ کہ میں نے سنن اور مسانید اور معاجم کے علاوہ شروح و رسائل کی بھی
خوب سیر کی۔ کسی روایت صحیحہ سے خلفائے اربعہؓ کا رفع یدین کرنا ہرگز ثابت نہیں۔ اس باب میں جو ایک
دو آثار مروی بھی ہیں وہ بھی صحیح نہیں۔ اب میں پھر دعویٰ کرتا ہوں کہ کوئی شخص انشاءاللہ باسناد
صحیح ان مقدس حضرات سے رفع یدین کرنا ثابت نہیں کر سکتا۔ امام بخاری رحمہ نے رفع یدین کے ثبوت
میں خاص ایک رسالہ لکھا ہے جسمیں بہت زور مارا ہے۔ اور آثار صحابہؓ بھی لکھے ہیں مگر خلفائے اربعہؓ
کی نسبت کوئی روایت سند کے ساتھ نہ لکھ سکے۔ گو کہ بعض متعصبین نے حضرت ابو بکرؓ اور عمرؓ
کو شامل کرنیکے لیئے دارقطنی سے روایت کی ہے مگر اسمیں محمد بن جابر متفرد ہے اور وہ ضعیف ہے
اور ایک حدیث بیہقی کی نقل کی ہے کہ ابی بکر الصدیق رضؓ رکوع وغیرہ کے وقت رفع یدین کرتے تھے
مگر وہ بھی ضعیف ہے۔ وجہ ضعف کی یہ ہے کہ متصل السند نہیں ہے کیونکہ اس حدیث کی سند میں محمد بن عبداللہ
صفار کا سماع محمد بن اسمٰعیل سلمی سے ثابت نہیں ہے۔ اور دوسری ایک حدیث عبدالرزاق سے نقل
کی ہے۔ اسمیں مواضع ثلثہ میں رفع یدین کرنا ابو بکرؓ کا ثابت کیا ہے۔ مگر وہ روایت بھی منقطع ہے
تیسری روایت حضرت عمرؓ کے باب میں ہے جو نصب الرایہ میں بیہقی سے منقول ہے۔ اسمیں
رشدین بن سعد کا واسطہ ہے وہ ضعیف ہے۔ بیہقی رحمہ نے اپنی تصانیف میں بہت سی روایتیں لکھی ہیں مگر
خلفائے اربعہ رضؓ کی نسبت بعض ضعیف روایتوں کے سوا کوئی صحیح روایت پیش نہ کر سکے مگر دارقطنی
نے حضرت ابو بکر اور عمرؓ کا سوائے تکبیر تحریمہ کے اور جگہ رفع یدین نہ کرنا ثابت کیا ہے۔ اور حضرت
عثمانؓ کا طرز عمل بسند صحیح اسبارے میں ثابت نہیں ہے۔ اور اسیطرح حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ
سے بسند صحیح ترک رفع یدین ثابت ہے۔ اور کچھ انہیں پر موقوف نہیں بلکہ دوسرے صحابہؓ کا بھی رفع
یدین نہ کرنا صحیح طور پر مروی ہے۔ آپ ذرا انصاف سے کام لو۔ اگر یہ ثابت ہو جائے تو مقتضائے
احتیاط کیا ہے۔ اور درایۃً رفع یدین کو قوت ہوگی یا ترک رفع یدین کو۔ اچھا اب میں وہ روایتیں

Marfat.com

پہلی حدیث

پیش کرتا ہوں جو اصول حدیث سے بیشک صحیح ہیں۔ ذرا انصافاً دیکھو کہ ان سے کیا ثابت ہوتا ہے

**پہلی روایت** ابوداؤد میں ہے حدثنا عثمان بن ابی شیبة نا وکیع عن سفیان عن عاصم یعنی ابن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود قال قال عبد الله بن مسعود الا اصلی بکم صلوٰة رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فصلی فلم یرفع یدیه الا مرة ۔ یعنی عبد الرحمن بن اسود سے مروی ہے کہ عبد اللہ بن مسعودؓ نے کہا کہ میں تم لوگوں کو وہ نماز پڑھکر دکھا دیتا ہوں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے۔ یہ کہکر انھوں نے جو نماز شروع کی تو رفع یدین ایک مرتبہ کے سوا دوسری بار نہ کیا۔ **ف** یہ حدیث ابوداؤد کی صحیح ہے۔ اسکے کل راوی ثقہ اور رجال صحیحین کے ہیں جیسے اسکو ترمذی وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے۔ اس سے چند باتیں مستفاد ہوتی ہیں۔ ایک یہ کہ عبد اللہ بن مسعودؓ جو خادم نبوی اور جلیل القدر صحابی تھے۔ اور برسوں آنحضرتؐ کے ساتھ رہے تھے۔ اور باوجود ہجرت مشاہد میں حاضر ہوا کیے۔ انھوں نے جو نماز پڑھی تو ترک رفع یدین کیا۔ دوسرے یہ کہ چونکہ انھوں نے یہ کہکر نماز پڑھائی کہ میں آنحضرتؐ کی نماز پڑھکر دکھاتا ہوں۔ اسلیئے یہ بھی ثابت ہوا کہ عبد اللہ بن مسعودؓ کے نزدیک سوائے افتتاح کے رفع یدین مسنون نہ تھا۔ اگر مسنون ہوتا تو ایسی حالت میں کہ وہ لوگوں کو صلوٰة نبوی تعلیم کرنے لگیں پھر بھی ایسی سنت کی رعایت نہ کریں جسکے کرنے میں کچھ بھی دقت نہو۔ نہایت مستبعد ہے۔ تیسرے یہ کہ آنحضرتؐ نے رفع یدین کو کبھی کیا ہو مگر آپ سے ترک بھی ثابت ہی۔ رہی یہ بات کہ ترک رفع یدین آخر عمر میں تہا وہ عبد اللہ بن مسعود کی اسی روایت سے ثابت ہے اور دوسری روایت سے آگے چل کے ہم ثابت کر دینگے۔ بہرصورت اس روایت سے ہم اسیقدر ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ آپ نے رفع یدین ترک بھی کیا ہے۔ ہر چند کہ اس حدیث کے کل راوی امام بخاری اور مسلم کے رواة میں سے ہیں۔ اور انکا ثقہ ہونا حافظ ابن حجر کی تقریب سے جسمیں اصل قول لکہنے کا وعدہ کیا ہے ثابت ہی مگر بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ترمذی نے ابن مبارک سے تضعیف نقل کی ہے۔ چنانچہ انکی عبارت یہ ہی۔ عن عبد الله بن المبارک قال لم یثبت حدیث ابن مسعود ان النبی صلی الله علیه وسلم لم یرفع یدیه الا اول مرة ۔ یعنی عبد اللہ بن مبارک نے کہا کہ عبد اللہ

Marfat.com

ابن مسعود کی یہ حدیث ثابت نہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اول دفعہ کے سوا رفع یدین نہیں کیا
اور بیہقی نے باسنادہ کتاب المعرفۃ میں روایت کیا ہے۔ عن عبد اللہ بن المبارک قال لم یثبت
عندی حدیث عبد اللہ بن مسعود ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رفع یدیہ اول مرۃ
ثم لم یرفع + اسکا جواب یہ ہی کہ عبد اللہ بن مسعود رضہ سے دو روایتیں ہیں۔ ایک یہ کہ انہوں نے
یہ کہکر کہ میں آنحضرتؐ کی نماز پڑھکر دکھاتا ہوں۔ نماز پڑھی اور ایک دفعہ کے سوائے دوسری بار انہوں نے
رفع یدین نہیں کیا۔ دوسرے یہ کہ عبد اللہ بن مسعود نے یہ کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ
کے سوائے رفع یدین نہیں کیا۔ ظاہر ہے کہ دونوں روایتوں کے مفہوم میں بہت بڑا فرق ہی۔ ترمذی
نے پہلی حدیث مرفوع کی نسبت جس کی روایات میں ثم لا یرفع یا اسکے ہم معنی کوئی لفظ ہی۔ عبد اللہ
ابن المبارک کا وہ قول نقل کیا۔ پھر حدیث موقوف کہ وہ بھی معنًی مرفوع ہے۔ اور جسمیں عبد اللہ بن مسعودؓ
کا فعل مذکور ہے۔ روایت کرکے یہ لکھا کہ حدیث ابن مسعود حدیثٌ[1] حسنٌ وبہ یقول غیر واحد
من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین وھو قول سفیان واھل
الکوفۃ + یعنی ابن مسعود کی یہ حدیث حسن ہی اور اس عدم رفع یدین کیطرف بہتیرے اہل علم صحابہ اور تابعین
میں سے گئے ہیں۔ اور یہی سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔ اس عبارت سے دو باتیں مستفاد ہوئیں
ایک یہ کہ ابن مسعود کی یہ حدیث ضعیف نہیں ہے۔ دوسرے ترک رفع یدین کے قائل صرف امام ابو حنیفہؒ
نہیں بلکہ بہت سے صحابہ اور تابعین بھی ہیں۔ اور اگر کوئی یہ کہے کہ عبد اللہ بن المبارک کا وہ قول حدیث
موقوف کے متعلق بھی ہے جیساکہ بعض حفاظ کے قول سے سمجھا جاتا ہی تو جواب اسکا وہی ہے
جو کہ علامہ دقیق العید نے اپنی کتاب امام میں دیا ہے کہ عدم ثبوت الخبر عند ابن المبارک
لا یمنع من النظر فیہ وھو یدور علی عاصم[2] بن کلیب وقد وثقہ ابن معین کما قدمناہ
علاوہ اسکے ترمذی جلد ثانی کے ص۹۶ میں عاصم کی حدیث کو حسنٌ صحیحٌ لکھا ہی۔ اسیطرح ص۷ میں شریک
اور عاصم بن کلیب کی حدیث کو حسنٌ صحیحٌ لکھا ہی + خلاصہ یہ کہ جب سند صحیح سے یہ روایت ثابت ہی

[1] امام ابو داؤد کا بعد حدیث کا لایعوّ کے کہنا۔ ہذا حدیث لا یصح سے مراد اس سے یہ ہی کہ صحیح لذاتہ نہیں ہی بلکہ صحیح لغیرہ ہی یا حسن لذاتہ ہی
موضوع منکر یا ضعیف ہونا مراد نہیں ہی ۱۲ منہ [2] عاصم ابن کلیب: ثقہ ابن معین والنسائی ۱۲ خلاصہ

Marfat.com

تو عبد اللہ بن مبارک کے انکار سے یہ حدیث ضعیف نہیں ہو سکتی۔ بلکہ خود ابن المبارک کے قول اور انکار کا ضعف ثابت ہو گیا۔ اور اگر کوئی یہ کہے کہ زیادت ثم لا یعود کی غیر محفوظ ہے کسی نے وکیع کا وہم لکھا ہے اور کسی نے سفیان کا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ غیر محفوظ ہونیکا دعوے بلا دلیل اور غلط ہے نسائی صفحہ ۱۶۸ میں یہ روایت بسند صحیح بطریق عبد اللہ بن المبارک عن سفیان مروی ہے جس سے وکیع کا تفرد باطل ہوتا ہے اور سفیان کی متابعت ابو بکر نہشلی اور ابن ادریس نے کی ہے۔ دار قطنی کی کتاب العلل کے صفحہ ۱۴۳ میں ہے۔ وسئل عن حدیث علقمة عن عبد الله قال الا اريكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فرفع يديه في اول تكبيرة ثم لم يعد فقال يرويه عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمة حدث به الثوري عنه ورواه ابو بكر النهشلي عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الاسود عن ابيه وعلقمة عن عبد الله وكذلك رواه ابن ادريس عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمة عن عبد الله واسناده صحيح۔ دیکھو اس عبارت سے تفرد سفیان کا باطل ہو گیا۔ جب تفرد باطل ہو تو غیر محفوظ ہونے کا دعوے بھی باطل ہو گیا۔ اس حدیث کو جسکی ترمذی نے تحسین کی ہے ابن حزم نے محلّٰی میں صحیح کہا ہے۔ اور علامہ ہاشم سندی رحنے کشف الرین میں لکھا ہے سنن ابی داؤد صحیح علی شرط الشیخین۔ یعنی ابو داؤد کی سند امام بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے + دوسری حدیث نسائی کی۔ حدثنا محمود بن غیلان المروزی نا وکیع نا سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن ابن الاسود عن علقمة عن عبد الله قال الا اصلي بكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى ولم يرفع يديه الا مرة واحدة۔ یعنی عبد اللہ سے مروی ہے کہ اُس نے کہا کہ میں تم لوگوں کو وہ نماز پڑھکر دکھاؤں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے۔ یہ کہکر انہوں نے جو نماز شروع کی تو رفع یدین ایک مرتبہ کے سوا دوسری بار نہ کیا[1]۔ تیسری حدیث ابن ابی شیبہ کی۔ حدثنا وکیع عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمة عن عبد الله قال الا اريكم صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يرفع يديه الا مرة

[1] اسکا اعادہ ما علیہ وسب جو گذر چکا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

یعنی عبداللہ رضؓ سے مروی ہے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ میں تم لوگوں کو وہ نماز پڑھکر دکھاتا ہوں جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے۔ یہ کہکر جو نماز شروع کی تو رفع یدین ایک مرتبہ کے سوا دوسری بار نہ کیا +

چوتھی حدیث دارقطنی کی۔ حدثنا ابو عثمان سعید بن محمد بن احمد الخیاط وعبد الوھاب بن عیسیٰ ابن ابی حیۃ قالا نا اسحاق بن ابی اسرائیل نا محمد بن جابر عن حماد عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومع ابی بکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فلم یرفعوا ایدیھم الا عند تکبیرۃ الاولیٰ فی افتتاح الصلوۃ ؁ جناب عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ میں نے نماز پڑھی ہمراہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور جناب ابی بکر اور حضرت عمر رضؓ کے تو رفع یدین نہیں کیا اُنہوں نے مگر وقت شروع کرنے نماز کے تکبیر اولیٰ کے ساتھ + پانچویں حدیث طحاوی رح کی ہے حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا نعیم بن حماد قال حدثنا وکیع عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن ابن الاسود عن علقمۃ عن عبد اللہ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم انہ کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لا یعود ؁ یعنی عبداللہ بن مسعود رضؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت م رفع یدین کرتے تھے پہلی تکبیر میں۔ پھر دوبارہ نہ کرتے تھے + وحدثنا محمد بن النعمان قال ثنا یحیی بن یحیی قال حدثنا وکیع عن سفیان فذکر مثلہ باسنادہ ؁ **ف** اگر کوئی کہے کہ تم یہ حدیثیں نقل کرتے ہو۔ اور بعض رواۃ نے اسکے خلاف روایت کی ہے تو جواب اسکا امام ابو حنیفہ رح اور اوزاعی کے مناظرہ سے ظاہر و باہر ہے۔ اور یہ مناظرہ مسند ابو حنیفہ کی شرح میں ملا علی قاری نے اور مرقاۃ میں اور شرح ابی الطیب میں بھی مذکور ہے۔ اور علامہ **عینی** نے بحوالہ مبسوط یہ مناظرہ نقل کیا ہے۔ اور عقد الجواہر المنیفہ میں ہے کہ حارثی نے اپنی مسند میں نقل کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے اجتمع ابو حنیفۃ رح مع الاوزاعی بمکۃ فی دار الحناطین کما حکی ابن عیینہ فقال الاوزاعی ما بالکم لا ترفعون ایدیکم عند الرکوع والرفع منہ فقال لانہ لم یصح عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فیہ شئ۔ فقال الاوزاعی کیف لم یصح وقد حدثنی الزھری عن سالم عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ اذا افتتح الصلوۃ وعند الرکوع وعند الرفع منہ فقال ثنا حماد

چوتھی حدیث ۴

پانچویں حدیث ۵

Marfat.com

عن ابراھیم عن علقمة والاسود عن عبداللہ بن مسعود ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ اذا افتتح الصلوٰة ثم لا یعود لشیٔ من ذلک فقال الاوزاعی احدثک عن الزھری عن سالم عن ابیہ وتقول حدثنی حماد عن ابراھیم فقال ابو حنیفة رح کان حماد افقہ من الزھری وکان ابراھیم افقہ من سالم وعلقمة لیس بدون ابن عمر فی الفقہ وان کان لابن عمر صحبة فلہ فضل صحبة فالاسود لہ فضل کثیر وعبداللہ عبداللہ فرجح بفقہ الرواة کما رجح الاوزاعی بعلو الاسناد والترجیح بفقہ الرواة ھو المذھب المنصور عندنا ط یعنی ابو حنیفہ رح اور اوزاعی رح جمع ہوئے مکہ معظمہ میں دار الحناطین میں جیساکہ بیان کیا ہے اسکو ابن عیینہ نے پس کہا اوزاعی نے کیا حال ہے تمہارا نہیں رفع یدین کرتے ہو تم وقت رکوع کے اور رکوع سے اُٹھتے وقت تو ابو حنیفہ رح نے فرمایا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اسبارے میں کچھ صحت کو نہیں پہنچا ہے۔ پھر اوزاعی نے کہا کیونکر صحت کو نہیں پہنچا حالانکہ مجھے حدیث بیان کی زہری نے سالم سے اور اُنہوں نے اپنے باپ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدین کرتے جبکہ نماز شروع کرتے تھے اور وقت رکوع کے اور اُس سے اُٹھتے وقت۔ تو امام ابو حنیفہ رح نے کہا۔ حدیث بیان کی ہم سے حماد نے ابراہیم سے اور اُنہوں علقمہ اور اسود سے اور اُنہوں نے عبداللہ بن مسعود رض سے کہ ہر آئینہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدین نہیں کرتے تھے مگر وقت شروع کرنے نماز کے۔ پھر نہیں عود کرتے تھے کسی شئے میں نماز سے تو اوزاعی رح نے کہا کہ میں تمہارے سامنے حدیث بیان کرتا ہوں۔ زہری اور سالم اور ابن عمر رض سے اور تم اُنکے مقابل میں حماد اور ابراہیم اور اسود اور علقمہ سے اور ابن مسعود رض سے حدیث بیان کرتے ہو۔ تو کہا ابو حنیفہ رح نے کہ حماد افقہ ہے زہری سے اور ابراہیم افقہ ہے سالم سے اور علقمہ کم نہیں ہے ابن عمر رض سے فقہ میں اگرچہ ابن عمر رض کو صحبت حاصل ہے۔ پس ابن عمر رض کے واسطے فضل صحبت ہے تو اسود کو بھی بہت فضیلت ہے اور عبداللہ تو عبداللہ ہی ہیں۔ پس ابو حنیفہ رح نے ترجیح دی ساتھ فقہ رواة کے جیساکہ ترجیح دی اوزاعی نے ساتھ علو اسناد کے اور ترجیح دینا ساتھ فقہ رواة کے یہی مذہب منصور ہے ہمارے نزدیک یعنی حماد اور ابراہیم اور علقمہ اور اسود ثقہ ہونیکے علاوہ افقہ بھی ہیں

Marfat.com

لہذا ان کی روایت زہری اور سالم کی روایت پر مقدم ہے۔ پس جو لوگ گمان کرتے ہیں کہ بخاری نے جو حدیثیں رفع یدین کی اپنی کتاب میں تخریج کی ہیں وہ حدیثیں ابو حنیفہ اور انکے اصحاب کو نہیں پہنچی ہیں یہ کہنا حد انصاف سے خارج ہو کر سرکشی میں داخل ہو گیا۔ چنانچہ ملا علی قاری رح نے شرح مسند میں لکھا کہ قال ابن الهمام فرجح الامام بفقه الرواة كما رجح الاوزاعى بعلو الاسناد وهو المذهب المنصور عندنا انتهى فمن زعم ان ما اورده البخارى من صحيحه فى بابه لم يبلغ ابا حنيفة واصحابه خرج عن حد الانصاف ودخل فى باب الاعتساف۔ اور فقاہت فقط تحفظ پر مقدم اور مرجح ہے چنانچہ اسیکی تائید میں علامہ ملا علی قاری رح نے شرح مسند میں تحریر کیا ہے نضر الله امرء سمع منا شيئا وبلغه كما سمعه فرب مبلغ اوعى من سامع رواه احمد والترمذى ابن حبان فى صحيحه عن ابن مسعود مرفوعا وفى رواية رب حامل فقه غير فقيه ورب حامل فقه الى من هو افقه منه هذا۔ پس ان احادیث سے درجہ اور مرتبہ فقیہ کا بڑھکر ثابت ہوا ان راویوں پر کہ جن میں فقط تحفظ ہو اور فقاہت نہو اور یہ کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ کسی نے زہری اور سالم کو ثقہ کے سوا فقیہ بھی لکھا ہو۔ لہذا ابو حنیفہ رح کے رواۃ کو اس باب میں ترجیح اور فوقیت بخاری کے رواۃ پر ثابت ہے ۔ **چھٹی حدیث طحاوی کی**۔ حدثنا ابو بکرة قال ثنا مؤمل قال ثنا سفيان عن المغيرة قال قلت لابراهيم حديث وائل انه راى النبى صلى الله عليه وسلم يرفع يديه اذا افتتح الصلوٰة واذا ركع واذا رفع رأسه من الركوع فقال ان كان وائل راه مرة يفعل ذلك فقد راه عبد الله خمسين مرة لا يفعل ذلك۔ یعنی مغیرہ سے روایت ہے کہ میں نے ابراہیم رح سے کہا حدیث وائل کی ہے کہ انہوں نے دیکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو رفع یدین کرتے ہوئے جبکہ شروع کرتے نماز اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے اٹھتے تو ابراہیم نے کہا اگر وائل نے حضرت م کو رفع یدین کرتے ایک مرتبہ دیکھا ہے تو عبد اللہ بن مسعود رض نے پچاس بار دیکھا ہے کہ حضرت رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ **ساتویں حدیث طحاوی کی**۔ حدثنا احمد بن داؤد قال حدثنا مسدد قال حدثنا خالد بن عبد الله قال ثنا حصين عن عمرو بن

مرۃ قال دخلت مسجد حضرموت فاذا علقمۃ بن وائل یحدث عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ قبل الرکوع وبعدہ فذکرت ذلک لابراہیم فغضب وقال راٰہ ھو ولم یرہ ابن مسعود ولا اصحابہ ۵ یعنی عمرو بن مرہ سے مروی ہے کہ میں داخل ہوا مسجد حضرموت میں تو ناگہاں ناں علقمہ بن وائل اپنے باپ سے حدیثیں روایت کررہے تھے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم رفع یدین کرتے تھے۔ قبل رکوع اور بعد رکوع کے تو یہ میں نے ابراہیم سے ذکر کیا پس غصہ کیا اور کہا ابراہیم نے کہ وائل نے دیکھا اور عبداللہ اور اُنکے اصحاب نے نہیں دیکھا۔ یعنی یہ محال ہے کہ وائل ایک و بار ملاقات والا دیکھے اور عبداللہ ہمیشہ حضرت کے ہمراہ رہنے والے اور خادم خاص صاحب مسواک اور اُنہوں نے نہ دیکھا۔ جناب عبداللہ بن مسعود کی روایتیں جیسی ترمذی۔ ابوداؤد اورنسائی وغیرہ سے اس رسالہ میں درج ہوگئی ہیں۔ اسیطرح دوسرے محدثین بھی اپنی تصانیف اور مسانید او معاجم میں اس حدیث عبداللہ کو لائے ہیں۔ اورمحدث افخم علامہ محمد ہاشم کشف الرین عن رفع الیدین میں لکھتے ہیں کہ سند ابی داؤد کی اور سند نسائی اور سند ابوبکر بن ابی شیبہ کی شیخین کی شرط پر ہے۔ اور سند امام صاحب کی اوپر شرط مسلم کے ہے۔ اور حدیث برار بن عازب کی کہ ترمذی نے اسکی طرف اپنی جامع میں اشارہ کیا ہے۔ وہ حدیث عبدالرزاق نے اپنی جامع میں روایت کی ہے۔ اور وہ یہ ہے عن ابن عیینۃ عن یزید عن عبدالرحمن عن ابن ابی لیلی عن البراء بن عازب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کبر رفع یدیہ حتی نری ابھامیہ قریبا من اذنیہ ثم لا یعود فیہ فی تلک الصلوٰۃ ۵ یعنی برار بن عازب رض سے مروی ہے کہ حضرت جب تکبیر تحریمہ کہتے تو رفع یدین کرتے۔ یہاں تک کہ ہم دیکھتے تھے۔ دونوں انگوٹھے آپکے قریب دونوں کانوں کے پھر عود نہیں کرتے تھے۔ اُس نماز میں +

## نویں حدیث ابوداؤد کی

حدثنا محمد بن ... البزاز نا شریک عن یزید بن ابی زیاد عن عبدالرحمن بن ابی لیلی عن البراء بن عازب قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرفع یدیہ حین افتتح الصلوٰۃ ثم لم یرفعہما حتی انصرف ۵ یعنی ابن عازب سے روایت ہے کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا رفع یدین

Marfat.com

کرتے ہوئے وقت شروع کرنے نماز کے۔ پھر رفع یدین نہیں کیا۔ یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہوئے۔

حدیث ۱۰ دسویں حدیث ابوبکر بن ابی شیبہ کی۔ حدثنا وکیع عن ابن ابی لیلی عن الحکم وعیسی عن عبد الرحمن ابن ابی لیلی عن البراء بن عازب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ ثم لا یرفعہما حتی یفرغ ۵ یعنی براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے تھے۔ پھر رفع یدین نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ فارغ ہوتے۔

حدیث ۱۱ گیارہویں حدیث طحاوی کی۔ حدثنا ابو بکرۃ قال حدثنا مؤمل قال حدثنا سفیان قال ثنا یزید بن ابی زیاد عن ابن ابی لیلی عن البراء بن عازب قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کبر لافتتاح الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی یکون ابہاماہ قریبین من شحمتی اذنیہ ثم لا یعود ۵ یعنی براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدین کرتے تھے وقت تکبیر افتتاح کے یہاں تک کہ دونوں انگوٹھے آپ کے کان کی لَو کے قریب ہو جاتے۔ پھر عود نہیں کرتے تھے۔

حدیث ۱۲ بارہویں حدیث طحاوی کی ہے۔ حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا عمرو بن عون قال نا خالد عن ابن ابی لیلی عن عیسی بن عبد الرحمن عن ابیہ عن البراء بن عازب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ ۵

حدیث ۱۳ تیرہویں حدیث طحاوی کی۔ حدثنا محمد بن النعمان قال ثنا یحیی بن یحیی قال ثنا وکیع عن ابن ابی لیلی عن اخیہ وعن الحکم عن ابن ابی لیلی عن البراء بن عازب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ ۵

حدیث ۱۴ چودہویں حدیث دارقطنی کی۔ ثنا احمد بن علی بن علاء ثنا ابو الاشعث نا محمد ابن بکر ثنا شعبۃ عن یزید بن ابی زیاد قال سمعت ابن ابی لیلی یقول سمعت البراء فی ہذا المجلس یحدث قوما فیہم کعب بن عجرۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین افتتح الصلوٰۃ فیرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ۵ یعنی ابن ابی لیلی سے براء بن عازب سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے سنا براء بن عازب کو اس مجلس میں حدیث بیان کرتے ہوئے ایک قوم کے سامنے جس میں کعب بن عجرہ بھی تھے کہا کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

Marfat.com

حدیث ۱۵

رفع یدین کرتے تھے وقت شروع کرنے نماز کے تکبیر تحریمہ میں ۔ **پندرھویں حدیث دارقطنی کی** ۔ حدثنا یحیی بن محمد بن صالح ثنا محمد بن سلیمان ثنا اسمعیل بن زکریا ثنا یزید بن ابی زیاد عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن البراء انه رأی رسول الله صلی الله علیه وسلم حین افتتح الصلوٰة رفع یدیه حتی حاذی بهما اذنیه ثم لا یعود الی شیء من ذلک حتی فرغ من صلاته ؎ یعنی روایت ہے براء رض سے کہ انھوں نے دیکھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو وقت شروع کرنے نماز کے رفع یدین کرتے ہوئے ۔ یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں کے مقابل کیا ۔ پھر عود نہیں کرتے تھے یہانتک کہ فارغ ہوتے نماز سے +

حدیث ۱۶

**سولھویں حدیث دارقطنی کی** ۔ حدثنا باغند ثنا لوین ثنا اسمعیل ابن زکریا عن یزید یعنی ابن ابی زیاد عن عدی بن ثابت عن البراء بن عازب مثله ؎ حدثنا ابو بکر الادمی احمد بن اسمعیل نا عبد الله بن محمد بن ایوب المخرمی نا علی بن عاصم نا محمد بن ابی لیلی عن البراء بن عازب قال رأیت رسول الله صلے الله علیه وسلم حین قام الی الصلوٰة وکبر ورفع یدیه حتی حاذی بهما ثم لم یعد ؎ یعنی براء ابن عازب سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو وقت ادائے نماز کے ۔ رفع یدین کرتے ہوئے تو برابر کیے حضرت ؑ نے دونوں ہاتھ کان تک پھر عود نہیں کیا ۔ **ف** اسیطرح دوسرے محدثین نے ان حدیثوں کو اپنی کتابوں اور مسانید میں روایت کیا ہے ۔ اور رئیس المحدثین علامہ محمد ہاشم السندی ثم المدنی علیہ الرحمۃ نے کشف الرین عن مسئلۃ رفع الیدین میں تصحیح فرمائی ہے کے اسانید حدیث براء ابن عازب رضی اللہ تعالی عنہ کی بعض انمیں سے جید اور صحیح اوپر شرط شیخین کے بعض ان میں سے حسن ہیں شیخین میں سے کسی ایک کی شرط پر ۔ اور حدیث عبد الرزاق کی سند اوپر شرط شیخین کے ہے ۔ اور بعض الناس نے عاصم بن کلیب میں قدح کیا ہے وہ قدح مردود ہے کیونکہ توثیق کی ہے انکی ابن معین نے ۔ اور تخریج کی انکی حدیث کی مسلم نے ۔ دھن ۲؎ وغیرہ میں حضرت علی رض سے اور اوپر گزر چکا ہے کہ ترمذی جلد ثانی میں عاصم کی حدیث کو حسن صحیح کہا ہے ۔ اور بعض الناس نے تماشہ کہ

Marfat.com

ان حدیثوں میں راوی عبدالرحمن کی سماعت علقمہ سے نہیں ہے۔ یہ بھی باطل ہے اوراسکو ابن حبان نے ثقات سے شمار کیا ہے جیسا کہ تصریح کی علامہ محقق ابن الہمام نے فتح القدیر میں۔ وما نقل عن ابن المبارك انه قال لم يثبت عندي حديث ابن مسعود فغير صائب بعد ما ثبت بالطرق المذكورة والقدح في عاصم بن كليب غير مقبول فقد وثقه ابن معين واخرج له مسلم حديثه في الهدى وغيره عن علي رض وفي عبد الرحمن بانه لم يسمع من علقمة باطل قد ذكره ابن حبان في الثقات وقال مات سنة تسع وتسعين وسنه سن ابراهيم النخعي فما المانع من سماعه عن علقمة واتفقوا على سماع النخعي منه واخرج الخطيب في كتاب المتفق والمفترق في ترجمة عبد الرحمن انه سمع اباه وعلقمة وما قيل ان الحديث صحيح وانما المنكر فيه على وكيع زيادة ثم لا يعود فانما هو ظن من المنكر وبالجملة زيادة العدل الضابط مقبولة خصوصاً وقد توبع عليها فرواها ابن المبارك فيما قدمناه من رواية النسائي ۔ اور کہنا ابن القطان کا کہ وکیع کی زیادتی ثم لایعود کی منکر ہے مردود ہے بسبب روایۃ نسائی اور ابوداؤد کے کہ جو اوپر گزر چکی ہیں۔ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ فقط وکیع لفظ ثم لایعود بیان کرنے میں متفرد نہیں ہیں بلکہ متابعت کی ہے وکیع کی ابن المبارک وغیرہ نے اصحاب ثوری سے اور دارقطنی کا کہنا کہ احمد بن حنبل اور ابوبکر بن ابی شیبہ نے ثم لایعود یا ثم لم یعد ذکر نہیں کیا ہے مرفوع ہے کیونکہ احمد نے خود اپنی مسند میں روایت کی ہے حدثنا وکیع ثنا سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمه قال قال ابن مسعود الا اصلي لكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فصلى فلم يرفع يديه الا مرة ۔ اور مرفوع ہے اس حدیث سے کہ تخریج کی اسکی ابوبکر بن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں اور یہ حدیث بھی اوپر گزر چکی ہے۔ اور دارقطنی کا کہنا کہ وکیع کے شاگردوں میں سے کسی نے ثم لم یعد نہیں کہا وہ بھی باطل اور دروغ بے فروغ ہے کیونکہ ابھی گزر چکا ہے کہ احمد اور ابوبکر بن ابی شیبہ نے اسکو وکیع سے روایت کیا ہے۔ اور اسمیں فلم يرفع يديه الا مرة موجود ہے۔ اور یہ کلمہ معنی میں فرفع یدیہ ثم لم یعد

Marfat.com

کے ہے اور متابعت کی ان دو کی ایک جماعت نے وکیع سے۔ اُنہیں سے عثمان بن ابی شیبہ بھی ہے روایت ابی داؤد میں اور ہناد روایت ترمذی میں اور محمود بن غیلان روایت نسائی میں۔ اور نعیم بن حماد اور یحییٰ بن یحییٰ روایت طحاوی میں۔ یہ کل وکیع سے روایت کرتے ہیں۔ اور اُنہوں نے کہا ہے حدیث میں فلم یرفع یدیہ الا مرۃ اور بخاریؒ اور اُنکے متبعین ابو حاتم وغیرہ کا کہنا کہ اسمیں وہم سفیان کا ہے۔ اسکا جواب چند وجوہ سے ہے۔ ایک یہ کہ جو حدیث ابن ادریس بیان کرتا ہے وہ حدیث دوسری ہے ایک نہیں چنانچہ سیاق دونوں کا اختلاف پر دلالت کرتا ہے۔ اور دوسرا جواب یہ کہ سفیان احفظ ابن ادریس سے ہے چنانچہ حافظ نے تقریب میں بیچ ترجمہ سفیان کے ثقہ حافظ امام حجۃ کہا ہے پس باوجود ثقہ ہونے اُسکے اور حافظ اور امام ہونیکے ضرر نہیں کرتا ہے خلاف کرنا ابن ادریس کا تیسرا جواب یہ کہ یہ زیادۃ ہے اور زیادتی ثقہ حافظ متقن کی مقبول ہے۔ اور علامہ زیلعیؒ نے نصب الرایہ میں اسکا جواب دیا ہے وہ یہ ہے کہ بخاری اور ابو حاتم رح نے اسمیں سفیان کا وہم قرار دیا۔ اور ابن القطان وغیرہ نے وکیع کا وہم بتایا۔ اور یہ اختلاف دونوں قولوں کے ساقط ہوجانے کا مقتضی ہے بدلیل اذا تعارضا تساقطا کے۔ اور پھر چونکہ یہ حدیث ثقات سے مروی ہے اسلیئے اسکو صحیح مانا جائیگا۔۔

پس خلاصہ کلام کا یہ ہوا کہ یہ حدیث اس زیادتی کے ساتھ صحیح ہے اور جو جو اعتراضات اسپر وارد کیے گئے ہیں وہ سب مدفوع ہیں + **ستر ھویں حدیث** - ابو بکر بن ابی شیبہ جو امام بخاری اور مسلم کے استاد ہیں اپنی مصنف میں روایت کرتے ہیں حدثنا ابن ادم عن الحسن بن عیاش عن عبد الملک بن ابجر عن الزبیر بن عدی عن ابراهیم عن الاسود قال صلیت مع عمرؓ فلم یرفع یدیہ فی شئ من صلوته الا حین افتتح الصلوة قال عبد الملک و رایت الشعبی وابراهیم وابا اسحاق لا یرفعون ایدیهم الا حین یفتتحون الصلوة یعنی اسود سے مروی ہے کہ میں نے عمر بن الخطاب کے ساتھ نماز پڑھی انہوں نے بجز افتتاح کہیں اور سوائے صلوٰۃ میں رفع یدین نہیں کیا۔ اور عبد الملک نے کہا کہ میں نے شعبی رح اور ابراہیم نخعی - اور ابو اسحاق سبیعی رح کو دیکھا کہ یہ لوگ افتتاح کے سوا اور کہیں نماز میں رفع یدین نہیں کرتے تھے یہ اثر صحیح ہے۔ کیونکہ آثار السنن

میں تصریح کی ہے کہ اسکے راوی یا تو صحیح بخاری اور مسلم دونوں کے ہیں یا دو میں سے کسی ایک کے۔ اس اثر کو امام طحاوی نے صفحہ ۱۳۳ معانی الآثار میں بھی روایت کیا ہے اور اسکی نسبت ھو حدیث صحیح لکھا ہے۔ اور حافظ ابن حجر شافعی نے درایہ تخریج ہدایہ میں لکھا ہے وھذا رجاله ثقات یعنی اسکے کل راوی ثقہ ہیں۔ اس اثر صحیح سے دو باتیں مستفاد ہوئیں۔ ایک حضرت عمرؓ کا رفع یدین نہ کرنا۔ دوسرے امام شعبی اور امام نخعی اور ابو اسحاق سبیعی رحہ ایسے تابعین کا بھی رفع یدین ترک کرنا۔ شعبی وہ جلیل القدر تابعی ہیں جنھوں نے دو چار نہیں بلکہ پانسو صحابہ کو پایا ہے۔ خلاصہ صفحہ ۱۸۰ میں انکا یہ قول منقول ہے ادرکت خمس مائۃ من الصحابۃ۔ یعنی میں نے پانسو صحابہ کو پایا ہے۔ اسیطرح نخعی اور سبیعی بھی بہت بڑے جلیل القدر تابعی ہیں۔ اب تم ذرا درایت سے کام لو کہ حضرت عمرؓ وغیرہ جو تارک رفع یدین ہوئے تو کیوں۔ کیا یہ ممکن ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم رات دن میں کم از کم پانچوقت نماز میں رفع یدین کیا کریں۔ اور انکو خبر نہو تی ہو خبر ہوئی اور ضرور خبر ہوئی مگر پھر بھی انکا رفع یدین نہ کرنا صاف کہہ رہا ہے کہ جس طرح سجدوں کا رفع یدین ترک کر دیا۔ اسیطرح بجز تحریمہ اور مواضع ثلاثہ میں بھی آپنے رفع یدین چھوڑ دیا۔ اگر آپ تارک نہوتے تو حضرت عمرؓ ایسی سنت جسکے کرنے میں کچھ مشقت نہیں ہرگز ترک نہیں کرتے۔ اس اثر صحیح کی نسبت بعض علمائے ہند نے لکھا ہے واعترضہ الحاکم علی مانقلہ الزیلعی فی تخریج احادیث الھدایۃ بانھا روایۃ شاذۃ لا یعارض بھا الاخبار الصحیحۃ عن طاؤس عن کیسان عن ابن عمر ان عمر کان یرفع یدیہ فی الرکوع وعند الرفع منہ ۃ اس عبارت سے یہ بات نکلتی ہے کہ حاکم کے نزدیک یہ روایۃ شاذہ ہے اور بسند صحیح حضرت عمرؓ کا رفع یدین کرنا ثابت ہے حالانکہ میں نے اوپر نہایت زور شور سے یہ دعوے کیا ہے کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کا رفع یدین کرنا ہرگز ثابت نہیں۔ اسمیں شک نہیں کہ تخریج زیلعی مطبوعہ میں یوں ہی ہے لیکن اگر غور و تفتیش کرتے تو ضرور سہو کاتب پر اطلاع ہو جاتی۔ یہاں کاتب سے دو غلطیاں ہوئی ہیں ایک طاؤس عن کیسان غلط ہے۔ طاؤس بن کیسان چاہیئے۔ دوسرے ان عمر قلم ناسخ کی زیادتی ہے نسخہ قلمیہ ان اغلاطت پاک ہیں۔ دیکھو ان غلطیوں کو ہم کتب مطبوعہ ہی سے ثابت کر دیتے ہیں۔

Marfat.com

تخریج زیلعی کا خلاصہ حافظ ابن حجر نے کیا ہے جسکا نام درایہ ہے۔ اسمیں یوں لکھا ہے وبعارضہ روایۃ طاؤس عن ابن عمرؓ کان یرفع یدیہ فی التکبیر فی الرکوع وعند الرفع منہ۔ اور شیخ محقق ابن ہمام کی فتح القدیر کی احادیث کا ماخذ بھی تخریج زیلعی ہے۔ وہ کہتے ہیں وعارضہ الحاکم بروایۃ طاؤس بن کیسان عن ابن عمرؓ کان یرفع یدیہ فی الرکوع وعند الرفع منہ۔ اب اس سے صاف ثابت ہو گیا کہ حاکم نے ابن عمرؓ کے رفع یدین سے معارضہ کیا ہے۔ نہ عمر بن الخطابؓ کے رفع یدین سے۔ اب حاکم کے قول کا جواب سنو کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمرؓ کا رفع یدین بیشک باسانید صحیحہ ثابت ہے۔ مگر اس سے عمر بن الخطابؓ کے اثر کا معارضہ کیونکر ہو گا۔ اور جب عمر بن الخطابؓ سے رفع یدین باسناد صحیح ثابت ہی نہیں تو یہ روایت شاذ کیونکر ہو گی۔ شاذ وہ روایت کہلاتی ہے جو ثقات کی روایت کی مخالف ہو۔ خلاصہ یہ کہ اس روایت پر نہ شاذ اصطلاحی کا اطلاق صحیح ہے اور نہ کسی اثر صحیح کے معارض ہے۔ حاکم کا اعتراض محض غلط اور بے بنیاد ہے۔ اور بیشک یہ اثر صحیح ہے جسکا معقول جواب مثبتین کی طرف سے ممکن نہیں۔ اور یہ دوسری بات ہے کہ کہدیں کہ فعل صحابی حجت نہیں۔ مگر جو لوگ درایت سے سروکار رکھتے ہیں وہ ضرور ایسے امور میں ایسے جلیل القدر صحابی کا فعل خلاف سنت نہ سمجھکر قابل حجت جانیں گے۔ اور ضرور سمجھیں گے کہ جب حضرت عمرؓ رفع یدین نہیں کرتے تھے تو ہم لوگوں کے واسطے رفع یدین نہ کرنے ہی میں احتیاط ہے۔

**۱۸ اٹھارہویں حدیث**۔ ابوبکر بن ابی شیبہ رح نے اپنی مصنف میں روایت کی ہے۔ جیسا کہ فتح القدیر اور عینی اور آثار السنن میں ہے۔ حدثنا وکیع عن ابی بکر بن عبد اللہ ابن القطاف النہشلی عن عاصم بن کلیب عن ابیہ ان علیاؓ کان یرفع یدیہ اذا افتتح الصلوٰۃ ثم لا یعود۔ یعنی کلیب سے روایت ہے کہ حضرت علیؓ صرف وقت افتتاح صلوٰۃ کے رفع یدین کرتے تھے۔ اور پھر نہیں کرتے تھے۔ **ف** اس اثر کو طحاوی نے بھی معانی الآثار ص ۱۳۲ میں روایت کیا ہے جسکی نسبت حافظ زیلعی نے نصب الرایہ میں لکھا ہے۔ ھذا اثر صحیح۔ یعنی یہ اثر صحیح ہے۔ اور علامہ عینی نے عمدۃ القاری شرح بخاری ص ۹ میں لکھا ہے اسناد حدیث

Marfat.com

عاصم بن کلیب صحیح علی شرط مسلم۔ اور حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے درایہ میں لکھا ہے رجالہ ثقات۔ اب دیکھیے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا بھی رفع یدین نہ کرنا بسند صحیح ثابت ہو گیا۔ اور یہ ہم پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ انکا رفع یدین کرنا بسند صحیح ہرگز ثابت نہیں۔ اب تم ہی سوچو کہ بعد وصال نبوی انکا رفع یدین نہ کرنا نسخ پر دال نہیں ہے تو کیا ہے۔ اسکا جواب بعضے علما نے یہ لکھا ہے کہ کچھ ضرور نہیں کہ ان کا رفع یدین نہ کرنا نسخ کیوجہ سے ہو بلکہ ممکن ہے کہ انکے نزدیک رفع یدین سنت موکدہ نہو۔ اس سبب سے ترک کیا ہو۔ مجھے اس جواب پر سخت حیرت ہے جن لوگوں نے صحابہ رض کے حالات غور سے دیکھے ہیں اُنپر مخفی نہیں کہ وہ لوگ خصوصًا خلفاء رض غایت درجہ کے متبع سنت تھے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جس طرح کرتے دیکھتے تھے حتی الوسع اُسی طرح کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ رفع یدین کرنے میں کچھ مشقت نہیں پھر غیر موکد ہونیکے خیال سے کوئی کیوں ترک کرنے لگا۔ وہی سنت ترک ہو سکتی ہے جسکے کرنے میں کچھ وقت صرف ہوتا ہو۔ یا کسی اور قسم کی دقت ہوتی ہو۔ اگر رفع یدین کوئی بھاری بات ہوتی تو ممکن تھا کہ چونکہ واجب یا موکدہ نہیں۔ اسوجہ سے تارک ہوئے۔ بخلاصہ یہ کہ یہ ایسا رکیک جواب ہے جو درایت کی میزان میں ہرگز کچھ وزن نہیں رکھتا۔ امام بیہقی شافعی جنکو اپنے مذہب کی تائید میں اصول مقررہ کی پابندی نہیں رہتی۔ اور جن کی یہ حالت ہے کہ جس راوی سے ایک جگہ احتجاج کرتے ہیں۔ پھر اُسی کو کبھی ضعیف بھی بتاتے ہیں۔ وہ اس اثر علی رض کی نسبت کتاب المعرفۃ میں یوں جواب دیتے ہیں۔ لیس ابو بکر النهشلی ممن یحتج بروایتہ۔ یعنی ابو بکر نہشلی اُن لوگوں میں نہیں جنکی روایت سے احتجاج کیا جائے۔ ذرا انصافًا ملاحظہ ہو کہ یہ قول کسقدر انصاف کے پایہ سے دور ہے۔ ابو بکر نہشلی وہ شخص ہیں جنکی روایت سے امام مسلم نے اپنی صحیح میں احتجاج کیا ہے۔ خلاصہ ۱۶۴ میں لکھا ہے وثقہ ابن معین والعجلی اور ذہبی نے میزان الاعتدال میں بعد نقل کلمات جرح و تعدیل اپنا یہ قول لکھا ہے۔ وھو حسن الحدیث صدوق۔ اب فرمایئے اس اثر کے قابل احتجاج ہونے میں کیا کلام ہے۔ اور کچھ ابو بکر نہشلی ہی نے عاصم سے اسکو روایت نہیں کیا بلکہ محمد بن ابان بن صالح نے

Marfat.com

حدیث ۱۹

بھی روایت کیا ہے۔ موطا امام محمد صفحہ ۸۹ میں انکی روایت موجود ہے۔ اب ہمارے ناظرین دیکھ چکے کہ عبداللہ بن مسعود رضہ کے علاوہ ہم نے بسند صحیح حضرت عمر رضہ و حضرت علی رضہ کا بھی رفع یدین نہ کرنا ثابت کردیا اچھا اب اور ملاحظہ فرمایئے۔ آثار السنن ٭ **انیسویں حدیث** ۱۹۔ وہی امام ابوبکر بن ابی شیبہ جو شیخین کے استاذ ہیں۔ روایت کرتے ہیں۔ حدثنا ابو بکر بن عیاش عن حصین عن مجاھد قال مارایت ابن عمر یرفع یدیه الا فی اول ما یفتتح ۔ یعنی مجاہد سے مروی ہے کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضہ کو افتتاح کے سوا اور کہیں رفع یدین کرتے نہیں دیکھا۔ یہ اثر بھی صحیح ہے۔ اسکا ثبوت یہ ہے کہ اسکے کل راوی ثقہ اور رجال بخاری سے ہیں۔ اس اثر کو طحاوی نے معانی الآثار میں روایت کیا ہے جسکی سند کو علامہ عینی نے شرح بخاری میں صحیح کہا ہے۔ اب دیکھئے کہ ابن عمر رضہ جنسے روایت رفع یدین ثابت ہے انہیں سے ترک بھی مروی ہے امام بخاری رح نے رسالہ رفع یدین میں اس اثر کے مختلف جواب دیئے ہیں۔ ایک یہ کہ بہت سے لوگوں نے ابن عمر رضہ کا رفع یدین کرنا روایت کیا ہے اور خود مجاہد کا بھی رفع یدین ثابت ہے۔ پھر انہوں نے جو ابن عمر رضہ کا نہ کرنا روایت کیا تو جس طرح لوگ نماز میں بعض باتیں بھول جاتے ہیں اسیطرح ابن عمر رضہ بھی رفع یدین کرنا بھول گئے ہونگے ٭ اسکا جواب یہ ہے کہ اگر رکوع کو جاتے وقت بھولے تو کیا سر اُٹھانیکے وقت بھی بھول گئے۔ اور اگر پہلی رکعت میں بھول گئے تو کیا بقیہ رکعات میں بھی انکو سہو ہوگیا۔ بھولنا ایک آدھ بار ہوتا ہے نہ ہر بار۔ اسکے علاوہ مجاہد کے قول سے یہ نکلتا ہے کہ انہوں نے ابن عمر رضہ کو رفع یدین کرتے کبھی دیکھا ہی نہیں جس سے تعدد اوقات ثابت ہوتا ہے ایسی حالت میں انکے ترک رفع یدین کو سہو پر محمول کرنا ہرگز صحیح نہیں۔ اور یہ ہم بھی مانتے ہیں کہ ان سے رفع یدین بھی مروی ہے۔ اس رفع اور عدم رفع کو مختلف اوقات پر محمول کرنیسے کچھ تعارض لازم نہیں آتا۔ ممکن ہے کہ جبتک انکو نسخ کی دلیل نہیں ملی وہ کرتے رہے اور جب دلیل مل گئی تو کرنا چھوڑدیا۔ امام بخاری رح نے دوسرا جواب یہ دیا ہے۔ قال یحیی بن معین حدیث ابی بکر ابن عیاش انما هو توهم منه لا اصل له ٭ اسکا جواب یہ ہے کہ ابن معین کا یہ قول کہ توہم ہے دیا کی

صرف ظن پر مبنی ہے۔ اِسپر کوئی دلیل نہیں ع دعوئے بے دلیل قبولِ خرد نہیں ۔ اور اثر
کو امام محمدؒ نے موطا میں۔ عن محمد بن ابان بن صالح عن عبد العزیز بن حکیم عن ابن عمرؓ
روایت کیا ہی۔ اسمیں ابوبکر بن عیاش کا واسطہ نہیں۔ ہرچند یہ سند ضعیف ہی مگر اس سے
مجاہد کی روایت کو فی الجملہ قوت ضرور ہو جاتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ توہم کا دعوےٰ صحیح نہیں۔ اور
غالبًا یہی وجہ ہے کہ خود امام بخاریؒ کو جو جواب دینا تھا دیدیا۔ اور اِس قول کو ابن معین کیطرف
منسوب کیا۔ تیسرا جواب یہ دیا ہے کہ صدقہ نے کہا ہے کہ ابوبکر بن عیاش آخر عمر میں متغیر الحفظ
ہوگئے تھے۔ اسکا جواب یہ ہی کہ ابوبکر بن عیاش کی توثیق بہتیرے ائمہ حدیث نے کی ہی۔ اور اُن
راویوں میں سے ہیں جنسے خود بخاریؒ نے احتجاج کیا ہے۔ ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا[۱۳]
ہے۔ وقد اخرج له البخاری وهو صالح الحدیث۔ اور آخر عمر میں اُنکا حافظہ متغیر ہونا اِس اثر کے
لیے کچھ مضر نہیں۔ کیونکہ یہ اثر اُنکے قدمائے اصحاب نے بھی روایت کیا ہے۔ غالبًا اِنہی وجوہ سے
خود امام بخاریؒ نے اِنپر جرح نہیں کی۔ اور صدقہ کا قول نقل کر دیا۔ انکے نزدیک اِس اثر کا یہی
جواب تھا جو اوپر گزرا۔ یعنی ابن عمرؓ رفع یدین کرنا بھول گئے جسکا جواب باصواب بھی ہم لکھ
چکے۔ ہم کو یہاں پر بعض علما پر سخت شکایت ہی کہ امام بخاری وغیرہ نے تو ابوبکر بن عیاش
کی نسبت اِس قدر احتیاط کی کہ خود اُنپر کوئی جرح نہیں کی۔ اور صدقہ کا ایسا قول نقل کیا جو
زیادہ بھاری نہیں۔ مگر اُنہوں نے بے تکلف اُنکو ضعیف لکھدیا۔ اور اتنا نہیں سمجھے کہ یہ راویان
بخاری سے ہیں۔ مسلمؒ نے بھی اپنے مقدمہ میں اِنسے روایت کی ہے۔ انکو ضعیف کہدینے سے
احادیث صحیحین پر ضعف کا دھبا لگ جاتا ہے ۔ **بیسویں حدیث**[۲۰] وہی امام بخاری اور مسلم حدیث بیستم
کے استاد ابوبکر بن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں۔ حدثنا وکیع وابو اسامة عن شعبة عن
ابی اسحٰق قال کان اصحاب علی لا یرفعون ایدیهم الا فی افتتاح الصلوٰة قال وکیع ثم لا یعودون
یعنی ابو اسحٰق سبیعی کوفی سے مروی ہے کہ حضرت علیؓ کے اصحاب رفع یدین نہیں کرتے تھے
مگر افتتاح کے وقت اور وکیع نے ثم لا یعودون کہا۔ یعنی ایک دفعہ کرکے پھر اعادہ رفع یدین

حدیث ۲۱

نہیں کرتے تھے۔ یہ اثر صحیح ہے۔ اسکے کل راوی راویان صحیحین سے ہیں۔ جب اس اثر سے یہ ثابت ہوا کہ اصحاب علی رضہ رفع یدین نہیں کرتے تھے تو اس سے یہ بھی نکلا ہے کہ اصحاب علی رضہ نے یقیناً اور صحابہ کو بھی ضرور دیکھا ہوگا۔ کیونکہ علی رضہ جب کوفہ گئے تھے تو اُنکے ساتھ بہت سے صحابہ بھی تھے۔ وہ بھی ضرور تارک رفع یدین ہوں گے ✦ **اکیسویں حدیث** مسند امام احمد حنبل میں ہے ✦ حدثنا عبد الله حدثنی ابی ثنا محمد بن فضیل عن عاصم بن کلیب عن محارب بن دثار قال رایت ابن عمر یرفع یدیه کلما رکع وکلما رفع رأسه من الرکوع قال فقلت له ما هذا قال کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا قام فی الرکعتین کبر ورفع یدیه ﷺ یعنی محارب بن دثار سے مروی ہے کہ میں نے ابن عمر رضہ کو رکوع کرنے اور رکوع سے سر اُٹھانیکے وقت رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا۔ میں نے پوچھا کہ یہ کیا۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وقت قیام رکعتین تکبیر کہتے تھے۔ اور رفع یدین کرتے تھے۔ **ف** اس اثر کے کل راوی ثقہ ہیں۔ اس سے بظاہر قائلین رفع یدین ہی کا مدعا ثابت ہوتا ہے مگر غور و درایت سے کام لینے سے اُس زمانہ کے عامہ صحابہ اور تابعین کا ترک رفع یدین نکلتا ہے۔ کیونکہ ابن عمر رضہ کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھکر محارب بن دثار کا یہ پوچھنا کہ یہ کیا، صاف اسپر دال ہے کہ اُس زمانہ میں رفع یدین متروک ہوچکا تھا ورنہ وہ (ما هذا) نہ کہتے۔ اور اسکی تائید ابو داؤد اور امام ... کی یہ روایت کرتی ہے۔ وعن میمون المکی انه رأی عبد الله بن الزبیر وصلی بهم یشیر بکفیه حین یقوم وحین یرکع وحین یسجد وحین ینهض للقیام فیقوم فیشیر بیدیه فانطلقت الی ابن عباس فقلت انی رایت ابن الزبیر صلی صلاة لم ار احدا یصلیها فوصفت له هذه الاشارة فقال ان احببت ان تنظر الی صلاة رسول الله صلی الله علیه وسلم فاقتد بصلاة عبد الله بن الزبیر ﷺ۔ یعنی میمون کی سے مروی ہے کہ میں نے عبد اللہ بن زبیر کو دیکھا کہ لوگوں کو جو نماز پڑھائی تو افتتاح و رکوع و سجود و قیام کے وقت دونوں کف سے اشارہ کیا یہ دیکھکر میں عبد اللہ بن عباس کے پاس گیا اور کہا کہ میں نے ابن زبیر کو ایسی طرح

Marfat.com

نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ آج تک کسی کو اس طرح نماز پڑھتے نہیں دیکھا ہے۔ اسکے بعد میں نے اُسکو بیان کیا۔ یہ سن کر ابن عباسؓ نے کہا کہ اگر تم کو یہ پسند ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز دیکھو تو ابن زبیرؓ کی اقتدا کرو۔ اِس سے صاف ظاہر ہے کہ ہر چند ابن زبیرؓ کے عہد میں سکیڑوں صحابہؓ موجود تھے مگر عموماً رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ ورنہ میمون کی کی نظر سے یہ فعل ضرور گذرتا اور وہ استعجاب سے لم ار احداً یصلیہا نہ کہتے۔ رہا ابن عباسؓ کا جواب۔ وہ اس بنا پر تھا کہ آنحضرت نے کبھی یوں بھی کیا تھا۔ کیونکہ اسمیں رفع یدین للسجود کا بھی بیان ہے جو عامہ اہل سنت کے نزدیک منسوخ ہے۔ اب تم کل روایتوں کو ملا کر دیکھو کہ ان سے کیا نتیجہ نکلتا ہے اور درایۃً کسکو قوت ہے اور احتیاط کا مقتضٰی کیا ہے؟ **احادیث و آثار رفع یدین کا جواب**۔ ہمیں اُن احادیث کے نقل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں جنسے رفع الیدین ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بے شک متعدد صحابہؓ سے باسانید صحیحہ آنحضرتؐ کا رفع الیدین کرنا ثابت ہے جیسے بہت سی باتیں ابتدا میں ثابت تھیں۔ مگر رفتہ رفتہ اُن میں سے کتنی باتیں موقوف ہو گئی ہیں۔ چنانچہ نماز میں کلام کرنا وغیرہ۔ ویسے ہی یہ بھی ہے۔ مگر جب کسی روایت صحیحہ سے ثابت نہیں کہ آپ تا دم وصال رفع الیدین کیا کرتے تھے تو عدم رفع کی احادیث و آثار ملانے سے یہ کہا جائیگا کہ آخر میں آکر آپنے ترک کر دیا تھا۔ کیونکہ عقل سلیم کبھی قبول نہیں کرتی ہے کہ آپکا آخری فعل رفع یدین ہو۔ پھر آپکے خلفاؓ اسکے خلاف کریں۔ اور بعض لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ بیہقی کی روایت میں تصریح ہے کہ حضرتؐ تا دم وفات رفع الیدین کیا کرتے تھے۔ چنانچہ وہ حدیث یہ ہی عن ابن عمرؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ واذا رکع واذا رفع راسہ من الرکوع وکان لا یفعل ذلک فی السجود فما زالت تلک صلوتہ حتی لقی اللہ انتھی۔ آثار السنن میں ہے کہ اِس روایت میں عصمہ بن محمد واقع ہے جسکی نسبت یحیی نے کہا ہے کذاب یضع الحدیث۔ اور دارقطنی وغیرہ نے کہا ہے متروک۔ اور بعضوں نے جو یہ لکھا ہے کہ وائل بن حجر متاخر الاسلام ہیں۔ ان سے بھی مرفوع حدیث رفع الیدین کی مروی ہے۔ یہ دعوے

بھی بلا حجت و برہان ہے کیونکہ کسی روایت سے ثابت نہیں کہ وہ آنحضرت صلعم کی آخر عمر میں یعنی ۱۰ھ یا ۱۱ھ میں مشرف باسلام ہوئے تھے۔ ہاں بعضوں نے ۹ھ میں لکھا ہے مگر مجھے اسکی صحت میں کلام ہے۔ ولو فرضنا اگر تسلیم بھی کریں تو بھی جبتک وائل بن حجر کی روایت میں سمعت کا لفظ مصرح نہو یا کوئی واقعہ جب تک ذکر نہ کیا جائے کہ جس سے تصریح معلوم ہو کہ وائل بن حجر نے کسی اور سابق الاسلام سے نہیں سُنا ہے۔ بلکہ حضرتؐ سے ہی بلا واسطہ سُنا ہے۔ تب تک یہ قول قابل قبول نہیں ہے۔ کیونکہ بہت سے صحابہ رضؓ نے بالمشافہ حضرتؐ سے حدیثیں نہیں سُنی ہیں۔ اور سابق الاسلام صحابہؓ سے حدیثیں سُن کر نقل کی ہیں۔ کتب حدیث کے ماہرین پر یہ قصہ ظاہر و باہر ہے۔ رہے آثار صحابہؓ۔ اُن میں کوئی ایسی روایت صحیحہ نہیں جو خلفاء اربعہ رضؓ کے رفع الیدین پر دال ہو۔ ہاں دوسرے چند صحابہ رضؓ کا کرنا ثابت ہوتا ہے مگر اُن کی حالتیں خود مختلف پائی جاتی ہیں۔ بعضے ایسے ہیں جنسے نہ کرنا بھی مروی ہے جیسے عبداللہ بن عمر رضؓ اور بعض ایسے ہیں جنکا سجدوں میں بھی رفع الیدین کرنا ثابت ہوتا ہے۔ اب کہو کہ بعد وصال نبویؐ بعض صحابہ رضؓ سجدوں میں جو رفع یدین کرتے تھے اُنکے کرنے کا کیا سبب تھا یہی نا کہ آنحضرتؐ کو کبھی یوں بھی کرتے دیکھا تھا۔ اسی طرح جن جن صحابہ رضؓ نے رکوع کے جانے اور سر اٹھانے کے وقت رفع یدین کیا ہے اُسکا سبب بھی یہی تھا کہ کبھی آپ کو اِن مواضع میں ہاتھ اُٹھاتے ہوئے دیکھا تھا۔ ہم کو ایسی حالت میں کہ صحابہ رضؓ مختلف ہوں۔ اُن صحابہ رضؓ کی طرف رجوع کرنا چاہیئے جو ہمیشہ سفر و حضر میں آنحضرتؐ کے ساتھ رہا کرتے تھے اور بعد وصال نبوی خلیفہ ہوئے اور غالبًا یہی ایک فقہی بات تھی کہ بڑے بڑے محدثین باوجودیکہ احادیث رفع الیدین سے واقفیت رکھتے تھے ترک رفع الیدین کے قائل ہوئے۔

دیکھو وکیع اور سفیان ثوری سے ہر چند سنن و مسانید و معاجم میں احادیث رفع الیدین بکثرت مروی ہیں مگر پھر بھی یہ دونوں رفع یدین نہ کرنیکے قائل تھے۔ چنانچہ امام بخاریؒ نے رسالہ رفع الیدین میں لکھا ہے وکان الثوری ووکیع وبعض الکوفیین لا یرفعون ایدیہم۔ امام مالکؒ جنکی

موطا میں حدیث رفع الیدین موجود ہے وہ خود متردد ہے۔ کبھی رفع الیدین کے قائل ہوئے اور کبھی عدم رفع یدین کے۔ چنانچہ اُنسے اشہر روایت پہلے عدم رفع یدین ہے اور اسی پر مالکیوں کا عمل ہے۔ علامہ عینی نے شرح صحیح بخاری میں لکھاہے وھو روایۃ ابن القاسم عن مالک وھو المشھور من مذھبہ والمعمول عند اصحابہ ۖ نووی نے شرح مسلم شریف میں لکھاہے وقال ابو حنیفۃ واصحابہ وجماعۃ من اھل الکوفۃ لا یستحب فی غیر تکبیرۃ الاحرام وھو اشھر الروایات عن مالک انتھی ۖ دیکھو باوجودیکہ حضرات ائمہ اہل حدیث سے ہیں پھر بھی کیوں عدم رفع یدین کی طرف گئے۔ یہی کہ روایات متعددہ عدم رفع یدین میں غور کرنے سے اُنکے نزدیک ایسی ترک کو ترجیح معلوم ہوئی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اب جب کہ دعوائے دوام واستمرار کی حدیث کا جواب ہوگیا تو اب سُنیئے کہ بعض الناس دعویٰ پیش کرتے ہیں کہ رفع یدین کی حدیث میں لفظ (کان یرفع) وارد ہے۔ اور کان دوام۔ استمرار پر دلالت کرتاہے۔ لہذا کان یرفع یدیہ کے معنی یہ ہوئے کہ آنحضرت ؐ تاحین حیات رفع یدین کیاکرتے تھے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ یہ قول قائل کی غباوت اور بلاوت پر دلالت کرتا ہے۔ غریب کو لغات کا بالکل علم نہیں ہے۔ ورنہ ایسے لغویات اور واہیات خرافات نہ بکتا۔ باوجودیکہ کتب نحو اور لغات میں اس کی بحث بتمامہ موجود ہے۔ یعنی جب لفظ کان صیغہ مضارع پر داخل ہوتاہی تو مفید معنی ماضی استمراری ہوتاہی جیساکہ کان یرفع یدیہ کے معنی زمانہ گزشتہ میں ہمیشہ حضرتؐ رفع یدین کیاکرتے تھے تو اس سے دعوے دوام اور استمرار کا تاحین حیات کیسے نکلا بلکہ تارک رفع یدین کا مُدعا اس سے ثابت ہوتاہی یعنی زمانہ گزشتہ میں قبل ترک کرنے رفع یدین کے رفع یدین کرتے تھے۔ اور بعد ترک کرنے رفع یدین کے تاحین حیات رفع یدین نہ کرتے تھے۔ چنانچہ اس معنی کی حدیثیں بھی ہم بیان کردیتے ہیں اور کان کی اقسام علمائے لغات نے جو بیان کی ہیں وہ یہ ہیں۔ ناقصہ۔ تامہ۔ زائدہ کان ناقصہ کے معنی انقطاع حدوث کے ہیں جیساکہ کان زیدٌ قائماً یعنی واقع ہوا زید سے قیام اور منقطع ہوا

Marfat.com

بنابراسکے کان یرفع یدیہ کے معنی ہوئے کہ آپنے رفع یدین کیا تھا۔ بعد اسکے رفع یدین منقطع ہوگیا اور یہی مطلوب ہے جیساکہ مصباح اللغات اور صحاح جوہری وغیرہ میں موجود ہے (کان) کان زید قائماً ای وقع منہ قیام وانقطع وتستعمل تامۃ فتکتفی بمرفوع نحو کان الامر ای حدث ووقع وقال تعالیٰ وان کان ذو عسرۃ ای ان حصل وقد تاتی بمعنے صار وزائدۃ کقولہ من کان فی المھد صبیا وکان اللہ علیما حکیما۔ ای من ھو واللہ علیم حکیم۔ پس دعوائے دوام واستمرار رفع یدین کا عقلاً و نقلاً ہر دو طرح سے باطل مردود ہے ۔

# ضمیمہ

واضح ہو کہ جو حدیثیں ترک رفع یدین کے بارے میں گزری ہیں وہ مالہٗ وما علیہ کے ساتھ نقل کر دی گئی ہیں۔ باوجود اسکے مدت سے مجھے خیال گزرا کرتا تھا کہ ترک رفع یدین کی حدیث جابر رضہ سے مسلم شریف میں بچند وجوہ ثابت ہے۔ پھر کیوں علمائے احناف اُس سے ترک رفع یدین پر دلیل نہیں پکڑتے۔ سو الحمدللہ کہ بعینہ میری خواہش کے موافق میری نظر سے تقریر علامہ عینی شارح ہدایہ اور بخاری کی عینی شرح ہدایہ میں گزری اور وہ حدیث یہ ہے واستدل اصحابنا بحدیث جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال مالی ارئکم رافعین ایدیکم کانہا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوٰۃ۔ اخرجہ مسلم لہ یعنی کہا علامہ عینی رح نے شرح ہدایہ میں کہ ہمارے اصحاب نے دلیل پکڑی ہے ساتھ حدیث جابر بن سمرہ رضہ کے کہا جابر رضہ نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر نکلے اور فرمایا۔ کیا ہے واسطے میرے کہ دیکھتا ہوں میں تم کو ہاتھ اُٹھانے والے (یعنی نماز میں) مثل دم گھوڑے سرکش کے سکونت پکڑو تم نماز میں۔ روایت کیا اسکو مسلم نے **ف**۔ پس اسکی سند میں کسی طرح کا کلام نہیں ہے اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عم نے رفع یدین سے اس حدیث میں اعراض کیا ہے۔ اگر کوئی کہے کہ یہ حدیث جابر رضہ کی تمہارے مدعا یعنی رفع یدین فی الصلوٰۃ کے ترک پر دلالت نہیں کرتی۔ کیونکہ یہ حدیث

Marfat.com

تمہارے رفع یدین کے بارے میں وارد نہیں ہوئی ہے بلکہ یہ حدیث وارد ہے منع اشارے کے بارے میں۔ کیونکہ صحابہ کرام جب سلام پھیرتے تھے تو دونوں طرف اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے تھے۔ اور اسکی دلیل جابر بن سمرہ رضؓ کی دوسری حدیث ہے جو بعد اسی حدیث کے مروی ہے۔ اور وہ حدیث یہ ہے۔ عن جابر بن سمرۃ رضؓ اللہ قال کنا اذا صلینا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلنا السلام علیکم و رحمۃ اللہ والسلام علیکم و رحمۃ اللہ واشار بیدہٖ الی الجانبین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ما یفعلون بایدیکم کانہا اذناب خیل شمس وانما یکفی احدکم ان یضع یدہ علی فخذہ ثم یسلم علی اخیہ من یمینہ وشمالہ ؂ یعنی جابر بن سمرہ رضؓ مروی ہے کہ جب ہم نماز پڑھتے ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تو ہم بعد فارغ ہونیکے نماز سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے تھے۔ اور اشارہ کیا جابرؓ نے اپنے ہاتھ سے دونوں جانب۔ پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے۔ کس واسطے اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو مثل دُم ہلانے سرکش گھوڑے کے اور تم کو کافی ہے کہ رکھو اپنے ہاتھ اپنی رانوں پر۔ پھر سلام پھیرو اپنے بھائیوں پر دہنے اور بائیں ؛

اور علامہ نووی نے کہا ہے کہ احتجاج انکا یعنی احناف وغیرہم کا ساتھ حدیث جابر بن سمرہ کے علم البلادہ اور اقبح انواع الجہالۃ بالسنۃ سے ہی۔ کیونکہ یہ حدیث رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفع یدین کرنیکے بارے میں وارد نہیں ہوئی ہے بلکہ صحابہ رضؓ رفع یدین کرتے تھے حالۃ نماز میں۔ اور سلام پھیرتے وقت ہاتھوں سے اشارہ کرتے تھے جس سے مقصود سلام کے لیے اشارہ کرنا ہوتا تھا۔ اور ہمیں کسی اہل حدیث کا اختلاف نہیں ہی اور جسکو ادنیٰ ملابستہ علم حدیث سے ہوگی وہ ہرگز ایسا نہیں کہیگا۔ اسیطرح یعنی مثل نووی کے بخاریؒ نے کہا ہے۔ بعد اسکے علامہ عینیؒ نے کہا۔ قلت فی الحدیث الاول انکار لرفع الید فی الصلوٰۃ وامر بالسکون فیہا فکیف یحمل ھذا علی الایماء بالید والاشارۃ بہا بعد السلام کما فی

الحدیث الثانی ولیس فیہ ذکر رفع الایدی ولا الامر بالسکون اذا خرجوا من الصلوٰۃ بالسلام وحدیث انکار رفع الیدین والامر بالسکون مقید بداخل الصلوٰۃ وحدیث انکار الایماء والاشارۃ بالایدی مقید بحال السلام الذی قد خرجوا به من الصلوٰۃ والمقید بقید لا یندرج تحتہ مقید اٰخر فالحدیث الثانی غیر الحدیث الاول قطعا فکیف یحمل ھو فاتحۃ بیان یختلفان فی الحکم الذی یحمل احدھما علی الاٰخر بلا دلیل مع انکارا فاد نھما تابن بین منقلبین ھو الذی اتی باعظم الاشیاء واقبح انواع الجھالۃ بالسنۃ علی ان الثوری ومالک بن انس شیخ امام وحید بالحدیث واعلم بالسنۃ ومارفع الیدین فی الصلوٰۃ الا عند التحریمۃ وھو روایۃ ابن القاسم عنہ وروایۃ متقدمۃ عن المالکیۃ علی جمیع اصحابہ - یعنی امر بالسکون نماز میں اور انکار رفع یدین کا نماز میں ہے - پس یہ کیونکر حمل کیا جائے بعد سلام کے ایما بالید اور اشارہ پر الخ - پھر اگر کوئی کہے کہ علامہ فیروزابادی رح نے سفر السعادۃ میں رفع یدین کے ثبوت کے بیان میں یہ کہا ہے کہ عشرۃ المبشرہ رض سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اس کیفیت پر تھے یعنی رفع یدین ہمیشہ کرتے رہے - یہاں تک کہ آپنے اس عالم سے رحلت فرمائی - تو جواب اسکا یہ ہے کہ اس دعوے کو علامہ سندی نے اپنے رسالہ کشف الرین میں بوجہ بلیغ رد کیا ہے - چنانچہ وہ عبارت یہ ہے - بان ما نقلہ الفیروزابادی رح عن العشرۃ المبشرۃ فی دوام فعلہ صلے اللہ علیہ وسلم الرفع الی وقت وفاتہ فلم یصح فیہ حدیث[۱] واحد فضلا عن روایۃ العشرۃ المبشرۃ نعم وقع ذلک فی روایۃ واحدۃ عن ابن عمر مذکورۃ فی سنن البیہقی لکن سندہ غیر صحیح ومن ادعی صحتہ وصحۃ غیرہ فی ذلک فعلیہ البیان - اسی طرح بعض غیر مقلدین کا دعوے اور مخبر کرنا کہ رفع یدین کی حدیث پر عمل کرنے والوں میں سے وہ جماعت دس صحابہ کی ہے کہ روایت

---

[۱] چنانچہ حدیث بیہقی کا ضعف اور موضوع ہونا پیچھے گزر چکا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

کیا ابوحمید ساعدی نے انکی مجلس میں۔ اور انہوں نے سن کر ساعدی سے کہا ہاں ٹھیک ہے) مگر یہ حدیث ضعیف ہے۔ چنانچہ علامہ طحاوی رح نے معانی الآثار میں بیان کیا ہے واما حدیث عبدالحمید بن جعفر فانهم یضعفون عبدالحمید فلا یقیمون به حجة فکیف یحتجون به فی مثل هذا اه۔ اور باوجود اس کے حدیث مذکور منقطع بھی ہے۔ ومع ذلك فان محمد بن عمرو بن عطاء لم یسمع ذلك الحدیث من ابی حمید ولا ممن ذکر معه فی ذلك الحدیث بینهما رجل مجهول الخ۔ یہ بحث جب نقلاً بیان ہو چکی تو عقلاً بھی ایک تقریر علامہ طحاوی کی معانی الآثار سے نقل کرتا ہوں کہ وجہ اس باب کی طریق نظر سے یوں ہے کہ علمائے محققین اور مدققین نے اجماع کیا ہے اس بات پر کہ تکبیر اولی کے ہمراہ رفع الیدین ہے اور بین السجدتین کی تکبیر کے ساتھ رفع الیدین نہیں ہے۔ اور اختلاف کیا ہے علماء رح نے تکبیر رکوع اور اٹھنے میں تو کہا ایک قوم نے کہ حکم اس کا مثل حکم تکبیرۃ الافتتاح کے ہے۔ پس جس طرح تکبیرۃ الافتتاح میں رفع الیدین ہے۔ اسیطرح تکبیرۃ الرکوع والنهوض میں رفع الیدین ہونا چاہیئے۔ اور انکے مخالف دوسروں نے کہا حکم ان دونوں تکبیروں کا یعنی تکبیر رکوع اور نهوض کا مثل حکم تکبیر بین السجدتین کے ہے۔ اور رفع یدین جب تکبیر بین السجدتین میں نہیں ہے۔ تو تکبیر رکوع اور نهوض میں بھی نہیں ہونا چاہیئے۔ اور ہم اعتقاد کرتے ہیں تکبیرۃ الافتتاح کو صلب نماز سے کہ بدون اسکے نماز جائز نہیں ہوتی ہے۔ اور تکبیر بین السجدتین ایسی نہیں ہے کیونکہ اگر یہ تکبیر بین السجدتین ترک کی جاوے تو نماز میں فساد واقع نہیں ہوگا۔ لہذا ثابت ہوا کہ تکبیرۃ الافتتاح صلب نماز سے ہی۔ بخلاف دوسری تکبیروں کے کہ وہ صلب صلاۃ سے نہیں ہیں تو معلوم ہوا کہ یہ دو تکبیریں یعنی تکبیر بین السجود اور تکبیر رکوع اور نهوض سنت ہونے میں یکساں ہیں تو جیسے بین السجدتین رفع یدین نہیں ہے۔ اور جن حدیثوں سے رفع الیدین بین السجدتین

Marfat.com

ثابت ہوتا ہے ان کے منسوخ ہونے کے تم قائل ہو۔ اسی طرح تکبیرۃ الرکوع وتکبیرۃ النہوض کے ساتھ بھی رفع الیدین نہ ہونا چاہیئے۔ اور جن حدیثوں سے ثابت ہے ان کو مثل احادیث رفع الیدین بین السجدتین کے منسوخ تسلیم کرنا اقرب من العقل اور عین قیاس صریح وصحیح ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار + اور یہی قول ابوحنیفہ رح اور ابویوسف اور محمد رح کا ہے۔ بلکہ بنظر درایت تامل کیا جاوے تو صاف ظاہر ہے کہ کسی فقیہ نے ہی رفع الیدین کو غیر تکبیرۃ الافتتاح میں نہیں کیا ہے۔ چنانچہ علامہ طحاوی نے معانی الآثار میں اسکی تصریح کردی ہے۔ ولقد حدثنی ابن ابی داؤد قال ثنا احمد بن یونس قال ثنا ابو بکر بن عیاش قال مارأیت فقیہا قط یفعلہ برفع یدیہ فی غیر التکبیرۃ الاولیٰ۔ اسی طرح عینی اور تنویر العینین اور آثار السنن وغیرہ میں منقول ہے کہ عبداللہ بن مسعود رض اور ابن زبیر رض نے تصریح کی ہے کہ ابتدا میں رفع الیدین عند الرکوع والنہوض تھے مگر پھر منسوخ ہوگئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ پھر حضرت ص نے ترک کیا تو ہم نے بھی ترک کیا +

اور بعض اہل علم رکوع اور نہوض عن الرکوع میں رفع یدین کرنے کو ترجیح دینے کے لیئے یہ قاعدہ اصول کا پیش کرتے ہیں کہ رفع یدین کرنے کے مدعی مثبت ہیں اور ترک رفع یدین کے قائل نافی ہیں۔ اور مثبت مقدم نافی پر ہے تو یہ علی العموم اور مطلقاً کہنا تو خطا ہے بلکہ قول صحیح اس بارے میں یہ ہے کہ جو نافی بلا دلیل ہو اس پر مثبت مقدم ہو اور مانحن فیہ میں ایسا نہیں ہے بلکہ منفی مبرہن اور مدلل بدلائل صحیحہ صریحہ ہے لہذا اس جگہ مثبت مقدم نافی پر نہیں ہے +

# تنبیہ

واضح ہو کہ جو احادیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق صحیح ہوں وہ حدیثیں مساوی

Marfat.com

مرتبہ رکھتی ہیں اُن حدیثوں کے جو بخاری اور مسلم میں موجود ہیں۔ اگرچہ وہ بخاری اور مسلم میں موجود نہ ہوں۔ اسی طرح جو حدیث کہ بخاری کی شرط کے موافق صحیح ہے وہ حدیث موجود فی البخاری کی مثل ہے۔ اسی طرح مسلم کی مخرج حدیث مسلم کی شرط کے موافق صحیح کے مساوی ہے۔ کما حققہ العلامۃ المحقق ابن الھمام رحمہ اللہ قال ابن الھمام الحنفی فی شرح الھدایۃ وقول من قال اصح الاحادیث ما فی الصحیحین ثم ما انفرد بہ البخاری ثم ما انفرد بہ مسلم ثم ما اشتمل علی ما شرطھما تحکم لا یجوز التقلید فیہ اذ الاصحیۃ لیست الا لاشتمال رواتھما علی الشروط التی اعتبراھا فاذا فرض وجود تلک الشروط فی رواۃ حدیث فی غیر الکتابین افلا یکون الحکم ثم حکمھما او احدھما بان الراوی یجمع تلک الشروط مما لا یقطع فیہ بمطابقۃ الواقع فیجوز کون الواقع خلافہ ۃ +

اور یہ بھی واضح ہو کہ جو علماء رفع یدین کے اثبات کے قائل ہیں وہ بھی وجوب اور سنت موکدہ کے قائل نہیں ہیں بلکہ مستحب کے قائل ہیں۔ اور وہی علماء اس کے قائل ہیں کہ رفع یدین کے ترک کرنے والے عند الشرع اور عند اللہ ملامت کے قابل بھی نہیں ہیں۔ چنانچہ علامہ شاہ محمد اسمٰعیل رح نے تنویر العینین میں لکھا ہے۔ ان رفع الیدین عند الافتتاح والرکوع والقیام منہ والقیام الی الثالثۃ سنۃ غیر موکدۃ من سنن الھدیٰ فیثاب فاعلہ بقدر ما فعل ان دائما فبحسبہ وان مرۃ فبمثلہ ولا یلام تارکہ وان ترکہ مرۃ عمرہ + بنا بر اس کے یہ کہا جاتا ہے کہ مستحب چیز پر ہٹ پکڑنا اور مثل وجوب کے ہمیشہ لازم پکڑنا موافق حدیث عبد اللہ بن مسعود رض کے شیطان کا حصہ گردانا ہے عبادت میں۔ اور لوگوں کو عناد اور ضیبت میں ڈالنا ہے۔ **فتامل ۃ**

تمت

Marfat.com

# تجارتی کتب خانہ

ایک عرصہ سے دار السلطنت دہلی میں یہ تجارتی کتبخانہ بزیر سرپرستی مولانا مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ امینیہ دہلی قایم ہے - اسمیں ہرقسم کے قرآن مجید اور حمائلیں معہ ترجمہ اور بے ترجمہ اور تمام عربی فارسی اردو کتابیں اور پارے قاعدے بغرض فروخت موجود رہتے ہیں - قیمت نہایت مناسب لیجاتی ہے - معاملہ کی صفائی کے لیئے اسقدر لکھنا کافی ہے کہ حضرت مولانا مفتی صاحب موصوف اسکے خاص نگراں و سرپرست ہیں - اس رسالہ کی مناسبت سے چند کتابیں دینیات کی یہاں درج کی جاتی ہیں - باقی ہر قسم کی کتابیں یہاں سے بکفایت روانہ ہوتی ہیں :-

| نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت | | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرآن مجید مترجم مع کامل تفسیر | | تحفۃ المتقین حلا حصہ حصن حصین مترجم | ۱۰ر | بہشتی زیور عورتوں کی | | رکن دین | ۸ر |
| موضح القرآن مجلد چرمی | ہے | دلائل الخیرات محشی و مترجم مجلد باجہ | ۱۰ر | تعلیم کے لیئے نہایت عجیب | | **عربی کتابیں** | |
| قرآن مجید واضح جلی قلم کاغذ | | ″ مجلد چرمی | ۱۲ر | اور عمدہ کتاب ہے اسکے | | عینی شرح ہدایہ کامل کشوری | صہ |
| سفید خاشہ مجلد مطبوعہ حمیدیہ | | ″ کاغذ گلابی | ۸ر | دس حصے ہیں ہر حصہ کی قیمت | ۳ر | بخاری شریف ہاشمی | صہ |
| پریس لاہور۔ | ہمر | مظاہر حق ترجمہ اردو مشکوۃ شریف | ۵ہ | بہشتی زیور کامل دس حصے | عا | مسلم شریف مجتبائی | صہ |
| ″ بصفات بالا ہاشمی | ےر | نور الہدایہ ترجمہ اردو شرح وقایہ | ہٖ | بہشتی گوہر اسمیں مردوں کے | | ترمذی شریف ″ | ہعہ |
| ″ ″ نظامی | صہ | عین الہدایہ ترجمہ اردو | | مخصوص امراض اور علاج | ۶ر | ابن ماجہ نظامی | سعہ |
| ″ مصطفائی | ےر | کامل ہدایہ شریف | عہ | تعلیم الدین۔ | ۶ر | نسائی شریف مجتبائی | صہ |
| قرآن مجید معریٰ نہایت صحیح مطبوعہ | | ترجمہ فتاویٰ عالمگیری | صہ | غذائے روح | ۳ر | ابو داؤد ″ | صہ |
| اصلی پریس کاغذ ولایتی مجلد | ہعہ | نماۃ الاوطار ترجمہ اردو در مختار | صہ | ضیاء القلوب | ۲ر | ″ کانپوری | ہعہ |
| کشف المغطا ترجمہ اردو | | احسن المسائل ترجمہ اردو | | تصفیۃ القلوب | ۴ر | ″ اصح المطابع | ہعہ |
| موطا مالک عربی | | کنز الدقائق | ۱۳ر | تکلیمہ مثنوی یعنی مولانا | | مشکوۃ شریف مجتبائی | سعہ |
| حصن حصین محشی عربی | ۲ہ | ضروری ترجمہ قدوری | عہ | روم کی مثنوی کی اردو شرح | ۲ہ | ″ مع ترغیب و ترہیب | ۱۲ر |
| ظفر جلیل شرح حصن حصین اردو | عہ | ضمان الفردوس | ۲ر | ″ حصہ دوم | ۲ہ | اس کے علاوہ ہر قسم کی کتابیں موجود ہیں طلب فرمایئے | |

المشتہر حافظ محمد عبد الغنی تاجر کتب - دہلی نزد جامع مسجد

Marfat.com

# مصنف رسالہ ہذا کی چند مفید تصنیفات

**سبع سنابل** ۔ اس میں حضرت امام اعظم رح کا تابعی ہونا اور کتاب الایمان سے کتاب الصلوۃ تک کے مختلف فیہ مسائل کو حنفی مذہب کے موافق احادیث صحیحہ سے ثابت کردیا ہے +

**تحقیق المسائل** ۔ فن حدیث کی مصطلحات اور کتاب الطہارت سے کتاب الاذان تک کے مسائل حنفیہ کے موافق احادیث صحیحہ معتبرہ سے ثابت کیئے ہیں +

**غنیۃ للمھتدی فی نفی قرأۃ المقتدی** ۔ اس رسالہ میں خاص مسئلہ ترک قرأۃ خلف الامام کو احادیث صحیحہ اور قرآن کریم سے ثابت کرکے مخالفین کے اعتراضات کے جواب دئے ہیں +

**تلک عشرۃ کاملہ** ۔ یہ رسالہ درحقیقت مناظرہ میرٹھ کا منصفانہ فیصلہ ہے۔ اسمیں اُن اعتراضوں کے جواب ہیں جو اصحاب غیر مقلدین بڑے فخر کے ساتھ حنفیہ کے روبرو پیش کرتے ہیں اور عوام کو دہوکہ دیتے ہیں +

**ترتیب المسائل** ۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراضات اور قدح کا مدلل جواب دیا ہے اور کتاب الصلوۃ اور کتاب الزکوۃ کے مسائل مختلفہ کو حنفیہ کے موافق احادیث صحیحہ سے ثابت کیا ہے +

**نور العینین** ۔ عیدین میں دو خطبوں کا مسنون ہونا دلائل صحیحہ سے ثابت کیا ہے۔ یہ درحقیقت اُن بعض غیر مقلدوں کے رد میں ہے جو عیدین کے خطبوں کے درمیان میں بیٹھنے کو خلاف سنت بتاتے ہیں +

## اطلاع

(۱) یہ تمام رسائل مصنف رسالہ ہذا سے بلا قیمت صرف محصولڈاک بھیجنے سے مل سکتے ہیں +

(۲) جو رسالہ ختم ہوچکا ہوگا اُسکی روانگی نہو سکے گی +

(۳) رسالہ نمبر ا و نمبر ۲ ۔ مطبع مجتبائی دہلی نے بغرض فروخت طبع کرلیے ہیں جو صاحب چاہیں وہاں سے بقیمت منگا سکتے ہیں +

**المشتہر ۔ قاضی محمد رحمت اللہ ۔ راندیر ۔ ضلع سورت**

Marfat.com

قَالَ عَلَیہِ السَّلَامُ اِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ

الحمد للہ والمنۃ کہ رسالہ ہدایت مقالہ کافلہ

تحقیقات انیقہ و تدقیقات رشیقہ المسمّٰی بہ

# العطر العنبری

فی حکم اجابۃ

# الاذان المنبری

مؤلفہ


جناب فضائل مآب حضرت مولنا مولوی

قاضی محمد رحمت اللہ صاحب سلمہ راندیری



بماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۳۶ ہجری النبویؐ مطابق مئی سنہ ۱۹۱۸ عیسوی

دلی پرنٹنگ ورکس دہلی میں باہتمام لالہ ٹھاکر داس طبع ہو کر شائع ہوا

باراول تعداد ۵۰۰

قیمت



Marfat.com

# العطر العنبری فی حکم اجابۃ الاذان المنبری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ما قولکم دام فضلکم ایہا العلماء العظام والفقہاء الکرام اس صورت میں کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں جمعہ کی کتنی اذانیں تھیں ؟ اورا اذان کا قولی جواب دینا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے یا نہیں ؟ اور اگر اذان کا قولی جواب دینا حدیث سے ثابت ہے تو علی العموم ہر ایک اذان کا جواب دینا ثابت ہے یا کسی خاص اذان کا ؟ اور حدیث منقطع اور موقوف حدیث صحیح مرفوع متصل کا معارضہ کر سکتی ہے یا نہیں ؟ اور جب خطیب خطبہ پڑھنے کیلئے اپنی جگہ سے چلے تو اُسیوقت سے نماز اور کلام منع ہے یا خطبہ شروع کرنیکے بعد سے نماز اور کلام ممنوع ہے ؟ اور جس صورت میں کلام منع ہے تو کلام سے دنیوی کلام مراد ہے یا دینی بھی ؟ اور اگر صرف دنیوی کلام منع ہو تو منبر پر خطیب کے بیٹھنے کے بعد اذان کا قولی جواب دینا امام اور مقتدیوں دونوں کے لیے مسنون ہے یا صرف امام کے لیے ؟ اور جب قولی جواب دینا حدیث صحیح وکتب فقہ سے ثابت ہو تو بعض کتب فقہ کا اُسکو مکروہ لکھنا بے اصل اور بلا دلیل ہے یا نہیں ؟ بینوا بیانًا شافیًا توجروا اجرًا وافیًا ۔

## اقول وبہ نستعین الجواب الوسیط بغیر افراط وتفریط

**جواب** ۔ سوال اول کا یہ ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں جمعہ کی دو اذانیں تھیں ایک اذان جب حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوس فرماتے ۔ اور دوسری خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد جسے اقامت کہا جاتا ہے ۔

آنحضرت صلعم کے مبارک زمانے میں اور حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ کے عہد خلافت میں اور حضرت

Marfat.com

...کے زمانہ میں بھی ایک عرصہ تک یہی طریقہ جاری رہا۔ پھر جب مسلمانوں کی کثرت ہوئی تو حضرت عثمان رضہ نے ایک اذان اور زیادہ کی جو زوراء پر کہی جاتی تھی۔ اس حدیث کو بخاری، اور نسائی، اور ابو داؤد نے روایت کیا جیسا کہ منتقی میں ہے:۔ **وعن** السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان النداء یوم الجمعۃ اولہ اذا جلس الامام علی المنبر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر فلما کان عثمان وکثر الناس زاد النداء الثالث علی الزوراء رواہ البخاری والنسائی وابو داؤد ولاحمد والنسائی کان بلال یؤذن اذا جلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر ویقیم اذا نزل یعنی سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اور ابوبکر اور عمرؓ کے عہد خلافت میں جمعہ کے روز پہلی اذان اس وقت ہوتی جب امام منبر پر خطبہ کے لیے بیٹھتا پھر جب کہ عثمانؓ کا زمانہ ہوا اور لوگ زیادہ ہوگئے تو حضرت عثمانؓ نے ایک تیسری اور اذان بڑھائی زوراء[1] پر اور احمد اور نسائی کی روایت میں ہے کہ بلالؓ اذان کہتے جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوس فرماتے اور اقامت کہتے جب حضرت منبر سے اترتے۔ اور تعلیق للمجد میں ہے:۔ عند ابن خزیمۃ کان الاذان علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر اذانین یوم الجمعۃ۔ یعنی صحیح ابن خزیمہ میں ہے کہ اذان جمعہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور ابوبکرؓ اور عمرؓ کے زمانے میں صرف دو اذانیں تھیں **قال** ابن خزیمۃ یرید الاذان والاقامۃ اولہ اذا خرج الامام واذا اقیمت الصلوٰۃ۔ یعنی ابن خزیمہؒ نے کہا کہ دو اذانوں سے مراد ایک اذان ہے جب امام اپنی جگہ سے خطبہ کے لیے نکلے اور دوسری اقامت نماز کی ہے۔

**جواب** دوسرے سوال کا یہ ہے کہ:۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اذان کا قولی جواب دینا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ اسمیں کسی کا اختلاف صحیح طور پر ثابت نہیں چنانچہ موطا امام مالکؒ اور موطا امام محمدؒ میں بروایت صحیحہ معتبرہ مروی ہے:۔ **عن** ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن۔ یعنی ابی سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اذان سنو تو تم بھی مثل قول مؤذن کے کہتے جاؤ۔ اور منتقی میں اس حدیث کو ذکر کرکے کہا۔ اس حدیث کو جماعت نے سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے۔ پس اس حدیث

---

[1] زوراء ایک بلند جگہ تھی مسجد کے باہر ۱۲ منہ

Marfat.com

# العطر العنبری فی حکم اجابۃ الاذان المنبری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ما قولکم دام فضلکم ایھا العلماء العظام والفقہاء الکرام اس صورت میں کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں جمعہ کی کتنی اذانیں تھیں؟ اور ۲ اذان کا قولی جواب دینا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے یا نہیں؟ اور ۳ اگر اذان کا قولی جواب دینا حدیث سے ثابت ہے تو علی العموم ہر ایک اذان کا جواب دینا ثابت ہے یا کسی خاص اذان کا؟ اور ۴ حدیث منقطع اور موقوف حدیث صحیح مرفوع متصل کا معارضہ کر سکتی ہے یا نہیں؟ اور ۵ جب خطیب خطبہ پڑھنے کیلئے اپنی جگہ سے چلے تو اُسی وقت سے نماز اور کلام منع ہے یا خطبہ شروع کرنیکے بعد سے نماز اور کلام ممنوع ہے؟ اور ۶ جس صورت میں کلام منع ہے تو کلام سے دنیوی کلام مراد ہے یا دینی بھی؟ اور ۷ اگر صرف دنیوی کلام منع ہو تو منبر پر خطیب کے بیٹھنے کے بعد اذان کا قولی جواب دینا امام اور مقتدیوں دونوں کے لیے مسنون ہے یا صرف امام کے لیے؟ اور ۸ جب قولی جواب دینا حدیث صحیح و کتب فقہ سے ثابت ہو تو بعض کتب فقہ کا اُسکو مکروہ لکھنا بے اصل اور بلا دلیل ہے یا نہیں؟ بینوا بیاناً شافیاً توجروا اجراً وافیاً۔

## اقول وبہ نستعین الجواب الوسیط بغیر افراط و تفریط

**جواب** سوال اول کا یہ ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں جمعہ کی دو اذانیں تھیں ایک اذان جب حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوس فرماتے۔ اور دوسری خطبہ سے فارغ ہونیکے بعد جسے اقامت کہا جاتا ہے۔

آنحضرت صلعم کے مبارک زمانے میں اور حضرت ابوبکر رض اور حضرت عمر رض کے عہد خلافت میں اور حضرت

Marfat.com

عثمان رض کے زمانہ میں بھی ایک عرصہ تک یہی طریقہ جاری رہا۔ پھر جب مسلمانوں کی کثرت ہوئی تو حضرت عثمان رض نے ایک اذان اور زیادہ کی جو زوراء پر کہی جاتی تھی۔ اس حدیث کو بخاری، اور نسائی، اور ابوداؤد نے روایت کیا جیسا کہ منتقی میں ہے:- **وعن** السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان النداء یوم الجمعۃ اولہ اذا جلس الامام علی المنبر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر فلما کان عثمان وکثر الناس زاد النداء الثالث علی الزوراء رواہ البخاری والنسائی وابوداؤد ولاحمد والنسائی کان بلال یؤذن اذا جلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر ویقیم اذا نزل یعنی سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اور ابوبکر رض اور عمر رض کے عہد خلافت میں جمعہ کے روز پہلی اذان اسوقت ہوتی جب امام منبر پر خطبہ کے لیے بیٹھتا پھر جب کہ عثمان رض کا زمانہ ہوا اور لوگ زیادہ ہوگئے تو حضرت عثمان رض نے ایک تیسری اور اذان بڑھائی زوراء[1] پر اور احمد اور نسائی کی روایت میں ہے کہ بلال رض اذان کہتے جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوس فرماتے اور اقامت کہتے جب حضرت منبر سے اترتے۔ اور تعلیق للمجد میں ہے:- عن ابن خزیمۃ کان الاذان علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر اذانین یوم الجمعۃ۔ یعنی صحیح ابن خزیمہ میں ہے کہ اذان جمعہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر رض اور عمر رض کے زمانے میں صرف دو اذانیں تھیں۔ **قال** ابن خزیمۃ یرید الاذان والاقامۃ اولہ اذا خرج الامام واذا اقیمت الصلوۃ۔ یعنی ابن خزیمہ رح نے کہا کہ دو اذانوں سے مراد ایک اذان ہے جب امام اپنی جگہ سے خطبہ کے لیے نکلے اور دوسری اقامت نماز کی ہے۔

**جواب** دوسرے سوال کا یہ کہ:- رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اذان کا قولی جواب دینا احادیث صحیحہ ثابت ہے۔ اسمیں کسی کا اختلاف صحیح طور پر ثابت نہیں چنانچہ موطا امام مالک رح اور موطا امام محمد رح میں بروایت صحیحہ معتبرہ مروی ہے:- **عن** ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن۔ یعنی ابی سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اذان سنو تو تم بھی مثل قول مؤذن کے کہتے جاؤ۔ اور منتقی میں اس حدیث کو ذکر کر کے کہا۔ اس حدیث کو جماعت نے سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے۔ پس اس حدیث

[1] زوراء ایک بلند جگہ تھی مسجد کے باہر ۱۲ منہ

Marfat.com

اعداسکے علاوہ دوسری حدیثوں سے بھی اذان کا جواب دینا ثابت ہوا۔ بلکہ علامہ لکھنوی رحمۃ نے تعلیق الممجد میں متقدمین حنفیہ سے اذان کے جواب دینے کو واجب ثابت کیا ہے۔ آپکی عبارت یہ ہے استدل به على وجوب اجابة المؤذن حكاه الطحاوي عن قوم من السلف وبه قال الحنفية والظاهرية وابن وهب ۔ مگر یہ بات بتادینا ضروری ہے کہ اگرچہ حدیث مذکور سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو کلمات مؤذن کہے وہی کلمات مجیب بھی جواب میں کہتا چلا جائے۔ مگر دوسری حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کے جواب میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہے۔ جیسے کہ علامہ لکھنوی رح نے تعلیق میں تصریح کی ہے۔ اُن کی عبارت یہ ہے۔ قوله مثل ما يقول الخ ظاهره انه يقول مثله في جميع الكلمات لكن حديث عمر رض وحديث معاوية رض في البخاري وغيره دل على انه يستثنى من ذلك حي على الصلوة وحي على الفلاح فيقول بدلهما لاحول ولا قوة الا بالله وهو المشهور عند الجمهور۔ اور حضرت عمر رض کی حدیث یہ ہے: عن عمر بن الخطاب رضي الله تعالى عنه قال۔ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال المؤذن الله اكبر الله اكبر۔ فقال احدكم الله اكبر الله اكبر ثم قال اشهد ان لا اله الا الله قال اشهد ان لا اله الا الله ثم قال اشهد ان محمدا رسول الله قال اشهد ان محمدا رسول الله ثم قال حي على الصلوة قال لاحول ولا قوة الا بالله ثم قال حي على الفلاح قال لاحول ولا قوة الا بالله ثم قال الله اكبر الله اكبر قال الله اكبر الله اكبر ثم قال لا اله الا الله قال لا اله الا الله من قلبه دخل الجنة رواه مسلم وابوداؤد یعنی عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر اللہ اکبر کہو۔ پھر جب مؤذن اشہد ان لا الہ الا اللہ کہے تو تم بھی اشہد ان لا الہ الا اللہ کہو۔ پھر جب مؤذن اشہد ان محمدا رسول اللہ کہے تو تم بھی اشہد ان محمدا رسول اللہ کہو اور جب وہ حی علی الصلوۃ کہے تو تم لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہو پھر جب وہ حی علی الفلاح کہے تو تم لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہو اور جب اللہ اکبر اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر اللہ اکبر کہو۔ جب مؤذن لا الہ الا اللہ کہے تو تم بھی لا الہ الا اللہ کہو اپنے دل سے تو داخل ہوگے جنت میں۔ روایت کیا اسکو مسلم اور ابوداؤد نے۔ اسیطرح اذان کا جواب دینا حدیث ابی سعید رض سے جو اوپر مذکور ہوئی ثابت ہے۔ پس ان حدیثوں سے ثابت ہوا کہ ہر اذان کا جواب دینا

Marfat.com

مسنون ہے عام اس سے کہ وہ پہلی اذان منارہ والی ہو یا دوسری اذان منبر پر خطیب کے بیٹھنے کے بعد والی ہو کیونکہ حدیث اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن عام ہے۔ یہ دونوں اذانیں اُسکے عموم میں داخل ہیں۔ اور کسی صحیح حدیث مرفوع متصل السند سے کسی اذان کی تخصیص اور استثناء ثابت نہیں

**جواب** تیسرے سوال کا:- حدیث منقطع اور غیر متصل معارض اور مخصص حدیث مرفوع متصل السند کی نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ کتب اصول میں مذکور ہے۔ بالخصوص علامہ لکھنوی رح نے تعلیق الممجد میں لکھا ہے وھو غیر جار علی قاعدتنا لان عندنا المخصص للاول مالم یکن متصلا به لایخصص الخ اور تفسیر احمدی میں ہے لان النص مطلق فلا یتقید من غیر دلیل الخصوص انتھی۔ پس جواب اذان کو اذان اول منارہ والی کیساتھ مقید کرنا اور اذان منبری کو جواب سے مستثنیٰ کرنا اور اس جواب دینے کو مکروہ کہنا دعوے بلا دلیل اور نقل بلا اصل ہے۔

**جواب** چوتھے سوال کا:- جب خطیب منبر پر آنیکے لیے اپنی جگہ سے چلے تو اسوقت کلام اور نماز منع نہیں ہے۔ بلکہ منبر پر خطیب کے بیٹھ جانیکے بعد مگر خطبہ شروع کرنے سے پہلے بھی نماز اور کلام منع نہیں ہے۔ ہاں خطبہ شروع کرنیکے بعد نماز اور کلام منع ہے۔ اور جو کلام منع ہے وہ بھی دنیوی کلام منع ہے دینی کلام ہرگز منع نہیں ہے۔ چنانچہ علامہ شامی نے حاشیہ درمختار میں لکھا ہے قوله (ولا کلام) ای من جنس کلام الناس اما التسبیح ونحوه فلا یکره وھو الاصح کما فی النھایة والعنایة۔ پس جب کلام دینی منع نہیں ہے تو خطیب کے سامنے والی اذان کا جواب دینا مسنون بلکہ بنا بر مذہب اصح کے واجب ہے مثل جواب دینے دوسری اذانوں کے۔ پس اس سے واضح ہوا کہ جو لوگ منبر کے سامنے والی اذان کا جواب دینا مکروہ کہتے ہیں۔ اُن کا قول بے اصل و بلا دلیل ہے۔ اور تعلیق الممجد میں قول زہری کے تحت میں تصریح ہے قال محمد اخبرنا مالك حدثنا الزھری قال خروجه یقطع الصلوة وکلامه یقطع الکلام (قوله یقطع الکلام) بھذا اخذ ابو یوسف ومحمد ومالك والجمھور وقال ابو حنیفة یجب الانصات بخروج الامام کذا فی المرقاة وفی النھایة والبنایة وغیرھما اختلف المشائخ علی قوله فقال بعضھم یکره کلام الناس اما التسبیح وغیره فلا یکره وقال بعضھم یکره ذلك کله والاول اصح انتھی قلت بھذا یظھر ضعف ما فی الدر المختار نقلا عن

---

سلہ کجواب الاذان المنبری والدعاء بعدہ ۱۲ منہ

Marfat.com

النهر الفائق ینبغی ان لا یجیب بلسانه اتفاقا فی الاذان بین یدی الخطیب وان یجیب
اتفاقا فی الاذان الاول یوم الجمعۃ انتھٰی وجه الضعف اما اولا فلانه لا وجه لعدم
الاجابة عندھما لانه لا یکرہ عندھما الکلام الدینی قبل الشروع فی الخطبۃ بل لا یکرہ الکلام
مطلقا عندھما قبله علی ما نقله جماعة بخلاف ما نقله صاحب العون وغیرہ واما ثانیا
فلانه لا وجه لعدم الاجابة علی مذھبه ایضا علی ما ھو الاصح انه لا یکرہ الکلام مطلقا
بل الکلام الدنیوی وقد ثبت فی صحیح البخاری ان معاویة رضی اللہ تعالٰی عنه اجاب الاذان
وھو علی المنبر وقال یا ایھا الناس انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم علی ھذا المجلس
حین اذن المؤذن یقول مثل ما سمعتم منی مقالتی واذا ثبت الاجابة عن صاحب الشرع
وصاحبه فما معنے الکراھة۔ یعنی زہری رح نے کہا نکلنا خطیب کا قطع کرتا ہے نماز کو اور کلام خطیب کا
قطع کرتا ہے کلام کو۔ اسی کو اختیار کیا ہے ابو یوسف رح اور محمد رح اور مالک رح اور جمہور رح نے اور جناب امام
ابو حنیفہ رح نے فرمایا کہ امام کے نکلنے کے وقت سے سکوت واجب ہے اسی طرح مرقاۃ شرح مشکوٰۃ
میں ہے۔ اور نہایہ اور بنایہ وغیرہما میں ہے کہ اختلاف کیا ہے مشائخ رح نے امام صاحب کے قول کے بیان میں
بعض نے کہا کہ کلام الناس مکروہ ہے۔ اور تسبیح وغیرہ مکروہ نہیں ہے۔ اور بعض نے کہا کہ ہر کلام مکروہ
ہے۔ یعنی کلام دینی ہو یا دنیوی دونوں مکروہ ہیں۔ اور قول اول اصح ہے (یعنی کلام دنیوی مکروہ ہے
نہ کلام دینی) اور کفایہ وغیرہ میں بحوالہ عون کے منقول ہے کہ مراد کلام متنازعہ فیہ سے اجابۃ اذان ہے
پس مکروہ ہے نزدیک امام صاحب کے نہ نزدیک صاحبین کے اور اجابۃ اذان کے سوا اور سب کلام مکروہ
ہے۔ اجماعًا انتھٰی۔ میں کہتا ہوں کہ اس تقریر سے درالمختار کے اُس قول کا جو نہرالفائق سے منقول
ہے ضعف ظاہر ہوگیا وہ قول یہ ہے کہ جمعہ کے روز خطیب کے سامنے والی اذان کا جواب دینے کا عدم
وجوب مناسب ہے اور پہلی اذان کی اجابت بالاتفاق واجب ہے انتھٰی + وجہ ضعف کی اولًا یہ ہے کہ صاحبین رح
کے مذہب کے موافق اذان منبری کی عدم اجابت کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ اُنکے نزدیک خطبہ شروع کرنے سے
پہلے کلام دینی ممنوع نہیں ہے۔ جیسا کہ ایک جماعت علماء نے اُن سے نقل کیا ہے۔ ہاں صرف صاحب
عون نے اس کا خلاف اُن سے نقل کیا ہے۔ اور ثانیًا یہ کہ امام صاحب کے اصح مذہب کے موافق اُن کے
نزدیک بھی اجابت اذان کے مکروہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ اصح یہی ہے کہ اُنکے نزدیک بھی کلام

Marfat.com

دیوبی کروہ سے نہ دینی۔ اور صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے منبر پر اذان منبری کا جواب دیکر فرمایا کہ تحقیق میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ بھی موذن کے جواب میں یہی کلمات فرماتے جاتے تھے جو تم نے مجھ سے سُنے۔ پس جب کہ اذان منبری کی اجابت صاحب شرع اور انکے صحابی سے ثابت ہوگئی تو پھر اسکے مکروہ ہونیکے کیا معنی۔ اگر کہا جائے کہ بعض صحابہ بھی اذان منبری کی اجابت کو مکروہ کہتے ہیں جیساکہ کتب حدیث میں ثابت ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ قول صحابی ہمارے نزدیک حجت ہے اور اسکی تقلید واجب ہے مگر جب کہ کوئی حدیث مرفوع اُسکے منافی نہو۔ اور یہاں حدیث مرفوع موجود ہے جیساکہ پہلے معلوم ہو چکا ہے۔ شامی جلد اول میں ہے۔ والحاصل ان قول الصحابی حجۃ یجب تقلیدہ عندنا اذا لم ینفہ شیٔ اخر من السنۃ +

اگر کہا جاوے کہ حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ سے اگرچہ اذان منبری کا جواب دینا ثابت ہوا مگر امام اور خطیب کے لیے ثابت ہوا دوسرے حاضرین کے لیے جواز اُس سے ثابت نہیں ہوتا۔ اور حدیث اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام سے جو ہدایہ میں مرفوعاً روایت کی ہے حاضرین کے لیئے ممانعت ثابت ہوتی ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے۔ جیساکہ علامہ لکھنوی اور زیلعی نے اسکی تصریح کی ہے۔ چنانچہ زیلعی شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں: حدیث اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام لم اجدہ وقد قال البیہقی رفعہ وھم انما ھو من کلام الزہری الخ + یعنی یہ حدیث کہ جب امام نکلے تو نہ نماز ہے نہ کلام۔ میں نے اِسے نہیں پایا اور بیہقی نے فرمایا کہ اسکو مرفوع بیان کرنا وہم ہے بلکہ یہ زہری کا کلام ہے +

اس سے ثابت ہوا کہ اس حدیث ہدایہ پر اگر دھوکا کھا کے حدیث معاویہ رض اور حدیث ابو سعید خدری کا کوئی معارضہ کرے تو اُس کا قول صحیح نہیں بلکہ اذان منبری کے جواب دینے کی تائید میں علامہ عبدالحی مرحوم نے عمدۃ الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ میں لکھا ہے۔ واما الکلام فانما یکرہ منہ قبل شروع الخطبۃ الدنیوی لا الدینی کالاذکار والتسبیح بعد الشروع فیھا یکرہ مطلقا ھذا ھو الاصح کما فی النہایۃ وغیرہ فلا تکرہ اجابۃ الاذان الذی یؤذن بین یدی الخطیب وقد ثبت ذلک من فعل معاویۃ فی صحیح البخاری کالدعاء الوسیلۃ الماثورۃ بعد ذلک الاذان ھذا عند ابی حنیفۃ رح وعندھما لا باس بالکلام

Marfat.com

ای الدنیوی اذا خرج الامام قبل ان یشرع فی الخطبۃ الخ، یعنی کلام کرنا جو مکروہ ہے قبل شروع کرنے خطبہ کے وہ کلام دنیوی ہے اور کلام دینی مکروہ نہیں ہے مثل اذکار اور تسبیح کے اور بعد شروع کرنے خطبہ کے مکروہ ہے مطلقاً اور یہی اصح ہے جیساکہ نہایہ وغیرہ میں ہے۔ پس نہیں مکروہ ہے جواب دینا اذان کا جو منبر کے سامنے کہی جاتی ہے خطیب کے روبرو اور یہ جواب دینا ثابت ہے بفعل معاویہ رضہ سے صحیح بخاری میں اور اسیطرح نہیں مکروہ ہے دعائے وسیلہ جو منقول ہے بعد اسی اذان کے اور یہ نزدیک ابی حنیفہ رحمہ کے ہے +

اور صاحبین کے نزدیک کلام دنیوی میں بھی مضائقہ نہیں جبکہ امام خطبے کے لیے نکلے۔ لیکن ابھی خطبہ شروع نہوا ہو۔ بعد اسپر یہ حدیثیں دلیل ہیں: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قلت لصاحبک یوم الجمعۃ انصت والامام یخطب فقد لغوت رواہ الجماعۃ الا ابن ماجۃ۔ یعنی جب تو امام کے خطبہ پڑہنے کی حالت میں اپنے ساتھی سے کہے کہ خاموش رہ تو تونے لغو کام کیا۔ اس حدیث کو جماعت نے سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے وعن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی حدیث لہ قال من دنا من الامام فلغا ولم یسمع ولم ینصت کان علیہ کفل من الوزر ومن قال صہ فقد لغا ومن لغا فلا جمعۃ لہ ثم قال ھکذا سمعت نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم رواہ احمد وابوداؤد + حضرت علی رضہ سے روایت ہو کہ جو شخص امام سے قریب ہو اور لغو کام کرے اور خطبہ نہ سنے نہ خاموش رہے تو اُسپر ایک حصہ گناہ ہے۔ اور جو شخص دوسرے کو کہے خاموش رہ۔ اُسنے بھی لغو کیا۔ اور جسنے لغو کام کیا اُس کا جمعہ نہیں ہوا، پھر فرمایا کہ میں نے تمہارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسے ہی سنا ہی اسکو احمد و ابوداؤد نے روایت کیا ہے + وعن ابن عباس رضہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تکلم یوم الجمعۃ والامام یخطب فھو کمثل الحمار یحمل اسفارا والذی یقول لہ انصت لیس لہ جمعۃ رواہ احمد۔ اور روایت ہو ابن عباس رضہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کلام کرے جمعہ کے روز جس وقت کہ امام خطبہ پڑہتا ہو تو وہ آدمی مثل گدہے کے ہی بوجھ دار۔ اور جو کہے کسی کو چپ رہ تو اُسکے واسطے جمعہ نہیں ہے۔ روایت کیا اسکو احمد نے۔ وعن ابی الدرداء قال جلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوما علی المنبر فخطب الناس تلا آیۃ والی جنبی اُبیّ بن کعب فقلت یا ابی متی نزلت ھذہ الآیۃ

Marfat.com

ان یلی بما سالته فابی ان یکلمنی حتی نزل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی ابی مالک من جمعتک الا ما لغیت فلما انصرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جئته فاخبرته فقال صدق ابی فاذا سمعت امامک یتکلم فانصت حتی یفرغ رواہ احمد منتقی

حضرت ابو الدرداء سے روایت ہی کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھے پھر خطبہ شروع فرمایا اور ایک آیت پڑھی میرے پہلو میں ابی بن کعب بیٹھے تھے میں نے ان سے کہا کہ اے ابی! یہ آیت کب اتری ہے؟ انہوں نے کلام نہ کیا۔ پھر میں نے دریافت کیا۔ پھر انہوں نے کلام نہیں کیا یہانتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے اترے۔ پھر مجھ سے ابی نے کہا کہ آج جمعہ سے آپ کو سوائے اس لغو کلام کے کچھ حاصل نہو گا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ماجرا عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ ابی نے سچ تو کہا جب تم امام کو کلام کرتے یعنی خطبہ پڑھتے سنا کرو تو خاموش رہا کرو۔ یہاں تک کہ امام فارغ ہو جائے۔ اسے امام احمد نے روایت کیا۔ منتقی میں اسیطرح ہی +

ان تمام حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ جب امام خطبہ شروع کر دے۔ اسوقت کلام کرنا ممنوع ہوتا ہے۔ اس سے پہلے نہیں۔ اور زہری رح کا قول خروجه یقطع الصلوٰۃ وکلامه یقطع الکلام بھی اسی بات پر دلالت کرتا ہے کہ خطبہ شروع کرنیکے بعد کلام ممنوع ہی۔ اس سے پہلے نہیں۔ پس اس سے اذان منبری کا جواب دینا اور اذان کے بعد دعا کرنا جائز ثابت ہوا +

اگر کوئی کہے کہ صاحب ہدایہ نے کہا کہ اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام حدیث ہی۔ اور اس کی وجہ سے اذان منبری کی اجابت مکروہ ہے تو جواب یہ ہی کہ اول تو یہ مسلم نہیں کہ یہ حدیث مرفوع ہی جیسے کہ سابق میں اسکی تصریح گزر چکی۔ اور اگر بالفرض اسے حدیث تسلیم بھی کر لیا جائے تاہم اجابت اذان کو مکروہ کہنے والوں کے لئے مفید نہیں بلکہ ان کی مثال ایسی ہوگی کہ بارش کے قطروں سے بھاگ کر پرنالے کے نیچے کھڑے ہو گئے۔ کیونکہ اگر اس حدیث سے مطلقا کلام کی کراہت ثابت کیجاتی ہے اس میں اجابت اذان کو بھی داخل مانا جائے تو لازم آتا ہے کہ خود اذان منبری بھی مکروہ ہو کیونکہ آخر یہ اذان بھی تو امام کے نکلنے بلکہ منبر پر بیٹھنے کے بعد کہی جاتی ہے حالانکہ آجتک کوئی اسکا قائل نہیں ہوا یہ کیوں؟ صرف اس وجہ سے کہ اذان احادیث صحیحہ سے ثابت ہی جیسا کہ اوپر گزر چکا

Marfat.com

اسکے علاوہ جو کلام مکروہ ہے وہ کلام دنیوی ہے اور اذان کا جواب دینا کلام دنیوی نہیں
اور کلام دینی خطبہ شروع ہونیسے پہلے مکروہ ہونے کی توکوئی وجہ ہی نہیں ۔ بلکہ کلام دینی تو درمیان
خطبہ کے بھی احادیث صحیحہ سے ثابت ہے ۔ جیساکہ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے
کہ ایک صحابی نے بارش کی دعا کرنیکے لیے عرض کیا ۔ پھر اگلے جمعہ کو بارش کی موقوفی کے لیے دعا
کے واسطے درخواست کی ۔ اسی طرح ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ کے درمیان میں
ایک صحابی کو تحیۃ المسجد پڑھنے کا حکم فرمایا ۔ اور اُس صحابی کا جواب دینا بھی حدیث صحیح سے ثابت
ہے ۔ اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خطبہ کی حالت میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے دربارۂ تاخیر
غسل کلام کیا ۔ اور اسی قسم کی اور حدیثیں بھی بہت ہیں ۔ پھر اذان منبری کا جواب دینا حدیث اذا
سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن کے عموم میں داخل ہے ۔ اور اس حدیث کو جماعت نے
سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے ۔ اور حدیث معاویہ رض تو بخاری شریف میں موجود ہے ۔ اور جبکہ
ایسی قوی دلائل سے اذان منبری کی اجابت کا جواز ثابت ہوگیا تو اب کس کی مجال ہے کہ اسکو مکروہ
کہے ۔ کیونکہ ان دلائل کے مقابلہ میں کوئی حدیث مخصص وارد نہیں ہوئی ۔ اور جب کہ جواز اجابت کی
حدیثیں مطلق ہیں تو خاص اس اذان کی اجابت کو مکروہ بتانے والی حدیث مخصص اور مقید ہونی چاہیے
اور ایسی کوئی روایت نہیں ۔

تفسیر احمدی میں ہے لان النص مطلق فلا یتقید من غیر دلیل الخصوص انتہی ۔ اور چونکہ
حدیث فقولوا مثل ما یقول المؤذن اپنے عموم کی وجہ سے منبر والی اذان کو بھی شامل ہے ۔ اسلیے
اذان منبری کا جواب دینا بھی اس قولی حدیث سے ثابت ہوگیا ۔

پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اذان اول عثمانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نہ تھی
پھر اُس کی اجابت کو بحکم فقولوا مثل ما یقول المؤذن کے مسنون کہنا اور اذان منبری جو آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں ہوتی تھی اور اُسی وقت بلا تفصیل حضور انور نے فقولوا مثل
ما یقول المؤذن فرمایا تھا ۔ اُسکے جواب کو مکروہ کہنا کسقدر بے انصافی اور ہٹ دھرمی ہے ۔ ایسے
علاوہ جناب امام اعظم ابوحنیفہ رح نے فرمایا ہے کہ اذا صح الحدیث فہو مذہبی تو احادیث صحیحہ
کا خلاف کرنا اور اپنے امام کا نافرمان بننا نفسانیت نہیں تو اور کیا ہے ۔

Marfat.com

بعض لوگوں نے حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ جواب دیا ہے کہ اس حدیث سے امام کا جواب دینا ثابت ہوتا ہے دوسروں کا جواب دینا ثابت نہیں ہے مگر یہ جواب بھی صحیح نہیں۔ اور ان بعض کا یہ قول دعوے بلا دلیل ہے۔ اور دعوے بلا دلیل باطل ہے۔ کیونکہ یہ حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابل میں کوئی حدیث صحیح مرفوع متصل السند اس درجہ کی پائی نہیں جاتی۔ اور قول زہری رضی اللہ عنہ سے حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ کی تخصیص کرنی بے اصل اور خلاف نقل ہے۔ کیونکہ زہری نہ صحابی ہیں نہ تابعی۔ ان کا قول حدیث مرفوع متصل السند یعنی حدیث معاویہ رض کا مخصص کیسے ہو سکتا ہے۔ شامی وغیرہ کتب اصول میں ہے کہ قول صحابی حجت ہے مگر جب کہ اسکے منافی کوئی حدیث نہو۔ جب قول صحابی کا یہ حال ہے تو زہری کس شمار میں ہیں۔ والحاصل ان قول الصحابی حجة یجب تقلیدہ عندنا اذا لم ینفه شئ اٰخر من السنة۔ پھر جس طرح قول زہری کے حدیث معاویہ منافی ہے۔ اسی طرح حدیث فقولوا ما یقول المؤذن بھی منافی ہے۔ اور یہ حدیث اس درجہ کی قوی اور متصل السند اور مرفوع ہے کہ تمام محدثین کی جماعت نے سوائے ابن ماجہ کے اسے روایت کیا۔ مسئلہ جب خطیب خطبہ میں صَلُّوْا عَلَیْهِ کہے یعنی درود پڑھو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر تو سامعین آہستہ درود شریف پڑھیں۔ جیساکہ شرح وقایہ میں ہے۔ الا اذا قرأ قوله تعالی صلوا علیه فیصلی سرًا۔ پس حالت خطبہ میں جب درود شریف پڑھنا جائز بلکہ مستحسن ہوا تو قبل خطبہ شروع کرنیکے خطبہ کی اذان کا جواب دینا کیوں جائز نہو۔ مکروہ ہونے کی کیا وجہ؟ اسیطرح عمدة الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ میں ہے۔ الا اذا قرأ الاٰیة المشتملة علی الامر بالصلوٰة فیصلی السامع بالصلوٰة علی النبی صلی الله علیه وسلم وهذا علی سبیل الاستحسان۔ یعنی یہ درود شریف پڑھنے کا حکم درمیان خطبہ کے بطور استحسان ہے۔

**جواب** پانچویں سوال کا۔ ناظرین رسالہ ہذا پر واضح ہو کہ اذان منبری کے جواب دینے کا جواز احادیث صحیحہ مرفوعہ متصلہ اور اقوال فقہیہ صحیحہ صریحہ سے ثابت ہو چکا ہے۔ چنانچہ دلیلیں مع عبارات واضحہ اوپر گزر چکیں۔ لہذا اجابت اذان منبری کو مکروہ کہنا دعوے بلا دلیل ہے۔ اور دعوے بلا دلیل باطل ہے جیساکہ سابق میں تعلیق المجد اور عمدة الرعایہ سے بیان واضح منقول ہو چکا ہے۔ عبارت یہ ہے واما الکلام فانما یکرہ منه قبل شروع الخطبة الدنیوی لا الدینی کالاذکار والتسبیح وبعد الشروع فیه یکرہ

مطلقاً من اھوأ ذ صح کما فی النہایة وغیرہا۔ فلا تکرہ اجابة الاذان الذی یؤذن بین یدی الخطیب وقد ثبت ذلک من فعل معاویة فی صحیح البخاری ولا دعاء الوسیلة الماثورة بعد الاذان ھذا عند ابی حنیفة وعندھما لا باس بالکلام ای الدنیوی اذا خرج الامام قبل ان یشرع فی الخطبة واذا نزل قبل ان یکبر لان الکراھة للاخلال بالاستماع ولا استماع ھھنا کذا فی جامع الرموز۔ یعنی کلام تو خطبہ شروع کرنے سے پہلے کلام دنیوی مکروہ ہے۔ کلام دینی جیسے اذکار اور تسبیح تو وہ خطبہ شروع کرنے سے پہلے مکروہ نہیں ہے۔ ہاں خطبہ شروع کرنے کے بعد مطلقاً کلام مکروہ ہے اور یہی اصح ہے جیساکہ نہایہ وغیرہ میں اسکی تصریح ہے۔ پس اُس اذان کا جواب دینا جو خطیب کے سامنے کہی جاتی ہے مکروہ نہیں۔ اور جواب دینا حضرت معاویہؓ کے فعل سے صحیح بخاری میں ثابت بھی ہو چکا ہے۔ اور دعائے وسیلہ جو اذان کے بعد منقول ہے وہ بھی اس اذان کے بعد مکروہ نہیں۔ یہ مذہب تو حضرت امام ابوحنیفہ رح کا ہے اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک امام کے نکلنے کے بعد شروع خطبہ سے پہلے کلام دنیوی بھی ممنوع نہیں۔ اور خطبہ ختم ہونیکے بعد تکبیر نماز سے پہلے بھی مکروہ نہیں۔ کیونکہ کراہت کی وجہ یہ ہے کہ خطبہ سننے میں کلام سے خلل پڑیگا اور ان حالتوں میں استماع خطبہ متحقق نہیں۔ جامع الرموز میں اسیطرح ہے۔

**حاصل کلام وخیر المرام یہ ہے** کہ اذان منبری کا جواب دینا مکروہ نہیں ہے اور حدیث اذا خرج الامام کا حدیث ہونا ثابت نہیں جیساکہ علامہ زیلعی نے تخریج ہدایہ میں اسکے متعلق لم اجدہ فرمایا ہے اور کہاکہ یہ زہری کا قول ہے اور ظاہر ہے کہ زہری نہ صحابی ہیں نہ تابعی۔ اور اُنکے ہم مقلد نہیں اور اسکے خلاف صحیح حدیث اذا سمعتم المؤذن موجود ہے جسے تمام جماعت محدثین نے سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے۔ اور یہ حدیث اپنے عموم سے اذان منبری کو بھی شامل ہے۔ اور کلام کی ممانعت صرف تین صحابیوں (حضرت علیؓ حضرت ابن عباسؓ حضرت جابرؓ) سے منقول ہے۔ اسکے علاوہ تمام صحابہ جواز کے قائل ہیں۔ دوسرے یہ کہ حضرت امیر معاویہؓ نے جمعہ کے روز تمام صحابہؓ کے سامنے اس اذان کا جواب دیا۔ اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا اور کسی نے اسکا انکار نہ کیا بلکہ سکوت کیا۔ اور سکوت موضع بیان میں بیان ہوتا ہے۔ تیسرے یہ بھی ممکن ہے کہ ان صحابہ رضی اللہ عنہم کے نزدیک بھی جنسے کلام کی کراہت منقول ہے کلام سے کلام دنیوی مراد ہو۔ اور یہ کہنا کہ امام ابوحنیفہ رح سے کراہت منقول ہے اول تو اسلیے مسلم نہیں کہ بنابر اصح مذہب کے اُن کے نزدیک بھی کلام سے دنیوی کلام مراد ہے۔ جیساکہ ہم پہلے تصریح کر چکے ہیں۔ نیز فقہا نے درمیانی خطبہ میں خطیب کے قول صلوا علیہ پر

Marfat.com

سنت درود پڑھنے کی اجازت دی ہے جسے ہم شرح وقایہ سے نقل کرچکے ہیں۔ پس ثابت ہوگیا کہ حضرت امام ابوحنیفہ اور فقہائے معتمدین کلام دینی کی کراہت کے قائل نہیں ہیں بلکہ کراہت کا قول صرف صاحب درمختار اور اُنکے متبعین نے اختیار کیا ہے۔ پس جو لوگ کہ اب بھی کراہت کو معتبر سمجھیں اُنکو حدیث اذا سمعتم المؤذن کے عموم کے لیئے کوئی معتبر مخصص پیش کرنا چاہیے۔

ھَاتُوا بُرْھَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۔

واٰخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العٰلمین۔ ھذا ما ظھر لی واللہ اعلم بالصواب وعندہ علم الکتاب والیہ المرجع والمآب

کتبہ عبد من عباد اللہ خادم الطلبۃ

**القاضی رحمت اللہ غفرلہٗ**

# تصدیقات علمائے رامپور

خاکسار مؤلف نے مسئلہ معلومہ کے متعلق ایک مختصر سوال و جواب مرتب کرکے مختلف شہروں کے علمائے کرام کی خدمتمیں روانہ کیا جسقدر علماء کی تصدیقات حصول ہوئیں وہ بغرض افادہ ذیل میں نقل کیجاتی ہیں

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین زاد کم اللہ تعالیٰ تعظیما لدیہ۔ اس صورت میں کہ جمعہ کے روز جو اذان منبر کے سامنے کہی جاتی ہے۔ اُسکا جواب قولی دینا مثل دوسری اذانوں کے مشروع ہے یا ممنوع ہے بینوا توجروا۔

**اقول** وبہ نستعین **الجواب** صورت مسئولہ میں معلوم ہو کہ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے جناب امام اعظم رضہ کے ظاہر اقوال سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس اذان منبری کا جواب قولی دینا مکروہ ہے بدلیل حدیث کے اذا خرج الامام فلا صلٰوۃ ولا کلام مگر جب بنظر تعمق محققین حنفیہ نے تامل کیا تو اس کا خلاف ثابت ہوا کیونکہ حدیث مذکور فی الہدایہ کے متعلق تخریج زیلعی میں لم اجدہ لکھا گیا ہے اور یہ بھی کہا کہ جس شخص نے اس حدیث کو مرفوع کہا ہے اس کا وہم ہے۔ بلکہ یہ زہری کا قول ہے۔ چنانچہ موطا امام محمد میں یہ قول موجود ہے۔ اور جو مضمون احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ وہ یہ ہے کہ خطبہ شروع کرنیکے بعد کلام

Marfat.com

مطلقاً ممنوع ہے۔ اِس لیے کہ سماعت خطبے میں خلل واقع ہوگا۔

اذان منبری کا جواب دینا شروع خطبے سے پہلے ہے۔ پس معلوم ہوا کہ اس اذان کے جواب دینے کو مکروہ کہنے کی کوئی وجہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ صاحب عنایہ وغیرہ سے علامہ مولوی عبدالحی لکھنوی رح نے تعلیق الممجد اور عمدۃ الرعایہ وغیرہ اپنی تالیفات میں تصریح تمام فرمائی ہے کہ امام صاحب کے نزدیک جو کلام کرنا وقت نکلنے خطیب کے مکروہ ہے وہ کلام دنیوی ہے نہ کلام دینی۔ اور یہ جواب دینا اور وسیلہ کی دعا کرنی کلام دنیوی نہیں ہے بلکہ ذکر ہے مثل تسبیح و تہلیل کے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ جواب اذان ممبری کا دینا مکروہ نہیں بلکہ مشروع ہے۔

تیسرے یہ کہ حدیث اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن عام ہے۔ تمام اذانوں کو شامل ہے۔ اور اس حدیث کو جماعت محدثین نے سوائے ابن ماجہ کے روایت کیا ہے۔ پس اِس عموم سے بھی ثابت ہوا کہ اذان منبری کا جواب قولی دینا مثل دوسری اذانوں کے مشروع ہے ممنوع نہیں ہے۔

چوتھے یہ کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بخاری میں جواب دینا اذان منبری کا صراحۃً ثابت ہے کہ انہوں نے منبر پر جماعت صحابہ کے روبرو جواب دیا۔ اور کسی نے انکار نہیں کیا۔

پس بنا بران حدیثوں اور وجوہ مذکورۂ بالا کے جواب دینا اذان منبری کا مشروع ثابت ہوا لہٰذا مکروہ نہیں ہو سکتا۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

**کتبہ عبد من عباد اللہ خادم الطلبۃ القاضی**
**رحمت اللہ عفی عنہ مہتمم مدرسہ اشرفیہ راندیر**

تحقیق مجیب صحیح ہے
محمد ضو العلی غفرلہ

علمائے حنفیہ کے نزدیک اذان منبریہ کا جواب قولی مشروع و مندوب ہے۔ اذا خرج الامام فلا صلوۃ ولا کلام اسکے منافی نہیں ہے کیونکہ مراد کلام سے دنیوی ہے نہ دینی۔ واللہ اعلم
محمد معز اللہ عفی عنہ مدرس اول مدرسہ عالیہ ریاست رامپور

Marfat.com

جواب حسب تحقیق بالا صحیح ہے واللہ اعلم

صح الجواب

احمد امین عفی عنہ مدرس دوم مدرسہ عالیہ ریاست رامپور

نظیر الدین عفی عنہ مدرس چہارم مدرسہ عالیہ ریاست رام پور

الجواب بھذا التفصیل والتحقیق ھو الجواب

محمد فضل حق اصلح اللہ حالہ

# علمائے لکھنو وعلیگڈھ کی تصدیقات

لکھنؤ وعلیگڈھ کے علماء کی خدمت میں سوال مذکور کا حسب ذیل جواب بھیجا گیا تھا۔

**الجواب** - صورت مسئولہ میں اذان مذکور کا جواب دینا مکروہ نہیں ہے۔ اسی کو محققین علمائے حنفیہ نے ترجیح دی ہے۔ کیونکہ یہ اذان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت سے جائز ہے۔ بخلاف اذان متعارف کے کہ وہ اذان عثمانی ہے حضرت عثمان رضی نے اپنے وقت میں جاری کی ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علی وجہ العموم امر فرمایا ہے۔ اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن۔ یہ امر اذان منبری اور اذان عثمانی دونوں کو شامل ہے۔ اسمیں کسی اذان کی تخصیص نہیں ہے +

اسی طرح علامہ لکھنوی مرحوم مولوی عبدالحی صاحب نے اپنے عمدۃ الرعایہ اور تعلیق الممجد علی موطا امام محمد میں تصریح فرمائی ہے۔ بخاری کی حدیث معاویہ رض سے استدلال کیا ہے۔ اور غایۃ الاوطار میں جواز نقل کیا ہے جس کا جی چاہے ملاحظہ فرمالے۔ ہاں بعض فقیہ مکروہ کہتے ہیں۔ اُن کی دلیل حدیث ہدایہ کی ہے۔ اذا خرج الامام فلا صلوۃ ولا کلام مگر یہ حدیث نہیں ہے۔ چنانچہ علامہ زیلعی نے اپنی تخریج ہدایہ میں تصریح کی ہے کہ لم اجدہ۔ اور بیہقی نے کہا کہ اسکو حدیث مرفوع کہنا وہم ہے بلکہ یہ قول زہری کا ہے۔ اور ایسے اقوال حدیث معاویہ اور حدیث ابو سعید خدری رض اذا سمعتم النداء الخ کے جن کو جماعت محدثین نے سوائے ابن ماجہ کے مرفوع متصل السند روایت کیا ہے) معارض اور مخصص نہیں ہوسکتے۔ پس مکروہ کہنا قول ضعیف اور بے اصل ہے۔ ھذا

Marfat.com

ما ظہر لی واللہ اعلم وعلمہ اتم +

# کتبہ عبد من عباد اللہ خادم الطلبہ القاضی رحمت اللہ عفی عنہ

## مہتمم مدرسہ اشرفیہ راندیر

واقعی اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جس وقت سے امام منبر پر جائے کلام و صلوٰۃ دونوں ممنوع ہیں، اور اس قول کے موافق حدیثیں موجود ہیں۔ جن کی تفصیل میرے نانا جناب مولانا مولوی عبد الحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہدایہ کے حاشیہ میں موجود ہے لیکن صاحبین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک نماز تو ممنوع ہے جبکہ امام منبر پر جائے لیکن کلام دینی مثل اجابت اذان ثانی ممنوع نہیں ہے جیسا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔ اور حق قول ثانی ہے۔ و تحقیق ذلک فی السعایہ +

حررہ الفقیہ محمد ایوب غفرلہ الذنوب لکھنوی

الجواب صحیح والمجیب نجیح من قال سوی ذلک فقد قال محالا

حررہ راجی الی رحمت ربہ القوی عبد التواب غزنوی

ثم العلیگڈھی - ۲۲ - ربیع الثانی

الجواب صحیح

محمد عبد الصمد عفی عنہ (علیگڈھ)

الجواب حق

محمد عبد المتین عفی عنہ

جواب صحیح ہے کیونکہ حدیث نبوی اجابت اذان میں علی العموم وارد ہے بعینہ جس اذان کا سائل نے ذکر کیا ہے وہ اذان زمانہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں کہی جاتی تھی اور مثل اذان پنجگانہ نماز کے اذان جمعہ بھی ایک اذان ہے لہٰذا حکم نبوی اجابت اذان میں بلا ریب داخل ہے واللہ اعلم محمد منیر خاں عفی عنہ مدرس مدرسہ عربیہ مدنپورہ بنارس شہر

Marfat.com

قال اللہ تعالیٰ انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثیٰ

حق تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ میں کسی کا نیک عمل ضائع نہیں کرتا مرد ہو یا عورت

چونکہ اس آیت موصوف کے مضمون کے لوازم میں سے

رسالہ بہشتی زیور میں صرف وہ احکام ذکر سے باقی رہ گئے تھے جو مردوں

کے ساتھ خاص ہیں اس کی تکمیل کے لئے یہ رسالہ مسمیٰ بہ

# بہشتی گوہر

کہ

بہشتی زیور کے گیارھویں حصے کے طور پر ہے

اور تناسب باہمی کے سبب بعض احکام حصص سابقہ کے قبیل سے بھی آگئے ہیں

جناب مولوی محمد یحییٰ صاحب پبلشر و تاجر کتب دیوبند ضلع سہارنپور کی فرمائش سے

جناب منشی کرم بخش [illegible]

بلالی اسٹیم پریس [illegible]

قیمت [illegible]

Marfat.com

# فہرست مضامین بہشتی گوہر


| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۵ | دیباچہ |
| ۷ | اصطلاحات ضروریہ |
| ۹ | پانی کے استعمال کے احکام |
| ۱۰ | پانی ناپاکی کے بعض مسائل |
| ۱۳ | پیشاب یا پاخانہ کے وقت جن امور سے بچنا چاہیے |
| ۱۴ | جن چیزوں سے استنجا درست ہے |
| 〃 | جن چیزوں سے استنجا بلا کراہت درست نہیں ہے۔ |
| 〃 | وضو کا بیان |
| ۱۵ | وضو توڑنے والی چیزوں کا بیان |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | غسل کا بیان |
| ۱۸ | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۳۶ | تکبیر تحریمہ کا بیان |
| 〃 | فرض نماز کے بعض مسائل |
| ۳۸ | تحیۃ المسجد |
| ۳۹ | نوافل سفر |
| ۴۰ | نماز قتل |
| 〃 | تراویح کا بیان |
| ۴۲ | نماز کسوف و خسوف |
| ۴۴ | استسقا کی نماز کا بیان |
| 〃 | قرأت کے مسائل |
| ۴۵ | طریقۂ نماز کے متعلق بعض مسائل |
| ۴۷ | جماعت کا بیان |
| 〃 | جماعت کی فضیلت اور تاکید |
| ۵۴ | جماعت کی حکمتیں اور فائدے |
| ۵۶ | جماعت کے واجب ہونے کی شرطیں |
| [illegible] | جماعت کے صحیح ہونے کی شرطیں |
| [illegible] | جماعت کے احکام |
| ۶۶ | مقتدی و امام کے متعلق مسائل |
| [illegible] | جماعت میں شامل ہونے کے مسائل |
| [illegible] | نماز کن چیزوں سے فاسد ہوتی ہے |
| [illegible] | نماز میں جو چیزیں مکروہ ہیں |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| 〃 | [illegible] کے مسائل |
| [illegible] | [illegible] کی نماز |
| [illegible] | [illegible] کا بیان |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۸۸ | جمعے کے مسائل |
| ۹۲ | جمعے کے آداب |
| ۹۴ | جمعے کی نماز کی فضیلت اور تاکید |
| ۹۷ | نماز جمعے کے واجب ہونے کی شرطیں۔ |
| 〃 | جمعے کی نماز کے صحیح ہونے کی شرطیں۔ |
| ۹۸ | جمعے کے خطبے کے مسائل |
| ۱۰۱ | نبی صلعم کا خطبہ جمعے کے دن |
| ۱۰۳ | نماز کے مسائل |
| 〃 | عیدین کی نماز کا بیان |
| ۱۰۸ | کعبہ مکرمہ کے اندر نماز پڑھنے کا بیان۔ |
| ۱۰۹ | سجدہ تلاوت کا بیان |
| ۱۱۱ | میت کے غسل کے مسائل |
| ۱۱۲ | میت کے کفن کے بعض مسائل |
| 〃 | جنازہ کی نماز کے مسائل |
| ۱۱۹ | دفن کے مسائل |
| ۱۲۴ | شہید کے احکام |
| ۱۲۴ | جنازہ کے متفرق مسائل |
| ۱۲۸ | مسجد کے احکام |
| ۱۲۹ | تتمہ حصہ دوم بہشتی زیور |
| [illegible] | روزے کا بیان |
| ۱۳۳ | اعتکاف [illegible] |
| ۱۳۶ | زکوٰۃ [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | کا بیان۔ |
| 〃 | اونٹ کا نصاب |
| ۱۴۰ | گائے بھینس کا نصاب |
| ۱۴۰ | بکری بھیڑ کا نصاب |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۴۰ | زکوٰۃ کے متفرق مسائل |
| ۱۴۲ | تتمہ حصہ پنجم بہشتی زیور |
| | بالوں کے متعلق احکام |
| ۱۴۴ | شفعہ کا بیان |
| 〃 | مزارعت یعنی کھیتی کی بٹائی وغیرہ کا بیان |
| ۱۴۷ | پانی کے احکام |
| ۱۴۸ | نشہ دار چیزوں کا بیان |
| 〃 | شرکت کا بیان |
| ۱۵۱ | تتمہ حصہ نہم بہشتی زیور |
| | تمہید |
| 〃 | مردوں کے امراض |
| ۱۵۵ | [illegible] |
| ۱۵۷ | [illegible] |
| | اور غذاؤں کا بیان |
| ۱۶۲ | [illegible] غذاؤں کا ذکر |
| ۱۶۳ | [illegible] |
| ۱۶۵ | ضعف باہ کی تیسری قسم |
| ۱۶۶ | [illegible] کی باتیں |
| 〃 | [illegible] |
| | [illegible] |
| ۱۶۶ | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] |


Marfat.com

# اشتہار واجب الاعتبار

ہمارے کتبخانہ میں ہر قسم کی کتابیں بغرض فروخت موجود رہتی ہیں جن کی فہرست ہم اپنی چھاپی ہوئی کتابوں کے اخیر میں اور نیز ٹائیٹل پر اور علیحدہ بذریعہ اشتہارات بھی شائع کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں۔ ہماری چھاپی ہوئی کتابوں کی خوشخطی اور عمدگی۔ اور کتبخانہ کی خوش معاملگی اور نیک نیتی کا یہ اثر نمایاں ہے کہ بفضلہ تعالیٰ ہمارے خریداروں کی تعداد یوماً فیوماً ترقی پر ہے اور اس کتبخانہ کی نیکنامی اور ہر دلعزیزی کا سکہ ہندوستان کے تمام احاطوں اور اضلاع قصبات و دیہات وغیرہ میں اس قدر بیٹھ چکا ہے کہ قابل شکر گذاری ہے جو حضرات کتبخانے سے معاملات کر چکے ہیں وہ تو بخوبی واقف ہو چکے ہیں جن صاحبوں کو ہنوز واقفیت حاصل نہیں وہ اشتہار ہذا کے ملاحظہ کے بعد اگر کتبخانہ سے کوئی معاملہ کرینگے تو ہم پوری امید دلاتے ہیں کہ ان کو بھی کبھی کوئی موقع شکایت کا ہاتھ نہ آئیگا۔ لہذا خود بھی توجہ فرمایئے اور اپنے دوسرے احباب کو بھی توجہ دلایئے:۔ پتہ انگریزی۔ اردو۔ دونو زبانوں میں لکھنا چاہئے۔ اگر اردو میں لکھا جاوے تو نہایت صاف اور خوشخط اور واضح لکھنا چاہئے۔ ورنہ فرمایش کی عدم تعمیل سے معاف فرمادیں۔

---

## حضرت سیدنا مقتدانا مولانا شاہ اشرف علی صاحب حنفی چشتی مدظلہم العالی کی تالیفات سے

# بہشتی زیور کامل یعنی پورے گیارہ حصے

یہ کتاب محض مسلمان مردوں اور عورتوں لڑکے اور لڑکیوں کی درستی تعلیم و تربیت اور ہر قسم کے منافع دنیوی اور دینی حاصل کرنیکی غرض سے ایک مدت دراز کی محنت اور جانفشانی سے تیار کیگئی ہے دریا کو کوزے میں بند کرنا تو سنا ہی ہوگا لیکن اس کتاب کے تمام حصوں کو منگا کر آپ ملاحظہ بھی کر سکتے ہیں۔ اس کتاب کے دس حصوں میں وہ امور بیان کئے گئے ہیں جو کہ عورتوں کے ساتھ مخصوص ہیں یا عورتوں و مردوں دونوں میں مشترک ہیں اور گیارہویں حصے میں خاص وہ امور مذکور ہوئے ہیں جو مردوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اس گیارہویں حصے میں خود پانچ تتمہ یعنی حصے ہیں اسیواسطے اس کی ضخامت اور حصوں سے زائد ہوگئی ہے یہ وہی حصہ ہے جس کا نام بہشتی گوہر قرار دیا گیا ہے اور دسوں حصے خدا کے فضل سے ایسے عمدہ چھپے تھے کہ ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگئے تھے پھر شائقین کے اصرار سے ہم نے اسکو نہایت عمدہ خوشخط دوبارہ طبع کیا اس طبع ثانی والے نسخے بھی بہت کم رہ گئے ہیں جسکی وجہ سے تیسری چوتھی پانچویں بار طبع کرانے کی نوبت آئی ہے:۔ اب ہم ہر حصے کے مضامین کی اجمالی حالت لکھے دیتے ہیں تاکہ ناواقفوں کو قدری واقفیت کتاب کی خوبیوں سے ہو جاوے اور اس کو ایک نعمت غیر مترقبہ سمجھتے رہیں:۔

حصہ اول۔ الف بات تا خط لکھنے کا طریقہ عقائد ضروریہ مسائل وضو و غسل وغیرہ ........ ۳۰۔

حصہ دوم حیض و نفاس کے احکام۔ نماز پنجگانہ کے مسائل ۳۰۔

حصہ سوم روزہ زکوۃ قربانی حج منت قسم۔ لباس و پردے کے احکام ۳۰۔

حصہ چہارم و پنجم۔ طلاق نکاح وغیرہ کے احکام اور مسائل معاملات و حقوق اہل حقوق و طریقہ تربیت اولاد معاشرت زوج و قواعد تجوید ہر دو حصے

حصہ ششم۔ اصلاح یا ابطال رسوم مروجہ ........ ۳۰۔

حصہ ہفتم۔ اصلاح باطن تہذیب اخلاق۔ ذکر قیامت جنت و دوزخ وعدہ وعید ........

حصہ ہشتم۔ نیک بیبیوں کی حکایتیں [illegible] و نتیجہ حکایات اور بعض مضامین قرآن و حدیث ...... ۳۰۔

حصہ نہم۔ ضروریات روزمرہ مختصر طب اپنے اور اپنے بچوں کی حفظ صحت کیواسطے ........ ۳۰

حصہ دہم۔ ضروریات معاش کچھ حساب سلیقہ خانہ داری تجربہ کی باتیں وغیرہ ۳۰۔

Marfat.com

# تکمیل الیقین

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست
آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

اردو زبان میں یہ پہلی کتاب ہے جو دینیات کی جامعیت کے ساتھ سائنس اور طبعیات کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ یہ کتاب زیادہ تر اُن تعلیم یافتوں کیواسطے تالیف کی گئی ہے جو علوم مروجہ کے اثر سے متأثر ہوکر مشکل میں فی الاسلام ہوجاتے ہیں باعتبار رفتار زمانہ یہ کتاب دیندار مسلمانوں کیلئے ازبس ضروری اور اس کا مطالعہ نہایت نافع ہے۔ مضامین کی فہرست مختصر یہ ہے کہ اول عقائد و اعمال کو لکھکر اس کے ضمن میں ہر قسم کے شرک اور رسوم خلاف شرع کو نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے پھر معاصی اور طاعات کے متعلق دنیوی مضار و منافع حکومت و انتظام ملکی۔ نماز کیلئے طہارت کے مشروط ہونے کی حکمت وضو میں اعضاء وضو کے دھونے اور ترتیب کی حکمت۔ نماز میں کعبہ کی طرف منہ کرنے کی حکمت اور اس کی فلاسفی۔ بے نمازوں کے واہی تباہی عذروں کے معقول جواب اعمال حج کی فلاسفی۔ کعبہ کو بیت اللہ کہنے کی وجہ۔ پردے کی فلاسفی اور بے پردگی کی خرابیاں۔ انسان کی جملہ حالتوں کے مطابق اسلام میں احکام موجود ہیں۔ تعداد ازواج کے متعلق نہایت عمدہ مضمون۔ اس شبہ کا جواب کہ شریعت محمدیہ کے قوانین موجودہ حکومت میں بے سود ہیں۔ سچے صوفیوں کے حالات مادے کا قدم اور اس کا ابطال فلاسفہ ہی کے مسلمہ اصول سے ان کے مذہب کی تردید۔ ایک رخانی کل کی مثال بکر ثابت کرنا کہ اہل سائنس کا مذہب تحقیق عالم کے بارے میں بالکل لچر ہے۔ وحدانیت کی فلاسفی۔ حیات اور عقل کی حقیقت معلوم کرنے میں اہل سائنس کے ہوش بھی گم ہیں۔ حیات بعد الممات کا عقلی ثبوت اور فلاسفہ کے شبہات کا جواب روح کے ساتھ بدن کو ایسی نسبت ہے جیسی مقناطیس کو لوہے کے ساتھ۔ الغرض دنیا بھر کے تشکیک و شبہات کے جوابات جو کسی حیثیت سے اسلام پر وارد ہوسکتے ہیں۔ اس کتاب میں موجود ہیں:۔ قیمت صرف ۔ عہ

**یہ کتاب بھی حضرت سیدنا مقتدانا مولانا شاہ اشرف علی صاحب مدظلہم العالی کی تالیفات سے ہے**

# سوانح عمری

حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

حصہ اول۔ حالات ابتدائی تحصیل علم تکمیل شریعت نکاح مطب لزوم عبادت دورہ حدیث شریف کا سالانہ التزام نفقہ افتا شبہات علما رکا تشفی بخش جواب نکات حدیث تلامذہ کی تفصیل مدارس اسلامیہ کی سرپرستی بیعت اللہ کی زبان حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کی بیعت۔ خانقاہ اور حجرہ کا فوٹو و دیگر حالات قیمت . . . . . . . . ۱۲ر

حصہ دوم متعلقہ طریقت قیمت . . . . . . . . . عہ

| | | |
|---|---|---|
| اربعین لدفع الفتنہ | یہ کتاب رد بدعت میں لاجواب ہے | ۸ |
| ترغیب الصلوٰۃ | نماز کے متعلق عمدہ کتاب ہے | ۳ر |
| رسالہ علم غیب | علم غیب کے متعلق بینظیر رسالہ ہے | [illegible] |
| مطرقۃ الکرامہ | رد شیعہ میں عجیب کتاب ہے | ۸ر |
| غرائب البیان | حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب | ۲ر |
| لطائف قدوسیہ | یہ کتاب بھی ایک قابل دید کتاب ہے | ۲ر |
| ترغیب الخیرات .. ۱ر | گلستان مناقب ... | ۱ر |
| چہل حدیث مترجم ۲ر | مرثیہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ | ۱ر |

Marfat.com

نقاب بر جہالت ہٹا دیا کس نے ٭ یہ نور مہر ہدایت دکھا دیا کس نے

# جہد المقل فی تنزیہ المعز والمذل

زمانہ کی حالت نے ایسا پلٹا کھایا ہے کہ ہر متنفس اپنے آپ کو عالم متبحر ہی نہیں خیال کرتا بلکہ اکابر علمائے کرام کو محض عناد و تعصب کی بنا پر الفاظ ناشائستہ سے یاد کرتا ہے۔ اپنے ۔۔ جزئی علم پر اس قدر غرہ ہے کہ عجب و کبر نے بدمست ہو کر سلف صالحین کے مصرح اقوال کو پس پشت ڈال دیتا ہے۔ مسائل فرعیہ تو درکنار عقائد کو بھی تختہ مشق بنا رکھا ہے۔ کسی بڑی سے بڑی بات کو بھی قابل گفت و شنید ہی نہیں خیال کرتے۔ اگرچہ بمقتضائے من یھد الله فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ایسے جہلا و متعصبین کے مقابلہ میں خامہ فرسائی کرنا بالکل فضول امر معلوم ہوتا ہے۔ مگر چونکہ بہت سے سادہ لوح منصف مزاج بھی ایسے ایسوں کے شور و شغب سے متذبذب و متزلزل ہو جاتے ہیں بیں حضرت مولانا محمود حسن صاحب افسر مدرس مدرسہ دیوبند نے ایک عجالہ نافعہ مسمے بہ جہد المقل فی تنزیہ المعز والمذل اردو زبان میں ایسی خوبی و بسط کے ساتھ تالیف فرمایا ہے کہ فی الحقیقت علم کی بواسطے نعمت غیر مترقبہ ہے اور اس کو حرز جان بنانا بمنزلہ واجب و فرض کے ہے۔ قیمت حصہ اول ۸/ حصہ دوم ۸/

# احسن القریٰ

رسالہ اوثق العریٰ مصنفہ اعلیحضرت مولانا مولوی رشید احمد صاحب ؒ فیوضہم کے بعض غیر مقلدین نے بزعم خود جوابات لکھے تھے۔ ہر چند اہل تحقیق اہل علم کی نظر میں وہ جواب کسی درجہ میں جواب ہونے تو درکنار بلکہ اس کے مصداق ہیں کہ

چہ خوش گفت است سعدی در زلیخا

الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا

مگر چونکہ ہر شخص میں یہ لیاقت نہیں کہ بات کی تہ کو پہنچے۔ اور مغز سخن تک رسائی ہو۔ اس لئے جناب مولانا محمود حسن صاحب مدرس اول مدرسہ عالیہ دیوبند نے احسن القریٰ فی توضیح اوثق العریٰ ایسی شرح و بسط کے ساتھ تحریر فرمایا کہ مخالفین کو بجز تسلیم یا سکوت کوئی اور گنجائش نہیں۔ مولانا کی عالمانہ شان اور تہذیب شائستگی کے رنگ کے ساتھ ساتھ آپ کی زندہ دلی و لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی دیکھنے کے قابل ہے۔ حق یہ ہے کہ اس پیرائے میں مخالف کے ساتھ بات چیت کرنا آپ کا خاص حصہ ہے۔ قیمت معمولی کاغذ ۱۰/ ولایتی کاغذ ۱۲/

Marfat.com

# حمائل شریف مترجم کلاں

یوں تو قرآن شریف کے ترجمے اردو فارسی عرصے سے ہو رہے ہیں مگر اس وقت میں بامحاورہ ترجمے کا اکثر لوگوں کو اشتیاق ہے اور بہت سے بامحاورہ ترجمے لکھے بھی گئے چنانچہ مولوی نذیر احمد خاں صاحب دہلوی نے ایک ترجمہ لکھا ہے اور وہ بہت بامحاورہ خیال کیا گیا ہے مگر چونکہ اس میں اکابر مذہب کی تقلید اور پابندی جمہور سلف کو بالائے طاق رکھ دیا تھا اس لئے جناب مولوی عاشق الٰہی صاحب مولوی فاضل نے ایک بامحاورہ ترجمہ ایسا لکھا کہ جس میں علاوہ بامحاورہ ہونے کے امور مفصلہ ذیل کا التزام ہے:

۱۔ شان نزول یعنی ہر آیت اور سورت کے ساتھ اسکے نزول کا مختصر واقعہ تحریر ہے:۔
۲۔ فضائل یعنی خاص سورتوں کے اجر و ثواب جو احادیث سے ثابت ہیں
۳۔ فوائد یعنی جیدہ مطالب اور منتخب توضیحات معتبر تفاسیر سے۔
۴۔ خواص یعنی صحت جسمانی و روحانی کے متعلق مجرب اعمال
۵۔ ترتیب سورۃ باعتبار نزول یعنی جس ترتیب سے نزول سورتوں کا ہوا ہے وہ سب درج ہیں۔
۶۔ جن سورتوں کے کئی کئی نام ہیں وہ سب خوبی کے ساتھ شروع میں لکھ دیے ہیں:۔
۷۔ تعداد آیات وغیرہ کی ہر سورت کے ابتدا میں درج ہے:۔
۸۔ فہرست مضامین اول میں لکھدی ہے جس سے ہر مطلب و فائدہ کو باسانی حمائل میں دیکھ سکتے ہیں:۔
۹۔ شجرہ خاندان حضرت مولٰنا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ:۔

**ھدیہ:** سفید چکنا شدہ واضح خوشخط مجلد سے بلا جلد عہ محلد طلائی ۱۲ :۔

---

**حمائل شریف انصاری** کی نہایت صحیح خوشخط انصاری مطبع کی چھپی ہوئی تصحیح کردہ جناب مولانا محمد قاسم صاحب کا ہو بہو نمونہ کاغذ سفید نیگوں مجلد عہ بلا جلد ۱۔ پانچ کی خریدار کو ایک جلد مفت

**حمائل شریف کارڈ کی برابر** کی یہ حمائل شریف مطبع مصطفائی کی چھپی ہوئی ہے اور نہایت خوشخط اور ہلکی ہے۔ ہدیہ مجلد پارچہ ۱۲ ار۔ مجلد چرم ۔

**کلام اللہ شریف نقل نظامی** کی نہایت صحیح خوشخط اور واضح قلم کلام اللہ شریف تقطیع ۲۲/۲۹ پر چھپا ہے:۔ ہدیہ کاغذ سفید چکنائی مجلد

**کلام اللہ شریف خورد** کی میرٹھ کا چھپا ہوا لڑکوں کے مناسب حال۔ ہدیہ:۔ مجلد چرم ۔ مجلد پارچہ

**پارہ عم و الم وغیرہ** کی مختلف مطابع کے پارہ موجود ہیں اور درست قیمت ہے:۔ پانچ پارہ کے خریدار کو ایک پارہ مفت:۔

**تفسیر پارہ تبارک نظم اردو** کی یہ تفسیر کسی بزرگ نے نظم میں لکھی ہے ۱۲۴ صفحہ کی کتاب ہے قیمت ۵ پانچ جلد کے خریدار کو ایک جلد مفت:۔

---

**المشتہر:۔ مولوی محمد یحییٰ صاحب تاجر کتب دینیہ گنگوہ و سہارنپور**

Marfat.com

# بہشتی زیور

کا

## گیارھواں حصہ

ملقب بہ

# بہشتی زیور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد الحمد و الصلوٰۃ یہ رسالہ **بہشتی گوہر** تتمہ ہے بہشتی زیور کا جو اسکے قبل دس حصوں میں
شائع ہو چکا ہے اور جسکے اخیر حصہ کے ختم پر اس تتمہ کی خبر اور ضرورت کو ظاہر کیا جا چکا

Marfat.com

ہے لیکن اور چونکہ وقت تنگ تھا اسلئے جمیع مسائل کو اصل کتب فقہیہ متداولہ سے نقل کرنیکی
نوبت نہیں آئی بلکہ رسالہ علم الفقہ کو جو لکھنؤ سے شائع ہوا ہے اور جسمیں اکثر جگہ اصل کتب
کا حوالہ بھی دیدیا گیا ہے ایک طالبعلمانہ نظر سے مطالعہ کر کے اُسمیں سے اس تتمہ کے مناسب
یعنی ضروری مسائل جو مردوں کے ساتھ مخصوص ہیں مقصوداً اور کسی عارضی مصلحت سے
مسائل مشترکہ تبعاً منتخب کر کے ایک جگہ جمع کرنا کافی سمجھا گیا ہے البتہ مواقع ضرورت
میں اصل کتابوں سے بھی مراجعت کر کے اطمینان کیا گیا اور جہاں کہیں مضامین یا حوالہ کتاب
کی غلطیاں تھیں ان سب کی اصلاح اور درستی کر دی گئی اور کہیں کہیں قدرے کمی بیشی
یا تغیر عبارت یا مختصر اضافہ بھی کیا گیا جس سے یہ مجموعہ من وجہ مستقل اور من وجہ غیر مستقل
ہو گیا اور بعض ضروری مسائل صفائی معاملات سے بھی لئے گئے کچھ بعید نہیں کہ پھر بھی بعض
مسائل ضروریہ اسمیں رہگئے ہوں اسلئے عامہ ناظرین سے درخواست ہے کہ ایسے ضروری مسائل
سے بعنوان سوال اطلاع فرماویں کہ طبع آئندہ میں اضافہ کر دیا جاوے اور خاص اہل علم سے امید
ہے کہ ایسی ضروریات کو از خود اسکے آخر میں مثل اضافات حصہ دہم اصل کتاب بطور ضمیمہ کے ملحق
فرماویں، چونکہ اسمیں مختلف ابواب کے مسائل ہیں اسلئے بہشتی زیور کے جن حصوں کا اسمیں تتمہ ہے
جیسے یا دونا مثلاً حصہ سوم کے تتمہ کی ہے انکے مناسب اسکا تجزیہ کر کے ہر جزو مضمون کے
ختم پر جلی قلم سے لکھ دیا جاویگا کہ یہاں فلاں حصہ کا تتمہ ختم ہوا اور آگے فلاں حصے کا
تتمہ شروع ہوتا ہے سو مناسب اور سہل اور مفید طریقہ یہ ہوگا کہ جب کوئی مرد یا کوئی لڑکا
کوئی حصہ بہشتی زیور کا مطالعہ میں یا درس میں ختم کر چکے تو قبل اسکے کہ اسکا آئندہ حصہ
شروع کیا جاوے اس حصہ مختومہ کا تتمہ اس رسالہ میں سے اسکے ساتھ دیکھ لیا جاوے
پھر اصل کتاب کا حصہ آئندہ دیکھا پڑھا جاوے اسی طرح اسکا ختم بھی ایسا ہی کیا جاوے
وعلی ہذا القیاس واللہ الکافی لکل خیر وھو الوافی من کل خیر

کتبہ:- اشرف علی عفی عنہ آخر ربیع الاول سنہ ۱۳۲۴ ہجری

Marfat.com

# تتمہ حصہ اوّل

# بہشتی زیور

## اصطلاحات ضروریہ

جاننا چاہئے کہ جو احکام الٰہی بندوں کے افعال اعمال کے متعلق ہیں انکی آٹھ قسمیں ہیں۔ فرض۔ واجب۔ سنت۔ مستحب۔ حرام۔ مکروہ تحریمی۔ مکروہ تنزیہی۔ مباح (۱) فرض وہ ہے جو دلیل قطعی سے ثابت ہو اور اس کا بلا عذر چھوڑنیوالا فاسق اور عذاب کا مستحق ہوتا ہے اور جو اُس کا انکار کرے وہ کافر ہے پھر اس کی دو قسمیں ہیں۔ فرض عین۔ اور فرض کفایہ۔ فرض عین وہ ہے کہ جس کا کرنا ہر ایک پر ضروری ہے اور جو کوئی اس کو بغیر کسی عذر کے چھوڑے وہ مستحق عذاب اور فاسق ہے جیسے پنجوقتی نماز اور جمعے کی نماز وغیرہ۔ فرض کفایہ وہ ہے جسکا کرنا ہر ایک پر ضروری نہیں بلکہ بعض لوگوں کے ادا کرنیسے ادا ہو جائیگا۔ اور اگر کوئی ادا نہ کرے تو سب گنہگار ہونگے جیسے جنازے کی نماز وغیرہ (۲) واجب وہ ہے جو دلیل ظنی سے ثابت ہو اُسکا بلا عذر ترک کرنیوالا فاسق اور عذاب کا مستحق ہے بشرطیکہ بغیر تاویل اور شبہ کے چھوڑے اور جو اس کا انکار کرے وہ بھی فاسق ہے کافر نہیں (۳) سنت وہ کام ہے جسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کیا ہو اسکی دو قسمیں ہیں سنت موکدہ اور سنت غیر موکدہ۔ سنت موکدہ وہ فعل ہے جسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ہمیشہ کیا ہو اور بغیر کسی عذر کے کبھی ترک نہ کیا ہو

Marfat.com

لیکن ترک کرنیوالے پر کسی قسم کا زجر اور تنبیہ نہ کی ہو۔ اس کا حکم بھی عمل کے اعتبار سے واجب کا ہے یعنی بلا عذر چھوڑنے والا اور اس کی عادت کرنیوالا فاسق اور گنہگار ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے محروم رہیگا۔ ہاں اگر کبھی چھوٹ جائے تو مضائقہ نہیں۔ مگر واجب کے چھوڑنے میں بہ نسبت اسکے چھوڑنے کے گناہ زیادہ ہے سنت غیر مؤکدہ وہ فعل جسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم نے کیا ہو اور بغیر کسی عذر کے کبھی ترک بھی کیا ہو۔ اس کا کرنیوالا ثواب کا مستحق ہے اور چھوڑنے والا عذاب کا مستحق نہیں اور اس کو سنت زائدہ اور سنت عادیہ بھی کہتے ہیں (۴) مستحب وہ فعل ہے جس کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم نے کیا ہو لیکن ہمیشہ اور اکثر نہیں بلکہ کبھی کبھی اس کا کرنیوالا ثواب کا مستحق ہے اور نہ کرنے والے پر کسی قسم کا گناہ نہیں۔ اور اس کو فقہا کی اصطلاح میں نفل اور مندوب اور تطوع بھی کہتے ہیں (۵) حرام وہ ہے جو دلیل قطعی سے ثابت ہو۔ اس کا منکر کافر ہے اور اس کا بے عذر چھوڑنیوالا فاسق اور عذاب کا مستحق ہے۔ (۶) مکروہ تحریمی وہ ہے جو دلیل ظنی سے ثابت ہو اس کا انکار کرنیوالا فاسق ہے جیسے کہ واجب کا منکر فاسق ہے اور اس کا بغیر عذر ترک کرنیوالا گنہگار اور عذاب کا مستحق ہے (۷) مکروہ تنزیہی وہ فعل ہے جس کے نہ کرنے میں ثواب اور کرنے میں عذاب نہو (۸) مباح وہ فعل ہے جس کے کرنے میں ثواب نہو اور نہ کرنے میں عذاب ہو۔

---

**التماس** اس کتاب بہشتی زیور کو کل گیارہ حصوں میں اس وقت ختم کر دیا گیا ہے یہ سب حصے عمدہ چھپے ہوئے ہمارے کتب خانہ سے طلب کیجئے۔ اگر اس کتاب میں کچھ اور اضافہ ہوگا تو انشاء اللہ تعالٰی ہم اس اضافہ کو بھی حضرت مولانا صاحب سے منگوا کر علیحدہ طبع کر دینگے اور خریداروں کو کسی قدر اضافے ہونگے وجہ سے کسی پورے حصے کے خریدنے کی ضرورت نہ ہوگی:۔

الملتمس:۔ مولوی محمد یحیٰی تاجر کتب رشیدیہ گنگوہ و سہارنپور

Marfat.com

# کتاب الطہارۃ

## پانی کے استعمال کے احکام

**مسئلہ** ایسے ناپاک پانی کا استعمال جس کے تینوں وصف نجاست کی وجہ سے بدل گئے ہوں کسی طرح درست نہیں نہ جانوروں کو پلانا درست ہے نہ مٹی وغیرہ میں ڈالکر گارا بنانا جائز ہے اور اگر تینوں وصف نہیں بدلے تو اس کا جانوروں کو پلانا اور مٹی میں ڈالکر گارا بنانا اور مکان میں چھڑکاؤ کرنا درست ہے (عالمگیری) **مسئلہ** دریا۔ ندی۔ اور وہ تالاب جو کسی کی زمین میں نہ ہو اور وہ کنواں جس کو بنانیوالے نے وقف کر دیا ہو تو اس تمام پانی سے عام لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ کسی کو اس کے استعمال سے منع کرے یا اس کے استعمال میں ایسا طریقہ اختیار کرے جس سے عام لوگوں کو نقصان ہو جیسے کوئی شخص دریا یا تالاب سے نہر کھود کر لائے اور اس سے وہ دریا یا تالاب خشک ہو جائے یا کسی گاؤں یا زمین کے غرق ہو جانیکا اندیشہ ہو تو یہ طریقہ استعمال کا درست نہیں اور ہر شخص کو اختیار ہے کہ اس ناجائز طریقہ استعمال سے منع کر دے **مسئلہ** جو تالاب یا کنواں کسی کی زمین میں ہو اس سے انسان اور دوسرے حیوانوں کو پانی پینے کا حق ہے اور مالک کو اس سے منع کرنیکا اختیار نہیں ہاں پینے کے سوا اور کسی ضرورت میں بے اجازت مالک کے استعمال کرنا درست نہیں مثلاً اس سے کھیت یا باغ کی آبپاشی کرنا **مسئلہ** دریا یا تالاب یا کنوئیں وغیرہ سے جو شخص اپنے برتن مثل گھڑے مشک وغیرہ کے پانی بھر لے تو وہ اس پانی کا مالک ہو جائیگا اس پانی سے بغیر اس

Marfat.com

شخص کی اجازت کے کسی کو استعمال کرنا درست نہیں مسئلہ جو کنواں۔ تالاب۔ کسی کی زمین میں ہو تو مالک کو اختیار ہے کہ لوگوں کو اس کنویں تالاب سے پانی نہ بھرنے دے بشرطیکہ اس کے قریب زیادہ سے زیادہ ایک میل کی دوری پر کہیں اور پانی ہو اور اگر اتنی دوری پر اور کہیں پانی نہیں تو پھر نہیں منع کرسکتا مسئلہ لوگوں کے پینے کے لئے جو پانی رکھا ہوا ہو جیسے گرمیوں میں راستوں پر پانی رکھدیتے ہیں اس سے وضو غسل درست نہیں ہاں اگر زیادہ ہو تو مضائقہ نہیں اور جو پانی وضو کے واسطے رکھا ہو اس سے پینا درست ہے مسئلہ اگر کنویں میں ایک دو مینگنی گرجاوے اور ثابت نکل آوے کنواں ناپاک نہیں ہوتا (دُرّ مختار)

## پاکی ناپاکی کے بعض مسائل

مسئلہ غلہ گاہنے کے وقت یعنی جب اس پر بیلوں کو چلاتے ہیں اگر بیل غلہ میں پیشاب کردیں تو ضرورت کی وجہ سے وہ معاف ہے یعنے غلہ اس سے ناپاک نہ ہوگا اور اگر اس وقت کے سوا دوسرے وقت میں پیشاب کریں تو ناپاک ہوجائیگا اس لئے کہ یہاں ضرورت نہیں مسئلہ کافر کھانیکی شئے جو بناتے ہیں اس کو اور اسی طرح انکے برتن اور کپڑے وغیرہ کو ناپاک نہ کہینگے تاوقتیکہ اس کا ناپاک ہونا کسی دلیل یا قرینہ سے معلوم نہ ہو مسئلہ بعض لوگ جو شیر وغیرہ کی چربی استعمال کرتے ہیں اور اسکو پاک جانتے ہیں یہ درست نہیں ہاں اگر طبیب حاذق کی یہ رائے ہو کہ اس مرض کا علاج سوا چربی کے اور کچھ نہیں تو ایسی حالت میں بعض علماء کے نزدیک درست ہے لیکن نماز کے وقت اسکو پاک کرنا ضروری ہوگا مسئلہ راستوں کی کیچڑ اور ناپاک پانی معاف ہے بشرطیکہ اس میں نجاست کا اثر نہ معلوم ہو (مراقی الفلاح صفحہ) مسئلہ نجاست اگر جلائی جائے تو اُس کا دھواں پاک ہے وہ اگر جم جائے اور اس سے کوئی چیز بنائی جائے تو وہ پاک ہے جیسے نوشادر کو کہتے ہیں کہ نجاست کے

Marfat.com

دھوتیں سے بنتا ہے (شامی ج۱ ص۲۳۷) مسئلہ نجاست کے اوپر جو گرد و غبار ہو وہ پاک ہے بشرطیکہ نجاست کی تری نے اس میں اثر کرکے اس کو تر نہ کر دیا ہو (شامی ص۲۳۷ ج۱) مسئلہ نجاستوں سے جو بخارات اٹھیں وہ پاک ہیں (شامی ص۲۳۷ ج۱) پھل وغیرہ کے کیڑے پاک ہیں (شامی ص۲۵۵) لیکن انکا کھانا درست نہیں مسئلہ کھانے کی چیزیں اگر سڑ جائیں اور بو کرنے لگیں تو ناپاک نہیں ہوتیں جیسے گوشت حلوا وغیرہ مگر نقصان کے خیال سے انکا کھانا درست نہیں (شامی ص۲۵۵ ج۱) مسئلہ مشک اور اسکا نافہ پاک ہے اور اسی طرح عنبر وغیرہ مسئلہ سوتے میں آدمی کے منہ سے جو پانی نکلتا ہے وہ پاک ہے (خزانۃ المفتیین و عالمگیری) مسئلہ گندا انڈا حلال جانور کا پاک ہے (خزانۃ المفتیین) مسئلہ سانپ کی کینچلی پاک ہے (عالمگیری) مسئلہ جس پانی سے کوئی نجس چیز دھوئی جائے وہ نجس ہے خواہ وہ پانی پہلی دفعہ کا ہو یا دوسری دفعہ کا یا تیسری دفعہ کا مسئلہ مردہ انسان جس پانی سے نہلایا جائے وہ پانی نجس ہے مسئلہ سانپ کی کھال نجس ہے یعنی وہ جو اس کے بدن سے لگی ہوتی ہے کیونکہ کینچلی پاک ہے (عالمگیری) مسئلہ مردہ انسان کے منہ کا لعاب نجس ہے مسئلہ اکہرے کپڑے میں ایک طرف مقدار معافی سے کم نجاست لگے اور دوسری طرف سرایت کر جائے اور ہر طرف مقدار سے کم ہو لیکن دونو کا مجموعہ اس مقدار سے بڑھ جائے تو وہ کم ہی سمجھی جائیگی اور معاف ہوگی ہاں اگر کپڑا دوہرا ہو یا دو کپڑوں کو ملا کر اس مقدار سے بڑھ جائے تو وہ زیادہ سمجھی جائیگی اور معاف نہ ہوگی (خزانۃ المفتیین) مسئلہ دودھ دوہتے وقت دو ایک مینگنی دودھ میں پڑ جائیں یا کھوڑا سا گوبر گر جائے تو معاف ہے بشرطیکہ گرتے ہی نکال ڈالا جائے (خزانۃ المفتیین) مسئلہ پانچ سال کا ایسا لڑکا جو وضو کو نہیں سمجھتا وہ اگر وضو کرے یا دیوانہ وضو کرے تو یہ پانی مستعمل نہیں مسئلہ پاک کپڑا برتن اور نیز دوسری پاک چیزیں جس پانی سے دھوئی جاویں اس سے وضو اور غسل درست ہے بشرطیکہ محاورے میں اسکو ماء مطلق یعنے صرف پانی

Marfat.com

کہتے ہوں اور پانی کے تین وصفوں سے دو وصف باقی ہوں گو ایک وصف بدل گیا ہو اور اگر دو وصف بدل جائیں تو پھر درست نہیں **مسئلہ** مستعمل پانی کا پینا اور کھانے کی چیزوں میں استعمال کرنا مکروہ ہے اور وضو غسل اس سے درست نہیں (شامی صہ ۱۴۷) **مسئلہ** زمزم کے پانی سے بے وضو کو وضو کرنا نہ چاہئے اور اسی طرح وہ شخص جسکو نہانے کی حاجت ہو اس سے غسل نہ کرے اور اس سے ناپاک چیزوں کا دھونا اور استنجا کرنا مکروہ ہے (مراقی الفلاح صہ ۱۲) **مسئلہ** عورت کے وضو اور غسل کے بچے ہوئے پانی سے مرد کو وضو اور غسل مکروہ ہے (شامی) **مسئلہ** جن مقاموں پر خدائے تعالیٰ کا عذاب کسی قوم پر آیا ہو جیسے ثمود اور عاد کی قوم اس مقام کے پانی سے وضو اور غسل مکروہ ہے **مسئلہ** تنور اگر ناپاک ہو جائے تو اس میں آگ جلانے سے پاک ہو جائیگا بشرطیکہ بعد گرم ہونیکے نجاست کا اثر نہ رہے (شامی صہ ۲۳۱ ج ۱) **مسئلہ** ناپاک زمین پر مٹی وغیرہ ڈالکر نجاست چھپا دیجائے اس طرح کہ نجاست کی بو نہ آئے تو وہ پاک ہے (خزانۃ المفتیین) **مسئلہ** ناپاک تیل یا چربی کا صابون بنالیا جائے تو پاک ہو جائیگا **مسئلہ** فصد کے مقام یا اور کسی عضو کو جو خون پیپ کے نکلنے سے نجس ہو گیا ہو اور دھونا نقصان کرتا ہو تو صرف تر کپڑے سے پونچھ دینا کافی ہے (شامی صہ ۲۲۶ ج ۱) **مسئلہ** ناپاک رنگ اگر جسم میں یا کپڑے میں لگ جائے یا بال اس ناپاک رنگ سے رنگین ہو جائیں تو صرف اسقدر دھونا کہ پانی صاف نکلنے لگے کافی ہے اگرچہ رنگ دور نہو (شامی صہ ۲۴۰ ج ۱) **مسئلہ** اگر ٹوٹے ہوئے دانت کو جو ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہے اس کی جگہ پر رکھکر جما دیا جائے خواہ پاک چیز سے یا ناپاک چیز سے اور اسی طرح اگر کوئی ہڈی ٹوٹ جائے اور اس کے بدلے کوئی ناپاک ہڈی رکھدیجائے یا کسی زخم میں کوئی ناپاک چیز بھر دی جائے اور وہ اچھا ہو جائے تو اس کو نکالنا نہ چاہئے بلکہ وہ خود بخود پاک ہو جائیگا (شامی صہ ۲۴۱ ج ۱) **مسئلہ** ایسی پاک چیز کہ جو چکنی ہو جیسے تیل گھی۔ مردار کی چربی۔ اگر کسی چیز میں لگ جائے۔ اور

Marfat.com

اس قدر دھوئی جائے کہ پانی صاف نکلنے لگے تو پاک ہو جائیگی اگرچہ اس ناپاک چیز کی چکناہٹ باقی ہو (شامی ص۱۱۲ ج۱) **مسئلہ** ناپاک چیز پانی میں گرے اور اس کے گرنے سے چھینٹیں اڑ کر کسی پر جا پڑیں تو وہ پاک ہیں بشرطیکہ اس نجاست کا کچھ اثر ان چھینٹوں میں نہو۔ (مراقی الفلاح ص۸۹) **مسئلہ** دوہرا کپڑا یا روئی کا کپڑا اگر ایک جانب نجس ہو جائے اور ایک جانب پاک ہو تو کل ناپاک سمجھا جائیگا۔ نماز اس پر درست نہیں (خزانۃ المفتیین) **مسئلہ** مرغی یا اور کوئی پرند پیٹ چاک کرنے اور اسکی آلایش نکالنے سے پہلے پانی میں جوش دیجائے جیسا کہ آجکل انگریزوں اور انکے ہم مشرب ہندوستانیوں کا دستور ہے تو وہ کسی طرح پاک نہیں ہوسکتی **مسئلہ** چاند یا سورج کیطرف پائخانہ پیشاب کیوقت منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ ہے (شامی) نہر اور تالاب وغیرہ کے کنارے پائخانہ پیشاب کرنا مکروہ ہے اگرچہ نجاست اسمیں نگرے اور اسی طرح ایسے درخت کے نیچے جس کے سایہ میں لوگ بیٹھتے ہوں اور اسی طرح پھل پھول والے درخت کے نیچے۔ جاڑوں میں جس جگہ دھوپ لینے کو لوگ بیٹھتے ہوں۔ جانوروں کے درمیان میں مسجد۔ اور عیدگاہ کے اس قدر قریب جسکی بدبو سے نمازیوں کو تکلیف ہو۔ قبرستان میں یا ایسی جگہ جہاں لوگ وضو یا غسل کرتے ہوں راستے میں ہوا کے رخ پر سوراخ میں۔ راستے کے قریب اور قافلہ یا کسی مجمع کے قریب مکروہ تحریمی ہے حاصل یہ ہے کہ ایسی جگہ جہاں لوگ اٹھتے بیٹھتے ہوں اور ان کو تکلیف ہو اور ایسی جگہ جہاں سے نجاست بہکر اپنی طرف آئے مکروہ ہے (شامی خزانۃ المفتیین)

## پیشاب پائخانہ کے وقت جن امور سے بچنا چاہیئے

بات کرنا۔ بلا ضرورت کھانسنا کسی آیت یا حدیث یا اور متبرک چیز کا پڑھنا۔ ایسی چیز جسپر خدا یا نبی یا کسی فرشتہ یا کسی معظم کا نام ہو یا کوئی آیت یا حدیث یا دعا لکھی ہوئی ہو اپنے ساتھ

Marfat.com

رکھنا۔ بلا ضرورت لیٹ کر یا کھڑے ہو کر پاخانہ پیشاب کرنا۔ تمام کپڑے اتار کر برہنہ پاخانہ پیشاب کرنا داہنے ہاتھ سے استنجا کرنا (خزانۃ المفتیین وشامی ومراقی الفلاح)

## جن چیزوں سے استنجا درست نہیں

ہڈی کھانیکی چیزیں لید اور کل ناپاک چیزیں وہ ڈھیلہ یا پتھر جس سے ایک مرتبہ استنجا ہو چکا ہو پختہ اینٹ ٹھیکری شیشہ لوہا چاندی سونا پیتل وغیرہ کوئلہ چونہ (مراقی الفلاح) اور ایسی چیزوں سے استنجا کرنا جو نجاست کو صاف نکرے جیسے سرکہ وغیرہ (طحطاوی وخزانۃ المفتیین) وہ چیزیں جنکو جانور وغیرہ کھاتے ہوں جیسے بھس اور گھاس وغیرہ اور ایسی چیزیں جو قیمت دار ہوں خواہ تھوڑی قیمت ہو یا بہت جیسے کپڑا عرق وغیرہ آدمی کے اجزا جیسے بال ہڈی گوشت وغیرہ مسجد کی چٹائی یا کوڑا یا جھاڑو وغیرہ درخت کے پتے کاغذ خواہ لکھا ہوا ہو یا سادہ زمزم کا پانی دوسرے کے مال سے بلا اسکی رضامندی کے خواہ وہ پانی ہو یا کپڑا یا اور کوئی چیز روئی اور تمام ایسی چیزیں جن سے انسان یا اُن کے جانور نفع اٹھائیں ان تمام چیزوں سے استنجا کرنا مکروہ ہے (شامی وطحطاوی)

## جن چیزوں سے استنجا بلا کراہت درست ہے

پانی مٹی کا ڈھیلا پتھر کپڑا اور کل وہ چیزیں جو پاک ہوں اور نجاست کو دور کر دیں بشرطیکہ مال اور محترم نہوں (دُرّ مختار ومراقی الفلاح وخزانۃ المفتیین)

## وضو کا بیان

مسئلہ ڈاڑھی کا خلال کرے اور تینوں بار منہ دھونے کے ساتھ خلال کرے تین بار سے زیادہ خلال نہ کرے مسئلہ جو سطح رخسارہ اور کان کے درمیان

Marfat.com

...ں کا دھونا فرض ہے خواہ ڈاڑھی نکلی ہو یا نہیں مسئلہ ٹھوڑی کا دھونا فرض ہے
...شرطیکہ ڈاڑھی کے بال اُسپر نہ ہوں یا ہوں تو اسقدر کم ہوں کہ جلد نظر آئے مسئلہ
...ونٹ کا جو حصہ کہ ہونٹ بند ہونے کے بعد دکھلائی دیتا ہے اس کا دھونا فرض ہے
مسئلہ ڈاڑھی یا مونچھ یا بھوں اگر اسقدر گھنی ہوں کہ جلد نظر نہ آئے تو اس جلد کا
...ھونا جو اس سے چھپی ہوئی ہے فرض نہیں مسئلہ بھویں یا ڈاڑھی یا مونچھ اگر اس قدر
...نی ہوں کہ اس کے نیچے کی جلد چھپ جائے اور نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں اس قدر
...وں کا دہونا واجب ہے جو حد چہرہ کے اندر ہیں باقی بال جو حد مذکور سے آگے بڑھ گئے
...ں اُنکا دہونا واجب نہیں مسئلہ اگر کسی شخص کے مشترک حصہ کا کوئی جز باہر نکل آئے
...سکو ہمارے عرف میں کانچ نکلنا کہتے ہیں تو اس سے وضو جاتا رہیگا خواہ وہ اندر خود
...ود چلا جائے یا کسی لکڑی کپڑے ہاتھ وغیرہ کے ذریعے سے اندر پہنچایا جائے
مسئلہ منی اگر بغیر شہوت خارج ہو تو وضو ٹوٹ جائیگا مثلاً کسی نے کوئی بوجھ اٹھالیا
...سی اونچے مقام سے گر پڑا اور اس صدمے سے منی بغیر شہوت خارج ہوگئی۔
مسئلہ اگر کسی کے حواس میں خلل ہو جائے لیکن یہ خلل جنون اور مدہوشی کی حد
...نہ پہنچا ہو تو وضو نہ جائیگا مسئلہ نماز میں اگر کوئی شخص سو جائے اور سونیکی حالت
...ں قہقہہ لگائے تو وضو نجائیگا مسئلہ جنازے کی نماز اور تلاوت کے سجدے میں
...قہقہہ لگانے سے وضو نہیں جاتا بالغ ہو یا نابالغ۔

## موزوں پر مسح کرنے کا بیان

مسئلہ بوٹ پر مسح جائز ہے بشرطیکہ پورے پیر کو مع ٹخنوں کے چھپائے اور
...س کا چاک تسموں سے اس طرح بندھا ہو کہ پیر کی اسقدر جلد نظر نہ آئے جو مسح کو مانع
ہو مسئلہ کسی نے تیمم کی حالت میں موزے پہنے ہوں تو جب وضو کرے تو ان موزوں پر

Marfat.com

مسح نہیں کرسکتا اس لئے کہ تیمم طہارت کاملہ نہیں خواہ وہ تیمم صرف غسل کا ہو یا وضو و غسل دونوں کا **مسئلہ** غسل کرنیوالے کو مسح جائز نہیں خواہ غسل فرض ہو یا سنت مثلاً پیروں کو کسی اونچے مقام پر رکھکر خواہ بیٹھ جائے اور سوا پیروں کے باقی جسم کو دھوئے اس کے بعد پیروں پر مسح کرے تو یہ درست نہیں (دُرّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** معذور کا وضو جیسے نماز کا وقت جانے سے ٹوٹ جاتا ہے ویسے ہی اسکا مسح بھی باطل ہو جاتا ہے مگر اس کو موزے اتار کر پیروں کا دھونا واجب ہے ہاں اگر اسکا مرض وضو کرنے اور موزے پہننے کی حالت میں نہ پایا جائے تو بھی وہ مثل اور صحیح آدمیوں کے سمجھا جائیگا۔ **مسئلہ** پیر کا اکثر حصہ کسی طرح دھل گیا اس صورت میں موزوں کو اتار کر پیروں کو دھونا چاہئے :۔

## حدث اصغر یعنی بے وضو ہونے کی حالت کے احکام

**مسئلہ** کاغذ وغیرہ کے سوا کسی اور چیز پر قرآن مجید یا اس کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہو تو اُس کے صرف اسی موقع کا چھونا مکروہ ہے جس میں لکھا ہوا ہے سادے مقام کا چھونا مکروہ نہیں **مسئلہ** اگر کاغذ یا کسی اور چیز پر (جیسے کپڑا جھلی وغیرہ) قرآن مجید کی ایک آیت بھی لکھی ہو تو اس پورے کاغذ کا چھونا مکروہ تحریمی ہے خواہ اس موقع کو چھوئے جس میں وہ آیت لکھی ہے یا اُس موقع کو جو سادہ ہے **مسئلہ** کاغذ وغیرہ کے سوا کسی اور چیز پر مثل پتھر وغیرہ کے قرآن مجید کا لکھنا وغیرہ مکروہ نہیں بشرطیکہ لکھنے ہوئے کو ہاتھ نہ لگے گو خالی مقام کو چھوئے **مسئلہ** ایک چھوٹی آیت سے کم لکھنا مکروہ نہیں خواہ کسی چیز پر لکھے **مسئلہ** نابالغ بچوں کو حدث اصغر کی حالت میں بھی قرآن مجید کا دینا اور چھونے دینا مکروہ نہیں **مسئلہ** قرآن مجید کے سوا اور آسمانی کتابوں میں مثل توریت انجیل زبور وغیرہ کے صرف اسی مقام کا چھونا مکروہ ہے جہاں لکھا ہو سادے

Marfat.com

مقام کا چھونا مکروہ نہیں اور یہی حکم قرآن مجید کی منسوخ التلاوۃ آیتوں کا ہے **مسئلہ** وضو کے بعد اگر کسی عضو کی نسبت نہ دھونے کا شبہہ ہو لیکن وہ عضو متعین نہو تو ایسی صورت میں شک دفع کرنے کیلئے بائیں پیر کو دھوئے اسی طرح اگر وضو کے درمیان میں کسی عضو کی نسبت یہ شبہہ ہو تو ایسی حالت میں اخیر عضو کو دھوئے مثلاً کہنیوں تک ہاتھ دھونیکے بعد یہ شبہہ ہو تو منہ دھو ڈالے اور اگر پیر دھوتے وقت یہ شبہہ ہو تو ہاتھ دھو ڈالے یہ اُسوقت ہے کہ اگر کبھی کبھی شبہہ ہوتا ہو اور اگر کسی کو اکثر اس قسم کا شبہہ ہوتا ہو تو اس شبہے کی طرف خیال نکرے اور اپنے وضو کو کامل سمجھے **مسئلہ** مسجد میں وضو کرنا درست نہیں ہاں اگر اس طرح وضو کرے کہ وضو کا پانی مسجد میں نگرنے پائے تو خیر۔ اس میں اکثر جگہ بے احتیاطی ہوتی ہے کہ وضو ایسے موقع پر کیا جاتا ہے کہ پانی وضو کا فرش مسجد پر بھی گرتا ہے **مسئلہ** جس شخص کو ایسا مرض ہے جس میں وضو کی توڑنیوالی چیزیں برابر جاری رہتی ہوں اسکو مستحب ہے کہ نماز کے اخیر وقت مستحب تک انتظار کرکے وضو کرے اس خیال سے کہ شاید اخیر وقت تک اُسکا وہ مرض دفع ہوجائے

## غسل کا بیان

**مسئلہ** حدث اکبر سے پاک ہونے کے لئے غسل فرض ہے اور حدث اکبر کے پیدا ہونیکے چار سبب ہیں۔ پہلا سبب خروج منی یعنی منی کا اپنی جگہ سے بشہوت جدا ہوکر جسم سے باہر نکلنا خواہ سوتے میں ہو یا جاگتے میں بیہوشی میں یا ہوش میں جماع سے یا بغیر جماع کے کسی خیال و تصور سے یا خاص حصے کو حرکت دینے سے یا اور کسی طرح سے **مسئلہ** اگر منی اپنی جگہ سے بشہوت جدا ہوئی مگر خاص حصے سے باہر نکلتے وقت شہوت نہ تھی تب بھی غسل فرض ہو جائیگا۔ مثلاً۔ منی اپنی جگہ سے بشہوت جدا ہوئی مگر اس نے اپنے خاص حصے کے سوراخ کو ہاتھ سے بند کر لیا یا روئی

Marfat.com

وغیرہ رکھ لی تھوڑی دیر کے بعد جب شہوت جاتی رہی تو اُسنے خاص حصے کے سوراخ سے ہاتھ یا روئی ہٹالی اور منی بغیر شہوت خارج ہوگئی تب بھی غسل فرض ہوجائیگا **مسئلہ** اگر کسی کے خاص حصے سے کچھ منی نکلی اور کچھ اندر باقی رہگئی اور اُسنے غسل کرلیا بعد غسل کے وہ منی جو باقی رہگئی تھی بغیر شہوت کے نکلی تو اس صورت میں پہلا غسل باطل ہوجائیگا دوبارہ پھر غسل فرض ہے بشرطیکہ یہ باقی منی قبل سونے کے اور قبل پیشاب کرنیکے اور قبل چالیس قدم یا اس سے زیادہ چلنے کے نکلے۔ **مسئلہ** کسی کے خاص حصے سے بعد پیشاب کے منی نکلے تو اسپر بھی غسل فرض ہوگا بشرطیکہ شہوت کے ساتھ ہو **مسئلہ** اگر کسی مرد یا عورت کو اپنے جسم یا کپڑے پر سو اٹھنے کے بعد تری معلوم ہو تو اس میں بہت سی صورتیں ہیں منجملہ اُن کے سات صورتوں میں غسل فرض ہے (۱) یقین ہوجائے کہ یہ منی ہے اور احتلام یاد ہو (۲) یقین ہوجائے کہ یہ منی ہے اور احتلام یاد نہو (۳) یقین ہوجائے کہ یہ مذی ہے اور احتلام یاد ہو (۴) شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی ہے اور احتلام یاد ہو (۵) شک ہو کہ یہ منی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد ہو (۶) شک ہو کہ یہ مذی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد ہو (۷) شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد ہو **مسئلہ** اگر کسی شخص کا ختنہ نہوا ہو اور اُسکی منی خاص حصے کے سوراخ سے باہر نکلکر اس کھال کے اندر رہجائے جو ختنے میں کاٹ ڈالی جاتی ہے تو اُسپر غسل فرض ہوجائیگا اگرچہ وہ منی اس کھال سے باہر نہ نکلی ہو (بحر وغیرہ) **دوسرا سبب ایلاج** یعنی کسی با شہوت مرد کے خاص حصے کے سر کا کسی زندہ عورت کے خاص حصے میں یا کسی دوسرے زندہ آدمی کے مشترک حصے میں داخل ہونا خواہ وہ مرد ہو یا عورت یا مخنث اور خواہ منی گرے یا نہ گرے اس صورت میں اگر دونوں میں غسل کے صحیح ہونے کی شرطیں پائی جاتی ہیں تو دونوں پر ورنہ جس میں پائی جاتی ہیں اُسپر غسل فرض ہوجائیگا

Marfat.com

دُرِ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر عورت کم سن ہو مگر ایسی کم سن نہ ہو کہ اُس کے ساتھ جماع کرنے سے اُس کے خاص حصے اور مشترک حصے کے مل جانے کا خوف ہو تو اُس کے خاص حصے میں مرد کے خاص حصے کا سر داخل ہونے سے مرد پر غسل فرض ہو جائیگا اگر اُس میں غسل کے صحیح ہونیکی شرطیں پائی جاتی ہیں **مسئلہ** جس مرد کے خصیے کٹ گئے ہوں اُس کے خاص حصے کا سر اگر کسی کے مشترک حصے یا عورت کے خاص حصے میں داخل ہو تب بھی غسل فرض ہو جائیگا دونو پر ورنہ جس میں غسل کے صحیح ہونیکی شرطیں پائی جاتی ہوں اُسی پر (قاضیخاں) **مسئلہ** اگر کسی مرد کے خاص حصے کا سر کٹ گیا ہو تو اُس کے باقی جسم سے اُس مقدار کا اعتبار کیا جائیگا (بحر الرائق و دُرِ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی مرد اپنے خاص حصے کو کپڑے وغیرہ سے لپیٹ کر داخل کرے تو اگر جسم کی حرارت محسوس ہو تو غسل فرض ہو جائیگا (بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی عورت شہوت کے غلبے میں اپنے خاص حصے میں کسی بے شہوت مرد یا جانور کے خاص حصے کو یا کسی لکڑی وغیرہ کو یا اپنی انگلی کو داخل کرے تب بھی اُس پر غسل فرض ہو جائیگا منی گرے یا نہ گرے (شامی حاشیہ دُرِ مختار و حاشیہ بحر الرائق) **تیسرا سبب** حیض سے پاک ہونا **چوتھا سبب** نفاس سے پاک ہونا ان کے مسائل پہلے حصوں میں گذر چکے۔

## جن صورتوں میں غسل فرض نہیں

**مسئلہ** منی اگر اپنی جگہ سے بشہوت نہ جدا ہو تو اگرچہ خاص حصے سے باہر نکل آئے غسل فرض نہ ہوگا مثلاً کسی شخص نے کوئی بوجھ اٹھایا یا اونچے سے گر پڑا یا کسی نے اسکو مارا اور اُس صدمے سے اُسکی منی بغیر شہوت کے نکل آئی۔ تو غسل فرض نہ ہوگا **مسئلہ** اگر کوئی مرد کسی کم سن عورت کے ساتھ جماع کرے تو غسل فرض نہ ہوگا بشرطیکہ منی نہ گرے اور وہ عورت اس قدر کم سن ہو کہ اسکے ساتھ جماع کرنے میں خاص حصہ اور مشترک حصے کے۔

Marfat.com

ملجانیکا خوف ہو **مسئلہ** اگر کوئی مرد اپنے خاص حصے میں کپڑا لپیٹ کر جماع کرے تو غسل فرض نہو گا بشرطیکہ کپڑا اس قدر موٹا ہو کہ جسم کی حرارت اس کی وجہ سے نہ محسوس ہو۔ **مسئلہ** اگر کوئی مرد اپنے خاص حصے کا جز مقدار سر سے کم داخل کرے تب بھی غسل فرض نہو گا **مسئلہ** مذی اور ودی کے نکلنے سے غسل فرض نہیں ہوتا۔ **مسئلہ** اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہوا اور خون بالکل نہ نکلے تو اسپر غسل فرض نہو گا۔ **مسئلہ** استحاضہ سے غسل فرض نہیں ہوتا **مسئلہ** اگر کسی شخص کو منی جاری رہنے کا مرض ہو تو اُسکے اوپر منی نکلنے سے غسل فرض نہو گا **مسئلہ** سو اٹھنے کے بعد کپڑوں پر تری دیکھے ان صورتوں میں غسل فرض نہیں ہوتا (۱) یقین ہو جائے کہ مذی ہے اور احتلام یاد نہو (۲) شک ہو کہ یہ منی یا مذی ہے اور احتلام یاد نہو (۳) شک ہو کہ یہ منی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد نہو (۴) شک ہو کہ یہ مذی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد نہو (۵ و ۶) یقین ہو جائے کہ یہ ودی ہے احتلام یاد ہو یا نہو (۷) شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد نہو۔ ہاں دوسری تیسری ساتویں صورت میں احتیاطاً غسل کر لینا ضروری ہے **مسئلہ** حقنہ (عمل) کے مشترک حصے میں داخل ہونے سے غسل فرض نہیں ہوتا **مسئلہ** اگر کوئی مرد اپنا خاص حصہ کسی عورت یا مرد کی ناف میں داخل کرے تو اسپر غسل فرض نہو گا **مسئلہ** اگر کوئی شخص خواب میں اپنی منی گرتے ہوئے دیکھے اور منی گرنے کی لذت بھی اسکو محسوس ہو مگر کپڑوں پر تری یا کوئی اور اثر نہ معلوم ہو تو غسل فرض نہو گا۔

## جن صورتوں میں غسل واجب ہے

(۱) اگر کوئی کافر اسلام لائے اور حالت کفر میں اس کو حدث اکبر ہوا ہو اور وہ نہ نہایا ہو یا نہایا نہ ہو مگر شرعاً وہ غسل صحیح نہ ہوا ہو تو اسپر بعد اسلام لانیکے نہانا واجب ہے

Marfat.com

(۲) اگر کوئی شخص پندرہ برس کی عمر سے پہلے بالغ ہو جائے تو اسکو نہانا واجب ہے
(۳) مسلمان مُردے کی لاش کو نہلانا مسلمانوں پر واجب کفایہ ہے۔

## جن صورتوں میں غسل سنت ہے

(۱) جمعے کے دن نماز فجر کے بعد سے جمعے تک اُن لوگوں کو غسل کرنا سنت ہے جن پر نماز جمعہ واجب ہو (۲) عیدین کے دن بعد فجر اُن لوگوں کو غسل کرنا سنت ہے جنپر عیدین کی نماز واجب ہے (۳) حج یا عمرے کے احرام کے لئے غسل کرنا سنت ہے (۴) حج کرنیوالے کو عرفے کے دن بعد زوال کے غسل کرنا سنت ہے۔

## جن صورتوں میں غسل مستحب ہے

(۱) اسلام لانے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے اگرچہ حدث اکبر سے پاک ہو (۲) کوئی مرد یا عورت جب پندرہ برس کی عمر کو پہنچے اور اسوقت تک کوئی علامت جوانی کی اس میں نہ پائی جاوے تو اسکو غسل کرنا مستحب ہے (۳) پچھنے لگوانے کے بعد اور جنوں اور مستی اور بیہوشی دفع ہو جانے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے۔ (۴) مُردے کو نہلانے کے بعد نہلانے والوں کو غسل کرنا مستحب ہے (۵) شب برات یعنی شعبان کی پندرھویں رات کو غسل کرنا مستحب ہے (۶) لیلۃ القدر کی راتوں میں اس شخص کو غسل کرنا مستحب ہے جسکو لیلۃ القدر معلوم ہوئی ہو (۷) مدینہ منورہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے (۸) مزدلفہ میں ٹھیرنے کیلئے دسویں تاریخ کی صبح کو بعد نماز فجر کے غسل مستحب ہے (۹) طواف زیارت کے لئے غسل مستحب ہے (۱۰) کنکری پھینکنے کے وقت غسل مستحب ہے (۱۱) کسوف اور خسوف اور استسقا کی نماز کے لئے غسل مستحب ہے (۱۲) خوف اور مصیبت کی نماز کے لئے غسل مستحب ہے

Marfat.com

(۱۳۱) کسی گناہ سے توبہ کرنے کے لئے غسل مستحب ہے (۱۴۰) سفر سے واپس آنیوالے کو غسل مستحب ہے جب وہ اپنے وطن پہنچ جائے۔

| نمبر شمار | حدث اکبر کے احکام | |
|---|---|---|

مسئلہ مسجد میں داخل ہونا حرام ہے ہاں اگر کوئی سخت ضرورت ہو تو جائز ہے مثلاً کسی شخص کے گھر کا دروازہ مسجد میں ہو اور دوسرا کوئی راستہ اسکے نکلنے کا سوا اسکے نہو تو اس کو مسجد میں تیمم کرکے جانا جائز ہے یا کسی مسجد میں پانی کا چشمہ یا کنواں یا حوض ہو اور اسکے سوا کہیں پانی نہ ہو تو اس مسجد میں تیمم کر کے جانا جائز ہے مسئلہ عیدگاہ میں اور مدرسے اور خانقاہ وغیرہ میں جانا جائز ہے مسئلہ حیض ونفاس کی حالت میں عورت کے ناف اور زانو کے درمیان کے جسم کو دیکھنا یا اس سے اپنے جسم کو ملانا جب کوئی کپڑا درمیان میں نہو مکروہ تحریمی ہے اور جماع کرنا حرام ہے مسئلہ حیض ونفاس کی حالت میں عورت کا بوسہ لینا اور اس کا جھوٹا پانی وغیرہ پینا اور اس سے لپٹ کر سونا اور اسکے ناف اور ناف کے اوپر اور زانو اور زانو کے نیچے کے جسم سے اپنے جسم کو ملانا اگرچہ کپڑا درمیان میں نہو اور ناف اور زانو کے درمیان میں کپڑے کے ساتھ ملانا جائز ہے بلکہ حیض کی وجہ سے عورت سے علیحدہ سونا یا اُسکے اختلاط سے بچنا مکروہ ہے مسئلہ اگر کوئی مرد سو اٹھنے کے بعد کپڑوں پر تری دیکھے اور قبل سونے کے اُسکے خاص حصے کو استادگی ہو تو اسپر غسل فرض نہوگا اور وہ تری مذی سمجھی جائیگی بشرطیکہ احتلام یاد نہو اور اس تری کے منی ہونیکا خیال نہ ہو (دُرّمختار ردّ محتار) مسئلہ اگر دو مرد یا دو عورتیں یا ایک مرد اور ایک عورت ایک ہی بستر پر لیٹیں اور سو اٹھنے کے بعد اس بستر پر منی کا نشان پایا جائے اور کسی طریقے سے یہ نہ معلوم ہو کہ یہ کس کی منی ہے اور نہ

ن سے پہلے کوئی اور سویا ہو تو اس صورت میں دونو پر غسل فرض ہوگا اور اگر اُن سے پہلے کوئی اور شخص اُس بستر پر سو چکا ہے اور منی خشک ہے تو اِن دونو صورتوں میں کسی پر غسل فرض نہ ہوگا (دُرِّ مختار و بحر الرائق وغیرہ) مسئلہ کسی پر غسل فرض ہوا اور پردے کی جگہ نہیں تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ مرد کو مردوں کے سامنے برہنہ ہو کر نہانا واجب ہے اسی طرح عورت کو عورتوں کے سامنے بھی نہانا واجب ہے اور مرد کو عورتوں کے سامنے اور عورتوں کو مردوں کے سامنے نہانا حرام ہے بلکہ تیمم کرے۔

## تیمم کا بیان

مسئلہ کنویں سے پانی نکالنے کی کوئی چیز نہو اور نہ کوئی کپڑا ہو جسکو کنویں میں ڈالکر تر کرلے اور اس سے نچوڑ کر طہارت کرے یا پانی مشکے وغیرہ میں ہو اور کوئی چیز پانی نکالنے کی نہو اور مٹکا جھکا کر بھی پانی نہ لے سکتا ہو اور ہاتھ نجس ہوں اور کوئی دوسرا شخص ایسا نہو جو پانی نکال دے یا اُسکے ہاتھ دُھلا دے ایسی حالت میں تیمم درست ہے مسئلہ اگر وہ عذر جسکی وجہ سے تیمم کیا گیا ہے آدمیوں کی طرف سے ہو تو جب وہ عذر جاتا رہے تو جسقدر نمازیں اس تیمم سے پڑھی ہیں سب دوبارہ پڑھنا چاہیے مثلاً کوئی شخص جیل میں ہو اور جیل کے ملازم اُسکو پانی نہ دیں یا کوئی شخص اس سے کہے کہ اگر تو وضو کریگا تو میں تجھکو مار ڈالونگا۔ اس تیمم سے جو نماز پڑھی ہے اسکو پھر دوہرانا پڑیگا مسئلہ ایک مقام سے اور ایک ڈھیلے سے چند آدمی یکے بعد دیگرے تیمم کریں تو درست ہے مسئلہ جو شخص پانی اور مٹی دونو کے استعمال پر قادر نہو خواہ پانی اور مٹی نہ ہونے کی وجہ سے یا بیماری سے تو اس کو چاہیے کہ نماز بلا طہارت پڑھ لے پھر اسکو طہارت سے لوٹا لے۔ مثال کوئی شخص ریل میں ہو اور اتفاق سے نماز کا وقت آجائے اور پانی اور وہ چیز جس سے تیمم درست ہے جیسے مٹی اور مٹی کے برتن یا گرد و غبار

Marfat.com

ہنو اور نماز کا وقت جاتا ہو تو ایسی حالت میں بلا طہارت نماز پڑھ لے اسی طرح جیل میں
جو شخص ہو اور وہ پاک پانی اور مٹی پر قادر نہو تو بے وضو اور تیمم کے نماز پڑھ لے
دونو صورتوں میں نماز کا اعادہ کرنا پڑیگا **مسئلہ** جس شخص کو اخیر وقت تک پانی ملنے
کا یقین یا گمان غالب ہو اس کو نماز کے اخیر وقت تک پانی کا انتظار کرنا مستحب ہے
مثلاً کوئیں سے پانی نکالنے کی کوئی چیز نہ ہو اور یقین یا گمان غالب ہو کہ اخیر وقت تک
رسی ڈول ملجائیگا یا کوئی شخص ریل پر سوار ہو اور یقیناً معلوم ہو کہ اخیر وقت تک ریل
ایسے اسٹیشن پر پہنچ جائیگی جہاں پانی مل سکتا ہے۔ تو آخر وقت مستحب تک انتظار مستحب
ہے **مسئلہ** اگر کوئی شخص ریل پر سوار ہو اور اس لئے پانی نہ ملنے سے تیمم کیا ہو
اور اثنائے راہ میں چلتی ہوئی ریل سے اُسے پانی کے چشمے تالاب وغیرہ دکھلائی دیں
تو اس کا تیمم نہ جائیگا اس لئے کہ اس صورت میں وہ پانی کے استعمال پر قادر نہیں
ریل نہیں ٹھیر سکتی اور چلتی ہوئی ریل سے اُتر نہیں سکتا۔
تتمہ حصہ اول بہشتی زیور کا تمام ہوا آگے تتمہ حصہ دوم کا شروع ہوتا ہے

# تتمہ حصہ دوم بہشتی زیور

## نماز کے وقتوں کا بیان

**مُدرِک** وہ شخص جس کو شروع سے اخیر تک کسی کے پیچھے جماعت سے نماز ملے
اور اسکو مقتدی اور موتم بھی کہتے ہیں **مسبوق** وہ شخص جو ایک رکعت یا اس سے
زیادہ ہو جانے کے بعد جماعت میں آکر شریک ہوا ہو **لاحق** - وہ شخص جو کسی امام

Marfat.com

کے پیچھے نماز میں شریک ہوا ہو اور بعد شریک ہونے کے اس کی سب رکعتیں یا کچھ رکعتیں جاتی رہیں خواہ اس وجہ سے کہ وہ سو گیا ہو یا اُس کو کوئی حدث ہو جائے اصغر یا اکبر (مراقی الفلاح۔ درِّ مختار) **مسئلہ** مردوں کیلئے مستحب ہے کہ فجر کی نماز ایسے وقت شروع کریں کہ روشنی خوب پھیل جائے اور اس قدر وقت باقی ہو کہ اگر نماز پڑھی جائے اور اُس میں چالیس پچاس آیتوں کی تلاوت اچھی طرح کی جائے اور بعد نماز کے اگر کسی وجہ سے نماز کا اعادہ کرنا چاہیں تو اسی طرح چالیس پچاس آیتیں اس میں پڑھ سکیں اور عورتوں کو ہمیشہ اور مردوں کو حالت حج میں مزدلفہ میں فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھنا مستحب ہے **مسئلہ** جمعے کی نماز کا وقت بھی وہی ہے جو ظہر کی نماز کا ہے صرف اس قدر فرق ہے کہ ظہر کی نماز گرمیوں میں کچھ تاخیر کرکے پڑھنا بہتر ہے خواہ گرمی کی شدت ہو یا نہیں اور جاڑوں کے زمانے میں جلد پڑھنا مستحب ہے (شامی بحر) **مسئلہ** عیدین کی نماز کا وقت آفتاب کے اچھی طرح نکل آنے کے بعد شروع ہوتا ہے دوپہر سے پہلے تک رہتا ہے۔ آفتاب کے اچھی طرح نکل آنے سے یہ مقصود ہے کہ آفتاب کی زردی جاتی رہے اور روشنی ایسی تیز ہو جائے کہ نظر نہ ٹھیرے اس کی تعیین کے لئے فقہا نے لکھا ہے کہ بقدر ایک نیزے کے بلند ہو جائے عیدین کی نماز کا جلد پڑھنا مستحب ہے (مراقی الفلاح۔ شامی) **مسئلہ** جب امام خطبے کیلئے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہو خواہ وہ خطبہ جمعے کا ہو یا عیدین کا یا نکاح کا یا حج وغیرہ کا تو ان وقتوں میں نماز پڑھنا مکروہ ہے **مسئلہ** جب فرض نماز کی تکبیر کہی جاتی ہو اسوقت بھی نماز مکروہ ہے ہاں اگر فجر کی سنت نہ پڑھی ہو اور کسی طرح یہ یقین ہو جائے کہ ایک رکعت جماعت سے ملجائے گی تو فجر کی سنتوں کا پڑھ لینا مکروہ نہیں یا جو سنت مؤکدہ شروع کر دی ہو اس کو پورا کر لے **مسئلہ** نماز عیدین کے قبل خواہ گھر میں خواہ عیدگاہ میں نماز نفل مکروہ ہے اور نماز عیدین کے بعد

Marfat.com

فقط عید گاہ میں مکروہ ہے۔

# اذان کا بیان

**مسئلہ** اگر کسی ادا نماز کے لئے اذان دیجائے تو اسکے لئے اس نماز کے وقت کا ہونا ضرور ہے اگر وقت آنے سے پہلے اذان دیجائے تو صحیح نہوگی بعد وقت آنے کے پھر اسکا اعادہ کرنا ہوگا خواہ وہ اذان فجر کی ہو یا اور کسی وقت کی (مراقی الفلاح درمختار وغیرہ) **مسئلہ** اذان اور اقامت کا عربی زبان میں انہیں خاص الفاظ سے ہونا ضرور ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔ اگر کسی اور زبان میں یا عربی زبان میں کسی اور الفاظ سے اذان یا اقامت کہی جائے تو صحیح نہوگی اگرچہ لوگ اس کو سنکر اذان سمجھ لیں اور اذان کا مقصود اس سے حاصل ہو جائے **مسئلہ** مؤذن کا مرد ہونا ضروری ہے عورت کی اذان درست نہیں اگر کوئی عورت اذان دے تو اس کا اعادہ کرنا چاہئے اور اگر بغیر اعادہ کئے ہوئے نماز پڑھلی جائے گی تو گویا بے اذان کے پڑھی گئی (بحر الرائق مراقی الفلاح۔ طحطاوی وغیرہ) **مسئلہ** مؤذن کا صاحب عقل ہونا بھی ضرور ہے اگر کوئی ناسمجھ بچہ یا مجنون یا مست اذان دے تو معتبر نہوگی **مسئلہ** اذان کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ اذان دینے والا دونو کانوں کے سوراخوں کو کلمے کی انگلی سے بند کرکے اپنی طاقت کے موافق بلند آواز سے نہ اس قدر کہ جس سے تکلیف ہو ان کلمات کو کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ چار بار پھر اشہد ان لا الہ الا اللہ دو مرتبہ پھر اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ دو بار پھر حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ دو مرتبہ پھر حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ دو مرتبہ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ دو مرتبہ پھر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ایک مرتبہ اور حی علی الصلوۃ کہتے وقت اپنے منہ کو داہنی طرف پھیر لیا کرے اس طرح کہ سینہ اور قدم قبلے سے نہ پھرنے پائے اور حیّ علی الفلاح

Marfat.com

کہتے وقت بائیں طرف منہ پھیر لیا کرے اس طرح کہ سینہ اور قدم قبلے سے نہ پھرنے پائے اور فجر کی اذان میں بعد حیّ علی الفلاح کے اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم بھی دو مرتبہ کہے پس کل الفاظ اذان کے پندرہ ہوئے اور فجر کی اذان میں سترہ اور اذان کے الفاظ کو گانے کے طور پر نہ ادا کرے اور نہ اس طرح کہ کچھ پست آواز سے اور کچھ بلند آواز سے اور دو مرتبہ اللہ اکبر کہکر اس قدر سکوت کرے کہ سننے والا اس کا جواب دے سکے اور اللہ اکبر کے سوا دوسرے الفاظ میں بھی ہر لفظ کے بعد اسی قدر سکوت کرکے دوسرا لفظ کہے (شامی) **مسئلہ** اقامت کا طریقہ بھی یہی ہے صرف فرق اس قدر ہے کہ اذان مسجد سے باہر کہی جاتی ہے یعنی یہ بہتر ہے اور اقامت مسجد کے اندر۔ اور اذان بلند آواز سے کہی جاتی ہے اور اقامت پست آواز سے۔ اقامت میں الصلوٰۃ خیر من النوم نہیں بلکہ بجائے اس کے پانچوں وقت میں قد قامت الصلوٰۃ دو مرتبہ۔ اور اقامت کہتے وقت کانوں کے سوراخ کا بند کرنا بھی نہیں اسلئے کہ کان کے سوراخ آواز بلند ہونے کے لئے بند کئے جاتے ہیں اور وہ یہاں مقصود نہیں اور اقامت میں حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کہتے وقت داہنے بائیں جانب منہ کا پھیرنا بھی نہیں ہے۔ یعنی ضرور نہیں ورنہ بعض فقہا نے لکھا ہے :۔

## اذان واقامت کے احکام

**مسئلہ** سب فرض عین نمازوں کے لئے ایک بار اذان کہنا مردوں پر سنت مؤکدہ ہے مسافر ہو یا مقیم جماعت کی نماز ہو یا تنہا ادا نماز ہو یا قضا۔ ور نماز جمعہ کے لئے دو بار اذان کہنا **مسئلہ** اگر نماز کسی ایسے سبب سے قضا ہوئی ہو جس میں عام لوگ مبتلا ہوں تو اسکی اذان اعلان کے ساتھ دی جائے اور اگر کسی خاص سبب سے قضا

Marfat.com

ہوئی ہو تو اذان پوشیدہ طور پر آہستہ کہی جاوے تاکہ لوگوں کو اذان سُنکر نماز قضا ہونیکا علم نہ ہو اسلئے کہ نماز کا قضا ہو جانا غفلت اور سستی پر دلالت کرتا ہے اور دین کے کاموں میں غفلت اور سستی گناہ ہے اور گناہ کا ظاہر کرنا اچھا نہیں۔ اور اگر کئی نمازیں قضا ہوئی ہوں اور سب ایک ہی وقت پڑھی جائیں تو صرف پہلی نماز کی اذان دینا سنت ہے اور باقی نمازوں کے لئے صرف اقامت۔ ہاں یہ مستحب ہے کہ ہر ایک کے واسطے اذان بھی علیحدہ دیجائے (شامی) **مسئلہ** مسافر کے لیے اگر اس کے تمام ساتھی موجود ہوں اذان مستحب ہے سنت مؤکدہ نہیں **مسئلہ** جو شخص اپنے گھر میں نماز پڑھے تنہا یا جماعت سے اُسکے لئے اذان اور اقامت دونو مستحب ہیں بشرطیکہ محلے کی مسجد یا گاؤں کی مسجد میں اذان اور اقامت ہو چکی ہو اسلئے کہ محلے کی اذان اور اقامت تمام محلے والوں کو کافی ہے (بحر الرائق دُرِّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** جس مسجد میں اذان اور اقامت کے ساتھ نماز ہو چکی ہو اس میں اگر نماز پڑھی جائے تو اذان اور اقامت کا کہنا مکروہ ہے، ہاں اگر اس مسجد میں کوئی مؤذن اور امام مقرر نہ ہو تو مکروہ نہیں بلکہ افضل ہے (دُرِّ مختار) **مسئلہ** اگر کوئی شخص ایسے مقام پر جہاں جمعے کی نماز کے شرائط پائے جاتے ہوں اور جمعہ ہوتا ہو ظہر کی نماز پڑھے تو اس کو اذان اور اقامت کہنا مکروہ ہے خواہ وہ ظہر کی نماز کسی عذر سے پڑھتا ہو یا بلا عذر اور خواہ قبل نماز جمعے کے ختم ہونے کے پڑھے یا بعد ختم ہونے کے (بحر الرائق و دُرِّ مختار) **مسئلہ** عورتوں کو اذان اور اقامت کہنا مکروہ ہے خواہ جماعت سے نماز پڑھیں یا تنہا **مسئلہ** فرض عین نمازوں کے سوا اور کسی نماز کیلئے اذان و اقامت مسنون نہیں خواہ فرض کفایہ ہو جیسے جنازے کی نماز یا واجب ہو جیسے وتر اور عیدین یا نفل ہو جیسے اور نمازیں (بحر الرائق دُرِّ مختار) **مسئلہ** جو شخص اذان سُنے مرد ہو یا عورت طاہر ہو یا جنب اُسپر اذان کا جواب دینا واجب ہے یعنی جو لفظ مؤذن کی زبان سے سُنے وہی خود بھی کہے مگر حَیَّ علی الصّلوٰۃ اور حَیَّ

Marfat.com

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ بھی کہے اور الصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے جواب میں صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ اور بعد اذان کے درود شریف پڑھکر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ **مسئلہ** جمعے کی پہلی اذان سنکر تمام کاموں کو چھوڑ کر جمعے کی نماز کے لئے جامع مسجد جانا واجب ہے خرید وفروخت یا کسی اور کام میں مشغول ہونا حرام ہے **مسئلہ** اقامت کا جواب دینا مستحب ہے واجب نہیں اور قد قامت الصلوٰۃ کے جواب میں اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا کہے (فتح القدیر وبحر الرائق) **مسئلہ** آٹھ صورتوں میں اذان کا جواب نہ دینا چاہیے (۱) نماز کی حالت میں (۲) خطبہ سُن لنے کی حالت میں خواہ وہ خطبہ جمعے کا ہو یا اور کسی چیز کا (۳ و ۴) حیض ونفاس میں یعنی ضرور نہیں (۵) علم دین پڑھنے پڑھانے کی حالت میں (۶) جماع کی حالت میں (۷) پیشاب یا پاخانہ کی حالت میں (۸) کھانا کھانے کی حالت میں یعنی ضرور نہیں ہاں بعد ان چیزوں سے فراغت کے اگر اذان ہوئے زیادہ زمانہ نہ گذرا ہو تو جواب دینا چاہیے ورنہ نہیں (بحر الرائق)

# اذان اور اقامت کے سنن اور مستحبات

اذان اور اقامت کے سنن دو قسم کے ہیں بعض مؤذن کے متعلق ہیں اور بعض اذان اور اقامت کے متعلق لہذا ہم پہلے مؤذن کی سنتوں کا ذکر کرلیتے ہیں اُس کے بعد اذان کی سنتیں بیان کرینگے (۱) مؤذن کا مرد ہونا چاہیے عورت کی اذان اقامت مکروہ تحریمی اگر عورت اذان کہے تو اس کا اعادہ کرلینا چاہیے اقامت کا اعادہ نہیں اِس لئے کہ تکرار اقامت مشروع نہیں بخلاف تکرار اذان کے (دُرِّ مختار) (۲) مؤذن کا عاقل ہونا۔ مجنون اور مست اور ناسمجھ بچے کی اذان اور اقامت مکروہ ہے

Marfat.com

اور ان کی اذانوں کا اعادہ کر لینا چاہئے نہ اقامت کا (دُرِّ مختار) (۳) مؤذن کا مسائل ضروریہ اور نماز کے اوقات سے واقف ہونا۔ اگر جاہل آدمی اذان دے تو اس کو مؤذنوں کے برابر ثواب نہ ملے گا (بحر الرائق) (۴) مؤذن کا پرہیزگار اور دیندار ہونا اور لوگوں کے حال سے خبردار رہنا جو لوگ جماعت میں نہ آتے ہوں اُن کو تنبیہ کرنا یعنی اگر یہ خوف نہ ہو کہ مجکو کوئی ستاویگا (۵) مؤذن کا بلند آواز ہونا (۶) اذان کا کسی اونچے مقام پر مسجد سے علیحدہ کہنا اور اقامت کا مسجد کے اندر کہنا مسجد کے اندر اذان کہنا مکروہ ہے۔ ہاں جمعے کی دوسری اذان کا مسجد کے اندر منبر کے سامنے کہنا مکروہ نہیں بلکہ تمام اسلامی شہروں میں معمول ہے (مراقی الفلاح) (۷) اذان کا کھڑے ہو کر کہنا۔ اگر کوئی شخص بیٹھے بیٹھے اذان کہے تو مکروہ ہے اور اس کا اعادہ کرنا چاہئے ہاں اگر سوار ہو یا اذان صرف اپنی نماز کے لئے کہے تو پھر اعادہ کی ضرورت نہیں (۸) اذان کا بلند آواز سے کہنا۔ ہاں اگر صرف اپنی نماز کے لئے کہے تو اختیار ہے مگر پھر بھی زیادہ ثواب بلند آواز میں ہوگا (۹) اذان کہتے وقت کانوں کے سوراخوں کو اُنگلیوں سے بند کر لینا مستحب ہے (۱۰) اذان کے الفاظ کا ٹھیر ٹھیر کر ادا کرنا اور اقامت کا جلد جلد سنت ہے یعنی اذان کی تکبیروں میں ہر دو تکبیر کے بعد اس قدر سکوت کرے کہ سننے والا اس کا جواب دے سکے اور تکبیر کے علاوہ اور الفاظ میں ہر ایک لفظ کے بعد اسی قدر سکوت کرکے دوسرا لفظ کہے اور اگر کسی وجہ سے اذان کہے اور الفاظ بغیر اس قدر ٹھیرے ہوئے کہدے تو اس کا اعادہ مستحب ہے اور اگر اقامت کے الفاظ ٹھیر ٹھیر کر کے کہے تو اس کا اعادہ مستحب نہیں۔ (دُرِّ مختار و ردّ محتار) (۱۱) اذان میں حیّ علی الصلوٰۃ کہتے وقت داہنی طرف منہ کو پھیرنا اور حیّ علی الفلاح کہتے وقت بائیں طرف منہ کو پھیرنا سنت ہے خواہ وہ اذان نماز کی ہو یا کسی اور چیز کی مگر سینہ اور قدم قبلے سے نہ پھرنے پائے۔

Marfat.com

(۱۲) اذان اور اقامت کا قبلہ رو ہو کر کہنا بشرطیکہ سوار نہو۔ بغیر قبلہ رو ہونیکے اذان و اقامت کہنا مکروہ تنزیہی ہے (درمختار) (۱۳) اذان کہتے وقت حدث اکبر سے پاک ہونا سنت ہے اور دونو حدثوں سے پاک ہونا مستحب ہے اور اقامت کہتے وقت دونو حدثوں سے پاک ہونا سنت ہے اگر حدث اکبر کی حالت میں کوئی شخص اذان کہے تو مکروہ تحریمی ہے اور اس اذان کا اعادہ مستحب ہے اسی طرح اگر کوئی حدث اکبر یا اصغر کی حالت میں اقامت کہے تو مکروہ تحریمی ہے مگر اقامت کا اعادہ مستحب نہیں (۱۴) اذان اور اقامت کے الفاظ کا ترتیب وار کہنا سنت ہے اگر کوئی شخص مؤخر لفظ کو پہلے کہہ جائے مثلاً اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه سے پہلے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰه کہہ جائے یا حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ سے پہلے حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہہ جائے تو اس صورت میں صرف اسی مؤخر لفظ کا اعادہ ضروری ہے جسکو اس نے مقدم کہدیا ہے پہلی صورت میں اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہکر اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پھر کہے اور دوسری صورت میں حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ کہکر حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پھر کہے پوری اذان کا اعادہ کرنا ضروری نہیں (بحرالرائق و درمختار و شامی) (۱۵) اذان اور اقامت کی حالت میں کوئی دوسرا کلام نہ کرنا۔ خواہ وہ سلام یا سلام کا جواب ہی کیوں نہو۔ اگر کوئی شخص اثنائے اذان و اقامت میں کلام کرے تو اگر بہت کلام کیا ہو تو اذان کا اعادہ کرے نہ اقامت کا (درمختار و شامی)

## متفرق مسائل

**مسئلہ** اگر کوئی شخص اذان کا جواب دینا بھول جائے یا قصداً نہ دے اور بعد اذان ختم ہونے کے خیال آئے یا دینے کا ارادہ کرے تو اگر زیادہ زمانہ نہ گذرا ہو تو جواب دیدے ورنہ نہیں **مسئلہ** اقامت کہنے کے بعد اگر زیادہ زمانہ گذر جائے اور جماعت قائم نہ ہو تو اقامت کا اعادہ کرنا چاہیے ہاں اگر کچھ تھوڑی سی دیر ہو جائے

Marfat.com

تو کچھ ضرورت نہیں اگر اقامت ہو جائے اور امام نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں اور پڑھنے میں مشغول ہو جائے تو یہ زمانہ زیادہ فاصل نہ سمجھا جائیگا اور اقامت کا اعادہ نہ کیا جائیگا اور اگر اقامت کے بعد دوسرا کام شروع کر دیا جائے جو نماز کی قسم سے نہیں جیسے کھانا پینا وغیرہ تو اِس صورت میں اقامت کا اعادہ کر لینا چاہیئے (دُرِّ مختار) **مسئلہ** اگر مؤذن اذان دینے کی حالت میں مرتد ہو جائے (معاذ اللہ منہ) یا بیہوش ہو جائے یا اُس کی آواز بند ہو جائے یا بھول جائے اور کوئی بتلانے والا نہ ہو یا اُس کو حدث ہو جائے اور وہ اُس کے دور کرنے کے لئے چلا جائے تو اِس اذان کا نئے سرے سے اعادہ کرنا سنت مؤکدہ ہے (دُرِّ مختار و شامی) **مسئلہ** اگر کسی کو اذان یا اقامت کہنے کی حالت میں حدث ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ اذان یا اقامت پوری کر کے اس حدث کے دور کرنے کو جائے **مسئلہ** ایک مؤذن کا دو مسجدوں میں اذان دینا مکروہ ہے جس مسجد میں فرض پڑھے وہیں اذان دے (در مختار) **مسئلہ** جو شخص اذان دے اقامت بھی اسی کا حق ہے ہاں اگر وہ اذان دیکر کہیں چلا جائے یا کسی دوسرے کو اجازت دے تو دوسرا بھی کہہ سکتا ہے **مسئلہ** کئی مؤذنوں کا ایک ساتھ اذان کہنا جائز ہے (شامی) **مسئلہ** مؤذن کو چاہیئے کہ اقامت جس جگہ کہنا شروع کرے وہیں ختم کر دے **مسئلہ** اذان اور اقامت کے لئے نیت شرط نہیں ہاں ثواب بغیر نیت کے نہیں ملتا اور نیت یہ ہے کہ دل میں یہ ارادہ کرے کہ میں یہ اذان محض اللہ تعالےٰ کی خوشنودی اور ثواب کے لئے کہتا ہوں اور کچھ مقصود نہیں۔

# نماز کی شرطوں کا بیان

## مسائل طہارت

Marfat.com

**مسئلہ** اگر کوئی چادر اس قدر بڑی ہو کہ اس کا نجس حصہ نماز پڑھنے والے کے اُٹھنے بیٹھنے سے جنبش نہ کرے تو کچھ حرج نہیں اور اسی طرح اس چیز کا بھی پاک ہونا چاہیئے جس کو نماز پڑھنے والا اٹھائے ہو بشرطیکہ وہ چیز خود اپنی قوت سے رُکی ہوئی نہ ہو (دُرمختار وغیرہ) مثلاً نماز پڑھنے والا کسی بچے کو اٹھائے ہوئے ہو اور اس بچے کا جسم یا کپڑا نجس ہو اور وہ بچہ خود اپنی قوت سے رُکا ہوا نہ ہو تب تو اسکا پاک ہونا نماز کی صحت کے لئے شرط ہے اور اگر خود اپنی طاقت سے رکا ہوا بیٹھا ہو تو کچھ حرج نہیں گو ناپاک ہو اگر نماز پڑھنے والے کے جسم پر کوئی کبوتر وغیرہ آکر بیٹھ جائے اور اس کا جسم نجس ہو تو کچھ حرج نہیں اسلئے کہ وہ اپنی قوت اور سہارے سے بیٹھا ہے پس یہ نجاست اُسی کی طرف منسوب ہوگی اور نماز پڑھنے والے سے کچھ اُسکو تعلق نہ سمجھا جائیگا (البحر الرائق ومراقی الفلاح وغیرہ) اسیطرح اگر نماز پڑھنے والے کے جسم پر کوئی ایسی چیز ہو جسکی نجاست اپنی جائے پیدائش میں ہو اور خارج میں اسکا کچھ اثر نہ ہو تو کچھ حرج نہیں (دُرمختار وشامی) مثلاً نماز پڑھنے والے کے جسم پر کوئی کتا بیٹھ جائے اور اس کے منہ سے لعاب نکلتا ہو تو کچھ مضائقہ نہیں اسلئے کہ اس کا لعاب اُسکے جسم کے اندر ہے اور وہیں اسکے پیدا ہونے کی جگہ ہے پس مثل نجاست کے ہوگا جو انسان کے پیٹ میں رہتی ہے جس سے طہارت شرط نہیں اسی طرح اگر کوئی ایسا انڈا جس کی زردی خون ہوگئی ہو نماز پڑھنے والے کے پاس ہو تب بھی کچھ حرج نہیں اسلئے کہ اس کا خون اسی جگہ ہے جہاں پیدا ہوا ہے خارج میں اس کا اثر نہیں بخلاف اس کے کہ اگر کسی شیشی میں پیشاب بھرا ہو اور وہ نماز پڑھنے والے کے پاس ہو اگرچہ منہ اُسکا بند ہو اس لئے کہ اس کا پیشاب ایسی جگہ نہیں ہے جہاں پیشاب پیدا ہوتا ہے (بحر الرائق وشامی وغیرہ) **مسئلہ** نماز پڑھنے کی جگہ نجاست حقیقیہ سے پاک ہونا چاہیئے اگر نجاست بقدر معافی ہو تو کچھ حرج نہیں نماز پڑھنے کی جگہ

Marfat.com

سے وہ مقام مراد ہے جہاں نماز پڑھنے والے کے پیر رہتے ہوں اور سجدہ کرنے کی حالت میں جہاں اس کے گھٹنے اور ہاتھ اور پیشانی اور ناک رہتی ہو (دُرِّ مختار مراقی الفلاح وغیرہ) **مسئلہ** اگر صرف ایک پیر کی جگہ پاک ہو اور دوسرے پیر کو اٹھائے رہے تب بھی کافی ہے (دُرِّ مختار) **مسئلہ** اگر کسی کپڑے پر نماز پڑھی جائے تب بھی اُس کا اسی قدر پاک ہونا ضروری ہے پورے کپڑے کا پاک ہونا ضروری نہیں خواہ کپڑا چھوٹا ہو یا بڑا (بحر الرائق وشامی) **مسئلہ** اگر کسی نجس مقام پر کوئی پاک کپڑا بچھا کر نماز پڑھی جائے تو اس میں یہ بھی شرط ہے کہ وہ کپڑا اس قدر باریک نہ ہو کہ اسکے نیچے کی چیز صاف طور پر اس سے نظر آئے (بحر الرائق وشامی) **مسئلہ** اگر نماز پڑھنے کی حالت میں نماز پڑھنے والے کا کپڑا کسی نجس مقام پر پڑتا ہو تو کچھ حرج نہیں (بحر الرائق) **مسئلہ** اگر کپڑے کے استعمال سے معذوری بوجہ آدمیوں کے ہو تو جب معذوری جاتی رہے گی نماز کا اعادہ کرنا پڑیگا مثلاً کوئی شخص جیل میں ہو اور جیل کے ملازموں نے اس کے کپڑے اتار لئے ہوں یا کسی دشمن نے اُسکے کپڑے اتار لئے ہوں یا کوئی دشمن کہتا ہو کہ اگر تو کپڑے پہنے گا تو میں تجھے مار ڈالوں گا۔ اور اگر آدمیوں کی طرف سے نہ ہو تو پھر نماز کے اعادہ کی ضرورت نہیں مثلاً کسی کے پاس کپڑے ہی نہ ہوں (دُرِّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کسی کے پاس ایک کپڑا ہو کہ چاہے اُس سے اپنے جسم کو چھپالے چاہے اسکو بچھا کر نماز پڑھے تو اُسکو چاہیئے کہ اپنے جسم کو چھپالے اور نماز اسی نجس مقام میں پڑھ لے

## قبلے کے مسائل

**مسئلہ** اگر قبلہ نہ معلوم ہونے کی صورت میں جماعت سے نماز پڑھی جائے تو امام اور مقتدی سب کو اپنے غالب گمان پر عمل کرنا چاہیئے لیکن اگر کسی مقتدی کا غالب

Marfat.com

اُس امام کے خلاف ہو گا تو اس کی نماز اس امام کے پیچھے نہ ہو گی اِس لئے کہ وہ امام اسکے نزدیک غلطی پر ہے اور کسی کو غلطی پر سمجھ کر اس کی اقتدا جائز نہیں۔

# نیّت کے مسائل

**مسئلہ** مقتدی کو اپنے امام کی اقتدا کی نیت کرنا بھی شرط ہے **مسئلہ** امام کو صرف اپنی نماز کی نیّت کرنا شرط ہے امامت کی نیت کرنا شرط نہیں ہاں اگر کوئی عورت اُس کے پیچھے نماز پڑھنا چاہے اور مردوں کے برابر کھڑی ہو اور نماز جنازہ اور جمعہ اور عیدین کی نہو تو اس کی اقتدا صحیح ہونے کے لئے اس کی امامت کی نیت کرنا شرط ہے اور اگر مردوں کے برابر نہ کھڑی ہو یا نماز جنازے یا جمعے یا عیدین کی ہو تو پھر شرط نہیں **مسئلہ** مقتدی کو امام کی تعیین شرط نہیں کہ وہ زید ہے یا عمرو بلکہ صرف اسی قدر نیت کافی ہے کہ میں اس امام کے پیچھے نماز پڑھتا ہوں ہاں اگر تعیین کرے گا اور پھر اُسکے خلاف ظاہر ہو گا تو اس کی نماز نہ ہو گی۔ مثلاً کسی شخص نے یہ نیت کی کہ میں زید کے پیچھے نماز پڑھتا ہوں حالانکہ جسکے پیچھے نماز پڑھتا ہے وہ خالد ہے تو اس کی نماز نہ ہو گی **مسئلہ** جنازے کی نماز میں یہ نیت کرنا چاہئے کہ میں یہ نماز اللہ تعالےٰ کی خوشنودی اور اس میت کی دعا کے لئے پڑھتا ہوں۔ اور اگر مقتدی کو یہ نہ معلوم ہو کہ یہ میت مرد ہے یا عورت تو اس کو یہ نیت کر لینا کافی ہے کہ میرا امام جس کی نماز پڑھتا ہے اس کی میں بھی پڑھتا ہوں بعض علما کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ فرض اور واجب نمازوں کے سوا اور نمازوں میں صرف نماز کی نیت کر لینا کافی [illegible] کی کوئی ضرورت نہیں کہ یہ نماز سنت ہے یا مستحب اور سنت فجر کے وقت کی ہے یا ظہر کے وقت کی یا یہ سنت تہجد ہے یا تراویح یا کسوف یا خسوف مگر احتیاط یہ ہے کہ تخصیص کے ساتھ نیت کرے۔

Marfat.com

# تکبیر تحریمہ کا بیان

**مسئلہ** بعض ناواقف جب مسجد میں آکر امام کو رکوع میں پاتے ہیں تو جلدی کے خیال سے آتے ہی جھک جاتے ہیں اور اسی حالت میں تکبیر تحریمہ کہتے ہیں انکی نماز نہیں ہوتی اس لئے کہ تکبیر تحریمہ نماز کے صحت کی شرط ہے اور تکبیر تحریمہ کے لئے قیام شرط ہے جب قیام نکیا وہ صحیح نہ ہوئی اور جب وہ صحیح نہوئی تو نماز کیسے صحیح ہو سکتی ہے۔

# فرض نماز کے بعض مسائل

**مسئلہ** آمین کے الف کو بڑھا کر پڑھنا چاہیئے اس کے بعد کوئی سورت قرآنمجید کی پڑھے اگر سفر کی حالت ہو یا کوئی ضرورت درپیش ہو تو اختیار ہے جو سورت چاہے پڑھے اور اگر سفر اور ضرورت کی حالت نہ ہو تو فجر اور ظہر کی نماز میں سورہ حجرات اور سورۂ بروج اور ان کے درمیان کی سورتوں میں سے جس سورت کو چاہے پڑھے فجر کی پہلی رکعت میں بہ نسبت دوسری رکعت کے بڑی سورت ہونا چاہیئے باقی اوقات میں دونوں رکعتوں کی سورتیں برابر ہونی چاہئیں ایک دو آیت کی کمی زیادتی کا اعتبار نہیں۔ عصر اور عشا کی نماز میں وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ اور لَمْ یَکُنْ اور ان کے درمیان کی سورتوں میں سے کوئی سورت پڑھنی چاہیئے مغرب کی نماز میں اِذَا زُلْزِلَتْ سے آخر تک **مسئلہ** جب رکوع سے اٹھکر سیدھا کھڑا ہو تو امام صرف سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہے اور مقتدی صرف رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ اور منفرد دونوں کہے پھر تکبیر کہتا ہوا دونوں ہاتھوں گھٹنوں پر رکھے ہوئے سجدے میں جائے تکبیر اور سجدے کی ابتدا ساتھ ہی ہو اور سجدے میں پہنچتے ہی تکبیر ختم ہو جائے **مسئلہ** سجدے میں پہلے گھٹنوں کو زمین پر رکھنا چاہیئے پھر ہاتھوں کو پھر ناک کو پھر پیشانی کو منہ دونوں ہاتھوں کے درمیان میں ہونا

Marfat.com

چاہئے اور انگلیاں ملی ہوئی قبلہ رُو ہونا چاہئیں اور دونو پیر انگلیوں کے بل کھڑے ہوئے اور انگلیوں کا رُخ قبلے کی طرف اور پیٹ زانو سے علیحدہ۔ اور بازو بغل سے جُدا ہوں پیٹ زمین سے اس قدر اونچا ہو کہ بکری کا بہت چھوٹا بچہ درمیان سے نکل سکے **مسئلہ** فجر مغرب۔ عشا کے وقت پہلی دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ اور دوسری سورت اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور سب تکبیریں امام بلند آواز سے کہے اور منفرد کو اختیار ہے اور ظہر عصر کے وقت امام صرف سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور سب تکبیریں بلند آواز سے کہے اور منفرد آہستہ اور مقتدی ہر وقت تکبیریں وغیرہ آہستہ کہے **مسئلہ** بعد نماز ختم کر چکنے کے دونو ہاتھ سینے تک اٹھا کر پھیلائے اور اللہ تعالےٰ سے اپنے لئے دعا مانگے اور امام ہو تو تمام مقتدیوں کیلئے بھی اور مقتدی خواہ اپنی اپنی دعا مانگیں یا امام کی دعا سنائی دے تو خواہ سب آمین آمین کہتے رہیں بعد دعا مانگ چکنے کے دونو ہاتھ منہ پر پھیر لے **مسئلہ** جن نمازوں کے بعد سنتیں ہیں جیسے ظہر مغرب عشا۔ اُن کے بعد بہت دیر تک دعا نہ مانگے بلکہ مختصر دعا مانگ کر اُن سنتوں کے پڑھنے میں مشغول ہو جائے اور جن نمازوں کے بعد سنتیں نہیں ہیں جیسے فجر عصر۔ اُنکے بعد جتنی دیر تک چاہے دعا مانگے اور امام ہو تو مقتدیوں کی طرف منہ پھیر کر بیٹھ جائے اُسکے بعد دعا مانگے بشرطیکہ کوئی مسبوق اسکے مقابلے میں نماز نہ پڑھ رہا ہو **مسئلہ** بعد فرض نمازوں کے بشرطیکہ ان کے بعد سنتیں نہ ہوں ورنہ سنت کے بعد مستحب ہے کہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ تین مرتبہ۔ آیۃ الکرسی۔ قل ہو اللہ احد۔ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک مرتبہ پڑھکر تینتیس ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اسی قدر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور چونتیس ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھے (مراقی الفلاح درمختار و شامی وغیرہ) **مسئلہ** عورتیں بھی اسی طرح نماز پڑھیں صرف چند مقامات پر اُن کو اس کے خلاف کرنا چاہئے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے (۱) تکبیر تحریمہ کے وقت مردوں کو

Marfat.com

چادر وغیرہ سے ہاتھ نکال کر کانوں تک اٹھانا چاہیئے اگرسردی کا زمانہ نہ ہو عورتوں کو ہر زمانے میں بغیر ہاتھ نکالے ہوئے شانوں تک اٹھانا چاہیئے (۲) تکبیر تحریمہ کے مَردوں کو ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا چاہیئے اور عورتوں کو سینے (۳) مَردوں کو چھوٹی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنا کر بائیں کلائی کو پکڑنا چاہیئے اور تین انگلیاں بائیں کلائی پر بچھانا چاہیئے اور عورتوں کو داہنی ہتھیلی بائیں ہتھیلی پشت پر رکھدینا چاہیئے۔ حلقہ بنانا اور بائیں کلائی کو پکڑنا نچاہیئے (۴) مردوں رکوع میں اچھی طرح جُھک جانا چاہیئے کہ سر اور سُرین اور پشت برابر ہوجائیں اور عورتوں کو اس قدر نہ جُھکنا چاہیئے بلکہ صرف اسی قدر جس میں اُن کے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں (۵) مَردوں کو رکوع میں انگلیاں کُشادہ کر کے گھٹنوں پر رکھنا اور عورتوں کو بغیر کشادہ کئے ہوئے بلکہ ملا کر (۶) مردوں کو حالتِ رکوع میں کہنیاں پہلو سے علیحدہ رکھنا چاہیئے اور عورتوں کو ملی ہوئی (۷) مَردوں کو سجدے میں پیٹ رانوں سے اور بازو بغل سے جُدا رکھنا چاہیئے اور عورتوں کو ملا ہوا (۸) مردونکو سجدے میں کہنیاں زمین سے اٹھی ہوئی رکھنا چاہیئے عورتوں کو زمین پر بچھی ہوئی (۹) مردونکو سجدے میں دونو پیر انگلیوں کے بل کھڑے رکھنا چاہیئے اور عورتوں کو نہیں (۱۰) مَردوں کو بیٹھنے کی حالت میں بائیں پیر پر بیٹھنا چاہیئے اور داہنے پیر کو انگلیوں کے بل کھڑا رکھنا چاہیئے اور عورتوں کو بائیں سرین کے بل بیٹھنا چاہیئے اور دونو پیر داہنی طرف نکالدینا چاہیئے اس طرح کہ داہنی ران بائیں ران پر جائے اور داہنی پنڈلی بائیں پنڈلی پر (۱۱) عورتوں کو کسی وقت بلند آواز سے قرأت کرنیکا اختیار نہیں بلکہ ان کو ہر وقت آہستہ آواز سے قرأت کرنا چاہیئے

## تحیۃ المسجد

Marfat.com

مسئلہ یہ نماز اس شخص کے لئے سنت ہے جو مسجد میں داخل ہو (دُر مختار وغیرہ)
مسئلہ اس نماز سے مقصود مسجد کی تعظیم ہے جو درحقیقت خدا ہی کی تعظیم ہے
اس لئے کہ مکان کی تعظیم صاحب مکان کے خیال سے ہوتی ہے پس غیر خدا کی تعظیم
کسی طرح اس سے مقصود نہیں مسجد میں آنیکے بعد بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھ
لے بشرطیکہ کوئی مکروہ وقت نہو (دُر مختار و بحر الرائق شامی وغیرہ) مسئلہ اگر مکروہ
وقت ہو تو صرف چار مرتبہ ان کلمات کو کہہ لے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اور بعد اس کے کوئی درود شریف پڑھ لے (دُر مختار مراقی الفلاح) اس نماز کی نیت یہ
ہے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ رَكْعَتَیْ تَحِیَّةِ الْمَسْجِدِ یا اردو میں اس طرح کہہ لے خواہ دل ہی میں
سمجھ لے کہ میں نے یہ ارادہ کیا کہ دو رکعت نماز تحیۃ المسجد پڑھوں مسئلہ دو رکعت
کی کچھ تخصیص نہیں اگر چار رکعت پڑھی جائیں تب بھی کچھ مضائقہ نہیں۔ اگر مسجد میں آتے
ہی کوئی فرض نماز پڑھی جائے یا اور کوئی سنت ادا کی جائے تو وہی فرض یا سنت
تحیۃ المسجد کے قائم مقام ہو جائیگی یعنی اسکے پڑھنے سے تحیۃ المسجد کا ثواب بھی ملجائیگا
اگرچہ اس میں تحیۃ المسجد کی نیت نہیں کی گئی (دُر مختار و مراقی الفلاح و شامی وغیرہ)
مسئلہ اگر مسجد میں جاکر کوئی شخص بیٹھ جائے اور اس کے بعد تحیۃ المسجد پڑھے
تب بھی کچھ حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ بیٹھنے سے پہلے پڑھ لے (دُر مختار وغیرہ)
حدیث نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی مسجد جایا کرے تو
جب تک دو رکعت نماز نہ پڑھ لے نہ بیٹھے (صحیح بخاری و صحیح مسلم) مسئلہ اگر مسجد
میں کئی مرتبہ جانے کا اتفاق ہو تو صرف ایک مرتبہ تحیۃ المسجد پڑھ لینا کافی ہے خواہ پہلی
مرتبہ پڑھ لے یا اخیر میں (دُر مختار و شامی)

## نوافل سفر

Marfat.com

مسئلہ جب کوئی شخص اپنے وطن سے سفر کرنے لگے تو اسکے لئے مستحب ہے کہ دو رکعت نماز گھر میں پڑھکر سفر کرے اور جب سفر سے آئے تو مستحب ہے کہ پہلے مسجد میں جاکر دو رکعت نماز پڑھ لے اسکے بعد اپنے گھر جائے (درمختار وغیرہ) حدیث نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی اپنے گھر میں اُن دو رکعتوں سے بہتر کوئی چیز نہیں چھوڑ جاتا جو سفر کرتے وقت پڑھی جاتی ہیں (طبرانی) حدیث نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے تشریف لاتے تو پہلے مسجد میں جاکر دو رکعت نماز پڑھ لیتے تھے (صحیح مسلم) مسئلہ مسافر کو یہ بھی مستحب ہے کہ اثنائے سفر میں جب کسی منزل پر پہنچے اور وہاں قیام کا ارادہ ہو تو قبل بیٹھنے کے دو رکعت نماز پڑھ لے (شامی وغیرہ)

## نمازِ قتل

مسئلہ جب کوئی مسلمان قتل کیا جاتا ہو تو اسکو مستحب ہے کہ دو رکعت نماز پڑھکر اپنے گناہوں کے مغفرت کی اللہ تعالےٰ سے دعا کرے تاکہ یہی نماز و استغفار دنیا میں اس کا آخر عمل رہے (طحطاوی مراقی الفلاح وغیرہ) حدیث ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم سے چند قاریوں کو قرآن مجید کی تعلیم کے لئے کہیں بھیجا تھا اثنائے راہ میں کفار مکہ نے انہیں گرفتار کیا سوا حضرت خُبیب کے اور سب کو وہیں قتل کر دیا حضرت خُبیب رضی اللہ عنہ کو مکے میں لیجاکر بڑی دھوم اور بڑے اہتمام سے شہید کیا جب یہ شہید ہونے لگے تو اُن لوگوں سے اجازت لیکر دو رکعت نماز پڑھی اُسی وقت سے یہ نماز مستحب ہو گئی (مشکوٰۃ)

## تراویح کا بیان

Marfat.com

مسئلہ وتر کا بعد تراویح کے پڑھنا بہتر ہے اگر پہلے پڑھ لے تب بھی درست ہے۔ (درمختار وغیرہ) مسئلہ نماز تراویح میں چار رکعت کے بعد اتنی دیر تک بیٹھنا جتنی دیر میں چار رکعتیں پڑھی گئی ہیں مستحب ہے ہاں اگر اتنی دیر تک بیٹھنے میں لوگوں کو تکلیف ہو اور جماعت کے کم ہو جانے کا خوف ہو تو اس سے کم بیٹھے۔ اس بیٹھنے میں اختیار ہے چاہے نوافل پڑھے چاہے تسبیح وغیرہ پڑھے چاہے چپ بیٹھا رہے مسئلہ اگر کوئی شخص عشا کی نماز کے بعد تراویح پڑھ چکا ہو اور بعد پڑھ چکنے کے معلوم ہو کہ عشا کی نماز میں کچھ سہو ہو گیا تھا جسکی وجہ سے عشا کی نماز نہیں ہوئی تو اس کو عشا کی نماز کے اعادہ کے بعد تراویح کا بھی اعادہ کرنا چاہیے مسئلہ اگر عشا کی نماز جماعت سے نہ پڑھی گئی ہو تو تراویح بھی جماعت سے نہ پڑھی جائے اس لئے کہ تراویح عشا کے تابع ہے ہاں جو لوگ جماعت سے عشا کی نماز پڑھکر تراویح جماعت سے پڑھ رہے ہوں ان کے ساتھ شریک ہو کر اس شخص کو بھی تراویح کا جماعت سے پڑھنا درست ہو جائیگا جس نے عشا کی نماز بغیر جماعت کے پڑھی ہے اس لئے کہ وہ اُن لوگوں کا تابع سمجھا جائیگا جن کی جماعت درست ہے (درمختار و شامی وغیرہ) مسئلہ اگر کوئی شخص مسجد میں ایسے وقت پہنچے کہ عشا کی نماز ہو چکی ہو تو اسے چاہیے کہ پہلے عشا کی نماز پڑھ لے پھر تراویح میں شریک ہو اور اگر اس درمیان میں تراویح کی کچھ رکعتیں ہو جائیں تو ان کو بعد وتر پڑھنے کے پڑھے اور یہ شخص وتر جماعت سے پڑھے (درمختار وغیرہ) مسئلہ مہینے میں ایک مرتبہ قرآن مجید کا ترتیب وار [illegible] سنت مؤکدہ ہے لوگوں کی کاہلی یا سستی سے اس کو ترک نہ کرنا چاہیے ہاں اگر پورا قرآن مجید پڑھا جائیگا تو لوگ نماز میں نہ آئینگے اور جماعت ٹوٹ جائیگی یا ان کو بہت ناگوار ہوگا تو بہتر ہے کہ جس قدر لوگوں کو گراں نہ گذرے اسی قدر پڑھا جائے الم ترکیف سے اخیر تک کی دس سورتیں پڑھ دیجائیں ہر رکعت میں ایک [illegible]

Marfat.com

پھر جب دس رکعتیں ہو جائیں تو انہیں سورتوں کو دوبارہ پڑھدے یا اور جو سورتیں چاہے پڑھے (مراقی الفلاح وبحر الرائق و در مختار و شامی) مسئلہ ایک قرآن مجید سے زیادہ نہ پڑھے تا وقتیکہ لوگوں کا شوق نہ معلوم ہو جائے مسئلہ ایک رات میں پورے قرآن مجید کا پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ لوگ نہایت شوقین ہوں کہ اُن کو گراں نہ گزرے اگر گراں گذرے اور ناگوار ہو تو مکروہ ہے مسئلہ تراویح میں کسی سورت کے شروع پر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے پڑھ دینا چاہیے اسلئے کہ بسم اللہ بھی قرآن مجید کی ایک آیت ہے اگرچہ کسی سورت کا جز نہیں پس اگر بسم اللہ بالکل نہ پڑھی جائیگی تو قرآن مجید کے پورے ہونے میں ایک آیت کی کمی رہجاویگی اور اگر آہستہ آواز سے پڑھی جائیگی تو مقتدیوں کا قرآن مجید پورا نہ ہوگا مسئلہ تراویح کا رمضان کے پورے مہینے میں پڑھنا سنت ہے اگرچہ قرآن مجید قبل مہینہ تمام ہونے کے ختم ہو جائے مثلاً پندرہ روز میں پورا قرآن شریف پڑھ دیا جائے تو باقی زمانے میں بھی تراویح کا پڑھنا سنت موکدہ ہے مسئلہ صحیح یہ ہے کہ قل ہو اللہ کا تراویح میں تین مرتبہ پڑھنا جیسا کہ آج کل دستور ہے مکروہ ہے ۔

## نماز کسوف وخسوف

مسئلہ کسوف (سورج گرہن) کے وقت دو رکعت نماز مسنون ہے مسئلہ نماز کسوف جماعت سے ادا کی جائے بشرطیکہ امام جمعہ یا حاکم وقت یا اسکا نائب امامت کرے (مراقی الفلاح وغیرہ) مسئلہ نماز کسوف میں وہ سب شرطیں معتبر ہیں جو جمعہ کے لئے ہیں سوا خطبے کے (طحطاوی و مراقی الفلاح) مسئلہ نماز کسوف کے لئے اذان یا اقامت نہیں بلکہ اگر لوگوں کا جمع کرنا مقصود ہو تو الصلوٰۃ

Marfat.com

پکار دیا جائے (مراقی الفلاح) **مسئلہ** نماز کسوف میں بڑی بڑی سورتوں کا مثل سورۂ بقرہ وغیرہ کے پڑھنا اور رکوع اور سجدوں کا بہت دیر تک ادا کرنا مسنون ہے اور قرأت آہستہ پڑھے **مسئلہ** نماز بعد امام کو چاہیے کہ دعا میں مصروف ہو جائے اور سب مقتدی آمین آمین کہیں جب تک گرہن موقوف نہ ہو جائے دعا میں مشغول رہنا چاہیے ہاں اگر ایسی حالت میں آفتاب غروب ہو جائے یا کسی نماز کا وقت آجائے تو البتہ دعا کو موقوف کر کے نماز میں مشغول ہو جانا چاہیے **مسئلہ** خسوف (چاند گرہن) کے وقت بھی دو رکعت نماز مسنون ہے مگر اس میں جماعت مسنون نہیں سب لوگ تنہا علیحدہ علیحدہ نمازیں پڑھیں اور اپنے اپنے گھروں میں پڑھیں مسجد میں جانا بھی مسنون نہیں **مسئلہ** اسی طرح جب کوئی خوف یا مصیبت پیش آئے تو نماز پڑھنا مسنون ہے مثلاً سخت آندھی چلے یا زلزلہ آئے یا بجلی گرے یا ستارے بہت ٹوٹیں یا برف بہت گرے یا پانی بہت برسے یا کوئی مرض عام مثل ہیضے وغیرہ کے پھیل جائے یا کسی دشمن وغیرہ کا خوف ہو مگر ان اوقات میں جو نمازیں پڑھی جائیں ان میں جماعت نہ کی جائے ہر شخص اپنے اپنے گھر میں تنہا پڑھے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو جب کوئی مصیبت یا رنج ہوتا تو نماز میں مشغول ہو جاتے (مراقی الفلاح وغیرہ) **مسئلہ** جسقدر نمازیں یہاں بیان ہو چکیں انکے علاوہ بھی جسقدر کثرت نوافل کی کیجائے باعث ثواب و ترقی درجات ہے خصوصاً ان اوقات میں جن کی فضیلت احادیث میں وارد ہوئی ہے اور انمیں عبادت کرنیکی ترغیب نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمائی ہے مثل رمضان کے اخیر عشرے کی راتوں اور شعبان کی پندرھویں تاریخ کے ان اوقات کی بہت فضیلتیں اور ان میں عبادت کا بہت ثواب احادیث میں وارد ہے ہمنے اختصار کے خیال سے یہاں کی تفصیل نہیں کی۔

Marfat.com

# استسقا کی نماز کا بیان

جب پانی کی ضرورت ہو اور پانی نہ برستا ہو اس وقت اللہ تعالیٰ سے پانی برسنے کی دعا کرنا مسنون ہے۔ استسقا کے لئے دعا کرنا اس طریقے سے مستحب ہے کہ تمام مسلمان ملکر مع اپنے لڑکوں اور بوڑھوں اور جانوروں کے پاپیادہ جنگل کی طرف جائیں اور اپنے ہمراہ کسی کافر کو نہ لے جائیں پھر دو رکعت جماعت سے پڑھیں امام جہر سے قرأت پڑھے پھر دو خطبے پڑھے جس طرح عید کے روز کیا جاتا ہے پھر امام قبلہ رو ہو کر کھڑا ہو جائے اور دونو ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالے سے پانی برسانے کی دعا کرے اور سب حاضرین بھی دعا کریں۔

# قرأت کے مسائل

**مسئلہ** مدرک پر قرأت نہیں امام کی قرأت سب مقتدیوں کی طرف سے کافی ہے **مسئلہ** مسبوق کو اپنی گئی ہوئی رکعتوں سے ایک یا دو رکعت میں قرأت کرنا فرض ہے بشرطیکہ اس کی ایک یا دو رکعت قرأت والی فوت ہوئی ہو **مسئلہ** حاصل یہ ہے کہ امام کے ہوتے ہوئے مقتدی کو قرأت نہ چاہیئے ہاں مسبوق کے لئے چونکہ ان گئی ہوئی رکعتوں میں امام نہیں ہوتا اس لئے اس کو قرأت چاہیئے **مسئلہ** سجدے کے مقام کو پیروں کی جگہ سے آدھ گز سے زیادہ اونچا نہونا چاہیئے اگر آدھ گز سے زیادہ اونچے مقام پر سجدہ کیا جائے تو درست نہیں ہاں اگر کوئی ایسی ہی ضرورت پیش آجائے تو جائز ہے مثلاً جماعت زیادہ ہو اور لوگ اس قدر مل کر کھڑے ہوں کہ زمین پر سجدہ ممکن نہو تو نماز پڑھنے والوں کی پیٹھ پر سجدہ کرنا جائز ہے بشرطیکہ جس شخص کی پیٹھ پر سجدہ کیا جائے وہ بھی وہی نماز پڑھتا ہو جو سجدہ کرنے والا

Marfat.com

پڑھتا ہے (مراقی الفلاح) مسئلہ عیدین کی نماز میں علاوہ معمولی تکبیروں کے چھ تکبیریں کہنا واجب ہے مسئلہ امام کو فجر کی دونوں رکعتوں میں اور مغرب کی اور عشا کی پہلی دو رکعتوں میں خواہ قضا ہوں یا ادا اور جمعے اور عیدین اور تراویح کی نماز میں اور رمضان کے وتر میں بلند آواز سے قرأت کرنا واجب ہے مسئلہ منفرد کو اختیار ہے چاہے بلند آواز سے قرأت کرے یا آہستہ آواز سے۔ آواز بلند ہونے کی فقہا نے یہ حد لکھی ہے کہ کوئی دوسرا شخص سن سکے اور آہستہ آواز کی یہ حد لکھی ہے کہ خود سن سکے دوسرا نہ سن سکے مسئلہ امام کو ظہر عصر کی کل رکعتوں میں اور مغرب عشا کی اخیر رکعتوں میں آہستہ آواز سے قرأت کرنا واجب ہے (قاضی خاں وبہر وغیرہ) مسئلہ جو نفل نمازیں دن کو پڑھی جائیں ان میں آہستہ آواز سے قرأت کرنا چاہیے جو نفلیں رات کو پڑھی جائیں ان میں اختیار ہے (مراقی الفلاح) مسئلہ منفرد اگر فجر مغرب عشا کی قضا دن میں پڑھے تو ان میں بھی اسکو آہستہ آواز سے قرأت کرنا واجب ہے اگر رات کو قضا پڑھے تو اسے اختیار ہے مسئلہ اگر کوئی شخص مغرب کی یا عشا کی پہلی دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دوسری سورت ملانا بھول جائے تو اُسے تیسری چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دوسری سورت پڑھنا چاہئے اور ان رکعتوں میں بھی بلند آواز سے قرأت کرنا واجب ہے۔ اور اخیر میں سجدۂ سہو کرنا۔

## طریقہ نماز کے متعلق بعض مسائل

مسئلہ تکبیر تحریمہ کہنے سے پہلے دونوں ہاتھوں کو اٹھانا مردوں کو کانوں تک اور عورتوں کو شانوں تک سنت ہے عذر کی حالت میں مردوں کو بھی شانوں تک ہاتھ اٹھانے میں کچھ حرج نہیں مسئلہ بعد تکبیر تحریمہ کے فوراً ہاتھوں کا باندھ لینا

Marfat.com

مردوں کو ناف کے نیچے اور عورتوں کو سینے پر سنت ہے **مسئلہ** مردوں کو اسطرح ہاتھ باندھنا کہ داہنی ہتھیلی بائیں ہتھیلی پر رکھ لیں و داہنے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی سے بائیں کلائی کو پکڑ لینا اور بیچ کی انگلیاں بائیں کلائی پر بچھانا سنت ہے **مسئلہ** امام اور منفرد کو بعد سورۂ فاتحہ کے ختم ہونے کے آمین کہنا اور قرأت بلند آواز سے ہو تو سب مقتدیوں کو بھی آمین کہنا سنت ہے **مسئلہ** مردوں کو رکوع کی حالت میں اچھی طرح جھک جانا کہ پیٹھ اور سر اور سرین یہ سب برابر ہو جائیں سنت ہے (مراقی الفلاح وغیرہ) **مسئلہ** رکوع میں مردوں کو دونوں ہاتھوں کا پہلو سے جدا رکھنا سنت ہے۔ قومے میں امام کو صرف سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہنا اور مقتدی کو صرف رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ اور منفرد کو دونوں کہنا سنت ہے **مسئلہ** سجدہ کی حالت میں مردوں کو اپنے پیٹ کا زانوں سے اور کہنیوں کا پہلو سے علیحدہ رکھنا اور ہاتھوں کی باہوں کا زمین سے اٹھا ہوا رکھنا سنت ہے **مسئلہ** قعدہ اولی اور اخیر دونوں میں مردوں کو اسطرح بیٹھنا کہ داہنا پیر انگلیوں کے بل کھڑا ہو اور اسکی انگلیوں کا رخ قبلے کی طرف ہو اور بایاں پیر زمین پر بچھا ہو اور اسی پر بیٹھے ہوں اور دونوں ہاتھ زانوؤں پر ہوں انگلیوں کے سرے گھٹنوں کے قریب ہوں یہ سنت ہے **مسئلہ** امام کو سلام بلند آواز سے کہنا سنت ہے **مسئلہ** امام کو اپنے سلام میں اپنے تمام مقتدیوں کی نیت کرنا خواہ مرد ہوں یا عورت یا لڑکے ہوں اور ساتھ رہنے والے فرشتوں کی نیت کرنا اور مقتدیوں کو اپنے ساتھ نماز پڑھنے والوں کی اور ساتھ رہنے والے فرشتوں کی اور اگر امام داہنی طرف ہو تو داہنے سلام میں اور بائیں طرف ہو تو بائیں سلام میں اور محاذی ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی بھی نیت کرنا سنت ہے (مراقی الفلاح) **مسئلہ** تکبیر تحریمہ کہتے وقت مردوں کو اپنے ہاتھوں کا آستین یا چادر وغیرہ سے باہر نکال لینا بشرطیکہ کوئی عذر مثل سردی وغیرہ

ـسنت ہے (مراقی الفلاح)

# جماعت کا بیان

ـہ جماعت سے نماز پڑھنا واجب یا سنت موکدہ ہے اسلئے اسکا ذکر بھی نماز ـواجبات وسنن کے بعد اور مکروہات وغیرہ سے پہلے مناسب معلوم ہوا اور مسایل کے ـدہ اور قابل اہتمام ہونے کے سبب سے اسکے لئے علیحدہ عنوان قائم کیا گیا۔ جماعت ـسے کم دو آدمیوں کے ملکر نماز پڑھنے کو کہتے ہیں اس طرح کہ ایک شخص ان دو میں تابع ـاور دوسرا متبوع۔ متبوع کو امام اور تابع کو مقتدی کہتے ہیں **مسئلہ** امام کے سو ـآدمی کے شریک نماز ہوجانے سے جماعت ہوجاتی ہے خواہ وہ آدمی مرد ہو ـعورت غلام ہو یا آزاد بالغ ہو یا سمجھدار نابالغ بچہ ہاں جمعے وعیدین کی نماز میں کم ـسے کم امام کے سوا تین آدمیوں کے بغیر جماعت نہیں ہوتی (بحرالرائق ودرمختار رو ـشامی وغیرہ) **مسئلہ** جماعت کے ہونے میں یہ بھی ضروری نہیں کہ فرض نماز ـہو بلکہ اگر نفل بھی دو آدمی اسی طرح ایک دوسرے کے تابع ہوکر پڑھیں تو جماعت ہو ـجائیگی خواہ امام اور مقتدی دونوں نفل پڑھتے ہوں یا مقتدی نفل پڑھتا ہو (شامی ـوغیرہ) البتہ جماعت کی نفل کا عادی ہونا یا تین مقتدیوں سے زیادہ ہونا مکروہ ہے

# جماعت کی فضیلت اور تاکید

ـعت کی فضیلت اور تاکید میں صحیح احادیث اس کثرت سے وارد ہوئی ہیں کہ اگر سب ـجگہ جمع کی جائیں تو ایک بہت کافی حجم کا رسالہ تیار ہوسکتا ہے ان کے دیکھنے ـقطعاً یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جماعت نماز کی تکمیل میں ایک اعلیٰ درجے کی شرط ہے ـصلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی اسکو ترک نہیں فرمایا حتیٰ کہ حالت مرض میں جب

Marfat.com

آپ کو خود چلنے کی قوت نہ تھی دو آدمیوں کے سہارے سے مسجد تشریف لے گئے اور جماعت سے نماز پڑھی تارک جماعت پر آپ کو سخت غصہ آتا تھا اور ترک جماعت پر سخت سے سخت سزا دینے کو آپ کا جی چاہتا تھا۔ بے شبہ شریعت محمدیہ میں جماعت کا بہت بڑا اہتمام کیا گیا ہے اور ہونا بھی چاہئے تھا نماز جیسی عبادت کی شان بھی اسی کو چاہتی تھی کہ جس چیز سے اسکی تکمیل ہو وہ بھی تاکید کے اعلےٰ درجے پر پہنچا دی جائے۔ ہم اس مقام پر پہلے اس آیت کو لکھکر جس سے بعض مفسرین اور فقہا نے جماعت کو ثابت کیا ہے چند حدیثیں بیان کرتے ہیں **قولہ تعالیٰ** وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ ۝ نماز پڑھو نماز پڑھنے والوں کے ساتھ ملکر یعنی جماعت سے (معالم التنزیل۔ جلالین۔ خازن ابوسعود۔ مدارک۔ تفسیر کبیر وغیرہ) اس آیت میں حکم صریح جماعت سے نماز پڑھنے کا ہے مگر چونکہ رکوع کے معنی بعض مفسرین نے خضوع کے بھی لکھے ہیں لہذا فرضیت ثابت نہ ہوگی۔ **حدیث** (۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ جماعت کی نماز میں تنہا نماز سے ستائیس درجے زیادہ ثواب روایت کرتے ہیں۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم وغیرہ) **حدیث** (۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تنہا نماز پڑھنے سے ایک آدمی کے ساتھ نماز پڑھنا بہت بہتر ہے اور دو آدمیوں کے ساتھ اور بھی بہتر ہے اور جس قدر زیادہ جماعت ہو اسی قدر اللہ تعالےٰ کو پسند ہے (ابوداؤد وغیرہ) **حدیث** (۳) انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ راوی ہیں کہ بنی سلمہ کے لوگوں نے ارادہ کیا کہ اپنے قدیمی مکانات سے (چونکہ وہ مسجد نبوی سے دور تھے) اٹھکر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب آکر قیام کریں تب ان سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا تم اپنے قدموں میں جو زمین پر پڑتے ہیں ثواب نہیں سمجھتے (صحیح بخاری) **ف** معلوم ہوا کہ جو شخص جتنی دور سے چل کر مسجد میں آئے گا اسی قدر زیادہ ثواب ملے گا۔ **حدیث** (۴)

Marfat.com

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جتنا وقت نماز کے انتظار میں گذرتا ہی وہ سب نماز میں شمار ہوتا ہے۔ حدیث (۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز عشا کے وقت اپنے اُن اصحاب سے جو جماعت میں شریک تھے فرمایا کہ جو لوگ نماز پڑھ پڑھ کے سو رہے اور تمہارا وہ وقت جو انتظار میں گذرا سب نماز میں محسوب ہوا (صحیح بخاری) حدیث (۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بُریدہ اسلمی رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا بشارت دو اُن لوگوں کو جو اندھیری راتوں میں جماعت کیلئے مسجد جاتے ہیں اس بات کی کہ قیامت میں اُنکے لئے پوری روشنی ہوگی (ترمذی) حدیث (۷) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص عشا کی نماز جماعت سے پڑھے اسکو نصف شب کی عبادت کا ثواب ملیگا اور جو عشا اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھیگا اُسے پوری رات کی عبادت کا ثواب ملیگا (ترمذی) حدیث (۸) حضرت ابوہریرہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راوی ہیں کہ ایک روز آپ نے فرمایا کہ بیشک میرے دل میں یہ ارادہ ہوا کہ کسی کو حکم دوں کہ لکڑیاں جمع کرے پھر اذان کا حکم دوں اور کسی شخص سے کہوں کہ وہ امامت کرے اور میں اُن لوگوں کے گھروں پر جاؤں جو جماعت میں نہیں آتے اور اُن کے گھروں کو جلا دوں (بخاری و مسلم و ترمذی) حدیث (۹) ایک روایت میں ہے کہ اگر مجھے چھوٹے چھوٹے بچوں اور عورتوں کا خیال نہ ہوتا تو میں عشا کی نماز میں مشغول ہوتا اور خادموں کو حکم دیتا کہ اُن کے گھروں کے مال واسباب کو مع اُن کے جلادیں (مسلم) عشا کی تخصیص اس حدیث میں اس مصلحت سے معلوم ہوتی ہے کہ وہ سونے کا وقت ہوتا ہے اور غالباً تمام لوگ اسوقت گھروں میں ہوتے ہیں امام ترمذی اس حدیث کو لکھکر فرماتے ہیں کہ یہی مضمون ابن مسعود اور ابو درداء اور ابن عباس اور جابر رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے یہ سب لوگ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معزز اصحاب میں ہیں۔ حدیث (۱۰) ابو درداء رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کسی آبادی یا جنگل میں تین
مسلمان ہوں اور جماعت سے نماز نہ پڑھیں تو بیشک شیطان ان پر غالب ہو جائیگا پس
اے ابو درداؔ جماعت کو اپنے اوپر لازم سمجھ لو دیکھو بھیڑیا (شیطان)، اسی بکری (آدمی)
کو کھاتا (بہکاتا) ہے جو اپنے گلے (جماعت) سے الگ ہوگئی ہو (ابو داؤد) حدیث
(۱۱) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راوی ہیں کہ جو شخص اذان
سنکر جماعت میں نہ آئے اور اُسے کوئی عذر بھی نہو تو اُسکی وہ نماز جو تنہا پڑھی ہو قبول
نہو گی صحابہؓ نے پوچھا کہ وہ عذر کیا ہے حضرت نے فرمایا کہ خوف یا مرض (ابو داؤد) اس
حدیث میں خوف اور مرض کی تفصیل نہیں کی گئی بعض احادیث میں کچھ تفصیل بھی ہے
حدیث (۱۲) حضرت محجن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا کہ اتنے سے اذان ہوئی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نماز پڑھنے لگے اور میں اپنی جگہ پر جا کر بیٹھ گیا حضرت نے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا کہ اے
محجن تمنے جماعت سے نماز کیوں نہ پڑھی کیا تم مسلمان نہیں ہو میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مسلمان تو ہوں مگر میں اپنے گھر میں نماز پڑھ چکا تھا نبی صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب مسجد میں آؤ اور دیکھو کہ جماعت ہو رہی ہے تو لوگوں کے
ساتھ ملکر نماز پڑھ لیا کرو اگرچہ پڑھ چکے ہو (موطا امام مالک ونسائی) ذرا اس حدیث کو
غور سے دیکھو کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے برگزیدہ صحابی محجن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو
جماعت سے نماز نہ پڑھنے پر کیسی سخت اور عتاب آمیز بات کہی کہ کیا تم مسلمان نہیں ہو۔ چند
حدیثیں نمونے کے طور پر ذکر ہو چکیں آپ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے برگزیدہ اصحاب
رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اقوال سنیے کہ انہیں جماعت کا کس قدر اہتمام مدنظر تھا اور
ترک جماعت کو وہ کیسا سمجھتے تھے اور کیوں نہ سمجھتے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
اطاعت اور اُن کی مرضی کا اُن سے زیادہ کس کو خیال ہو سکتا ہے (اثر ۱) اسود کہتے

Marfat.com

ہیں کہ ایک دن ہم حضرت اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر تھے
کہ نماز کی پابندی اور اسکی فضیلت و تاکید کا ذکر نکلا اسپر حضرت عائشہ نے تائیداً نبی صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے مرضِ وفات کا قصہ بیان کیا کہ ایک دن نماز کا وقت آیا اور اذان ہوئی
تو آپ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ سے کہو نماز پڑھا دیں عرض کیا گیا کہ ابوبکرؓ ایک نہایت رقیق القلب
آدمی ہیں جب آپ کی جگہ پر کھڑے ہونگے تو بے طاقت ہو جائینگے اور نماز نہ پڑھا
سکیں گے آپ نے پھر وہی فرمایا پھر وہی جواب دیا گیا تب آپ نے فرمایا کہ تم ویسی باتیں
کرتی ہو جیسے یوسف علیہ السلام سے مصر کی عورتیں کرتی تھیں ابوبکرؓ سے کہو کہ نماز پڑھاویں
جبر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھانے کو نکلے اتنے میں نبی صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم کو مرض میں کچھ تخفیف معلوم ہوئی تو آپ دو آدمیوں کے سہارے سے نکلے میری
آنکھوں میں اب تک وہ حالت موجود ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قدم مبارک
زمین پر گھسٹتے ہوئے جاتے تھے یعنی اتنی قوت بھی نہ تھی کہ زمین سے پیر اٹھا سکیں
وہاں حضرت ابوبکرؓ نماز شروع کر چکے تھے چاہا کہ پیچھے ہٹ جائیں مگر نبی صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم نے منع فرمایا اور انہیں سے نماز پڑھوائی (صحیح بخاری) (اثر ۲) ایک دن حضرت
امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلیمان بن ابی حثمہ کو صبح کی نماز میں
نہ پایا تو اُن کے گھر گئے اور اِن کی ماں سے پوچھا کہ آج میں نے سلیمان کو
فجر کی نماز میں نہیں دیکھا انہوں نے کہا کہ وہ رات بھر نماز پڑھتے رہے اس وجہ سے اِس
وقت ان کو نیند آگئی تب حضرت فاروقؓ نے فرمایا کہ مجھے فجر کی نماز جماعت سے پڑھنا
زیادہ محبوب ہے بہ نسبت اسکے کہ تمام شب عبادت کروں (موطا امام مالک) شیخ عبدالحق
محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ صبح کی نماز باجماعت
پڑھنے میں تہجد سے بھی زیادہ ثواب ہے۔ اِس لئے علما نے لکھا ہے کہ اگر شب
بیداری نماز فجر میں مخل ہو تو ترک اُس کا اولیٰ ہے (اشعۃ اللمعات) (اثر ۳) حضرت

Marfat.com

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بیشک ہمنے آزما لیا اپنے کو اور صحابہؓ کو کہ ترک
جماعت نہیں کرتا مگر وہ منافق جس کا نفاق کھلا ہوا ہو یا بیمار مگر بیمار بھی تو دو آدمیوں کا
سہارا دیکر جماعت کیلئے حاضر ہوتے تھے بیشک نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں
ہدایت کی راہیں بتلائیں اور منجملہ اُنکے نماز ہے ان مسجدوں میں جہاں اذان ہوتی ہو یعنی
جماعت ہوتی ہو دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا جسے خواہش ہو کہ کل (قیامت میں)
اللہ تعالیٰ کے سامنے مسلمان جائے اُسے چاہئے کہ پنجوقتی نمازوں کی پابندی کرے اُن
مقامات میں جہاں اذان ہوتی ہو (یعنی جماعت سے نماز پڑھی جاتی ہو) بیشک اللہ تعالیٰ
نے تمہارے نبیؐ کیلئے ہدایت کے طریقے نکالے ہیں اور یہ نماز بھی انہیں طریقوں میں
سے ہے اگر تم اپنے گھروں میں نماز پڑھ لیا کروگے جیسے کہ منافق پڑھ لیتا ہے تو بیشک
تم سے چھوٹ جائیگی تمہارے نبی کی سنت اور اگر تم چھوڑ دوگے اپنے پیغمبر کی سنت
کو تو بے شبہ گمراہ ہو جاؤگے اور کوئی شخص اچھی طرح وضو کرکے نماز کیلئے مسجد نہیں جاتا
مگر اُسکے ہر قدم پر ایک ثواب ملتا ہے اور ایک نیکی عنایت ہوتی ہے اور ایک گناہ معاف
ہوتا ہے اور ہمنے دیکھ لیا کہ جماعت سے الگ نہیں رہتا مگر منافق ہم لوگوں کی حالت
تو یہ تھی کہ بیماری کی حالت میں دو آدمیوں پر تکیہ لگا کر جماعت کیلئے جاتے تھے اور صف
میں کھڑے کردئے جاتے تھے (مشکوٰۃ شریف) (اثر ۴) ایک مرتبہ ایک شخص مسجد سے
بعد اذان کے بے نماز پڑھے ہوئے چلا گیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا
کہ اس شخص نے ابوالقاسم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کی اور ان کے مقدس حکم
کو نہ مانا (مسلم شریف) دیکھو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تارک جماعت کو کیا کہا
کیا کسی مسلمان کو اب بھی بے عذر ترک جماعت کی جرأت ہوسکتی ہے کیا کسی ایماندار کو
حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی گوارا ہوسکتی ہے (اثر ۵) حضرت ام
درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

ہے پاس اس حال میں آئے کہ نہایت غضبناک تھے میں نے پوچھا کہ اسوقت آپکو
یوں غصہ آیا کہنے لگے اللہ کی قسم میں محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں اب کوئی بات
ہیں دیکھتا مگر یہ کہ وہ جماعت سے نماز پڑھ لیتے ہیں یعنی اب اسکو بھی چھوڑنے لگے
صحیح بخاری)، (اثر ۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہت اصحاب سے مروی ہے
انہوں نے فرمایا کہ جو کوئی اذان سُنکر جماعت میں نہ جائے اُسکی نماز ہی نہوگی یہ لکھکر
ام ترمذی لکھتے ہیں کہ بعض اہل علم نے کہا ہے کہ حکم تاکیدی ہے مقصود یہ ہے کہ
ے عذر ترک جماعت جایز نہیں (جامع ترمذی)، (اثر ۷) مجاہد نے ابن عباس رض سے
چھا کہ جو شخص تمام دن روزے رکھتا ہوا ور رات بھر نمازیں پڑھتا ہو مگر جمعے اور جماعت
ں نہ شریک ہوتا ہو اُسے آپ کیا کہتے ہیں فرمایا کہ دوزخ میں جائے گا (ترمذی)
ام ترمذی اس حدیث کا مطلب یہ بیان فرماتے ہیں کہ جمعہ وجماعت کا مرتبہ کم سمجھکر
ک کرے تب یہ حکم کیا جائیگا لیکن اگر دوزخ میں جانے سے مراد تھوڑے
ن کیلئے جان لیا جائے تو اس تاویل کی کچھ ضرورت نہوگی (اثر ۸) سلف صالحین
یہ دستور تھا کہ جسکی جماعت ترک ہو جاتی سات دن تک اُسکی ماتم پُرسی کرتے۔
حیاء العلوم) صحابہ کے اقوال بھی تھوڑے سے بیان ہو چکے جو درحقیقت نبی صلی اللہ
لیہ وآلہ وسلم کے اقوال ہیں اب ذرا علمائے امت اور مجتہدین ملت کو دیکھیے
ان کا جماعت کی طرف کیا خیال ہے اور ان احادیث کا مطلب انہوں نے کیا
مجھا ہے (۱) ظاہریہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے بعض مقلدین کا مذہب ہے کہ جماعت
از کے صحیح ہونیکی شرط ہے بغیر اُسکے نماز نہیں ہوتی (۲) امام احمد کا صحیح مذہب یہ ہے کہ
ماعت فرض عین ہے اگرچہ نماز کے صحیح ہونے کی شرط نہیں امام شافعی کے بعض مقلدین
کا بھی یہی مذہب ہے (۳) امام شافعی کے بعض مقلدین کا یہ مذہب ہے کہ جماعت فرض
کفایہ ہے امام طحاوی جو حنفیہ میں ایک بڑے درجے کے فقیہ اور محدث ہیں

Marfat.com

اُن کا بھی یہی مذہب ہے (۴) اکثر محققین حنفیہ کے نزدیک جماعت واجب ہے محقق ابن ہمام اور حلبی اور صاحب بحر الرائق وغیرہ ہم اسی طرف ہیں (۵) اکثر حنفیہ کے نزدیک جماعت سنت مؤکدہ ہے مگر واجب کے حکم میں اور درحقیقت حنفیہ کے ان دونوں قولوں میں کچھ مخالفت نہیں (۶) ہمارے فقہا لکھتے ہیں کہ اگر کسی شہر میں لوگ جماعت چھوڑ دیں اور کہنے سے بھی نہ مانیں تو ان سے لڑنا حلال ہے۔ (بحر الرائق وغیرہ) (۷) قنیہ وغیرہ میں ہے کہ بے عذر تارک جماعت کو سزا دینا امام وقت پر واجب ہے اور اُسکے پڑوسی اگر اُسکے اس فعل قبیح پر کچھ نہ بولیں تو گنہگار ہوں گے (بحر الرائق وغیرہ) (۸) اگر مسجد جانیکے لئے اقامت سننے کا انتظار کرے تو گنہگار ہوگا (بحر الرائق وغیرہ) یہ اسلئے کہ اگر اقامت سُنکر چلا کرینگے تو ایک دو رکعت یا پوری جماعت چلے جانے کا خوف ہے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ جمعے اور جماعت کیلئے تیز قدم جانا درست ہے بشرطیکہ زیادہ تکلیف نہو (۹) تارک جماعت ضرور گنہگار ہے اور اُسکی گواہی قبول نہ کیجائے بشرطیکہ اُسنے بے عذر صرف سہل انگاری سے جماعت چھوڑی ہو (بحر الرائق وغیرہ) (۱۰) اگر کوئی شخص دینی مسائل کے پڑھنے پڑھانے میں دن رات مشغول رہتا ہو اور جماعت میں حاضر نہوتا ہو تو معذور نہ سمجھا جائیگا اور اُس کی گواہی مقبول نہوگی (بحر الرائق وغیرہ)

## جماعت کی حکمتیں اور فائدے

اس بارے میں حضرات علماء رحمہم اللہ تعالیٰ نے بہت کچھ بیان کیا ہے مگر جہانتک میری نظر قاصر پہنچی ہے حضرت شاہ مولانا ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بہتر جامع اور لطیف تقریر کسی کی نہیں اگرچہ زیادہ لطف یہی تھا کہ اُنہیں کی پاکیزہ عبارت کے وہ مضامین سُنے جائیں مگر بوجہ اختصار کے ہم حضرت موصوف

Marfat.com

کے کلام کا خلاصہ یہاں درج کرتا ہوں وہ فرماتے ہیں (۱) کوئی چیز اس سے زیادہ سود مند نہیں کہ کوئی عبادت رسم عام کردی جائے یہانتک کہ وہ عبادت ایک ضروری عبادت ہو جائے کہ اُس کا چھوڑنا ترک عادت کی طرح ناممکن ہو جائے اور کوئی عبادت نماز سے زیادہ شاندار نہیں کہ اسکے ساتھ یہ خاص اہتمام کیا جائے (۲) مذہب میں ہر قسم کے لوگ ہوتے ہیں جاہل بھی عالم بھی لہذا یہ بڑی مصلحت کی بات ہے کہ سب لوگ جمع ہو کر ایک دوسرے کے سامنے اس عبادت کو ادا کریں اگر کسی سے کچھ غلطی ہو جائے تو دوسرا اُسے تعلیم کردے گویا اللہ تعالیٰ کی عبادت ایک زیور ہوئی کہ تمام پرکھنے والے اُسے دیکھتے ہیں جو خرابی اس میں ہوتی ہے بتلادیتے ہیں اور جو عمدگی ہوتی ہے اسے پسند کرتے ہیں پس یہ ایک عمدہ ذریعہ نماز کی تکمیل کا ہوگا (۳) جو لوگ بے نمازی ہونگے اُن کا حال بھی اس سے کھلجائیگا اور اُنکے وعظ و نصیحت کا موقع ملیگا (۴) چند مسلمانوں کا ملکر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا اور اس سے دعا مانگنا ایک عجیب خاصیت رکھتا ہے نزول رحمت اور قبولیت کیلئے (۵) اس اُمت سے اللہ تعالیٰ کا یہ مقصود ہے کہ اُس کا کلمہ بلند اور کلمہ کفر پست ہو اور زمین پر کوئی مذہب اسلام سے غالب نہ رہے اور یہ بات جب ہی ہو سکتی ہے کہ یہ طریقہ مقرر کیا جائے کہ تمام مسلمان عام اور خاص مسافر اور مقیم چھوٹے بڑے اپنے کسی بڑی اور مشہور عبادت کیلئے جمع ہوا کریں اور شان و شوکت اسلام کی ظاہر کریں انہیں سب مصالح سے شریعت کی پوری توجہ جماعت کی طرف مصروف ہوگئی اور اسکی ترغیب دیگئی اور اُسکے چھوڑنے کی سخت ممانعت کی گئی (حجۃ اللہ البالغۃ) (۶) جماعت میں یہ فائدہ بھی ہے کہ تمام مسلمانوں کو ایک دوسرے کے حال پر اطلاع ہوتی رہیگی اور ایکدوسرے کی درد و مصیبت میں شریک ہو سکیگا جس سے دینی اخوت اور ایمانی محبت کا پورا اظہار و استحکام ہوگا جو اس شریعت کا ایک بڑا مقصود ہے اور جس کی تاکید و فضیلت جابجا قرآن عظیم اور احادیث نبی کریم (علیہ الصلوٰۃ والتسلیم) میں بیان فرمائی گئی ہے افسوس ہمارے زمانے میں ترک جماعت ایک عام عادت ہوگئی ہے

Marfat.com

جاہلوں کا کیا ذکر ہم بعضے لکھے پڑھے لوگوں کو اس بلا میں مبتلا دیکھ رہے ہیں افسوس
یہ لوگ احادیث پڑھتے ہیں اور ان کے معنی سمجھتے ہیں مگر جماعت کی سخت تاکیدیں اُن
کے پتھر سے زیادہ سخت دلوں پر کچھ اثر نہیں کرتیں قیامت میں جب قاضی روزِ جزا کے
سامنے سب سے پہلے نماز کے مقدمات پیش ہونگے اور اسکے نہ ادا کرنے والے یا ادا میں
کمی کرنے والوں سے باز پُرس شروع ہوگا یہ لوگ کیا جواب دینگے۔

## جماعت کے واجب ہونیکی شرطیں

(۱) اسلام۔ کافر پر جماعت واجب نہیں (۲) مرد ہونا۔ عورتوں پر جماعت واجب
نہیں (بحر الرائق و دُر مختار وغیرہ) (۳) بالغ ہونا نابالغ بچو پر جماعت واجب نہیں
(۴) عاقل ہونا مست۔ بیہوش۔ دیوانے پر جماعت واجب نہیں (۵) آزاد
ہونا۔ غلام پر جماعت واجب نہیں (بحر الرائق و دُر مختار وغیرہ) (۶) تمام عذروں
سے خالی ہونا۔ اِن عذروں کی حالت میں جماعت واجب نہیں مگر ادا کرے تو بہتر
ہے نہ ادا کرنے میں ثواب جماعت سے محروم رہیگا (شامی) ترک جماعت کے عذر
پندرہ ہیں (۱) لباس بقدر ستر عورت کے نہ پایا جانا (۲) مسجد کے راستے میں سخت
کیچڑ ہو کہ چلنا سخت دشوار ہو۔ امام ابو یوسف نے حضرت امام اعظمؒ سے پوچھا کہ
کیچڑ وغیرہ کی حالت میں جماعت کیلئے آپ کیا حکم دیتے ہیں فرمایا کہ جماعت کا چھوڑنا
مجھے پسند نہیں (۳) پانی بہت زور سے برستا ہو ایسی حالت میں امام محمد نے موطا
میں لکھا ہے کہ اگرچہ نہ جانا جایز ہے مگر بہتر یہی ہے کہ جماعت سے جا کر نماز پڑھے
(۴) سردی سخت ہو ناکہ باہر نکلنے میں یا مسجد تک جانے میں کسی بیماری کے پیدا
ہو جانے کا یا بڑھ جانے کا خوف ہو (۵) مسجد جانے میں مال و اسباب کے چوری
ہو جانیکا خوف ہو (۶) مسجد جانے میں کسی دشمن کے مل جانے کا خوف ہو

Marfat.com

(۷) مسجد جانے میں کسی قرض خواہ کے ملنے کا اور اُس سے تکلیف پہنچنے کا خوف ہو۔ بشرطیکہ اُس کے قرض کے ادا کرنے پر قادر نہو اور اگر قادر ہو تو وہ ظالم سمجھا جاویگا اور اُس کو ترک جماعت کی اجازت نہو گی (شامی) (۸) اندھیری رات ہو کہ راستہ نہ دکھلائی دیتا ہو (شامی) لیکن اگر روشنی کا سامان خدا نے دیا ہو تو جماعت نہ چھوڑنا چاہیئے (۹) رات کا وقت ہو اور آندھی بہت سخت چلتی ہو (۱۰) کسی مریض کی تیمارداری کرنا ہو کہ اُسکے جماعت میں چلے جانے سے اس مریض کے تکلیف یا وحشت کا خوف ہو (۱۱) کھانا تیار ہو یا تیاری کے قریب اور بھوک ایسی لگی ہو کہ نماز میں جی نہ لگنے کا خوف ہو (۱۲) پیشاب یا پائخانہ زور کا معلوم ہوتا ہو (۱۳) سفر کا ارادہ رکھتا ہو اور خوف ہو کہ جماعت سے نماز پڑھنے میں دیر ہو جائیگی اور قافلہ نکل جائیگا (شامی) ریل کا مسئلہ بھی اسی پر قیاس کیا جاسکتا ہے مگر فرق اسقدر ہے کہ وہاں ایک قافلے کے بعد دوسرا قافلہ بہت دنوں میں ملتا ہے اور یہاں ریل ایک دن میں کئی بار جاتی ہے اگر ایک وقت کی ریل نہ ملے تو دوسرے وقت جاسکتا ہے ہاں اگر کوئی ایسا ہی سخت حرج ہوتا ہو تو مضائقہ نہیں ہماری شریعت سے حرج اٹھا دیا گیا ہے (۱۴) کوئی ایسی بیماری ہو جسکی وجہ سے چل پھر نہ سکے یا نابینا ہو یا لنجا ہو یا کوئی پیر کٹا ہوا ہو (بحر الرائق و ردّ المحتار وغیرہ) لیکن جو نابینا بے تکلف مسجد تک پہنچ سکے اُس کو ترک جماعت نہ چاہیئے۔

## جماعت کے صحیح ہونے کی شرطیں

(شرط ۱) مقتدی کو نماز کی نیت کے ساتھ امام کے اقتدا کی بھی نیت کرنا یعنی یہ ارادہ دل میں کرنا کہ میں اس امام کے پیچھے فلاں نماز پڑھتا ہوں۔ نیت کا بیان تفصیل اوپر ہو چکا ہے (شرط ۲) امام اور مقتدی دونوں کے مکان کا متحد ہونا

Marfat.com

خواہ حقیقۃً متحد ہوں جیسے دونوں ایک ہی مسجد یا ایک ہی گھر میں کھڑے ہوں یا حکماً متحد ہوں کسی دریا کے پل پر جماعت قایم کی جائے اور امام پل کے اُس پار ہو مگر درمیان میں برابر صفیں کھڑی ہوں تو اس صورت میں اگرچہ امام کے اور اُن مقتدیوں کے درمیان میں جو پل کے اُس پار ہیں دریا حایل ہے اور اس وجہ سے دونوں کا مکان حقیقۃً متحد نہیں مگر چونکہ درمیان میں برابر صفیں کھڑی ہوئی ہیں اسلئے دونوں کا مکان حکماً متحد سمجھا جائیگا اور اقتدا صحیح ہو جائیگی مسئلہ اگر مقتدی کسی چھت پر کھڑا ہو اور امام مسجد کے اندر تو درست ہے اسلئے کہ مسجد کی چھت مسجد کے حکم میں ہے اور یہ دونوں مقام حکماً متحد سمجھے جائینگے۔ اسی طرح اگر کسی کی چھت مسجد سے متصل ہو اور درمیان میں کوئی چیز حایل نہو تو وہ بھی حکماً مسجد سے متحد سمجھی جائیگی اور اسکے اوپر کھڑے ہو کر اس امام کی اقتدا کرنا جو مسجد میں نماز پڑھ رہا ہی درست ہے (رد المحتار وغیرہ) مسئلہ اگر مسجد بہت بڑی ہو اور اسی طرح اگر گھر بہت بڑا یا جنگل ہو اور امام اور مقتدی کے درمیان اتنا خالی میدان ہو کہ جس میں دو صفیں ہو سکیں تو یہ دونوں مقام یعنی جہاں مقتدی کھڑا ہے اور جہاں امام ہی مختلف سمجھے جائینگے اور اقتدا درست نہوگی (دُر مختار وغیرہ) مسئلہ اسیطرح اگر امام مقتدی کے درمیان کوئی نہر ہو جس میں ناؤ وغیرہ چل سکے یا کوئی اتنا بڑا حوض ہو جسکی طہارت کا حکم شریعت نے دیا ہو یا کوئی عام رہگذر ہو جس سے بیل گاڑی وغیرہ نکل سکے اور درمیان میں صفیں نہوں تو وہ دونوں متحد نہ سمجھے جائیں گے اور اقتدا درست نہوگی (در مختار وغیرہ) مسئلہ اسی طرح اگر دو صفوں کے درمیان میں کوئی ایسی نہر یا ایسا رہگذر واقع ہو جائے تو اس صف کی اقتدا درست نہوگی جو ان چیزوں کے اس پار ہے (رد المحتار وغیرہ) مسئلہ پیادے کی اقتدا سوار کے پیچھے یا ایک سوار کی دوسرے سوار کے پیچھے صحیح نہیں اس لئے کہ دونوں کے مکان متحد نہیں ہاں اگر ایک ہی سواری پر دونوں سوار ہوں تو درست ہے (رد المحتار وغیرہ) شرط ۳ مقتدی اور

Marfat.com

امام دونوں کی نماز کا مغایر نہ ہونا اگر مقتدی کی نماز امام کی نماز سے مغایر ہوگی تو اقتدا درست نہ ہوگی (مراقی الفلاح و درمختار وغیرہ) مثلاً امام ظہر کی پڑھتا ہو اور مقتدی عصر کی نماز کی نیت کرے یا امام کل کی ظہر کی قضا پڑھتا ہو اور مقتدی آج کے ظہر کی ہاں اگر دونوں کل کے ظہر کی قضا پڑھتے ہوں یا دونوں آج ہی کے ظہر کی قضا پڑھتے ہوں تو درست ہے (شامی) البتہ امام اگر فرض پڑھتا ہو اور مقتدی نفل تو اقتدا صحیح ہے اسلئے کہ امام کی نماز قوی ہے مسئلہ مقتدی اگر تراویح پڑھنا چاہے اور امام نفل پڑھتا ہو تب بھی اقتدا نہ ہوگی (درمختار وغیرہ) کیونکہ امام کی نماز ضعیف ہے (شرط ۴) امام کی نماز کا صحیح ہونا اگر امام کی نماز فاسد ہوگی تو سب مقتدیوں کی نماز بھی فاسد ہو جائیگی خواہ یہ فساد نماز ختم ہونے سے پہلے معلوم ہو جائے یا بعد ختم ہونیکے مثل اسکے کہ امام کے کپڑوں میں نجاست غلیظہ ایک درہم سے زیادہ تھی اور بعد نماز ختم ہونیکے یا اثنائے نماز میں معلوم ہوئی یا امام کو وضو نہ تھا اور بعد نماز کے یا اثنائے نماز میں اسکو خیال آیا (درمختار وغیرہ) مسئلہ امام کی نماز اگر کسی وجہ سے فاسد ہو گئی ہو اور مقتدیوں کو نہ معلوم ہو تو امام پر ضروری ہے کہ اپنے تمام مقتدیوں کو حتی الامکان اسکی اطلاع کر دے تاکہ وہ لوگ اپنی نمازوں کا اعادہ کریں خواہ آدمی کے ذریعے سے اطلاع کی جائے یا خط کے ذریعے سے (درمختار و ردالمحتار وغیرہ) **شرط ۵** مقتدی کا امام سے آگے نہ کھڑا ہونا خواہ برابر کھڑا ہو یا پیچھے۔ اگر مقتدی امام سے آگے کھڑا ہو تو اس کی اقتدا درست نہ ہوگی امام سے آگے کھڑا ہونا اسوقت سمجھا جائے گا کہ جب مقتدی کی ایڑی امام کی ایڑی سے آگے ہو جائے اگر ایڑی آگے ہو جائے اگر ایڑی آگے نہو اور انگلیاں آگے بڑھ جائیں خواہ پیر کے بڑے ہونیکے سبب سے یا انگلیوں کے لمبے ہونے کی وجہ سے تو یہ آگے کھڑا ہونا نہ سمجھا جائے گا اور اقتدا درست ہو جائے گی (درمختار و ردالمحتار وغیرہ) (شرط ۶) مقتدی کو امام کے انتقالات کا مثل رکوع قومہ سجدہ اور قعدہ کے

Marfat.com

وغیرہ کا علم ہونا خواہ امام کو دیکھکر یا اُس کی یا کسی مکبّر (تکبیر کہنے والے) کی آواز سُنکر یا کسی مقتدی کو دیکھکر۔ اگر مقتدی کو امام کے انتقالات کا علم نہو خواہ کسی چیز کے حائل ہونیکے سبب سے یا اور کسی وجہ سے تو اقتدا صحیح نہوگی اور اگر کوئی حایل مثل پردے یا دیوار وغیرہ کے ہو مگر امام کے انتقالات معلوم ہوتے ہوں تو اقتدا درست ہے (دُرّ مختار و رد المحتار وغیرہ) (شرط ۷) مقتدی کو امام کے حال کا معلوم ہونا کہ وہ مسافر ہے یا مقیم خواہ نماز سے پہلے معلوم ہو جائے یا نماز سے فارغ ہونے کے بعد فوراً اور جاننا چاہیئے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اگر امام کا مسافر یا مقیم ہونا معلوم نہو تو نماز نہوگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ جہاں قرائن سے اسکے مقیم ہونیکا شبہ ہو اور وہ نماز پڑھا دے مسافر کی سی مثلاً دو رکعت پر سلام پھیر دے یا قرائن سے اُسکے مسافر ہونے کا شبہ ہو اور نماز پڑھا دے مقیم کی سی جبکہ اُسکی یا اُسکے مقتدیوں کی نماز فاسد ہونے کا شبہہ ہو مثلاً وہ دو رکعت پر نہ بیٹھا تو مسافر ہونے کی صورت میں اُسکی نماز باطل ہو جاویگی یا باوجود بیٹھنے کے اُس نے چاروں رکعتیں پڑھا دیں اور یہ مقتدی مقیم ہے تو امام کے مسافر ہونے کی صورت میں اس مقتدی کی نماز فاسد ہو جاوے گی پس ایسی صورتوں میں جب شبہہ ہو جاوے تو بعد نماز تحقیق واجب ہے پھر اگر فساد صلوٰۃ ثابت ہو تو اس کا تدارک کرے یہ مطلب ہے شرط ہونیکا اور قرائن کی ایسی مثال ہے کہ مثلاً امام چار رکعت والی نماز کو دو رکعت پڑھکر ختم کر دے اور شہر یا گاؤں کے اندر ہو اور اگر شہر یا گاؤں سے باہر ہو تو ایسی حالت میں ظاہر یہ ہے کہ وہ مسافر ہوگا اور چار رکعت کو دو رکعت اُس نے قصر کر کے پڑھا ہوگا نہ سہو کے سبب سے اسی طرح اگر چار رکعت والی نہو یا پوری رکعتیں پڑھے یا قرائن سے مسافر ہونا معلوم نہو جیسا کہ کھی گذرا (دُرّ مختار و رد المحتار وغیرہ) پس اگر امام چار رکعت نماز کو دو رکعت پر ختم کر دے اور مقتدی کو اُسکے مقیم یا مسافر ہونیکا علم نہو اور قراین سے مسافر معلوم نہو تو اُس

کو احتمال ہوگا کہ امام نے دو رکعت سہو کے سبب سے پڑھی ہیں یا مسافر ہے اور قصر کیا ہے اس صورت میں تحقیق واجب ہوگی تاکہ اگر غلطی ظاہر ہو تو اسکا تدارک کرلیا جاوے (شرط ۸) مقتدی کو تمام ارکان میں سوا قرأت کے امام کا شریک رہنا خواہ امام کے ساتھ ادا کرے یا اُسکے بعد یا اُس سے پہلے بشرطیکہ اُسی رکن کے اخیر تک امام اُسکا شریک ہوجائے پہلی صورت کی مثال۔ امام کے ساتھ ہی رکوع سجدہ وغیرہ کرے۔ دوسری صورت کی مثال امام رکوع کرکے کھڑا ہوجائے اسکے بعد مقتدی رکوع کرے تیسری صورت کی مثال۔ امام سے پہلے رکوع کرے مگر رکوع میں اتنی دیر تک رہے کہ امام کا رکوع اس سے مل جائے (ردالمحتار) مسئلہ اگر کسی رکن میں امام کی شرکت نہ کی جائے مثلاً امام رکوع کرے اور مقتدی رکوع نہ کرے یا امام دو سجدے کرے اور مقتدی ایک ہی سجدہ کرے یا کسی رکن کی ابتدا امام سے پہلے کی جائے اور آخر تک امام اُس میں شریک نہو مثلاً مقتدی امام سے پہلے رکوع میں جائے اور قبل اسکے کہ امام رکوع کرے کھڑا ہوجائے ان دونوں صورتوں میں اقتدا درست نہوگی (شرط ۹) مقتدی کی حالت کا امام سے کم یا برابر ہونا یا زیادہ ہونا مثال (۱) قیام کرنے والے کی اقتدا قیام سے عاجز کے پیچھے درست ہے شرع میں معذور کا قعود بمنزلۂ قیام کے ہے (۲) تیمم کرنیوالے کے پیچھے خواہ وضو کا ہو یا غسل کا وضو اور غسل کرنیوالے کی اقتدا درست ہے اسلئے کہ تیمم اور وضو اور غسل کا حکم طہارت میں یکساں ہے کوئی کسی سے کم زیادہ نہیں (۳) مسح کرنے والے کے پیچھے خواہ موزوں پر کرتا ہو یا پٹی پر دھونے والے کی اقتدا درست ہے اسلئے کہ مسح کرنا اور دھونا دونوں ایک درجے کی طہارت ہیں کسی کو کسی پر فوقیت نہیں (۴) معذور کی اقتدا معذور کے پیچھے درست ہے بشرطیکہ دونو ایک ہی عذر میں مبتلا ہوں مثلاً دونوں کو سلس البول ہو یا دونوں کو خروج ریح کا

Marfat.com

مرض ہو (۵) اُمی کی اقتدا اُمی کے پیچھے درست ہے بشرطیکہ مقتدیوں میں کوئی قاری نہو (۶) عورت یا نابالغ کی اقتدا بالغ مرد کے پیچھے درست ہے (۷) عورت کی اقتدا عورت کے پیچھے درست ہے (۸) نابالغ عورت یا نابالغ مرد کی اقتدا نابالغ مرد کے پیچھے درست ہے (۹) نفل پڑھنے والے کی اقتدا واجب پڑھنے والے کے پیچھے درست ہے مثلاً کوئی شخص ظہر کی نماز پڑھ چکا ہو اور وہ کسی ظہر کی نماز پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھے یا عید کی نماز پڑھ چکا ہو اور وہ دوبارہ پھر نماز میں شریک ہوجائے (۱۰) نفل پڑھنے والے کی اقتدا نفل پڑھنے والے کے پیچھے درست ہے (۱۱) قسم کی نماز پڑھنے والے کی اقتدا نفل پڑھنے والے کے پیچھے درست ہے اسلئے کہ قسم کی نماز بھی فی نفسہ نفل ہے یعنی ایک شخص نے قسم کھائی کہ میں دو رکعت نماز پڑھونگا اور پھر کسی متنفل کے پیچھے اس نے دو رکعت پڑھ لی تو نماز ہوجائے گی اور قسم پوری ہوجاوے گی (۱۲) نذر کی نماز پڑھنے والے کی اقتدا نذر کی نماز پڑھنے والے کے پیچھے درست ہے بشرطیکہ دونوں کی نذر ایک ہو مثلاً ایک شخص کی نذر کے بعد دوسرا شخص کہے کہ میں نے بھی اس چیز کی نذر کی جسکی فلاں شخص نے نذر کی ہے حاصل یہ کہ جب مقتدی امام سے کم یا برابر ہوگا تو اقتدا درست ہوجائیگی اب ہم وہ صورتیں لکھتے ہیں جن میں مقتدی امام سے زیادہ ہے خواہ یقیناً یا احتمالاً اور اقتدا درست نہیں (۱) بالغ کی اقتدا خواہ مرد ہو یا عورت نابالغ کے پیچھے درست نہیں (۲) مرد کی اقتدا خواہ بالغ ہو یا نابالغ عورت کے پیچھے درست نہیں (۳) خنثیٰ کی خنثیٰ کے پیچھے درست نہیں۔ خنثیٰ اُسکو کہتے ہیں جس میں مرد اور عورت ہونے کے علامات ایسی متعارض ہوں کہ نہ اُسکا مرد ہونا تحقیق ہو نہ عورت ہونا اور ایسی مخلوق شاذ و نادر ہوتی ہے (۴) جس عورت کو اپنے حیض کا زمانہ یاد نہو اُس کی اقتدا

Marfat.com

اُسی قسم کی عورت کے پیچھے اِن دونوں صورتوں میں مقتدی کا امام سے زیادہ ہونا محتمل ہے اسلئے اقتدا جایز نہیں کیونکہ پہلی صورت میں جو خنثیٰ امام ہے شاید عورت ہو اور جو خنثیٰ مقتدی ہے شاید مرد ہو اسی طرح دوسری صورت میں جو عورت امام ہے شاید یہ زمانہ اُسکے حیض کا ہو اور جو مقتدی ہے اس کی طہارت کا (۵) خنثیٰ کی اقتدا عورت کے پیچھے درست نہیں اس خیال سے کہ شاید وہ خنثیٰ مرد ہو (۶) ہوش و حواس والے کی اقتدا مجنون مست بیہوش بے عقل کے پیچھے درست نہیں (۷) طاہر کی اقتدا معذور کے پیچھے مثل اس شخص کے جس کو سلس البول وغیرہ کی شکایت ہو درست نہیں (۸) ایک عذر والے کی اقتداد و عذر والے کے پیچھے درست نہیں مثلاً کسیکو صرف خروج ریح کا مرض ہو وہ ایسے شخص کی اقتدا کرے جس کو خروج اور سلس البول دو بیماریاں ہوں (۹) ایک طرح کے عذر والے کی اقتدا دوسرے طرح کے عذر والے کے پیچھے درست نہیں۔ مثلاً سلس البول والا ایسے شخص کی اقتدا کرے جس کو نکسیر بہنے کی شکایت ہو (۱۰) قاری کی اقتدا امّی کے پیچھے درست نہیں اور قاری وہ کہلاتا ہے جس کو اتنا قرآن صحیح یاد ہو جس سے نماز ہوجاتی ہے اور اُمّی وہ جسکو اتنا بھی یاد نہ ہو (۱۱) اُمّی کی اقتدا امّی کے پیچھے جبکہ مقتدیوں میں کوئی قاری موجود ہو درست نہیں کیونکہ اس صورت میں اس امام اُمّی کی نماز فاسد ہوجائیگی اس لئے کہ ممکن تھا کہ وہ اس قاری کو امام کر دیتا اور اس کی قرأت سب مقتدیوں کی طرف سے کافی ہوجاتی اور جب امام کی نماز فاسد ہوگئی تو سب مقتدیوں کی نماز فاسد ہوجائے گی جن میں وہ امی مقتدی بھی ہے (۱۲) اُمّی کی اقتدا گونگے کے پیچھے درست نہیں اسلئے کہ اُمّی اگرچہ بالفعل قرأت نہیں کرسکتا مگر قادر تو ہے اسوجہ سے کہ وہ قرأت سیکھ سکتا ہے گونگے میں تو یہ قدرت بھی نہیں (۱۳) جس شخص کا جسم جس قدر ڈھانکنا فرض ہے چھپا

Marfat.com

ہوا ہو اسکی اقتدا ایسے کے پیچھے درست نہیں (۱۴) رکوع سجود کرنیوالے کی اقتدا ان دونوں سے عاجز کے پیچھے۔ اگر کوئی شخص صرف سجدے سے عاجز ہو اُس کے پیچھے بھی اقتدا درست نہیں (۱۶) نذر کی نماز پڑھنے والے کی اقتدا نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے درست نہیں اسلئے کہ نذر کی نماز واجب ہے (۱۷) نذر کی نماز پڑھنے والے کی اقتدا قسم کی نماز پڑھنے والے کے پیچھے درست نہیں مثلاً اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں آج چار رکعت پڑھونگا اور کسی نے نذر کی تو وہ نذر کرنیوالا اگر اسکے پیچھے نماز پڑھے تو درست نہ ہوگی اسلئے کہ نذر کی نماز واجب ہے اور قسم کی نفل کیونکہ قسم کی نماز میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کفارہ دیدے وہ نماز نہ پڑھے (۱۸) جس شخص سے صاف حروف نہ ادا ہو سکتے ہوں مثلاً سین کو ثے یا رے کو غین پڑھتا ہو یا کسی اور حرف میں ایسا ہی تبدل تغیر ہوتا ہو تو اُسکے پیچھے صاف اور صحیح پڑھنے والے کی نماز درست نہیں ہاں اگر پوری قرأت میں ایک آدھ حرف ایسا واقع ہو جائے تو اقتدا صحیح ہو جائیگی (دُرّ مختار و رد المحتار وغیرہ) (شرط ۱۰) امام کا واجب الانفراد نہ ہونا یعنی ایسے شخص کے پیچھے اقتدا درست نہیں جسکا اُسوقت منفرد رہنا ضروری ہے جیسے مسبوق کہ اُسکو امام کی نماز ختم ہو جانیکے بعد اپنی چھوٹی ہوئی رکعتوں کا تنہا پڑھنا ضروری ہے پس اگر کوئی شخص کسی مسبوق کی اقتدا کرے تو درست نہ ہوگی (در مختار وغیرہ) (شرط ۱۱) امام کو کسی کا مقتدی نہ ہونا یعنی ایسے شخص کو امام نہ بنانا چاہئے جو خود کسی کا مقتدی ہو خواہ حقیقتہً جیسے مدرک یا حکماً جیسے لاحق۔ لاحق اپنی ان رکعتوں میں جو امام کے ساتھ اسکو نہیں ملیں مقتدی کا حکم رکھتا ہے لہذا اگر کوئی شخص کسی مدرک یا لاحق کی اقتدا کرے تو درست نہیں اسی طرح مسبوق اگر لاحق کی یا لاحق مسبوق کی اقتدا کرے تب بھی درست نہیں (رد المحتار) یہ گیارہ شرطیں جو ہمنے جماعت کے صحیح ہو

Marfat.com

کی بیان کیں اگر ان میں سے کوئی شرط کسی مقتدی میں نہ پائی جائے گی تو اس کی اقتدا صحیح نہ ہوگی۔ اور جب کسی مقتدی کی اقتدا صحیح نہ ہوگی تو اس کی وہ نماز بھی نہ ہوگی جسکو اس نے بحالت اقتدا ادا کیا ہے (دُرِّ مختار وغیرہ)

## جماعت کے احکام

مسئلہ جماعت جمعے اور عیدین کی نمازوں میں شرط ہے یعنی یہ نمازیں تنہا صحیح ہی نہیں ہوتیں (بحر الرائق و دُرِّ مختار وغیرہ) پنجوقتی نمازوں میں واجب ہے بشرطیکہ کوئی عذر نہو۔ اور تراویح میں سنت مؤکدہ ہے اگرچہ ایک قرآن مجید جماعت کے ساتھ ہو چکا ہو اور اسی طرح نماز کسوف کے لئے (بحر الرائق وغیرہ) اور رمضان کے وتر میں مستحب ہے اور سوا رمضان کے اور کسی زمانہ کے وتر میں مکروہ تنزیہی ہے۔ (بحر الرائق وغیرہ) یعنی جبکہ مواظبت کی جائے اور اگر مواظبت نہ کی جائے بلکہ کبھی کبھی دو تین آدمی جماعت سے پڑھ لیں تو مکروہ نہیں (شامی) اور نماز خسوف میں اور تمام نوافل میں مکروہ تحریمی ہے بشرطیکہ اس اہتمام سے ادا کی جائیں جس اہتمام سے فرائض کی جماعت ہوتی ہے یعنی اذان و اقامت کے ساتھ یا اور کسی طریقے سے لوگونکو جمع کر کے ہاں اگر بے اذان و اقامت کے اور بے بلائے ہوئے دو تین آدمی جمع ہو کر کسی نفل کو جماعت سے پڑھ لیں تو کچھ مضائقہ نہیں۔ اور پھر بھی دوام نکریں اور اسی طرح مکروہ تحریمی ہے۔ ہر فرض کی دوسری جماعت مسجد میں ان چار شرطوں سے (۱) مسجد محلے کی ہو اور عام رہگذر پر نہو اور مسجد محلے کی تعریف لکھی ہے کہ وہاں کا امام اور نمازی معین ہوں (۲) پہلی جماعت بلند آواز سے اذان و اقامت کہکر پڑھی گئی ہو (۳) پہلی جماعت ان لوگوں نے پڑھی ہو جو اس محلے میں رہتے ہوں اور جن کو اس مسجد کے انتظامات کا اختیار حاصل ہے (۴)

Marfat.com

دوسری جماعت اسی ہیئت اور اہتمام سے ادا کیجائے جس ہیئت اور اہتمام سے پہلی جماعت ادا کی گئی ہے اور یہ چوتھی شرط صرف امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے اور امام صاحبؒ کے نزدیک ہیئت بدل دینے پر بھی کراہت رہتی ہے پس اگر دوسری جماعت مسجد میں نہ ادا کیجائے بلکہ گھر میں تو پھر مکروہ نہیں اسی طرح اگر کوئی شرط ان چار شرطوں میں سے نہ پائی جائے مثلاً مسجد عام رہگذر پر ہو محلے کی نہو جسکے معنی اوپر معلوم ہو چکے تو اس میں دوسری بلکہ تیسری چوتھی جماعت بھی مکروہ نہیں یا پہلی جماعت بلند آواز سے اذان اور اقامت کہکر نہ پڑھی گئی ہو تو دوسری جماعت مکروہ نہیں یا پہلی جماعت اُن لوگوں نے پڑھی ہو جو اس محلے میں نہیں رہتے نہ انکو مسجد کے انتظامات کا اختیار حاصل ہی یا بقول ابو یوسفؒ کے دوسری جماعت اُس ہیئت سے نہ ادا کیجائے جس ہیئت سے پہلی جماعت ادا کیگئی ہے جس جگہ پہلی جماعت کا امام کھڑا ہوا تھا دوسری جماعت کا امام وہاں سے ہٹ کر کھڑا ہو تو ہیئت بدلجائیگی اور یہ جماعت مکروہ نہوگی (رد المختار) تنبیہ ہر چند کہ بعض لوگوں کا عمل امام یوسفؒ کے قول پر ہے امام صاحبؒ کا قول دلیل سے بھی قوی ہے اور اسوقت دنیا نتیں اور خصوصاً امر جماعت میں جو تہاون اور تکاسل ہو رہا ہے اُسکا مقتضا بھی یہی ہے کہ باوجود تبدل ہیئت کراہت پر فتویٰ دیا جاوے ورنہ لوگ قصداً جماعت اولیٰ کو ترک کرینگے کہ ہم اپنی دوسری کرینگے

## مقتدی اور امام کے متعلق مسائل

**مسئلہ** مقتدیوں کو چاہیے کہ تمام حاضرین میں امامت کے لائق جسمیں اچھے اوصاف زیادہ ہوں اسکو امام بنادیں اور اگر کئی شخص ایسے ہوں جن میں امامت کی لیاقت ہو تو غلبہ رائے پر عمل کریں یعنی جس شخص کی طرف زیادہ لوگوں کی رائے ہو اسکو امام بنا دیں اگر کسی ایسے شخص کے ہوتے ہوئے جو امامت کے لائق ہے کسی نالائق کو امام کر دینگے تو ترک

Marfat.com

سنت کی خرابی میں مبتلا ہونگے **مسئلہ** سب سے زیادہ استحقاق امامت اوس شخصکو ہے جو نماز کے مسائل خوب جانتا ہو بشرطیکہ ظاہرا اس میں کوئی فسق وغیرہ کی بات نہ ہو اور جسقدر قرأت مسنون ہے اُسے یاد ہو پھر وہ شخص جو قرآن مجید اچھا پڑھتا ہو یعنی عمدہ آواز سے اور قرأت کے قواعد کے موافق پھر وہ شخص جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو پھر وہ شخص جو سب سے زیادہ عمر رکھتا ہو پھر وہ شخص جو سب میں زیادہ خلیق ہو پھر وہ شخص جو سب میں زیادہ خوبصورت ہو پھر وہ شخص جو عمدہ لباس پہنے ہو پھر وہ شخص جسکا سر سب سے بڑا ہو پھر وہ شخص جو مقیم ہو بہ نسبت مسافروں کی پھر وہ شخص جو اصلی آزاد ہو پھر وہ شخص جسنے حدث اصغر سے تیمم کیا ہو بہ نسبت اسکے جسنے حدث اکبر سے تیمم کیا ہو اور جس شخص میں دو وصف پائے جائیں وہ زیادہ مستحق ہے بہ نسبت اسکے جسمیں ایک ہی وصف پایا جاتا ہو مثلاً وہ شخص جو نماز کے مسائل بھی جانتا ہو اور قرآن مجید بھی اچھا پڑھتا ہو زیادہ مستحق ہے بہ نسبت اسکے جو صرف نماز کے مسایل جانتا ہو قرآن مجید اچھا نہ پڑھتا ہو **مسئلہ** اگر کسی کے گھر میں جماعت کی جائے تو صاحب خانہ امامت کے لئے زیادہ مستحق ہے اسکے بعد وہ شخص جس کو وہ امام بنادے ہاں اگر صاحب خانہ بالکل جاہل ہو اور دوسرے لوگ مسایل سے واقف ہوں تو پھر انہیں کا استحقاق ہوگا (درمختار شامی وغیرہ) **مسئلہ** جس مسجد میں کوئی امام مقرر ہو اس مسجد میں اسکے ہوتے ہوئے دوسرے کو امامت کا استحقاق نہیں ہاں اگر وہ کسی دوسرے کو امام بنادے تو پھر مضائقہ نہیں **مسئلہ** قاضی یعنی حاکم شرع یا بادشاہ اسلام کے ہوتے ہوئے دوسرے کو امامت کا استحقاق نہیں (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** بے رضامندی قوم کے امامت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ ہاں اگر وہ شخص سب سے زیادہ استحقاق امامت رکھتا ہو یعنی امامت کے اوصاف اسکے برابر کسی میں نہ پائے جاویں تو پھر اسکے اوپر کچھ کراہت نہیں (درمختار وغیرہ) بلکہ جو اسکی

Marfat.com

غلطی پر ہے **مسئلہ** فاسق اور بدعتی کا امام بنانا مکروہ تحریمی ہے ہاں اگر خدانخواستہ ایسے لوگوں کے سوا کوئی دوسرا شخص وہاں موجود نہ ہو تو پھر مکروہ نہیں (دُرمختار و شامی وغیرہ) اسی طرح اگر بدعتی و فاسق زوردار ہوں کہ اُنکے معزول کرنے پر قدرت نہ ہو یا فتنۂ عظیم برپا ہوتا ہو تو بھی مقتدیوں پر کراہت نہیں **مسئلہ** غلام کا یعنی جو فقہ کے قاعدے سے غلام ہو وہ نہیں جو قحط وغیرہ میں خرید لیا جاوے اسکا امام بنانا اگرچہ وہ آزاد شدہ ہو اور گنوار یعنی گاؤں کے رہنے والے کا اور نابینا کا جو پاکی ناپاکی کی احتیاط نہ رکھتا ہو یا ایسے شخص کا جسے رات کو کم نظر آتا ہو اور ولد الزنا یعنی حرامی کا امام بنانا مکروہ تنزیہی ہے ہاں اگر یہ لوگ صاحب علم و فضل ہوں اور لوگوں کو انکا امام بنانا ناگوار نہ ہو تو پھر مکروہ نہیں اسی طرح کسی ایسے حسین نوجوان کو امام بنانا جس کی ڈاڑھی نہ نکلی ہو اور بے عقل کو امام بنانا مکروہ تنزیہی ہے (دُرمختار وغیرہ) **مسئلہ** نماز کے فرائض و واجبات میں تمام مقتدیوں کو امام کی موافقت کرنا واجب ہے ہاں سنن وغیرہ میں موافقت کرنا واجب نہیں پس اگر امام شافعی المذہب ہو اور رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت ہاتھوں کو اٹھائے تو حنفی مقتدی کو ہاتھوں کا اٹھانا ضروری نہیں اسلئے کہ ہاتھوں کا اٹھانا اُنکے نزدیک بھی سنت ہے اسی طرح فجر کی نماز میں شافعی مذہب قنوت پڑھے گا تو حنفی مقتدیوں کو ضروری نہیں ہاں وتر میں البتہ چونکہ قنوت پڑھنا واجب ہے لہذا اگر شافعی امام اپنے مذہب کے موافق بعد رکوع کے پڑھے تو حنفی مقتدیوں کو بھی بعد رکوع کے پڑھنا چاہیئے (ردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** امام کو نماز میں زیادہ بڑی بڑی سورتیں پڑھنا جو مقدار مسنون سے بھی زیادہ ہوں یا رکوع سجدے وغیرہ میں بہت زیادہ دیر تک رہنا مکروہ تحریمی ہے بلکہ امام کو چاہیئے اپنے مقتدیوں کی حاجت اور ضرورت اور ضعف وغیرہ کا خیال رکھے جو سب میں زیادہ صاحب ضرورت ہو اُسکی رعایت کرکے قرأت وغیرہ کرے بلکہ زیادہ ضرورت کے وقت مقدار

Marfat.com

سنتوں سے بھی کم قرأت کرنا بہتر ہے تاکہ لوگوں کا حرج نہ ہو جو قلت جماعت کا سبب ہو جائے **مسئلہ** اگر ایک ہی مقتدی ہو اور وہ مرد ہو یا نابالغ لڑکا تو اسکے امام کے داہنے جانب امام کے برابر یا کچھ پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا چاہئے اگر بائیں جانب یا امام کے پیچھے کھڑا ہو تو مکروہ ہے (در مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر ایک سے زیادہ مقتدی ہوں تو ان کو امام کے پیچھے صف باندھ کر کھڑا ہونا چاہئے اگر امام کے داہنے بائیں جانب کھڑے ہوں اور دو ہوں تو مکروہ تنزیہی ہے اور اگر دو سے زیادہ ہوں تو مکروہ تحریمی ہے اسلئے کہ جب دو سے زیادہ مقتدی ہوں تو امام کا آگے کھڑا ہونا واجب ہے (در مختار و شامی) **مسئلہ** اگر نماز شروع کرتے وقت ایک ہی مرد مقتدی تھا اور وہ امام کے داہنے جانب کھڑا ہوا اسکے بعد اور مقتدی آگئے تو پہلے مقتدی کو چاہئے کہ پیچھے ہٹ آئے تاکہ سب مقتدی ملکر امام کے پیچھے کھڑے ہوں اگر وہ نہ ہٹے تو ان مقتدیوں کو چاہئے کہ اسکو کھینچ لیں اور اگر نادانستگی سے وہ مقتدی امام کے داہنے یا بائیں جانب کھڑے ہو جائیں پہلے مقتدی کو پیچھے نہ ہٹائیں تو امام کو چاہئے کہ وہ آگے بڑھ جائے تاکہ وہ مقتدی سب مل جائیں اور امام کے پیچھے ہو جائیں اسی طرح اگر پیچھے ہٹنے کی جگہ نہ ہو تب بھی امام کو یہی چاہئے کہ آگے بڑھ جائے لیکن اگر مقتدی مسائل سے ناواقف ہو جیسا ہمارے زمانے میں غالب ہے تو اسکو ہٹانا مناسب نہیں کبھی کوئی ایسی حرکت نہ کر بیٹھے جس سے نماز ہی غارت ہو **مسئلہ** اگر مقتدی عورت ہو یا نابالغ لڑکی ہو تو اسکو چاہئے کہ امام کے پیچھے کھڑی ہو خواہ ایک سے زائد **مسئلہ** اگر مقتدیوں میں مختلف قسم کے لوگ ہوں کچھ عورت کچھ نابالغ تو امام کو چاہئے کہ اس ترتیب سے انکی صفیں قائم کرے پہلے مردوں کی صفیں پھر نابالغ لڑکوں کی پھر بالغ عورتوں کی پھر نابالغ لڑکیوں کی **مسئلہ** امام کو چاہئے کہ صفیں سیدھی کرے یعنی صف میں لوگوں کو آگے پیچھے ہونے سے منع کرے سب کو برابر کھڑے

Marfat.com

ہونے کا حکم دے صف میں ایک کو دوسرے سے ملکر کھڑا ہونا چاہیئے درمیان میں خالی جگہ نہ رہنا چاہیئے **مسئلہ** تنہا ایک شخص کا صف کے پیچھے کھڑا ہونا مکروہ ہے بلکہ ایسی حالت میں چاہیئے کہ اگلی صف سے کسی آدمی کو کھینچکر اپنے ہمراہ کھڑا کرلے لیکن کھینچنے میں اگر احتمال ہو کہ وہ اپنی نماز خراب کرے گا یا برا مانے گا تو جانے دے **مسئلہ** پہلی صف میں جگہ کے ہوتے ہوئے دوسری صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے ہاں جب پہلی صف پوری ہوجائے تب دوسری صف میں کھڑا ہونا چاہیئے۔ **مسئلہ** مرد کو صرف عورتوں کی امامت کرنا ایسی جگہ مکروہ تحریمی ہے جہاں کوئی مرد نہو نہ کوئی محرم عورت مثل اسکی زوجہ یا ماں بہن وغیرہ کے موجود ہو۔ ہاں اگر کوئی مرد یا محرم عورت موجود ہو تو پھر مکروہ نہیں (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی شخص تنہا فجر یا مغرب یا عشا کا فرض آہستہ آواز سے پڑھ رہا ہو اسی اثنا میں کوئی شخص اس کی اقتدا کرے تو اسمیں دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ یہ شخص دل میں قصد کرلے کہ میں اب امام بنتا ہوں تاکہ نماز جماعت سے ہوجاوے دوسری صورت یہ کہ یہ قصد نکرے بلکہ بدستور اپنے کو یہی سمجھے کہ گو میرے پیچھے آ کھڑا ہوا لیکن میں امام نہیں بنتا بدستور تنہا پڑھتا ہوں پس پہلی صورت میں تو اسپر اسی جگہ سے بلند آواز سے قرأت واجب ہے پس اگر سورۂ فاتحہ یا دوسری سورت بھی آہستہ آواز سے پڑھ چکا ہو تو اسکو چاہیئے کہ پھر اسی جگہ سے بقیہ فاتحہ اور بقیہ سورت کو بلند آواز سے پڑھے اسلئے کہ امام کو فجر مغرب عشا کی وقت بلند آواز سے قرأت کرنا واجب ہے اور دوسری سورت میں بلند آواز سے پڑھنا واجب نہیں اور اُس مقتدی کی نماز بھی درست رہیگی کیونکہ صحت صلوٰۃ مقتدی کیلیے امام کا نیت امامت کرنا ضرور نہیں **مسئلہ** امام کو اور ایسا ہی منفرد کو جبکہ وہ گھر یا میدان میں نماز پڑھتا ہو مستحب ہے کہ اپنی ابرو کے سامنے خواہ داہنے جانب یا بائیں جانب کوئی ایسی چیز کھڑی کرلے جو ایک گز یا اس سے زیادہ اونچی اور ایک انگلی کے برابر موٹی ہو

Marfat.com

ہاں اگر مسجد میں نماز پڑھتا ہو یا ایسے مقام میں جہاں لوگوں کا نماز کے سامنے سے گذر ہوتا ہو
تو اسکی کچھ ضرورت نہیں امام کا سترہ تمام مقتدیوں کی طرف سے کافی ہے بعد سترہ
قائم ہو جانے کے سترہ کے آگے سے نکل جانے میں گناہ نہیں لیکن اگر سترے کے
اندر کوئی شخص نکلے گا تو گنہگار ہوگا **مسئلہ** لاحق وہ مقتدی ہے جس کی کچھ
رکعتیں یا سب رکعتیں بعد شریک جماعت ہونے کے جاتی رہیں خواہ بعذر مثلاً نماز میں
سو جائے اور اس درمیان میں کوئی رکعت وغیرہ جاتی رہے یا لوگوں کی کثرت سے رکوع
سجدہ وغیرہ نہ کر سکے یا وضو ٹوٹ جائے اور وضو کرنے کے لئے جائے اور اس درمیان میں
اسکی رکعتیں جاتی رہیں۔ نماز خوف میں پہلا گروہ لاحق ہے اسی طرح جو مقیم مسافر
کی اقتدا کرے اور مسافر قصر کرے تو وہ مقیم بعد امام کے نماز ختم کرنے کے لاحق ہے یا بے عذر
جاتی رہیں مثلاً امام سے پہلے کسی رکعت کا رکوع سجدہ کر لے اور اسوجہ سے یہ رکعت
اسکی کالعدم سمجھی جائے گی اور اس رکعت کے اعتبار سے وہ لاحق سمجھا جائیگا پس لاحق
کو واجب ہے کہ پہلے اپنی ان رکعتوں کو ادا کرے جو اسکی جاتی رہی ہیں بعد انکے ادا کرنے کے
اگر جماعت باقی ہو تو شریک ہو جائے ورنہ باقی نماز بھی پڑھ لے **مسئلہ** لاحق اپنی
گئی ہوئی رکعتوں میں بھی مقتدی سمجھا جائیگا یعنی جیسے مقتدی قرأت نہیں کرتا ویسے
ہی لاحق بھی قرأت نہ کرے بلکہ سکوت کئے ہوئے کھڑا رہے اور جیسے مقتدی کو اگر سہو ہو
جائے تو سجدہ سہو کی ضرورت نہیں ہوتی ویسے ہی لاحق کو بھی **مسئلہ** مسبوق
یعنی جسکی ایک دو رکعت گئی ہو اسکو چاہئے کہ پہلے امام کے ساتھ شریک ہو کر جس قدر
نماز باقی ہو جماعت سے ادا کرے بعد امام کی نماز ختم ہونیکے کھڑا ہو جائے اور اپنی گئی ہوئی
رکعتوں کو ادا کرے **مسئلہ** مسبوق کو اپنی گئی ہوئی رکعتیں منفرد کی طرح قرأت
کے ساتھ ادا کرنا چاہئے اور اگر ان رکعتوں میں کوئی سہو ہو جائے تو اسکو سجدہ سہو بھی
کرنا ضروری ہے **مسئلہ** مسبوق کو اپنی گئی ہوئی رکعتیں اس ترتیب سے ادا کرنا چاہئے

Marfat.com

کہ پہلے قرأت والی پھر بے قرأت کی اور جو رکعتیں امام کے ساتھ پڑھ چکا ہے ان
حساب سے قعدہ کرے یعنی اُن رکعتوں کے حساب سے جو دوسری ہو اس میں پہلا قعدہ کرے
اور جو تیسری رکعت ہو اور نماز تین رکعت والی ہو تو اس میں اخیر قعدہ کرے علی ہذا
**مثال** ظہر کی نماز میں تین رکعت ہو جانے کے بعد کوئی شخص شریک ہو تو اسکو چاہئے
کہ بعد امام کے سلام پھیر دینے کے کھڑا ہو جائے اور گئی ہوئی تین رکعتیں اس ترتیب
سے ادا کرے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورت ملا کر رکوع سجدہ کر کے
پہلا قعدہ کرے اس لئے کہ یہ رکعت اس ملی ہوئی رکعت کے حساب سے دوسری ہے
پھر دوسری رکعت میں بھی سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورت ملائے اور اُسکے بعد قعدہ نکرے
اسلئے کہ یہ رکعت اس ملی ہوئی رکعت کے حساب سے تیسری ہے پھر تیسری رکعت میں
سورۂ فاتحہ کے ساتھ دوسری سورت نہ ملائے کیونکہ یہ رکعت قرأت کی نہ تھی اور
اس میں قعدہ کرے کہ یہ قعدۂ اخیرہ ہے **مسئلہ** اگر کوئی شخص لاحق بھی ہو اور مسبوق بھی
مثلاً کچھ رکعتیں ہو جانیکے بعد شریک ہوا ہو اور بعد شرکت کے پھر کچھ رکعتیں اسکی چلی
جائیں تو اُسکو چاہئے کہ پہلے اپنی اُن رکعتوں کو ادا کرے جو بعد شرکت کے گئی ہیں
جن میں وہ لاحق ہے اسکے بعد اگر جماعت باقی ہو تو اس میں شریک ہو جائے ورنہ
باقی نماز بھی پڑھ لے مگر اس میں امام کی متابعت کا خیال رکھے یعنی قرأت فاتحہ وغیرہ
نکرے بعد اسکے اپنی اُن رکعتوں کو ادا کرے جن میں مسبوق ہے **مثال** عصر کی نماز میں
ایک رکعت ہو جانے کے بعد کوئی شخص شریک ہوا اور شریک ہونیکے بعد ہی اس
کا وضو ٹوٹ گیا اور وضو کرنے گیا اس درمیان میں نماز ختم ہو گئی تو اس کو چاہئے
پہلے ان تینوں رکعتوں کو ادا کرے جو بعد شریک ہونیکے گئی ہیں پھر اُس رکعت
کو جو اُسکے شریک ہونے سے پہلے ہو چکی تھی اور ان تینوں رکعتوں کو مقتدی کی
طرح ادا کرے یعنی قرأت نکرے اور ان تین کی پہلی رکعت میں قعدہ کرے اسلئے کہ یہ

Marfat.com

امام کی دوسری رکعت ہے اور امام نے اس میں قعدہ کیا تھا پھر دوسری رکعت میں قعدہ نکرے اس لئے کہ یہ امام کی تیسری رکعت ہے پھر تیسری میں بھی قعدہ کرے اسلئے کہ یہ امام کی چوتھی رکعت ہے اور اس رکعت میں امام نے قعدہ کیا تھا پھر اس رکعت کو ادا کرے جو اس کے شریک ہونے سے پہلے ہو چکی تھی اور اس میں بھی قعدہ کرے اس لئے کہ یہ اسکی چوتھی رکعت ہے اور اس رکعت میں اس کو قرأت بھی کرنا ہوگی اس لئے کہ اس رکعت میں وہ مسبوق ہے اور مسبوق اپنی گئی ہوئی رکعتوں کے ادا کرنے میں منفرد کا حکم رکھتا ہے (شرح منیہ) **مسئلہ** مقتدیوں کو ہر رکن کا امام کے ساتھ ہی بلا تاخیر ادا کرنا سنت ہے تحریمہ بھی امام کے ساتھ کریں رکوع بھی امام کے ساتھ قومہ بھی اسکے قومے کے ساتھ سجدہ بھی اسکے سجدے کے ساتھ غرضکہ ہر فعل اسکے ہر فعل کے ساتھ ہاں اگر قعدۂ اولیٰ میں امام قبل اسکے کھڑا ہو جائے کہ مقتدی التحیات تمام کریں تو مقتدیوں کو چاہئے کہ التحیات تمام کر کے کھڑے ہوں اسی طرح قعدۂ اخیرہ میں اگر امام قبل اسکے کہ مقتدی التحیات تمام کریں سلام پھیر دے تو مقتدیوں کو چاہئے کہ التحیات تمام کر کے کھڑے ہوں اسی طرح قعدۂ اخیرہ میں اگر امام قبل اسکے کہ مقتدی التحیات تمام کریں سلام پھیر دے تو مقتدیوں کو چاہئے کہ التحیات تمام کر کے سلام پھیریں۔ ہاں رکوع سجدے وغیرہ میں اگر مقتدیوں نے تسبیح نہ پڑھی ہو تب بھی امام کے ساتھ ہی کھڑے ہونا چاہئے

## جماعت میں شامل ہونے نہونے کے مسائل

**مسئلہ** اگر کوئی شخص اپنے محلے یا مکان کے قریب مسجد میں ایسے وقت پہنچا کہ وہاں جماعت ہو چکی ہو تو اس کو مستحب ہے کہ دوسری مسجد میں تلاش جماعت جائے اور یہ بھی اختیار ہے کہ اپنے گھر میں واپس آ کر گھر کے آدمیوں کو جمع کر کے جماعت کرے (شامی وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی شخص اپنے گھر میں فرض نماز تنہا پڑھ چکا ہو اسکے بعد دیکھے کہ وہی فرض جماعت

Marfat.com

ہو رہا ہے تو اسکو چاہئے کہ جماعت میں شریک ہو جائے بشرطیکہ ظہر عشا کا وقت ہو اور فجر
عصر مغرب کے وقت شریک جماعت نہو اسلئے کہ فجر عصر کی نماز کے بعد نفل نماز مکروہ ہے
اور مغرب کے وقت اسلئے کہ یہ دوسری نماز نفل ہوگی اور نفل میں تین رکعت منقول
نہیں (شرح وقایہ وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی شخص فرض نماز شروع کر چکا ہو اور ایسی
حالت میں فرض جماعت سے ہونے لگے تو اگر وہ فرض دو رکعت والا ہے جیسی فجر کی نماز تو اس
کا یہ حکم ہے کہ اگر پہلی رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو تو اس نماز کو قطع کر دے اور جماعت میں شامل
ہو جاوے اور اگر پہلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو اور دوسری رکعت کا سجدہ نکیا ہو تو بھی قطع
کر دے اور جماعت میں شامل ہو جاوے اور اگر دوسری رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو دونوں
رکعت پوری کر لے اور اگر فجر کی نماز ہو تو پھر جماعت میں شامل نہ ہو اور اگر وہ
فرض تین رکعت والا ہو جیسے مغرب تو اسکا حکم یہ ہے کہ اگر پہلی رکعت کا سجدہ نکیا ہو
تو قطع کر دے اور اگر سجدہ کر لیا ہو تو دو رکعت پر سلام پھیر دے اور اگر تیسری رکعت
شروع کر دی ہو تو اگر اسکا سجدہ نہ کیا ہو تو قطع کر دے اور اگر سجدہ کر لیا ہو تو پوری کر لے
اور اگر وہ فرض چار رکعت والا ہو جیسے ظہر و عصر و عشا تو اگر پہلی رکعت کا سجدہ
نکیا ہو تو قطع کر دے اور اگر سجدہ کر لیا ہو تو ۲ رکعت پر التحیات وغیرہ پڑھکر سلام پھیر دے
اور اگر تیسری رکعت شروع کر دی ہو اور اس کا سجدہ نکیا ہو تو قطع کر دے اور اگر
سجدہ کر لیا ہو تو پوری کر لے اور جن صورتوں میں نماز پوری کرلی جاوے ان میں سے مغرب
اور فجر اور عصر میں تو دوبارہ شریک جماعت نہو اور ظہر اور عشا میں شریک جماعت ہو جاوے
اور جن صورتوں میں قطع کرنا ہو کھڑے کھڑے ایک سلام پھیر دے **مسئلہ** اگر کوئی
شخص نفل نماز شروع کر چکا ہو اور فرض جماعت سے ہونے لگے تو اسکو چاہئے کہ
دو رکعت پڑھ کر سلام پھیر دے اگرچہ چار رکعت کی نیت کی ہو نفل نماز کو توڑنا نہ چاہئے
(در مختار وغیرہ) **مسئلہ** ظہر اور جمعے کی سنت موکدہ اگر شروع کر چکا ہو اور فرض ہونے

Marfat.com

لگے تو راجح یہ ہے کہ اسکو پوری کرلے (درمختار) مسئلہ اگر فرض نماز ہو رہی ہو تو پھر سنت وغیرہ نہ شروع کیجائے بشرطیکہ کسی رکعت کے چلے جانیکا خوف ہو ہاں اگر یقین یا گمان غالب ہو کہ کوئی رکعت نہ جانے پائیگی تو پڑھ لے مثلاً ظہر کے وقت جب فرض شروع ہو جائے اور خوف ہو کہ سنت پڑھنے سے کوئی رکعت جاتی رہے گی تو پھر سنتیں موکدہ جو فرض سے پہلے پڑھی جاتی ہیں چھوڑ دے پھر ظہر اور جمعے میں بعد فرض کے بہتر یہ ہے کہ بعد والی سنت موکدہ اول پڑھکر اُن سنتوں کو پڑھ لے مگر فجر کی سنتیں چونکہ زیادہ مؤکد ہیں لہذا ان کیلئے حکم ہے کہ اگر فرض شروع ہو چکا ہو تب بھی ادا کر لی جائیں بشرطیکہ قعدۂ اخیرہ ملجانیکی امید ہو اگر قعدۂ اخیرہ کے ملنے کی بھی امید نہو تو پھر نہ پڑھے اور پھر اگر چاہے بعد سورج نکلنے کے پڑھے (درمختار وغیرہ) مسئلہ اگر یہ خوف ہو کہ فجر کی سنت اگر نماز کے سنن اور مستحبات وغیرہ کی پابندی سے ادا کی جائیگی تو جماعت نہ ملے گی تو ایسی حالت میں چاہیئے کہ صرف فرائض اور واجبات اقتصار کرے سنن وغیرہ کو چھوڑ دے (قنیہ) مسئلہ فرض ہونیکی حالت میں جو سنتیں پڑھی جائیں خواہ فجر کی ہوں یا کسی اور وقت کی وہ ایسے مقام پر پڑھی جائیں جو مسجد سے علیحدہ ہو اسلئے کہ جہاں فرض نماز ہوتی ہو پھر کوئی دوسری نماز وہاں پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور اگر کوئی ایسی جگہ نہ ملے تو صف سے علیحدہ مسجد کے کسی گوشے میں پڑھلے (درمختار وغیرہ)
مسئلہ اگر جماعت کا قعدہ ملجائے اور رکعتیں نہ ملیں تب بھی جماعت کا ثواب ملجائیگا
مسئلہ جس رکعت کا رکوع امام کے ساتھ ملجائے تو سمجھا جائیگا کہ وہ رکعت مل گئی ہاں اگر رکوع نہ ملے تو پھر اس رکعت کا شمار ملنے میں نہ ہوگا۔

## نماز جن چیزوں سے فاسد ہوتی ہے

مسئلہ حالت نماز میں اپنے امام کے سوا کسی شخص کو لقمہ دیا یعنی قرآن مجید کے غلط

Marfat.com

پڑھنے پر آگاہ کرنا مفسد نماز ہے تنبیہ۔ چونکہ لقمہ دینے کا مسئلہ فقہا کے درمیان محل اختلافی ہے بعض علما نے اس مسئلے میں مستقل رسالے تصنیف کیے ہیں اس لیے ہم چند جزئیات اسکے اس مقام پر ذکر کرتے ہیں **مسئلہ** صحیح یہ ہے کہ مقتدی اگر اپنے امام کو لقمہ دے تو نماز فاسد نہ ہوگی خواہ امام بقدر ضرورت قرأت کر چکا ہو یا نہیں۔ قدر ضرورت سے وہ مقدار قرأت کی مقصود ہے جو مسنون ہے (نہر الفائق و شامی وغیرہ) البتہ ایسی صورت میں بہتر یہ ہے کہ رکوع کر دے جیسا اس سے اگلے مسئلے میں آتا ہے **مسئلہ** امام اگر بقدر ضرورت قرأت کر چکا ہو تو اسکو چاہیے کہ رکوع کر دے مقتدیوں کو لقمہ دینے پر مجبور نہ کرے۔ اور مقتدیوں کو چاہیے کہ جب تک ضرورت شدیدہ نہ پیش آئے امام کو لقمہ نہ دیں۔ ضرورت شدیدہ سے مراد یہ ہے کہ مثلاً امام غلط پڑھکر آگے بڑھنا چاہتا ہو یا رکوع نہ کرتا ہو یا سکوت کر کے کھڑا ہو جاوے اور اگر بلا ضرورت شدیدہ بھی بتلا دیا تب بھی نماز فاسد نہ ہوگی جیسا اس سے اوپر مسئلے میں گذرا **مسئلہ** اگر کوئی شخص کسی نماز پڑھنے والے کو لقمہ دے اور وہ لقمہ دینے والا اسکا مقتدی نہ ہو خواہ وہ بھی نماز میں ہو یا نہیں تو یہ شخص اگر لقمہ لے لیگا تو اسکی نماز فاسد ہو جائیگی ہاں اگر اسکو خود بخود یاد آجائے خواہ اسکے لقمہ دینے کے ساتھ ہی یا پہلے یا پیچھے اسکے لقمہ دینے کو کچھ دخل نہ ہو تو اسکی نماز میں فساد نہ آئیگا (شامی) **مسئلہ** اگر کوئی نماز پڑھنے والا کسی ایسے شخص کو لقمہ دے جو اسکا امام نہیں خواہ وہ بھی نماز میں ہو یا نہیں ہر حال میں اس لقمہ دینے والے کی نماز فاسد ہو جائیگی (بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** مقتدی اگر کسی دوسرے شخص کا پڑھنا سنکر یا قرآن مجید میں دیکھکر امام کو لقمہ دے تو اسکی نماز فاسد ہو جائیگی اور امام اگر لے لیگا تو اسکی نماز بھی **مسئلہ** اسی طرح اگر حالت نماز میں قرآن مجید دیکھکر قرأت کی جائے تب بھی نماز فاسد ہو جائیگی (در مختار) **مسئلہ** عورت کا مرد کے ساتھ اسطرح کھڑا ہو جانا کہ ایک کا کوئی عضو دوسرے کے کسی عضو کے مقابل ہو جاوے ان شرطوں سے نماز

Marfat.com

کو فاسد کرتا ہے یہانتک کہ اگر سجدے میں جانے کے وقت عورت کا سر مرد کے پاؤں کے محاذی ہو جاوے تب بھی نماز جاتی رہیگی (۱) عورت بالغ ہو چکی ہو خواہ جوان ہو یا بوڑھی یا نابالغ ہو مگر قابل جماع ہو تو اگر کوئی کم سن نابالغ لڑکی نماز میں محاذی ہو جائے تو نماز فاسد نہ ہوگی (۲) دونو نماز میں ہوں پس اگر ایک نماز میں ہو دوسرا نہ ہو تو اس محاذات سے نماز فاسد نہوگی (۳) کوئی حائل درمیان میں نہو پس اگر کوئی پردہ درمیان میں ہو یا کوئی سترہ حائل ہو یا بیچ میں اتنی جگہ چھوٹی ہوئی ہو جس میں ایک آدمی بے تکلف کھڑا ہو سکے تو بھی فاسد نہ ہوگی (۴) عورت میں نماز کے صحیح ہونیکی شرطیں پائی جاتی ہوں پس اگر عورت مجنون ہو یا حالت حیض و نفاس میں ہو تو اُسکی محاذات سے نماز فاسد نہوگی اسلئے کہ ان صورتوں میں وہ خود نماز میں نہ سمجھی جائیگی (۵) نماز جنازے کی نہو پس جنازے کی نماز میں محاذات مفسد نہیں (۶) محاذات بقدر ایک رکن کے باقی رہے۔ اگر اس سے کم محاذات رہے تو مفسد نہیں مثلاً اتنی دیر تک محاذات رہے کہ جسمیں رکوع وغیرہ نہیں ہو سکتا اسکے بعد جاتی رہے تو اس قلیل محاذات سے نماز میں فساد نہ آئے گا (۷) تحریمہ دونو کی ایک ہو یعنی یہ عورت اس مرد کی مقتدی ہو یا دونو کسی تیسری کی مقتدی ہوں (۸) امام نے اس عورت کے امامت کی نیت نماز شروع کرتے وقت کی ہو اگر امام نے اسکے امامت کی نیت نہ کی ہو تو پھر اس محاذات سے نماز فاسد نہوگی بلکہ اسی عورت کی نماز صحیح نہوگی **مسئلہ** اگر امام بعد حدث کے بے خلیفہ کئے ہوئے مسجد سے باہر نکل گیا تو مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جاویگی (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** امام نے کسی ایسے شخص کو خلیفہ کر دیا جس میں امامت کی صلاحیت نہیں مثلاً کسی مجنون یا نابالغ بچے کو یا کسی عورت کو نماز فاسد ہو جاویگی (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر مرد نماز میں ہو اور عورت اس مرد کا اس حالت نماز میں بوسہ لے لے تو مرد کی نماز فاسد نہوگی ہاں اگر شہوت کے ساتھ بوسہ لے تو البتہ نماز فاسد ہو جائیگی

Marfat.com

(درمختار) اور اگر عورت نماز ہو میں ہو اور کوئی مرد اسکا بوسہ لے تو عورت کی نماز جاتی رہے گی خواہ شہوت سے بوسہ لیا ہو یا بلا شہوت **مسئلہ** اگر کوئی شخص نماز کے سامنے سے نکلنا چاہے تو حالت نماز میں اس سے مزاحمت کرنا اور اسکو اس فعل سے باز رکھنا جائز ہے (درمختار)

## نماز جن چیزوں سے مکروہ ہو جاتی ہے

**مسئلہ** حالت نماز میں کپڑے کا خلاف دستور پہننا یعنی جو طریقہ اسکے پہننے کا ہو اور جس طریقہ سے اسکو اہل تہذیب پہنتے ہوں اسکے خلاف اسکا استعمال کرنا مکروہ تحریمی ہے **مثال** کوئی شخص چادر اوڑھے اور اس کا کنارہ شانے پر نہ ڈالے یا کرتہ پہنے اور آستینوں میں ہاتھ نہ ڈالے اس سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے **مسئلہ** برہنہ سر نماز پڑھنا مکروہ ہے ہاں اگر تذلل اور خشوع کی نیت سے ایسا کرے تو کچھ مضائقہ نہیں (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کسی کی ٹوپی یا عمامہ نماز پڑھنے میں گر جائے تو افضل یہ ہے کہ اسی حالت میں اُسے اٹھا کر پہن لے لیکن اگر اس کے پہننے میں عمل کثیر کی ضرورت پڑے تو پھر نہ پہنے (ردالمختار) **مسئلہ** مردوں کو اپنے دونوں ہاتھوں کی کہنیوں کا سجدے کی حالت میں زمین پر بچھا دینا مکروہ تحریمی ہے (شامی وغیرہ) **مسئلہ** امام کا محراب میں کھڑا ہونا جسکی بلندی ایک ہاتھ یا اس سے زیادہ ہو مکروہ تنزیہی ہے اگر امام کے ساتھ مقتدی بھی ہو تو مکروہ نہیں (درمختار وغیرہ) اور بعض نے کہا ہے کہ اگر ایک ہاتھ سے کم ہو اور سرسری نظر سے اسکی اونچائی ممتاز معلوم ہوتی ہو تب بھی مکروہ ہے **مسئلہ** مقتدیوں کا بے ضرورت کسی اونچے مقام پر کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے ہاں کوئی ضرورت ہو مثلاً جماعت زیادہ ہو اور جگہ کفایت نہ کرتی ہو تو تو مکروہ نہیں (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** مقتدی کو اپنے امام سے پہلے کوئی فعل کرنا مکروہ تحریمی ہے (شامی) **مسئلہ** مقتدی کو جب کہ امام قیام میں قرأت کر رہا ہو کوئی

Marfat.com

دعا وغیرہ یا قرآن مجید کی قرأت کرنا خواہ وہ سورۂ فاتحہ ہو یا اور کوئی سورت ہو مکروہ تحریمی ہے

# نماز میں حدث ہو جانے کا بیان

نماز میں اگر حدث ہو جائے تو اگر حدث اکبر ہوگا جس سے غسل واجب ہو جاوے تو نماز فاسد ہو جائیگی اور اگر حدث اصغر ہوگا تو دو حال سے خالی نہیں اختیاری ہوگا یا بے اختیاری یعنی اسکے وجود میں یا اسکے سبب میں بندوں کے اختیار کو دخل ہوگا یا نہیں۔ اگر اختیاری ہوگا تو نماز فاسد ہو جائیگی مثلاً کوئی شخص نماز میں قہقہے کے ساتھ ہنسے یا اپنے بدن میں کوئی ضرب لگا کر خون نکال لے یا عمداً اخراج ریح کرے یا کوئی شخص چھت کے اوپر چلے اور اس چلنے کے سبب سے کوئی پتھر وغیرہ چھت سے گر کر کسی نماز پڑھنے والے کے سر میں لگے اور خون نکل آئے ان سب صورتوں میں نماز فاسد ہو جائیگی اسلئے کہ یہ تمام افعال بندوں کے اختیار سے صادر ہوئے ہیں اور اگر بے اختیاری ہوگا تو اس میں دو صورتیں ہیں یا نادر الوقوع ہوگا جیسے جنون بیہوشی یا امام کا مر جانا وغیرہ یا کثیر الوقوع ہوگا جیسے خروج ریح پیشاب پاخانہ مذی وغیرہ پس اگر نادر الوقوع ہوگا تو نماز فاسد ہو جائیگی اور اگر نادر الوقوع نہوگا تو نماز فاسد نہوگی بلکہ اس شخص کو شرعاً اختیار اور اجازت ہے کہ بعد اس حدث کے رفع کرنیکے اسی نماز کو تمام کرے اور اسکو بنا کہتے ہیں لیکن اگر نماز کا اعادہ کرے یعنی پھر شروع سے تو بہتر ہے اور اس بنا کرنے کی صورت میں نماز فاسد نہونے کی چند شرطیں ہیں۔

(۱) کسی رکن کو حالت حدث میں ادا نہ کرے (۲) کسی رکن کو چلنے کی حالت میں ادا نہ کرے مثلاً جب وضو کے لئے جائے یا وضو کر کے لوٹے تو قرآن مجید کی تلاوت نکرے اس لئے کہ قرآن مجید نماز رکن ہے (۳) کوئی ایسا فعل جو نماز کے منافی ہو نہ کرے نہ کوئی ایسا فعل کرے جس سے احتراز ممکن ہو (۴) بعد حدث کے بغیر کسی عذر کے بقدر ادا کرنے

کسی رکن کے توقف نکرے۔ بلکہ فوراً وضو کرنے کے لئے جائے ہاں اگر کسی عذر سے دیر ہو جائے تو مضائقہ نہیں مثلاً صفیں زیادہ ہوں اور خود پہلی صف میں ہو اور صفوں کو پھاڑ کر آنا مشکل ہو **مسئلہ** منفرد کو اگر حدث ہو جائے تو اسکو چاہئے کہ فوراً سلام پھیر کر وضو کرلے اور جسقدر جلد ممکن ہو وضو سے فراغت کرے مگر وضو تمام سنن اور مستحبات کے ساتھ چاہئے اور اس درمیان میں کوئی کلام وغیرہ نکرے پانی اگر قریب مل سکے تو دور نہ جائے۔ حاصل یہ کہ جس قدر حرکت سخت ضروری ہو اس سے زیادہ نکرے بعد وضو کے چاہے وہیں اپنی نماز تمام کرلے اور یہی افضل ہے اور چاہے جہاں پہلے تھا وہاں جا کر پڑھے **مسئلہ** امام کو اگر حدث ہو جائے اگرچہ قعدۂ اخیرہ ہو تو اسکو چاہئے کہ فوراً سلام پھیر کر وضو کرنے کے لئے چلا جائے اور بہتر یہ ہے کہ اپنے مقتدیوں میں جس کو امامت کے لائق سمجھتا ہو اسکو اپنی جگہ پر کھڑا کر دے مدرک کو خلیفہ کرنا بہتر ہے اگر مسبوق کو کر دے تب بھی جائز ہے اور اس مسبوق کو اشارے سے بتلا دے کہ اتنی رکعتیں وغیرہ میرے ذمہ باقی ہیں رکعتوں کے لئے انگلی سے اشارہ کرے مثلاً ایک رکعت باقی ہو تو ایک انگلی اٹھا دے دو رکعت باقی ہوں تو دو انگل رکوع باقی ہو تو گھٹنوں پر ہاتھ رکھدے سجدہ باقی ہو تو پیشانی پر قرأت باقی ہو تو منہ پر سجدۂ تلاوت باقی ہو تو پیشانی اور زبان پر سجدۂ سہو کرنا ہو تو سینے پر۔ جبکہ وہ بھی سمجھتا ہو ورنہ اسکو خلیفہ نہ بنائے پھر جب خود وضو کر چکے تو اگر جماعت باقی ہو تو جماعت میں آکر اپنے خلیفہ کا مقتدی بن جائے اور اگر وضو کرکے وضو کی جگہ کے پاس ہی کھڑا ہو گیا تو اگر درمیان میں کوئی ایسی چیز یا اتنا فصل حائل ہو جس سے اقتدا صحیح نہیں ہوتی تو درست نہیں ورنہ درست ہے اور اگر جماعت ہو چکی ہو تو اپنی نماز تمام کرلے خواہ جہاں وضو کیا ہے وہیں یا جہاں پہلے تھا وہاں **مسئلہ** اگر پانی مسجد کے فرش کے اندر موجود ہو تو پھر خلیفہ کرنا ضروری نہیں چاہے کرے اور چاہے نکرے بلکہ جب خود وضو کرکے

Marfat.com

آئے پھر امام بن جائے اور اتنی دیر تک مقتدی اس کے انتظار میں رہیں (شامی وغیرہ) **مسئلہ** خلیفہ کر دینے کے بعد امام نہیں رہتا بلکہ اپنے خلیفہ کا مقتدی ہو جاتا ہے لہذا اگر جماعت ہو چکی ہو تو امام اپنی نماز لاحق کی طرح تمام کرلے اگر امام کسی کو خلیفہ نہ کرے بلکہ مقتدی لوگ کسی کو اپنے میں سے خلیفہ کر دیں یا خود کوئی مقتدی آگے بڑھ کر امام کی جگہ پر کھڑا ہو جائے اور امام ہونیکی نیت کرلے تب بھی درست ہے۔ بشرطیکہ اُس وقت تک امام مسجد سے باہر نکل چکا ہو اور اگر نماز مسجد میں ہوتی ہو تو صفوں سے یا ستر ے سے آگے نہ بڑھا ہو اور اگر ان حدود سے آگے بڑھ چکا ہو تو نماز فاسد ہو جائیگی اب کوئی دوسرا امام نہیں بن سکتا **مسئلہ** اگر مقتدی کو حدث ہو جائے اُسکو بھی فوراً سلام پھیر کر وضو کرنا چاہئے بعد وضو کے اگر جماعت باقی ہو تو جماعت میں شریک ہو جائے ورنہ اپنی نماز تمام کرلے۔ مقتدی کو ہر حال میں اپنے مقام پر جا کر نماز پڑھنا چاہئے خواہ جماعت باقی ہو یا نہیں لیکن اگر امام کی اور اُس کی وضو کی جگہ میں کوئی چیز مانع اقتدا نہو تو یہاں بھی کھڑا ہونا جائز ہے **مسئلہ** اگر امام مسبوق کو اپنی جگہ پر کھڑا کردے تو اُس کو چاہئے کہ جس قدر رکعتیں وغیرہ امام پر باقی تھیں اُن کو ادا کر کے کسی مدرک کو اپنی جگہ کردے تاکہ وہ سلام پھیر دے اور یہ مسبوق پھر اپنی گئی ہوئی رکعتوں کے ادا کرنے میں مصروف ہو **مسئلہ** اگر کسی کو قعدۂ اخیرہ میں بعد اسکے کہ بقدر التحیات کے بیٹھ چکا ہو جنون ہو جائے یا حدث اکبر ہو جائے یا بلا قصد حدث اصغر ہو جاوے یا بے ہوش ہو جائے یا قہقہے کے ساتھ ہنسے تو نماز فاسد ہو جائیگی اور پھر اُس نماز کا اعادہ کرنا ہوگا **مسئلہ** چونکہ یہ مسایل باریک ہیں اور آج کل علم کی کمی ہے ضرور غلطی کا احتمال ہے اسلئے بہتر یہ ہے کہ بنا نہ کرے بلکہ وہ نماز قطع کر کے پھر از سر نو نماز پڑھیں

## سہو کے بعض احکام

Marfat.com

مسئلہ اگر آہستہ آواز کی نماز میں کوئی شخص بلند آواز سے قرأت کرجائے یا بلند آواز کی نماز میں امام آہستہ آواز سے قرأت کرے تو اسکو سجدہ سہو کرنا چاہئے۔ ہاں اگر آہستہ آواز کی نماز میں بہت تھوڑی قرأت بلند آواز سے کیجائے جو نماز صحیح ہونیکے لئے کافی نہو مثلاً دو تین لفظ بلند آواز سے نکل جائیں تو سجدہ سہو لازم نہیں۔

## نماز قضا ہو جانے کے مسایل

مسئلہ اگر چند لوگوں کی نماز کسی وقت کی قضا ہوگئی ہو تو اُن کو چاہئے کہ اُس نماز کو جماعت سے ادا کریں اگر بلند آواز کی نماز ہو تو بلند آواز سے قرأت کی جائے اور آہستہ آواز کی ہو تو آہستہ آواز سے مسئلہ اگر کوئی لڑکا عشا کی نماز پڑھکر سوئے اور بعد طلوع فجر کے بیدار ہو کر منی کا اثر دیکھے جس سے معلوم ہو کہ اُسکو احتلام ہوگیا ہے تو اُس کو چاہئے کہ عشا کی نماز کا پھر اعادہ کرے (فتاوی قاضی خاں) مسئلہ اگر کوئی عورت دردزہ میں مبتلا ہو مگر ہوش و حواس قائم ہوں اور وقت نماز کا اخیر ہونے کو ہو تو اُس کو چاہئے کہ بہت جلد نماز پڑھلے تاخیر نہ کرے مبادا نماز قضا ہو جائے ہاں اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے میں یہ خوف ہو کہ اگر اسی حالت میں بچہ پیدا ہو جائیگا تو اُس کو صدمہ پہنچیگا تو بیٹھکر پڑھے اسی طرح اگر کسی عورت کے خاص حصے سے بچے کا کچھ حصہ نصف سے کم باہر آگیا ہو اور وقت نماز کا اخیر ہونے لگے تو اُس کو بھی نماز میں تاخیر کرنا جایز نہیں بیٹھے بیٹھے نماز پڑھے اور زمین میں کوئی گڑھا کھود کر روئی وغیرہ بچھا کر بچے کا سر اُس میں رکھدے یہ بھی نہ ممکن ہو تو اشاروں سے نماز پڑھ لے مگر یہ جب ہے کہ ان تدبیروں سے بچے کو ضرر نہ پہنچنے کا اندیشہ نہو ورنہ نماز قضا کر دینا جایز ہے۔

## مریض کے بعض مسایل

Marfat.com

**مسئلہ** اگر کوئی معذور اشارے سے رکوع سجدہ ادا کر چکا ہو اس کے بعد نماز کے اندر ہی رکوع سجدے پر قدرت ہو گئی ہو تو وہ نماز اسکی فاسد ہو جائے گی پھر نئے سرے سے اسپر نماز پڑھنا واجب ہے **مسئلہ** اگر کوئی شخص قرأت کے طویل ہونے کے سبب سے کھڑے کھڑے تھک جائے اور تکلیف ہونے لگے تو اسکو کسی دیوار یا درخت یا لکڑی وغیرہ سے تکیہ لگا لینا مکروہ نہیں تراویح کی نماز میں ضعیف اور بوڑھے لوگوں کو اکثر اسکی ضرورت پیش آتی ہے (شامی وغیرہ)

## مسافر کی نماز کے مسایل

**مسئلہ** کوئی شخص پندرہ دن ٹھیرنے کی نیت کرے مگر دو مقام میں اور ان دو مقاموں میں اس قدر فاصلہ ہو کہ ایک مقام کے اذان کی آواز دوسرے مقام پر نہ جا سکتی ہو مثلاً دس روز مکۂ معظمہ میں رہنے کا ارادہ کرے اور پانچ روز منٰی میں مکے سے منٰی تین میل کے فاصلے پر ہے تو اس صورت میں وہ مسافر ہی شمار ہوگا **مسئلہ** اور اگر مسئلہ مذکورہ میں رات کو ایک ہی مقام میں رہنے کی نیت کرے اور دن کو دوسرے مقام میں تو جس موضع میں رات کو ٹھیرنے کی نیت کی ہے وہ اس کا وطن اقامت ہو جائے گا وہاں اسکو قصر کی اجازت نہ ہوگی اب دوسرا موضع جس میں دن کو رہتا ہے اگر اس پہلے موضع سے سفر کی مسافت پر ہے تو وہاں جانے سے مسافر ہو جائیگا ورنہ مقیم رہیگا **مسئلہ** اور اگر مسئلہ مذکورہ میں ایک موضع دوسرے موضع سے اس قدر قریب ہو کہ ایک جگہ کی اذان کی آواز دوسری جگہ جا سکتی ہے تو وہ دونوں موضعے ایک سمجھے جائیں گے اور ان دونوں میں پندرہ دن ٹھیرنے کے ارادے سے مقیم ہو جائیگا **مسئلہ** مقیم کی اقتدا مسافر کے پیچھے ہر حال میں درست ہے خواہ ادا نماز ہو یا قضا اور مسافر امام جب دو رکعتیں پڑھکر

Marfat.com

سلام پھیر دے تو مقیم مقتدی کو چاہئے کہ اپنی نماز اٹھکر تمام کرلے اور اس میں قرأت نکرے بلکہ چپ کھڑا رہے اسلئے کہ وہ لاحق ہے اور قعدۂ اولیٰ اس مقتدی پر بھی بتابعت امام کی وجہ سے فرض ہوگا۔ مسافر امام کو مستحب ہے کہ اپنے مقتدیوں کو بعد نماز کے فوراً اپنے مسافر ہونے کی اطلاع کردے (درّمختار وغیرہ) **مسئلہ** مسافر بھی مقیم کی اقتدا کرسکتا ہے مگر وقت کے اندر اور وقت جاتا رہا تو نہیں اسلئے کہ جب مسافر مقیم کی اقتدا کریگا تو تبعیت امام کی پوری چار رکعت یہ بھی پڑھے گا اور امام کا قعدۂ اولیٰ فرض ہوگا اور اس کا فرض ہوگا پس فرض پڑھنے والے کی اقتدا غیر فرض والے کے پیچھے ہوئی اور یہ درست نہیں (درّمختار و ردالمحتار) **مسئلہ** اگر کوئی مسافر حالت نماز میں اقامت کی نیت کرلے خواہ اول میں یا درمیان میں یا اخیر میں مگر سجدۂ سہو یا سلام سے پہلے تو اسکو وہ نماز پوری پڑھنا چاہئے اس میں قصر جائز نہیں ہاں اگر نماز کا وقت گذر جانیکے بعد نیت کرے یا لاحق ہونے کی حالت میں نیت کرے اس کی نیت کا اثر اس نماز میں ظاہر ہوگا اور یہ نماز اگر چار رکعت کی ہوگی تو اُس کو قصر کرنا اس میں واجب ہوگا۔ مثال (۱) کسی مسافر نے ظہر کی نماز شروع کی بعد ایک رکعت پڑھنے کے وقت گذر گیا بعد اسکے اُس نے اقامت کی نیت کی تو یہ نیت اس نماز میں اثر نہ کریگی اور یہ نماز اسکو قصر سے پڑھنا ہوگی مثال (۲) کوئی مسافر کسی مسافر کا مقتدی ہوا اور لاحق ہوگیا پھر جب اپنی گئی ہوئی رکعتیں ادا کرنے لگا اس نے اقامت کی نیت کرلی تو اس نیت کا اثر اس نماز پر کچھ نہ پڑے گا اور یہ نماز اگر چار رکعت کی ہوگی تو اُس کو قصر سے پڑھنا ہوگی (درّمختار وغیرہ)

## خوف کی نماز

Marfat.com

ایسی دشمن کا سامنا ہونے والا ہو خواہ وہ دشمن انسان ہو یا کوئی درندہ جانور یا کوئی
ہا وغیرہ اور ایسی حالت میں سب مسلمان یا بعض لوگ بھی ملکر جماعت سے نماز نہ پڑھ سکیں
سواریوں سے اُترنے کی بھی مہلت نہو تو سب لوگوں کو چاہئے کہ سواریوں پر بیٹھے
ے اشاروں سے تنہا نماز پڑھ لیں استقبال قبلہ بھی اس وقت شرط نہیں۔ ہاں
دو آدمی ایک ہی سواری پر بیٹھے ہوں تو وہ دونوں جماعت کر لیں اور اگر اس کی
ں مہلت نہو تو معذور ہیں اس وقت نماز نہ پڑھیں اطمینان کے بعد اسکی قضا پڑھ
ں اور اگر یہ ممکن ہو کہ کچھ لوگ ملکر جماعت سے نماز پڑھ سکیں اگرچہ سب آدمی نہ
ھ سکتے ہوں تو ایسی حالت میں اُن کو جماعت نہ چھوڑنا چاہئے اس قاعدے سے
پڑھیں یعنی تمام مسلمانوں کے دو حصے کر دیے جائیں ایک حصہ دشمن کے مقابلے میں
ہے اور دوسرا حصہ امام کے ساتھ نماز شروع کر دے اگر تین یا چار رکعت کی نماز
جیسے ظہر عصر مغرب۔ عشا جبکہ یہ لوگ مسافر نہوں اور قصر نہ کریں پس جب امام
د رکعت نماز پڑھکر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہونے لگے اور اگر یہ لوگ قصر
تے ہوں یا دو رکعت والی نماز ہو جیسے فجر جمعہ عیدین کی نماز یا مسافر کی ظہر عصر
ا کی نماز تو ایک ہی رکعت کے بعد یہ حصہ چلا جاوے اور دوسرا حصہ وہاں سے آکر
م کے ساتھ بقیہ نماز پڑھے امام کو اُن لوگوں کے آنیکا انتظار کرنا چاہئے پھر جب بقیہ نماز امام
م کر چکے تو سلام پھیر دے اور یہ لوگ بدون سلام پھیرے ہوئے دشمن کے مقابلے میں چلے جائیں اور
لے لوگ پھر یہاں آکر اپنی بقیہ نماز بے قرأت کے تمام کر لیں اور سلام پھیر دیں اسلئے کہ وہ لوگ
حق ہیں پھر یہ لوگ دشمن کے مقابلے میں چلے جائیں دوسرا حصہ یہاں آکر اپنی نماز قرأت کے ساتھ
ام کر لے اور سلام پھیر دے اسلئے کہ وہ لوگ مسبوق ہیں **مسئلہ** حالت نماز میں دشمن کے مقابلے میں جاتے
ت یا وہاں سے نماز تمام کرنیکے لئے آتے وقت پیادہ چلنا چاہئے اگر سوار ہو کر چلیں گے تو نماز فاسد
ہو جائیگی اسلئے کہ یہ عمل کثیر ہے **مسئلہ** دوسرے حصے کا امام کیساتھ بقیہ نماز پڑھکر چلا جانا اور پہلے حصے کا

Marfat.com

یہاں آکر اپنی نماز تمام کرنا اس کے بعد دوسرے حصے کا یہیں آکر نماز تمام کرنا مستحب اور افضل ہے ورنہ یہ بھی جائز ہے کہ پہلا حصہ نماز پڑھکر چلا جائے اور دوسرا حصہ امام کے ساتھ بقیہ نماز پڑھکر اپنی نماز وہیں تمام کرلے تب دشمن کے مقابلے میں جائے جب یہ لوگ وہاں پہنچ جائیں تو پہلا حصہ اپنی نماز وہیں پڑھ لے یہاں نہ آئے (درمختار وشامی وغیرہ) **مسئلہ** یہ طریقہ نماز پڑھنے کا اس وقت کے لئے ہے کہ جب سب لوگ ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھنا چاہتے ہوں مثلاً کوئی بزرگ شخص ہو اور سب چاہتے ہوں کہ اسی کے پیچھے نماز پڑھیں ورنہ بہتر یہ ہے کہ ایک حصہ ایک امام کے ساتھ پوری نماز پڑھ لے اور دشمن کے مقابلے میں چلا جائے پھر دوسرا حصہ دوسرے شخص کو امام بناکر پوری نماز پڑھ لے **مسئلہ** اگر یہ خوف ہو کہ دشمن بہت ہی قریب ہے اور جلد یہاں پہنچ جائیگا اور اس خیال سے ان لوگوں نے پہلے قاعدے سے نماز پڑھی بعد اسکے یہ خیال غلط نکلا تو ان کو اس نماز کا اعادہ کرلینا چاہئے اسلیے کہ وہ نماز نہایت سخت ضرورت کے وقت خلاف قیاس عمل کثیر کے ساتھ شروع کی گئی ہے بے ضرورت شدیدہ اسقدر عمل کثیر مفسد نماز ہے۔ **مسئلہ** اگر کوئی ناجائز لڑائی ہو تو اس وقت اس طریقے سے نماز پڑھنے کی اجازت نہیں مثلاً باغی بادشاہ اسلام پر چڑھائی کریں یا کسی دنیاوی غرض سے کوئی کسی سے لڑے تو ایسے لوگوں کے لئے اس قدر عمل کثیر معاف نہ ہوگا۔ **مسئلہ** نماز خلاف جہت قبلے کی طرف شروع کرچکے ہوں کہ اتنے میں دشمن بھاگ جائے۔ تو ان کو چاہئے کہ فوراً قبلے کی طرف پھر جائیں ورنہ نماز نہ ہوگی۔ **مسئلہ** اگر اطمینان سے قبلے کی طرف نماز پڑھ رہے ہوں اور اسی حالت میں دشمن آجائے تو فوراً اُن کو دشمن کی طرف پھر جانا چاہئے اور اس وقت استقبال قبلہ شرط نہ رہے گا۔ **مسئلہ** اگر کوئی شخص دریا میں پیر رہا ہو اور نماز کا وقت اخیر ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ

Marfat.com

کن ہو تو تھوڑی دیر تک اپنے ہاتھ پیر کو جنبش نہ دے اور اشاروں سے نماز پڑھ
یہاں تک پنجوقتی نمازوں کا اور اُنکے متعلقات کا ذکر تھا اب چونکہ بحمد اللہ اس
فراغت ملی لہذا نماز جمعے کا بیان لکھا جاتا ہے اسلئے کہ نماز جمعہ بھی اعظم شعائر اسلام
ہے اسلئے عیدین کی نماز سے اس کو مقدم کیا گیا ہے۔

# جمعے کی نماز کا بیان

تعالیٰ کو نماز سے زیادہ کوئی عبادت پسند نہیں ور اسی واسطے کسی عبادت کی اس
سخت تاکید اور فضیلت شریعت صافیہ میں وارد نہیں ہوئی اور اسی وجہ سے پروردگار
نے اس عبادت کو اپنے ان غیر متناہی نعمتوں کے ادائے شکر کے لئے جن کا
سلسلہ ابتدائے پیدائش سے آخر وقت تک بلکہ موت کے بعد اور قبل پیدائش کے
منقطع نہیں ہوتا ہر دن میں پانچ وقت مقرر فرمایا ہے۔ اور جمعے کے دن چونکہ تمام
دن سے زیادہ نعمتیں فائض ہوئی ہیں حتیٰ کہ حضرت آدمؑ جو انسانی نسل کیلئے
اوّل ہیں اسی دن پیدا کئے گئے لہذا اُس دن ایک خاص نماز کا حکم ہوا اور
اوپر جماعت کی حکمتیں اور فائدے بھی بیان کر چکے ہیں اور یہ بھی ظاہر ہو چکا ہے
جس قدر جماعت زیادہ ہو اُسی قدر اُن فوائد کا زیادہ ظہور ہوتا ہے اور یہ اسی
وقت ممکن ہے کہ جب مختلف محلوں کے لوگ اور اُس مقام کے اکثر باشندے
ایک جگہ جمع ہو کر نماز پڑھیں اور ہر روز پانچوں وقت یہ امر سخت تکلیف کا باعث
تھا ان سب وجوہ سے شریعت نے ہفتے میں ایک دن ایسا مقرر فرمایا جس میں
مختلف محلوں اور گاؤں کے مسلمان آپس میں جمع ہو کر اس عبادت کو ادا کریں
اور چونکہ جمعے کا دن تمام دنوں میں افضل و اشرف تھا۔ لہذا یہ تخصیص اسی
دن کے لئے کی گئی۔ اگلی امتوں کو بھی خدائے تعالیٰ نے اس دن عبادت

Marfat.com

کا حکم فرمایا تھا مگر انہوں نے اپنی بد نصیبی سے اس میں اختلاف کیا اور اس سرکشی کا
ہوا کہ وہ اس سعادت عظمیٰ سے محروم رہے اور یہ فضیلت بھی اسی امت کے حصے میں
پڑی یہود نے سنیچر کا دن مقرر کیا اس خیال سے کہ اس دن میں اللہ تعالیٰ نے
تمام مخلوقات کے پیدا کرنے سے فراغت کی تھی نصاریٰ نے اتوار کا دن
کیا اس خیال سے کہ یہ دن ابتدائے آفرینش کا ہے چنانچہ اب تک یہ دونوں فرقے
ان دونوں دنوں میں بہت اہتمام کرتے ہیں اور تمام دنیا کے کام کو چھوڑ کر عبادت
میں مصروف رہتے ہیں نصرانی سلطنتوں میں اتوار کے دن اسی سبب سے تمام
دفاتر میں تعطیل ہو جاتی ہے۔

## جمعے کے فضایل

(۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام دنوں سے بہتر جمعے کا دن ہے اسی
میں حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اسی دن وہ جنت میں داخل کئے گئے
اور اسی دن جنت سے باہر لائے گئے اور قیامت کا وقوع بھی اسی دن ہوگا۔
(صحیح مسلم شریف) (۲) امام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا
شب جمعے کا مرتبہ لیلۃ القدر سے بھی زیادہ ہے بعض وجوہ سے اس لئے کہ اسی شب
میں سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی والدہ ماجدہ کے شکم طاہر میں جلوہ افروز ہوئے
اور حضرت کا تشریف لانا اس قدر خیر و برکت دنیا و آخرت کا سبب ہوا جس کا شمار و
حساب کوئی نہیں کر سکتا (لمعات شرح فارسی مشکوٰۃ شریف) (۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا کہ جمعے میں ایک ساعت ایسی ہے کہ اگر کوئی مسلمان اس وقت اللہ تعالیٰ
سے دعا کرے تو ضرور قبول ہو (صحیحین شریفین) علماء مختلف ہیں کہ یہ ساعت جس کا
ذکر حدیث میں گذرا کس وقت ہے۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح سفر السعادۃ

Marfat.com

ہیں چالیس قول نقل کئے ہیں مگر ان سب میں دو قولوں کو ترجیح دی ہے ایک یہ کہ وہ ساعت خطبہ پڑھنے کے وقت سے نماز کے ختم ہونے تک ہے دوسرے یہ کہ وہ ساعت اخیر دن میں ہے اور اس دوسرے قول کو ایک جماعت کثیرہ نے اختیار کیا ہے اور بہت احادیث صحیحہ اسکی مؤید ہیں شیخ دہلوی فرماتے ہیں کہ یہ روایت صحیح ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جمعے کے دن کسی خادمہ کو حکم دیتی تھیں کہ جب جمعے کا دن ختم ہونے لگے تو اُن کو خبر دے تا کہ وہ اُس وقت ذکر اور دعا میں مشغول ہو جائیں (اشعۃ اللمعات) (۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے سب دنوں میں جمعے کا دن افضل ہے اسی دن صور پھونکا جائیگا اس روز کثرت سے مجھپر درود شریف پڑھا کرو کہ وہ اسی دن میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر کیسے پیش کیا جاتا ہے حالانکہ بعد وفات آپکی ہڈیاں بھی نہونگی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ کیلئے زمین پر انبیاء علیہم السلام کا بدن حرام کر دیا ہے (ابوداؤد شریف) (۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شاہد سے مراد جمعے کا دن ہے کوئی دن جمعے سے زیادہ بزرگ نہیں اس میں ایک ساعت ایسی ہے کہ کوئی مسلمان اُس میں دعا نہیں کرتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور کسی چیز سے پناہ نہیں مانگتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اُس کو پناہ دیتا ہے (ترمذی شریف) شاہد کا لفظ سورۂ بروج میں واقع ہے اللہ تعالیٰ نے اِس دن کی قسم کھائی ہے۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ط قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے اور قسم ہے دن موعود (قیامت) کی اور قسم ہے شاہد (جمعے) کی اور مشہود (عرفہ) کی (۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعے کا دن تمام دنوں کا سردار اور اللہ پاک کے نزدیک سب سے بزرگ ہے اور عید الفطر اور عید الضحٰے سے بھی زیادہ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسکی عظمت ہے (ابن ماجہ) (۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مسلمان جمعے کے دن یا شب جمعے کو مرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو عذاب قبر سے محفوظ رکھتا ہے (ترمذی شریف) (۸) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ آیت اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ کی تلاوت فرمائی اُن کے پاس ایک یہودی بیٹھا تھا اس نے کہا کہ اگر ہم پر ایسی آیت اُترتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ آیت دو عیدوں کے دن اُتری تھی جمعے کا دن اور عرفے کا دن یعنی ہم کو بنانے کی کیا حاجت اُس دن تو خود ہی دو عیدیں تھیں (۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ جمعے کی رات سفید رات ہے اور جمعے کا دن روشن دن ہے (مشکوٰۃ شریف) (۱۰) قیامت کے بعد جب اللہ تعالےٰ مستحقین جنت کو جنت میں اور مستحقین دوزخ کو دوزخ میں بھیجدے گا اور یہی دن وہاں بھی ہونگے اگرچہ وہاں دن رات نہ ہوں گے مگر اللہ تعالےٰ ان کو دن اور رات کی مقدار اور گھنٹوں کا شمار تعلیم فرماویگا پس جب جمعے کا دن آئیگا اور وہ وقت ہوگا جس وقت مسلمان دنیا میں جمعے کی نماز کے لیئے نکلتے تھے ایک منادی آواز دیگا اے اہل جنت مزید کے جنگل میں چلو وہ ایسا جنگل ہے جس کا طول و عرض سوا خدا ئے تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا وہاں مشک کے ڈھیر ہونگے آسمان کے برابر بلند انبیا علیہم السلام نور کے منبروں پر بٹھلائے جائیں گے اور مومنین یاقوت کی کرسیوں پر پس جب سب لوگ اپنے اپنے مقام پر بیٹھ جائینگے حق تعالیٰ ایک ہوا بھیجے گا جس وہ مشک جو وہاں ڈھیر ہوگا اڑیگا وہ ہوا اس مشک کو اُن کے کپڑوں میں لی جائیگی اور منہ میں اور بالوں میں لگا دیگی وہ ہوا اس مشک کے لگانیکا طریقہ اُس عورت سے بھی زیادہ جانتی ہے جس کو تمام دنیا کی خوشبوئیں دی جائیں پھر حقتعالیٰ حاملان عرش کو حکم دیگا کہ عرش کو اُن لوگوں کے درمیان میں لیجا کر رکھو پھر اُن لوگوں کو خطاب

Marfat.com

کر کے فرمائے گا کہ اے میرے بندو جو غیب پر ایمان لائے ہو حالانکہ مجکو دیکھا نہ تھا اور
اور میرے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کی اور میرے حکم کی اطاعت کی اب
کچھ مجھ سے مانگو یہ دن مزید یعنی زیادہ انعام کرنیکا ہے سب لوگ ایک زبان کہیں گے
کہ اے پروردگار ہم تجھسے خوش ہیں تو بھی ہم سے راضی ہوجا حق تعالیٰ فرمائیگا کہ اے
اہل جنت اگر میں تمسے راضی نہ ہوتا تو تم کو اپنی بہشت میں نہ رکھتا اور کچھ مانگو یہ دن
مزید کا ہے تب سب لوگ متفق اللسان ہو کر عرض کریں گے کہ اے پروردگار ہم کو
اپنا جمال دکھا دے کہ ہم تیری مقدس ذات کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں پس حق
سبحانہ پردے اٹھا دیگا اور اُن لوگوں پر ظاہر ہو جائیگا اور اپنے جمال جہاں آرا
سے اُن کو گھیر لیگا اگر اہل جنت کیلئے یہ حکم ہو چکا ہوتا کہ یہ لوگ کبھی جلائے نہ جائیں
تو بیشک وہ اُس نور کی تاب نہ لا سکیں اور جل جائیں پھر ان سے فرمائیگا کہ اب اپنے
اپنے مقامات پر واپس جاؤ اور اُن لوگوں کا حسن وجمال اس جمال حقیقی کے اثر سے
دونا ہو گیا ہوگا یہ لوگ اپنی بی بیوں کے پاس آئیں گے نہ بیبیاں اُن کو دیکھیں گی
نہ یہ بیبیوں کو تھوڑی دیر کے بعد جب وہ نور جو اُن کو چھپائے ہوئے تھا ہٹ جاویگا
تب یہ آپس میں ایک دوسرے کو دیکھیں گے اُن کی بیبیاں کہیں گی کہ جاتے وقت
جیسی صورت تمہاری تھی وہ اب نہیں یعنی ہزارہا درجہ اُس سے اچھی ہے یہ لوگ
جواب دینگے کہ ہاں یہ اس سبب سے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات مقدس کو ہم پر ظاہر کیا تھا
اور ہم نے اُس جمال کو اپنی آنکھوں سے دیکھا (شرح سفر السعادۃ) دیکھئے جمعے کے
دن کتنی بڑی نعمت ملی (۱۱) ہر روز دوپہر کے وقت دوزخ تیز کی جاتی ہے مگر جمعے کی
برکت سے جمعے کے دن نہیں تیز کی جاتی ہے (احیاء العلوم) (۱۲) نبی صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے ایک جمعے کو ارشاد فرمایا کہ اے مسلمانو والله تعالیٰ نے عید
مقرر فرمایا ہے پس اس دن غسل کرو اور جس کے پاس خوشبو ہو وہ خوشبو لگائے

Marfat.com

اور مسواک کو اس دن لازم کرلو (ابن ماجہ)

## جمعے کے آداب

(۱) ہر مسلمان کو چاہئے کہ جمعے کا اہتمام پنجشنبے سے کرے پنجشنبے کے دن بعد عصر کے استغفار وغیرہ زیادہ کرے اور اپنے پہننے کے کپڑے صاف کر رکھے اور خوشبو گھر میں نہو اور ممکن ہو تو اسی دن لا کر رکھ لے تاکہ پھر جمعے کے دن ان کاموں میں اسکو مشغول ہونا نہ پڑے۔ بزرگان سلف نے فرمایا ہے کہ سب سے زیادہ جمعے کا فائدہ اسکو ملیگا جو اس کا منتظر رہتا ہو اور اس کا اہتمام پنجشنبے سے کرتا ہو اور سب سے زیادہ بدنصیب وہ ہے جس کو یہ بھی نہ معلوم ہو کہ جمعہ کب ہے حتیٰ کہ صبح کو لوگوں سے پوچھے کہ آج کون دن ہے اور بعض بزرگ شب جمعہ کو زیادہ اہتمام کی غرض سے جامع مسجد ہی میں جا کر رہتے تھے (احیاء العلوم) (۲) پھر جمعے کے دن غسل کرے سر کے بالوں کو اور بدن کو خوب صاف کرے اور مسواک کرنا بھی اس دن بہت فضیلت رکھتا ہے (۳) جمعے کے دن بعد غسل کے عمدہ سے عمدہ کپڑے جو اس کے پاس ہوں پہنے اور ممکن ہو تو خوشبو لگائے اور ناخن وغیرہ بھی کتروائے (۴) جامع مسجد میں بہت سویرے جائے جو شخص جتنے سویرے جائیگا اسی قدر اس کو ثواب زیادہ ملے گا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعے کے دن فرشتے دروازے پر اس مسجد کے جہاں جمعہ پڑھا جاتا ہے کھڑے ہوتے ہیں اور سب سے پہلے جو آتا ہے اس کو پھر اس کے بعد دوسرے کو اسی طرح درجہ بدرجہ سب کا نام لکھتے ہیں سب سے پہلے جو آیا اس کو ایسا ثواب ملتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اونٹ قربانی کرنے والے کو اس کے بعد پھر جیسے گائے کی قربانی کرنے میں پھر جیسے اللہ تعالیٰ کے واسطے مرغ کے ذبح کرنے میں۔ پھر جیسے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی راہ میں کسی کو انڈا صدقہ دیا جائے پھر جب خطبہ ہونے لگتا ہے تو فرشتے
دفتر بند کر لیتے ہیں اور خطبہ سُننے میں مشغول ہو جاتے ہیں (صحیح مسلم شریف و
صحیح بخاری شریف) اگلے زمانے میں صبح کے وقت اور بعد فجر کے راستے گلیاں
بھری ہوئی نظر آتی تھیں تمام لوگ اتنے سویرے سے جامع مسجد جاتے تھے اور
بہت اژدحام ہوتا تھا جیسے عید کے دنوں میں پھر جب یہ طریقہ جاتا رہا تو لوگوں نے
کہا کہ یہ پہلی بدعت ہے جو اسلام میں پیدا ہوئی یہ لکھ کر امام غزالی رحمۃ اللہ تعالےٰ
فرماتے ہیں کہ کیوں نہیں شرم آتی مسلمانوں کو یہود اور نصاریٰ سے کہ وہ لوگ
اپنی عبادت کے دن یعنی یہود سنیچر کو اور نصاریٰ اتوار کو اپنے عبادت خانوں اور
گرجا گھروں میں کیسے سویرے جاتے ہیں اور طالبانِ دنیا کتنے سویرے بازاروں
میں خرید و فروخت کے لئے پہنچ جاتے ہیں پس طالبانِ دین کیوں پیش قدمی
نہیں کرتے (احیاء العلوم) درحقیقت مسلمانوں نے اس زمانے میں اس مبارک
دن کی بالکل قدر گھٹا دی اُن کو یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ آج کون دن ہے اور اسکا
کیا مرتبہ ہے افسوس وہ دن جو کسی زمانے میں مسلمانوں کے نزدیک عید سے بھی
زیادہ تھا اور جس دن پر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فخر تھا اور جو دن اگلی امتوں
کو نصیب نہ ہوا تھا آج مسلمانوں کے ہاتھ سے اسکی ایسی ذلت اور ناقدری ہو رہی
ہے خدائے تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت کو اس طرح ضائع کرنا سخت ناشکری ہے جس
کا وبال ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ○
(۵) جمعے کی نماز کے لئے پیادہ پا جانے میں ہر قدم پر ایک سال روزہ رکھنے کا ثواب
ملتا ہے (ترمذی شریف) (۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعے کے دن فجر کی نماز میں
سورۃ الم سجدہ اور ھل اتیٰ علی الانسان پڑھتے تھے لہذا ان سورتوں کو جمعے کے دن
کی نماز میں مستحب سمجھکر کبھی کبھی پڑھا کرے کبھی کبھی ترک بھی کر دے تاکہ لوگوں کو وجوب کا

Marfat.com

خیال ہو (۷) جمعے کی نماز میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سورہ جمعہ اور سورہ منافقون یا سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے (۸) جمعے کے دن خواہ نماز سے پہلے یا پیچھے سورہ کہف پڑھنے میں بہت ثواب ہے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعے کے دن جو کوئی سورہ کہف پڑھے اسکے لئے عرش کے نیچے سے آسمان کے برابر بلند ایک نور ظاہر ہوگا کہ قیامت کے اندھیرے میں اسکے کام آوے گا اور اس جمعے سے پچھلے جمعے تک جتنے گناہ اس سے ہوئے تھے سب معاف ہو جائیں گے (شرح سفر السعادۃ) علما نے لکھا ہے کہ اس حدیث میں گناہ صغیرہ مراد ہیں اسلئے کہ کبیرہ بے توبہ کے نہیں معاف ہوتے واللہ اعلم وہو ارحم الراحمین (۹) جمعے کے دن درود شریف پڑھنے میں بھی اور دنوں سے زیادہ ثواب ملتا ہے اسی لئے احادیث میں وارد ہوا ہے کہ جمعے کے دن درود شریف کی کثرت کرو۔

## جمعے کی نماز کی فضیلت اور تاکید

نماز جمعہ فرض عین ہے قرآن مجید اور احادیث متواترہ اور اجماع امت سے ثابت ہے اور اعظم شعائر اسلام سے ہے منکر اسکا کافر اور بے عذر اسکا تارک فاسق ہے (۱) قولہ تعالیٰ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَیْعَ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ؕ یعنی جب نماز جمعہ کے لئے اذان کہی جائے تو تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔ ذکر سے مراد اس آیت میں جمعہ اور اس کا خطبہ ہے دوڑنے سے مقصود نہایت اہتمام کے ساتھ جانا ہے (۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص جمعے کے دن

Marfat.com

غسل اور طہارت بقدر امکان کرے بعد اسکے اپنے بالوں میں تیل لگائے اور خوشبو کا استعمال کرے اسکے بعد نماز کیلئے چلے اور جب مسجد میں آئے اور کسی آدمی کو اسکی جگہ سے اٹھا کر نہ بیٹھے پھر جس قدر نوافل اسکی قسمت میں ہوں پڑھے پھر جب امام خطبہ پڑھنے لگے تو سکوت کرے تو گزشتہ جمعہ سے اس وقت تک کے گناہ اس شخص کے معاف ہوجائیں گے (صحیح بخاری شریف) (۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی جمعے کے دن خوب غسل کرے اور سویرے مسجد میں پیادہ پا جائے سوار ہو کر نہ جائے پھر خطبہ سنے اور اس درمیان میں کوئی لغو فعل نہ کرے تو اس کو ہر قدم کے عوض میں ایک سال کامل کی عبادت کا ثواب ملے گا ایک سال کے روزوں کا اور ایک سال کی نمازوں کا (ترمذی شریف) (۴) ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ہمنے نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ نماز جمعے کے ترک سے باز رہیں ورنہ خدا تعالےٰ ان کے دلوں پر مہر کردے گا پھر وہ سخت غفلت میں پڑ جائینگے (صحیح مسلم شریف)۔

(۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تین جمعے سستی سے یعنی بے عذر ترک کر دیتا ہے اسکے دل پر اللہ تعالیٰ مہر کر دیتا ہے (ترمذی شریف) اور ایک روایت میں ہے کہ خداوند عالم اس سے بیزار ہوجاتا ہے (۶) طارق بن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز جمعہ جماعت کے ساتھ ہر مسلمان پر حق واجب ہے مگر چار پر۔ غلام یعنی جو قاعدہ شرع کے موافق مملوک ہو۔ عورت۔ نابالغ لڑکا بیمار (ابوداؤد شریف) (۷) ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تارکین جمعے کے حق میں فرمایا کہ میرا مصمم ارادہ ہوا کہ کسی کو اپنی جگہ امام کردوں اور خود ان لوگوں کے گھروں کو جلادوں جو نماز جمعے میں حاضر نہیں ہوتے (صحیح مسلم شریف) آسی

Marfat.com

مضمون کی حدیث ترک جماعت کے حق میں بھی وارد ہوئی ہے جس کو ہم اوپر لکھ چکے ہیں (۸) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بے ضرورت جمعے کی نماز ترک کر دیتا ہے وہ منافق لکھدیا جاتا ہے ایسی کتاب میں کہ جو تغیر و تبدل سے بالکل محفوظ ہے (مشکوٰۃ شریف) یعنی اسکے نفاق کا حکم ہمیشہ رہیگا ہاں اگر توبہ کرے یا ارحم الراحمین اپنی محض عنایت سے معاف فرمائے تو وہ دوسری بات ہے (۹) جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت صلعم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اُس کو جمعے کے دن نماز جمعہ پڑھنا ضروری ہے مگر مریض اور مسافر اور عورت اور لڑکا اور غلام پس اگر کوئی شخص لغو کام یا تجارت میں مشغول ہو جائے تو خداوند عالم بھی اُس سے اعراض فرماتا ہے اور وہ بے نیاز اور محمود ہے (مشکوٰۃ شریف) یعنی اسکو کسی کی عبادت کی پرواہ نہیں نہ اُس کا کچھ فائدہ ہے اُسکی ذات بہمہ صفت موصوف ہے کوئی اس کی حمد و ثنا کرے یا نہ کرے (۱۰) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا جس شخص نے پلے درپے کئی جمعے ترک کر دیے پس اس نے اسلام کو پس پشت ڈالدیا (اشعۃ اللمعات) (۱۱) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ ایک شخص مرگیا اور وہ جمعے اور جماعت میں شریک نہوتا تھا اس کے حق میں آپ کیا فرماتے ہیں انہوں نے جواب دیا کہ وہ دوزخ میں ہے پھر وہ شخص ایک مہینے تک برابر اُن سے یہی سوال کرتا رہا اور وہ یہی جواب دیتے رہے (احیاء العلوم) اِن احادیث سے سرسری نظر کے بعد بھی یہ نتیجہ بخوبی نکل سکتا ہے کہ نماز جمعے کی سخت تاکید شریعت میں ہے اور اس کے تارک پر سخت سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ کیا اب بھی کوئی شخص بعد دعوے اسلام کے اس فرض کے ترک کرنے پر جرأت کرسکتا ہے۔

Marfat.com

## نماز جمعہ کے واجب ہونے کی شرطیں

(۱) مقیم ہونا پس مسافر پر نماز جمعہ واجب نہیں (۲) صحیح ہونا پس مریض پر نماز جمعہ واجب نہیں۔ جو مرض جامع مسجد تک پیادہ پا جانے سے مانع ہو اُسی مرض کا اعتبار ہے بڑھاپے کی وجہ سے اگر کوئی شخص کمزور ہو گیا ہو کہ مسجد تک نہ جا سکے یا نابینا ہو یہ سب لوگ مریض سمجھے جائیں گے اور نماز جمعہ ان پر واجب نہ ہو گی (۳) آزاد ہونا غلام پر نماز جمعہ واجب نہیں (۴) مرد ہونا عورت پر نماز جمعہ واجب نہیں (۵)

جماعت کے ترک کرنے کے جو عذر اوپر بیان ہو چکے ہیں اُن سے خالی ہونا اگر ان عذروں میں سے کوئی عذر موجود ہو تو نماز جمعہ واجب نہ ہو گی۔ مثال (۱) پانی بہت زور سے برستا ہو (۲) کسی مریض کی تیمار داری کرتا ہو (۳) مسجد جانے میں کسی دشمن کا خوف ہو (۴) اور نمازوں کے واجب ہونے کی جو شرطیں اوپر ہم ذکر کر چکے ہیں وہ بھی اس میں معتبر ہیں یعنی عاقل ہونا۔ بالغ ہونا۔ مسلمان ہونا۔ یہ شرطیں جو بیان ہوئیں نماز جمعہ کے واجب ہونے کی تھیں اگر کوئی شخص باوجود نہ پائے جانے ان شرطوں کے نماز جمعہ پڑھے تو اس کی نماز ہو جائے گی یعنی ظہر کا فرض اُس کے ذمے سے اُتر جائیگا مثلاً کوئی مسافر یا کوئی عورت نماز جمعہ پڑھے۔

## جمعے کی نماز کے صحیح ہونے کی شرطیں

(۱) مصر یعنی شہر یا قصبہ پس گاؤں یا جنگل میں نماز جمعہ درست نہیں البتہ جس گاؤں کی آبادی قصبے کے برابر ہو مثلاً تین چار ہزار آدمی ہوں وہاں جمعہ درست ہے (۲) ظہر کا وقت پس وقت ظہر سے پہلے اور اسکے نکل جانیکے بعد نماز جمعہ درست

Marfat.com

نہیں جتنی کہ اگر نماز جمعہ پڑھنے کی حالت میں وقت جاتا رہے تو نماز فاسد ہو جائے گی اگرچہ قعدۂ اخیرہ بقدر تشہد کے ہو چکا ہو اور اسی وجہ سے نماز جمعے کی قضا نہیں پڑھی جاتی (۳) خطبہ یعنی لوگوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا خواہ صرف سبحان اللہ یا الحمدللہ کہہ دیا جائے اگرچہ صرف اسی قدر پر اکتفا کرنا بوجہ مخالفت سنت کے مکروہ ہے (در مختار وغیرہ) (۴) خطبے کا نماز سے پہلے ہونا اگر نماز کے بعد خطبہ پڑھا جائے تو نماز نہ ہوگی (۵) خطبے کا وقت ظہر کے اندر ہونا پس وقت آنے سے پہلے اگر خطبہ پڑھ لیا جائے تو نماز نہ ہوگی (۶) جماعت یعنی امام کے سوا کم سے کم تین آدمیوں کا شروع خطبے سے نماز کے وقت اور مگر یہ شرط ہے کہ یہ تین آدمی ایسے ہوں جو امامت کر سکیں پس اگر صرف عورت یا نابالغ لڑکے ہوں تو نماز نہ ہوگی (بحر الرائق و بزازیہ ورد المحتار) اگر سجدہ کرنے سے پہلے لوگ چلے جائیں اور تین آدمیوں سے کم باقی رہ جائیں یا کوئی نہ رہے تو نماز فاسد ہو جائے گی ہاں اگر سجدہ کرنے کے بعد چلے جائیں تو پھر کچھ حرج نہیں (در مختار وغیرہ) (۷) عام اجازت کے ساتھ علی الاعلان نماز جمعے کا پڑھنا پس کسی خاص مقام میں چھپ کر نماز جمعہ پڑھنا درست نہیں۔ اگر کسی ایسے مقام میں نماز جمعہ پڑھی جائے جہاں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو یا جمعہ کو مسجد کے سب دروازے بند کر لئے جائیں تو نماز نہ ہوگی یہ شرائط جو نماز جمعے کے صحیح ہونے کی بیان ہوئیں اگر کوئی شخص باوجود نہ پائے جانے ان شرائط کے نماز جمعہ پڑھے تو اسکی نماز نہ ہوگی۔ نماز ظہر پھر اسکو پڑھنا ہوگی اور چونکہ یہ نماز نفل ہو گی اور نفل کا اس اہتمام سے پڑھنا مکروہ ہے لہذا ایسی حالت میں نماز جمعہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے (رد المحتار)

## جمعے کے خطبے کے مسائل

Marfat.com

مسئلہ جب سب لوگ جماعت میں آجائیں تو امام کو چاہیئے کہ منبر پر بیٹھ جائے اور موذن اس کے سامنے کھڑے ہو کر اذان کہے بعد اذان کے فوراً امام کھڑے ہو کر خطبہ شروع کر دے (درمختار وغیرہ) مسئلہ خطبے میں بارہ چیزیں مسنون ہیں (۱) خطبہ پڑھنے کی حالت میں خطبہ پڑھنے والے کو کھڑا رہنا (۲) دو خطبے پڑھنا۔ (۳) دونوں خطبوں کی کے درمیان میں اتنی دیر تک بیٹھنا کہ تین مرتبہ سبحان اللہ کہہ سکیں (۴) دونوں حدثوں سے طاہر ہونا (۵) خطبہ پڑھنے کی حالت میں منہ لوگوں کی طرف رکھنا (۶) خطبہ شروع کرنے سے پہلے اپنے دل میں اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھنا (۷) خطبہ ایسی آواز سے پڑھنا کہ لوگ سن سکیں (۸) خطبے میں ان بارہ قسم کے مضامین ہونا اللہ تعالیٰ کا شکر اور اسکی تعریف خداوند عالم کی وحدت اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی شہادت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وعظ و نصیحت۔ قرآن مجید کی آیتوں کا یا کسی سورت کا پڑھنا۔ دوسرے خطبے میں پھر ان سب چیزوں کا اعادہ کرنا دوسرے خطبے میں بجائے وعظ و نصیحت کے مسلمانوں کے لئے دعا کرنا۔ خطبے کو زیادہ طول نہ دینا بلکہ نماز سے کم رکھنا خطبہ منبر پر پڑھنا اگر منبر نہ ہو تو کسی لاٹھی وغیرہ پر ہاتھ رکھکر کھڑا ہونا اور ہاتھ کا ہاتھ پر رکھ لینا جیسا کہ بعض لوگوں کی ہمارے زمانے میں عادت ہے منقول نہیں دونوں خطبوں کا عربی زبان میں ہونا اور کسی اور زبان میں خطبہ پڑھنا یا اسکے ساتھ کسی اور زبان کے اشعار وغیرہ ملا دینا جیسا کہ ہمارے زمانے میں بعض عوام کا دستور ہے خلاف سنت موکدہ اور مکروہ تحریمی ہے۔ خطبہ سننے والوں کو قبلہ رو ہو کر بیٹھنا دوسرے خطبے میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل و اصحاب و ازواج مطہرات خصوصاً خلفائے راشدین اور حضرت حمزہ و عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لئے دعا کرنا مستحب ہے بادشاہ اسلام کے لئے بھی دعا کرنا جائز ہے مگر اُس کی ایسی تعریف کرنا جو غلط ہو مکروہ

Marfat.com

تحریمی ہے (بحر الرائق و درمختار وغیرہ) **مسئلہ** جب امام خطبے کے لئے اٹھ کھڑا ہو اُسوقت سے کوئی نماز پڑھنا یا آپس میں بات چیت کرنا مکروہ تحریمی ہے ہاں قضا نماز کا پڑھنا صاحب ترتیب کے لئے اُس وقت بھی جائز بلکہ واجب ہے پھر جب تک امام خطبہ ختم نہ کر دے یہ سب چیزیں ممنوع ہیں **مسئلہ** جب خطبہ شروع ہو جائے تو تمام حاضرین کو اس کا سننا واجب ہے خواہ امام کے نزدیک بیٹھے ہوں یا دور اور کوئی ایسا فعل کرنا جو سننے میں مخل ہو مکروہ تحریمی ہے اور کھانا پینا بات چیت کرنا چلنا پھرنا سلام یا سلام کا جواب یا تسبیح پڑھنا یا کسی کو شرعی مسئلہ بتانا جیسا کہ حالت نماز میں ممنوع ہے ویسا ہی اس وقت بھی ممنوع ہے ہاں خطیب کو جائز ہے کہ خطبہ پڑھنے کی حالت میں کسی کو شرعی مسئلہ بتا دے (خزانۃ المفتین) **مسئلہ** اگر سنت نفل پڑھتے میں خطبہ شروع ہو جاوے تو سنت مؤکدہ تو پوری کرلے اور نفل میں دو رکعت پر سلام پھیر دے **مسئلہ** دونوں خطبوں کے درمیان میں بیٹھنے کی حالت میں امام کو یا مقتدیوں کو ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا مکروہ تحریمی ہے ہاں بے ہاتھ اٹھائے ہوئے اگر دل میں دعا مانگی جائے تو جائز ہے لیکن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُن کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول نہیں رمضان کے اخیر جمعے کے خطبے میں وداع و فراق کے مضامین پڑھنا بوجہ اسکے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُنکے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول نہیں نہ کتب فقہ میں کہیں اس کا پتہ ہے اور اسپر مداومت کرنے سے عوام کو اس کے ضروری ہونے کا خیال ہوتا ہے اسلیئے بدعت ہے **تنبیہ** ہمارے زمانے میں اس خطبے پر ایسا التزام ہو رہا ہے کہ اگر کوئی نہ پڑھے تو وہ مورد طعن ہوتا ہے اور اس خطبے کے سننے میں اہتمام بھی زیادہ کیا جاتا ہے (روح الاخوان) **مسئلہ** خطبے کا کسی کتاب وغیرہ سے دیکھکر پڑھنا جائز ہے **مسئلہ** نبی صلے اللہ علیہ و

Marfat.com

آلہ وسلم کا اسم مبارک اگر خطبے میں آئے تو مقتدیوں کو اپنے دل میں درود شریف پڑھ لینا چاہئے ہے۔

## نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطبہ جمعے کے دن

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطبہ نقل کرنے سے یہ غرض نہیں کہ لوگ اسی خطبے پر التزام کرلیں بلکہ کبھی کبھی بغرض تبرک و اتباع اسکو بھی پڑھ لیا جایا کرے عادت شریف یہ تھی کہ جب سب لوگ جمع ہو جاتے اسوقت آپ تشریف لاتے اور حاضرین کو سلام کرتے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذان کہتے جب اذان ختم ہو جاتی آپ کھڑے ہو جاتے اور معاً خطبہ شروع فرما دیتے جب تک منبر نہ بنا تھا کسی لاٹھی یا کمان سے ہاتھ کو سہارا دے لیتے تھے اور کبھی کبھی اس لکڑی کے ستون سے جو محراب کے پاس تھا جہاں آپ خطبہ پڑھتے تھے تکیہ لگا لیتے تھے بعد منبر بن جانیکے پھر کسی لاٹھی وغیرہ سے سہارا دینا منقول نہیں دو خطبے پڑھتے اور دونوں کے درمیان میں کچھ تھوڑی دیر بیٹھ جاتے اور اُس وقت کچھ کلام نہ کرتے نہ دعا مانگتے جب دوسرے خطبے سے آپ کو فراغت ہوتی حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اقامت کہتے اور آپ نماز شروع فرماتے خطبہ پڑھتے وقت حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز بلند ہو جاتی تھی اور مبارک آنکھیں سُرخ ہو جاتی تھیں مسلم شریف میں ہے کہ خطبہ پڑھتے وقت حضرت کی ایسی حالت ہوتی تھی جیسے کوئی شخص کسی دشمن کے لشکر سے جو عنقریب آنا چاہتا ہو اپنے لوگوں کو خبر دیتا ہو اکثر خطبے میں فرمایا کرتے تھے کہ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَۃُ کَھَاتَیْنِ (میں اور قیامت اسطرح ساتھ بھیجا گیا ہوں جیسے یہ دو انگلیاں) اور بیچ کی انگلی اور شہادت کی انگلی کو ملا دیتے تھے اور بعد اس کے فرماتے تھے اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَیْرَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰہِ وَخَیْرَ الْھَدْیِ ھَدْیُ مُحَمَّدٍ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُھَا

Marfat.com

وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ اَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِاَهْلِهٖ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا
اَوْضَيَاعًا فَعَلَيَّ کبھی یہ خطبہ پڑھتے تھے يَآ اَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا وَبَادِرُوْا
بِالْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ وَصِلُوا الَّذِيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رَبِّكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ لَهٗ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ
بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ تُؤْجَرُوْا وَتُحْمَدُوْا وَتُرْزَقُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ
مَكْتُوْبَةً فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا فِيْ شَهْرِيْ هٰذَا فِيْ عَامِيْ هٰذَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ وَّجَدَ اِلَيْهِ
سَبِيْلًا فَمَنْ تَرَكَهَا فِيْ حَيَاتِيْ اَوْ بَعْدِيْ جُحُوْدًا بِهَا وَاسْتِخْفَافًا بِهَا وَلَهٗ اِمَامٌ جَائِرٌ اَوْ عَادِلٌ
فَلَا جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهٗ وَلَا بَارَكَ لَهٗ فِيْ اَمْرِهٖ اَلَا وَلَا صَلٰوةَ لَهٗ اَلَا وَلَا صَوْمَ لَهٗ اَلَا وَلَا زَكٰوةَ لَهٗ
اَلَا وَلَا حَجَّ لَهٗ اَلَا وَلَا بِرَّ لَهٗ حَتّٰى يَتُوْبَ فَاِنْ تَابَ اللّٰهُ اَلَا وَلَا تَؤُمَّنَّ امْرَاَةٌ رَجُلًا
اَلَا وَلَا يَؤُمَّنَّ اَعْرَابِيٌّ مُهَاجِرًا اَلَا وَلَا يَؤُمَّنَّ فَاجِرٌ مُّؤْمِنًا اِلَّا اَنْ يَّقْهَرَهٗ سُلْطَانٌ
يَخَافُ سَيْفَهٗ وَسَوْطَهٗ (ابن ماجہ) اور کبھی بعد حمد و صلوٰۃ کے یہ خطبہ پڑھتے تھے
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا
مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا
وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَاهْتَدٰى وَمَنْ
يَّعْصِهِمَا فَاِنَّهٗ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا (ابوداؤد وغیرہ) ایک صحابی فرماتے ہیں
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورۂ قٓ خطبے میں اکثر پڑھا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ میں نے
سورۂ قٓ حضرت ہی سے سن سن کر یاد کی ہے۔ جب آپ منبر پر اس کو پڑھا کرتے
تھے (مسلم شریف) اور کبھی سورۂ والعصر اور کبھی لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ
الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ اور کبھی وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ
(بحرالرائق)۔

Marfat.com

# نماز کے مسایل

مسئلہ بہتر یہ ہے کہ جو شخص خطبہ پڑھے وہی نماز بھی پڑھائے اور اگر کوئی دوسرا پڑھائے تب بھی جائز ہے (دُرِّمختار وغیرہ) مسئلہ خطبہ ختم ہوتے ہی فوراً اقامت کہکر نماز شروع کردینا مسنون ہے خطبے اور نماز کے درمیان میں کوئی دنیاوی کام کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور اگر درمیان میں فصل زائد ہوجاوے اسکے بعد خطبے کے اعادے کی ضرورت ہے ہاں کوئی دینی کام ہو مثلاً کسی کو شرعی مسئلہ بتائے یا وضو نہ رہے اور وضو کرنے جائے یا بعد خطبے کے معلوم ہوا کہ اسکو غسل کی ضرورت تھی اور غسل کرنے جائے تو کچھ کراہت نہیں نہ خطبے کے اعادے کی ضرورت (درمختار وخزانۃ المفتیین) مسئلہ نماز جمعہ اس نیت سے پڑھی جائے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ رَکْعَتَیِ الْفَرْضِ صَلٰوۃَ الْجُمُعَۃِ یعنی میں نے یہ ارادہ کیا کہ دو رکعت فرض نماز جمعہ پڑھوں مسئلہ بہتر یہ ہے کہ جمعے کی نماز ایک مقام میں ایک ہی مسجد میں سب لوگ جمع ہوکر پڑھیں اگرچہ ایک مقام کی متعدد مسجدوں میں بھی نماز جمعہ جائز ہے (بحر الرائق وغیرہ) مسئلہ اگر کوئی مسبوق قعدۂ اخیرہ میں التحیات پڑھتے وقت یا سجدۂ سہو کے بعد آکر ملے تو اس کی شرکت صحیح ہوجائیگی اور اُسکو جمعے کی نماز تمام کرنا چاہیئے ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں (بحر الرائق ودرمختار وغیرہ) مسئلہ بعضے لوگ جمعے کے بعد ظہر احتیاطی پڑھا کرتے ہیں چونکہ عوام کا اعتقاد اس سے بہت بگڑ گیا ہے اُنکو مطلقاً منع کرنا چاہیئے البتہ اگر کوئی ذی علم پڑھنا چاہے تو اپنے پڑھنے کی کسی کو اطلاع نہ کرے۔

# عیدین کی نماز کا بیان

Marfat.com

**مسئلہ** شوال کے مہینے کی پہلی تاریخ کو عید الفطر کہتے ہیں اور ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو عید الضحٰے یہ دونوں دن اسلام میں عید اور خوشی کے دن ہیں ان دونوں دنوں میں دو دو رکعت نماز بطور شکریہ کے پڑھنا واجب ہے جمعے کی نماز کے صحت و وجوب کیلئے جو شرائط اوپر ذکر ہو چکے ہیں وہی سب عیدین کی نماز میں بھی ہیں۔ سوا خطبے کے کہ جمعے کی نماز میں خطبہ فرض اور شرط ہے اور نماز سے پہلے پڑھا جاتا ہے اور عیدین کی نماز میں شرط یعنی فرض نہیں سنت ہے اور پیچھے پڑھا جاتا ہے مگر عیدین کے خطبے کا سننا بھی مثل جمعے کے خطبے کے واجب ہے یعنی اس وقت بولنا چالنا نماز پڑھنا سب حرام ہے۔ عید الفطر کے دن بارہ چیزیں مسنون ہیں شرع کے موافق اپنی آرایش کرنا۔ غسل کرنا۔ مسواک کرنا۔ عمدہ سے عمدہ کپڑے جو پاس موجود ہوں پہننا۔ خوشبو لگانا۔ صبح کو بہت سویرے اُٹھنا۔ عید گاہ میں بہت سویرے جانا۔ قبل عید گاہ جانے کے کوئی شیریں چیز مثل چھوہارے وغیرہ کے کھانا۔ قبل عید گاہ جانے کے صدقہ فطر دے دینا۔ عید کی نماز عید گاہ میں جاکر پڑھنا یعنی شہر کی مسجد میں بلا عذر نہ پڑھنا۔ جس راستے جائے اُس کے سوا دوسرے راستے سے واپس آنا۔ پیادہ پا جانا۔ اور راستے میں اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ آہستہ آواز سے پڑھتا جائے **مسئلہ** عید الفطر کی نماز پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ نیت کرے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ رَکْعَتَیِ الْوَاجِبِ صَلٰوۃَ عِیْدِ الْفِطْرِ مَعَ سِتِّ تَکْبِیْرَاتٍ وَاجِبَۃٍ یعنی میں نے یہ نیت کی کہ دو رکعت واجب نماز عید کی چھ واجب تکبیروں کے ساتھ پڑھوں یہ نیت کرکے ہاتھ باندھ لے اور سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ آخر تک پڑھکر تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہر مرتبہ مثل تکبیر تحریمہ کے دونوں کانوں تک ہاتھ اٹھائے اور بعد تکبیر کے ہاتھ لٹکا دے اور ہر تکبیر کے بعد اتنی دیر تک توقف کرے کہ تین مرتبہ سبحان اللہ کہہ سکیں۔ تیسری تکبیر کے

Marfat.com

بعد ہاتھ نہ لٹکائے بلکہ باندھ لے اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھکر سورہ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت پڑھکر حسب دستور رکوع سجدہ کرکے کھڑا ہو اور دوسری رکعت میں پہلے سورہ فاتحہ اور سورت پڑھے اسکے بعد تین تکبیریں اسیطرح کہے لیکن یہاں تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ نہ باندھے۔ بلکہ لٹکا رکھے اور پھر تکبیر کہکر رکوع میں جائے (مجالس الابرار) **مسئلہ** بعد نماز کے دو خطبے منبر پر کھڑے ہوکر پڑھے اور دونوں خطبوں کے درمیان میں اتنی ہی دیر تک بیٹھے جتنی دیر جمعہ کے خطبے میں **مسئلہ** بعد نماز عیدین کے یا بعد خطبے کے دعا مانگنا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکے اصحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضی اللہ تعالے عنہم سے منقول نہیں اور اگر ان حضرات نے کبھی دعا مانگی ہوتی تو ضرور نقل کیجاتی لہذا الغرض اتباع دعا نہ مانگنا دعا مانگنے سے بہتر ہے عیدین کے خطبے میں پہلے تکبیر سے ابتدا کرے پہلے خطبے میں نو مرتبہ اللہ اکبر کہے دوسرے میں سات مرتبہ (بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** عید الضحےٰ کی نماز کا بھی یہی طریقہ ہے۔ اور اسمیں بھی وہ سب چیزیں مسنون ہیں جو عید الفطر میں۔ فرق اسقدر ہے کہ عید الضحےٰ کی نیت میں بجائے عید الفطر کے عید الضحےٰ کا لفظ داخل کرے عید الفطر میں عید گاہ جانے سے پہلے کچھ کھانا مسنون ہے یہاں نہیں۔ اور عید الفطر میں راستہ چلنے وقت آہستہ تکبیر کہنا مسنون ہے اور یہاں بلند آواز سے۔ اور عید الفطر کی نماز دیر کرکے پڑھنا مسنون ہے عید الضحےٰ کی سویرے اور یہاں صدقہ فطر نہیں بلکہ بعد میں قربانی ہے اہل وسعت پر اور اذان واقامت نہ یہاں ہے نہ وہاں **مسئلہ** جہاں عید کی نماز پڑھی جائے وہاں اور کوئی نماز پڑھنا مکروہ ہے نماز سے پہلے بھی اور پیچھے بھی ہاں بعد نماز کے گھر میں آکر نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے اور قبل نماز کے یہ بھی مکروہ ہے (بحر الرائق) **مسئلہ** عورتیں اور وہ لوگ جو کسی وجہ سے نماز عید نہ پڑھیں ان کو قبل نماز عید کے کوئی

Marfat.com

نفل وغیرہ پڑھنا مکروہ ہے (بحر الرائق) **مسئلہ** عید الفطر کے خطبے میں صدقہ فطر
کے احکام اور عید الضحےٰ کے خطبہ میں قربانی کے مسائل اور تکبیر تشریق کے احکام بیان
کرنا چاہئے۔ تکبیر تشریق یعنی ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ کہنا واجب ہے بشرطیکہ وہ
فرض جماعت سے پڑھا گیا ہو اور وہ مقام مصر ہو۔ یہ تکبیر عورت اور مسافر پر
واجب نہیں اگر یہ لوگ کسی ایسے شخص کے مقتدی ہوں جس پر تکبیر واجب ہے
تو ان پر بھی تکبیر واجب ہو جائیگی (رد المحتار) لیکن اگر منفرد اور عورت اور مسافر بھی
کہہ لے تو بہتر ہے کہ صاحبین کے نزدیک ان سب پر واجب ہے **مسئلہ** یہ تکبیر عرفے
یعنی نویں تاریخ کی فجر سے تیرھویں تاریخ کی عصر تک کہنا چاہیے کہ سب تیئیس نمازیں
ہوئیں جن کے بعد تکبیر واجب ہے **مسئلہ** اس تکبیر کا بلند آواز سے کہنا واجب ہے
ہاں عورتیں آہستہ آواز سے کہیں (رد المحتار) **مسئلہ** نماز کے بعد فوراً تکبیر کہنا
چاہیے (بحر الرائق) **مسئلہ** اگر امام تکبیر کہنا بھول جائے تو مقتدیوں کو چاہیئے کہ
فوراً تکبیر کہہ دیں یہ انتظار نہ کریں کہ جب امام کہے تب کہیں (در مختار و بحر الرائق وغیرہ)
**مسئلہ** عید الضحیٰ کی نماز کے بعد بھی تکبیر کہہ لینا بعض کے نزدیک واجب ہے
(بحر الرائق و رد المختار) **مسئلہ** عیدین کی نماز بالاتفاق متعدد مساجد میں جائز
ہے (در مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کسی کو عید کی نماز نہ ملی ہو اور سب لوگ
پڑھ چکے ہوں تو وہ شخص تنہا نماز عید نہیں پڑھ سکتا اسلئے کہ جماعت اس میں شرط ہے
اسی طرح اگر کوئی شخص شریک نماز ہوا ہو اور کسی وجہ سے اسکی نماز فاسد ہو گئی ہو تو وہ
بھی اسکی قضا نہیں پڑھ سکتا نہ اس پر اسکی قضا واجب ہے ہاں اگر کچھ اور لوگ بھی اسکے ساتھ
شریک ہو جائیں تو پڑھ سکتا ہے **مسئلہ** اگر کسی عذر سے پہلے دن نماز نہ پڑھی جا سکے
تو عید الفطر کی نماز دوسرے دن اور عید الضحیٰ کی بارہویں تاریخ تک پڑھی جا سکتی ہے **مسئلہ**

Marfat.com

عید الضحیٰ کی نماز میں بے عذر بھی بارھویں تاریخ تک تاخیر کرنے سے نماز ہو جاویگی مگر وہ مکروہ ہے اور عید الفطر میں بے عذر کے تاخیر کرنیسے بالکل نماز ہی نہیں ہوگی (البحر الرائق و درمختار وغیرہ) عذر کی مثال (۱) کسی وجہ سے امام نماز پڑھانے کو نہ آیا ہو (۲) پانی برس رہا ہو (۳) چاند کی تاریخ محقق نہ ہو اور بعد زوال کے جب وقت جاتا رہے محقق ہو جائے (۴) ابر کے دن نماز پڑھی گئی ہو اور بعد ابر کھل جانے کے معلوم ہو کہ بے وقت نماز پڑھی گئی (رد المختار) **مسئلہ** اگر کوئی شخص عید کی نماز میں ایسے وقت آکر شریک ہوا ہو کہ امام تکبیروں سے فراغت کرچکا ہو تو اگر قیام میں آکر شریک ہوا ہو تو فوراً بعد نیت باندھنے کے تکبیریں کہہ لے اگرچہ امام قرأت شروع کرچکا ہو اور اگر رکوع میں آکر شریک ہوا ہو تو اگر غالب گمان ہو کہ تکبیروں کی فراغت کے بعد امام کا رکوع ملجائیگا تو نیت باندھ کر تکبیر کہہ لے بعد اسکے رکوع میں جائے اور رکوع نہ ملنے کا خوف ہو تو رکوع میں شریک ہو جائے اور حالت رکوع میں بجائے تسبیح کے تکبیریں کہہ لے مگر حالت رکوع میں تکبیریں کہتے وقت ہاتھ نہ اٹھائے اور اگر قبل اسکے کہ پوری تکبیریں کہہ چکے امام رکوع سے سر اٹھالے تو یہ بھی کھڑا ہو جائے اور جسقدر تکبیریں رہگئی ہیں وہ اس سے معاف ہیں (رد المختار) **مسئلہ** اگر کسی کی ایک رکعت عید کی نماز میں چلی جائے تو جب وہ اسکو ادا کرنے لگے تو پہلے ثنا کر لے اسکے بعد تکبیر کہے اگرچہ قاعدہ کے موافق پہلے تکبیر کہنا چاہئے تھا لیکن چونکہ اس طریقے سے دونوں رکعتوں کی قرأت میں تکبیریں فاصل ہوئی جاتی ہیں اور یہ کسی کا مذہب نہیں ہے اس لئے اسکے خلاف حکم دیا گیا (رد المختار) اگر امام تکبیر کہنا بھول جائے اور رکوع میں اسکو خیال آئے تو اسکو چاہئے کہ حالت رکوع میں تکبیر کہہ لے پھر قیام کی طرف نہ لوٹے اور اگر لوٹ جائے تب بھی جائز ہے یعنی نماز فاسد نہ ہوگی لیکن ہر حال میں بوجہ کثرت اژدحام کے سجدہ سہو نکرے۔

Marfat.com

# کعبہ مکرمہ کے اندر نماز پڑھنے کا بیان

**مسئلہ** جیسا کعبہ شریف کے باہر اسکے رخ پر نماز پڑھنا درست ہے ویسا ہی کعبہ مکرمہ کے اندر بھی نماز پڑھنا درست ہے استقبال قبلہ ہو جائیگا خواہ جس طرف پڑھے اسوجہ سے کہ وہاں چاروں طرف قبلہ ہے جسطرف منہ کیا جائے کعبہ ہی کعبہ ہو اور جسطرح نفل نماز جایز ہے اسی طرح فرض نماز بھی (ردالمختار) **مسئلہ** کعبہ شریف کی چھت پر کھڑے ہو کر اگر نماز پڑھی جائے تو وہ بھی صحیح ہے اسلئے جس مقام پر کعبہ ہے وہ زمین اور اسکے محاذی جو حصہ ہوا کا آسمان تک ہے سب قبلہ ہے قبلہ کچھ کعبے کی دیواروں میں منحصر نہیں ہے اسی لئے اگر کوئی شخص کسی بلند پہاڑ پر کھڑے ہو کر نماز پڑھے جہاں کعبے کی دیواروں سے بالکل محاذات نہو تو اسکی نماز بالاتفاق درست ہے لیکن چونکہ اس میں کعبہ کی بے تعظیمی ہے اور اس سے نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے منع بھی فرمایا ہے اس لئے وہ مکروہ تحریمی ہوگی **مسئلہ** کعبے کے اندر تنہا نماز پڑھنا بھی جایز ہے اور جماعت سے بھی اور وہاں یہ بھی شرط نہیں کہ امام اور مقتدیوں کا منہ ایک ہی طرف ہو اسلئے کہ وہاں ہر طرف قبلہ ہے ہاں یہ شرط ضرور ہے کہ مقتدی امام سے آگے بڑھکر نہ کھڑے ہوں۔ اگر مقتدی کا منہ امام کے منہ کے سامنے ہو تب بھی درست ہے اسلئے کہ اس صورت میں وہ مقتدی امام سے آگے نہ کہا جائیگا آگے جب ہوتا کہ جب دونوں کا منہ ایک ہی طرف ہوتا اور پھر مقتدی آگے بڑھا ہوا ہوتا مگر ہاں اس صورت میں نماز مکروہ ہوگی اسلئے کہ کسی آدمی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا مکروہ ہے لیکن اگر کوئی چیز بیچ میں حایل کر لی جائے تو یہ کراہت نہ رہیگی (در مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر امام کعبہ کے اندر اور مقتدی کعبے سے باہر حلقہ باندھے ہوئے کھڑے ہوں تب بھی نماز ہو جائیگی لیکن اگر صرف امام کعبے کے اندر ہوگا اور کوئی مقتدی اسکے

Marfat.com

ساتھ نہ ہوگا تو نماز مکروہ ہوگی اسلئے کہ اس صورت میں بوجہ اسکے کہ کعبہ کے اندر کی زمین اونچی ہے امام کا مقام بقدر ایک قد کے مقتدیوں سے اونچا ہوگا (رد المحتار) **مسئلہ** اگر مقتدی اندر ہوں امام باہر تب بھی نماز درست ہے بشرطیکہ مقتدی امام سے آگے نہوں (رد المحتار) **مسئلہ** اور اگر سب باہر ہوں اور ایک طرف امام ہو اور چاروں طرف مقتدی حلقہ باندھے ہوئے ہوں جیسا عام عادت وہاں اسیطرح نماز پڑھنے کی ہے تو بھی درست ہے لیکن شرط یہ ہے کہ جس طرف امام کھڑا ہے اسطرف کوئی مقتدی بہ نسبت امام کے خانہ کعبے کے زیادہ نزدیک نہو کیونکہ اس صورت میں وہ امام سے آگے سمجھا جاویگا جو کہ مانع اقتدا ہے البتہ اگر دوسری طرف کے مقتدی خانہ کعبہ سے بہ نسبت امام کے نزدیک بھی ہوں تو کچھ مضر نہیں اور یہ اسکی صورت ہے



اب ج د کعبہ ہے اور ہ امام ہے جو کعبے سے دو گز کے فاصلے پر کھڑا ہے اور دؔ اور زؔ مقتدی ہیں جو کعبے سے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے ہیں مگر دؔ تو ہؔ کی طرف کھڑا ہے اور زؔ دوسری طرف کھڑا ہے دؔ کی نماز نہ ہوگی زؔ کی ہو جاوے گی۔

## سجدۂ تلاوت کا بیان

**مسئلہ** اگر کوئی شخص کسی امام سے آیت سجدہ سنے اسکے بعد اسکی اقتدا کرے تو اسکو امام کے ساتھ سجدہ کرنا چاہیئے اور اگر امام سجدہ کر چکا ہو تو اسمیں دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ جس رکعت میں آیت سجدہ کی تلاوت امام نے کی ہو وہی رکعت اسکو اگر ملجائے تو اسکو سجدہ کی ضرورت نہیں اس رکعت کے ملجانے سے سمجھا جائیگا کہ وہ سجدہ بھی مل گیا دوسرے یہ کہ وہ رکعت نہ ملے تو پھر اسکو بعد نماز تمام کرنیکے خارج نماز میں سجدہ کرنا واجب ہے (بحر الرائق و رد المحتار) **مسئلہ** مقتدی سے اگر آیت

Marfat.com

سجدہ سنی جائے تو سجدہ واجب ہوگا نہ اُس پر نہ اُسکے امام پر نہ ان لوگوں پر جو اس نماز میں شریک ہیں ہاں جو لوگ اِس نماز میں شریک نہیں خواہ وہ لوگ خواہ وہ لوگ نماز ہی نہ پڑھتے ہوں یا کوئی دوسری نماز پڑھ رہے ہوں تو ان پر سجدہ واجب ہوگا (ردالمحتار) **مسئلہ** سجدہ تلاوت میں قہقہے سے وضو نہیں جاتا **مسئلہ** عورت کی محاذاۃ مفسد سجدۂ تلاوت نہیں **مسئلہ** سجدۂ تلاوت اگر نماز میں واجب ہوا ہو تو اسکا ادا کرنا فوراً واجب ہے تاخیر کی اجازت نہیں (ردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** خارج نماز کا سجدہ نماز میں اور نماز کا خارج میں بلکہ دوسری نماز میں بھی نہیں ادا کیا جاسکتا پس اگر کوئی شخص نماز میں آیت سجدہ پڑھے اور سجدہ نکرے تو اسکا گناہ اُسکے ذمّے ہوگا اور اسکے سوا کوئی تدبیر نہیں کہ توبہ کرے یا ارحم الراحمین اپنے فضل وکرم سے معاف فرمادے۔ (البحرالرائق) **مسئلہ** اگر دو شخص علیحدہ علیحدہ گھوڑوں پر سوار نماز پڑھتے ہوئے جا رہے ہوں اور ہر شخص ایک ہی آیت سجدے کی تلاوت کو سنے۔ تو ہر شخص پر دو سجدے واجب ہوں گے ایک تلاوت کے سبب سے دوسرا سُننے کے سبب سے مگر تلاوت کے سبب سے جو ہوگا وہ نماز کا سمجھا جائیگا اور نماز ہی میں ادا کیا جائیگا اور سننے کے سبب سے جو ہوگا وہ نماز کا سمجھا جائیگا اور بعد نماز کے ادا کیا جائیگا **مسئلہ** اگر آیت سجدہ نماز میں پڑھی جاوے اور فوراً رکوع کیا جائے یا بعد دو تین آیتوں کے اور اس رکوع میں جھکتے وقت سجدۂ تلاوت کی بھی نیت کرلیجائے تو سجدہ ادا ہوجائیگا۔ اگر اسی طرح آیت سجدے کی تلاوت کے بعد نماز کا سجدہ کیا جائے یعنی بعد رکوع وقومہ کے تب بھی یہ سجدہ ادا ہوجاوے گا اور اس میں نیت کی بھی ضرورت نہ ہوگی (درمختار وردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** جمعے اور عیدین اور آہستہ آواز کی نمازوں میں آیت سجدہ نہ پڑھنا چاہئے اس لیئے کہ سجدہ کرنے میں مقتدیوں کے اشتباہ کا خوف ہے (بحرالرائق)

Marfat.com

# میت کے غسل کے مسائل

مسئلہ اگر کوئی شخص دریا میں ڈوب کر مر گیا ہو تو جس وقت نکالا جائے اس کا غسل دینا فرض ہے پانی میں ڈوبنا غسل کے لئے کافی نہ ہوگا اسلئے کہ میت کا غسل دینا زندوں پر فرض ہے اور ڈوبنے میں کوئی انکا فعل نہیں ہوا ہاں اگر نکالتے وقت غسل کی نیت سے اسکو پانی میں حرکت دیدی جائے تو غسل ہو جائیگا اسی طرح اگر میت کے اوپر مینہ کا پانی برس جائے یا اور کسی طرح پانی پہنچ جائے تب بھی اس کا غسل دینا فرض رہیگا (فتاوٰے قاضی خاں و بحرالرائق و در مختار وغیرہ) مسئلہ اگر کسی آدمی کا صرف سر کہیں دیکھا جائے تو اسکو غسل نہ دیا جائیگا بلکہ یونہی دفن کردیا جائیگا اور اگر کسی آدمی کا بدن نصف سے زیادہ کہیں ملے تو اسکا غسل دینا ضروری ہے خواہ سر کے ساتھ ملے یا بے سر کے اور اگر نصف سے زیادہ نہ ہو بلکہ نصف ہو تو اگر سر کے ساتھ ملے تو غسل دیا جائیگا ورنہ نہیں اور اگر نصف سے کم ہو تو غسل نہ دیا جائیگا خواہ سر کے ساتھ ہو یا بے سر کے (بحرالرائق و ردالمختار) مسئلہ اگر کوئی میت کہیں دیکھی جائے اور کسی قرینے سے یہ نہ معلوم ہو کہ یہ مسلمان تھا یا کافر تو اگر دارالاسلام میں یہ واقعہ ہوا تو اس کو غسل دیا جائیگا اور نماز بھی پڑھی جائیگی مسئلہ اگر مسلمان نعشیں کافروں کی نعشوں میں ملجائیں اور کوئی تمیز نہ باقی رہے تو ان سب کو غسل دیا جائیگا اور اگر تمیز باقی ہو تو مسلمانوں کی نعشیں علیحدہ کر لی جائیں اور صرف انہیں کو غسل دیا جائے کافروں کی نعشوں کو غسل نہ دیا جائے مسئلہ اگر کسی مسلمان کا کوئی عزیز کافر ہو اور وہ مرجائے تو اسکی نعش اسکے ہم مذہب کو دیدی جائے۔ اگر اس کا کوئی ہم مذہب نہ ہو یا ہو مگر لینا قبول نہ کرے تو بدرجہ مجبوری وہ مسلمان اس کافر کو غسل دے مگر نہ مسنون طریقے سے یعنی اسکو وضو نکرائے اور سر اس کا صاف کرایا جائے

Marfat.com

کافور وغیرہ اسکے بدن میں نہ ملا جائے بلکہ جس طرح نجس چیز کو دھوتے ہیں اسی طرح اسکو دھوئیں اور کافر دھونے سے پاک نہ ہوگا حتی کہ اگر کوئی شخص اسکو لئے ہوئے نماز پڑھے تو اسکی نماز درست نہ ہوگی (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** باغی لوگ یا ڈاکو زن اگر مارے جائیں تو ان کے مردوں کو غسل نہ دیا جائے بشرطیکہ عین لڑائی کے وقت مارے گئے ہوں **مسئلہ** مرتد اگر مرجائے تو اسکو بھی غسل نہ دیا جائے اور اگر اسکے اہل مذہب اسکی نعش مانگیں تو انکو بھی نہ دی جائے (بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** اگر پانی نہ ہونیکے سبب سے کسی میت کو تیمم کرایا گیا ہو اور پھر پانی ملجائے تو اسکو غسل دینا چاہئے

## میت کے کفن کے بعض مسائل

**مسئلہ** اگر انسان کا کوئی عضو یا نصف جسم بغیر سر کے پایا جائے تو اسکو بھی کسی کسی کپڑے میں لپیٹ دینا کافی ہے ہاں اگر نصف جسم کے ساتھ سر بھی ہو یا نصف سے زیادہ حصہ جسم کا ہو گو سر بھی نہ ہو تو پھر کفن مسنون دینا چاہئے (رد المحتار) **مسئلہ** کسی انسان کی قبر کھل جائے یا اور کسی وجہ سے اسکی نعش باہر نکل آئے اور کفن نہ ہو تو اسکو بھی کفن مسنون دینا چاہئے بشرطیکہ وہ نعش پھٹی نہ ہو اور اگر پھٹ گئی ہو تو صرف کسی کپڑے میں لپیٹ دینا کافی ہے ۔

## جنازے کی نماز کے مسائل

نماز جنازہ درحقیقت اس میت کے لئے دعا ہے ارحم الرحمین سے **مسئلہ** نماز جنازہ کے واجب ہونیکی وہی سب شرطیں ہیں جو اور نمازوں کیلئے ہم اوپر لکھ چکے ہیں ہاں اس میں ایک شرط اور زیادہ ہے وہ یہ کہ اس شخص کی موت کا علم بھی ہو پس جسکو یہ خبر نہ ہوگی وہ معذور ہے نماز جنازہ اسپر ضروری نہیں (رد المختار) **مسئلہ**

Marfat.com

نماز جنازے کے صحیح ہونے کیلئے دو قسم کی شرطیں ہیں ایک قسم کی وہ شرطیں ہیں جو نماز پڑھنے والوں سے تعلق رکھتی ہیں وہ وہی ہیں جو اور نمازوں کے لئے اوپر بیان ہو چکیں یعنی طہارت۔ ستر عورت۔ استقبال قبلہ۔ نیت۔ ہاں وقت اس کیلئے شرط نہیں اور اس کیلئے تیمم نماز نہ ملنے کے خیال سے جائز ہے مثلاً نماز جنازہ ہو رہی ہو اور وضو کرنے میں یہ خیال ہو کہ نماز ختم ہو جائے گی تو تیمم کرلے بخلاف اور نمازوں کے کہ ان میں اگر وقت کے چلے جانے کا خوف ہو تو تیمم جائز نہیں **مسئلہ** آجکل بعضے آدمی جنازے کی نماز جوتا پہنے ہوئے پڑھتے ہیں ان کیلئے یہ امر ضروری ہے کہ وہ جگہ جسپر کھڑے ہوئے ہوں اور جوتے دونوں پاک ہوں اور اگر جوتہ پیر سے نکالدیا جائے اور اُسپر کھڑے ہوں تو صرف جُوتے کا پاک ہونا ضروری ہے اکثر لوگ اسکا خیال نہیں کرتے اور اُن کی نماز نہیں ہوتی۔ دوسری قسم کی وہ شرطیں ہیں جن کو میت سے تعلق ہے وہ چھ ہیں شرط (۱) میت کا مسلمان ہونا۔ پس کافر اور مرتد کی نماز صحیح نہیں مسلمان اگرچہ فاسق یا بدعتی ہو اسکی نماز صحیح ہے سوا ان لوگوں کے جو بادشاہ برحق سے بغاوت کریں یا ڈاکہ زنی کرتے ہوں بشرطیکہ یہ لوگ بادشاہ وقت سے لڑائی کی حالت میں مقتول ہوں اور اگر بعد لڑائی کے یا اپنی موت سے مرجائیں تو پھر اُن کی نماز پڑھی جائے گی اسی طرح جس شخص نے اپنے باپ یا ماں کو قتل کیا ہو اور اُسکی سزا میں وہ مارا جائے تو اس کی نماز بھی نہ پڑھی جائے گی اور ان لوگوں کی نماز زجراً نہیں پڑھی جاتی اور جس شخص نے اپنی جان خودکشی کرکے دی ہو اس پر نماز پڑھنا صحیح یہ ہے کہ درست ہے **مسئلہ** جس لڑکے کا باپ یا ماں مسلمان ہو وہ لڑکا مسلمان سمجھا جائے گا اور اسکی نماز پڑھی جائے گی **مسئلہ** میت سے مراد وہ شخص ہے جو زندہ پیدا ہوکر مرگیا ہو اور اگر مرا ہوا لڑکا پیدا ہو تو اسکی نماز درست نہیں (ردالمحتار وغیرہ) شرط (۲) میت کا بدن اور کفن نجاست حقیقیہ اور حکمیہ سے طاہر ہونا ہاں اگر نجاست

اُسکے بدن سے خارج ہوئی ہو اور اس سبب سے اُس کا بدن بالکل نجس ہو جائے تو
کچھ مضائقہ نہیں نماز درست ہے (ردالمحتار) **مسئلہ** اگر کوئی میت بنجاست حکمیہ سے
طاہر نہو یعنی اُس کو غسل نہ دیا گیا یا درصورت ناممکن ہونے غسل کے تیمم نہ کرایا گیا
ہو اسکی نماز درست نہیں ہاں اگر اسکا طاہر ہونا ممکن نہو مثلاً بے غسل یا تیمم کرائے
ہوئے دفن کر چکے ہوں اور قبر پر مٹی بھی پڑ چکی ہو تو پھر اسکی نماز اسکی قبر پر اسی حالت
میں پڑھنا جائز ہے اگر کسی میت پر بے غسل یا تیمم کے نماز پڑھی گئی ہو اور وہ دفن کر دیا
گیا ہو اور بعد دفن کے خیال آئے کہ اُسکو غسل نہ دیا گیا تھا تو اُسکی نماز دوبارہ اُسکی
قبر پر پڑھی جائے اس لئے کہ پہلی نماز صحیح نہیں ہوئی ہاں اب چونکہ غسل ممکن نہیں ہے
لہذا نماز ہو جائے گی **مسئلہ** اگر کوئی مسلمان بے نماز پڑھے ہوئے دفن کر دیا گیا
ہو تو اس کی نماز اسکی قبر پر پڑھی جائے جبتک کہ اسکی نعش کے پھٹ جانے کا
اندیشہ نہو جب خیال ہو کہ اب نعش پھٹ گئی ہوگی تو پھر نماز نہ پڑھی جائے (دُرِّمختار
وردالمحتار) **مسئلہ** میت جس جگہ رکھی ہو اُس جگہ کا پاک ہونا شرط نہیں (ردالمحتار
وفتاوائے عالمگیری) **شرط (۳)** میت کے جسم واجب الستر کا پوشیدہ ہونا اگر میت
بالکل برہنہ ہو تو اُسکی نماز درست نہیں **شرط (۴)** میت کا نماز پڑھنے والے کے
آگے ہونا۔ اگر میت نماز پڑھنے والے کے پیچھے ہو تو نماز درست نہیں **شرط (۵)** میت کا یا جس چیز پر میت
ہو اُس کا زمین پر رکھا ہوا ہونا اگر میت کو لوگ اپنے ہاتھوں پر اٹھائے ہوں یا کسی گاڑی یا جانور
پر ہو اور اسی حالت میں اسکی نماز پڑھی جائے تو صحیح نہوگی (درمختار و ردالمختار وغیرہ) **شرط (۶)** میت کا وہاں
موجود ہونا اگر میت وہاں موجود نہو تو نماز صحیح نہوگی **مسئلہ** نماز جنازے میں دو چیزیں فرض ہیں
(۱) چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر کہنا۔ ہر تکبیر یہاں قائم مقام ایک رکعت کے سمجھی جاتی ہے (۲)
قیام یعنی کھڑے ہو کر نماز جنازہ پڑھنا جس طرح فرض واجب نمازوں میں قیام فرض
ہے اور بے عذر کے اس کا ترک جائز نہیں۔ عذر کا بیان اوپر ہو چکا ہے **مسئلہ**

Marfat.com

رکوع۔ سجدہ۔ قعدہ وغیرہ اس نماز میں نہیں **مسئلہ** نماز جنازے میں تین چیزیں مسنون ہیں (۱) اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا (۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا (۳) میت کیلئے دعا کرنا۔ جماعت اس میں شرط نہیں ہے پس اگر ایک شخص بھی جنازے کی نماز پڑھ لے تو فرض ادا ہو جائیگا خواہ وہ عورت ہو یا مرد بالغ ہو یا نابالغ (ردالمحتار) **مسئلہ** ہاں یہاں جماعت کی ضرورت زیادہ ہے اسلئے کہ یہ دعا ہے میت کیلئے اور چند مسلمانوں کا جمع ہو کر بارگاہ الٰہی میں کسی چیز کیلئے دعا کرنا ایک عجیب خاصیت رکھتا ہے نزولِ رحمت اور قبولیت کیلئے **مسئلہ** نماز جنازہ کا مسنون و مستحب طریقہ یہ ہے کہ میت کو آگے رکھکر امام اس کے سینے کے محاذی کھڑا ہو جائے اور سب لوگ نیت کریں نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ صَلٰوۃَ الْجَنَازَۃِ لِلّٰہِ تَعَالٰی وَدُعَاءً لِّلْمَیِّتِ یعنی میں نے یہ ارادہ کیا کہ نماز جنازہ پڑھوں جو خدا کی نماز ہے اور میت کے لئے دعا ہے یہ نیت کر کے دونوں ہاتھ مثل تکبیر تحریمہ کے کانوں تک اُٹھا کے ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر دونوں ہاتھ مثل نماز کے باندھ لیں پھر سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ آخر تک پڑھیں اسکے بعد پھر ایک بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں مگر اس مرتبہ ہاتھ نہ اٹھائیں بعد اُسکے درود شریف پڑھیں اور بہتر یہ ہے کہ وہی درود پڑھا جائے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے پھر ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں اس مرتبہ بھی ہاتھ نہ اٹھائیں اس تکبیر کے بعد میت کیلئے دعا کریں اگر وہ بالغ ہو خواہ مرد ہو یا عورت تو یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ اور بعض احادیث میں یہ دعا بھی وارد ہوئی ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ وَعَافِہٖ وَاعْفُ عَنْہُ وَاَکْرِمْ نُزُلَہٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَہٗ وَاغْسِلْہُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّہٖ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْہُ دَارًا خَیْرًا مِّنْ دَارِہٖ وَاَھْلًا خَیْرًا مِّنْ اَھْلِہٖ وَزَوْجًا خَیْرًا مِّنْ زَوْجِہٖ وَاَدْخِلْہُ

Marfat.com

الجنة۔ اَعِذْہُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔ اور اگر ان دونوں دعاؤں کو پڑھے تب بھی بہتر ہے بلکہ علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ردالمحتار میں دونوں دعاؤں کو ایک ہی میں ملا کر لکھا ہے ان دونوں دعاؤں کے سوا اور دعائیں بھی احادیث میں آئی ہیں اور ان کو ہمارے فقہا نے بھی نقل کیا ہے جس دعا کو چاہے اختیار کرلے اور اگر میت نابالغ لڑکا ہو تو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّ اجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اور اگر نابالغ لڑکی ہو تو بھی یہی دعا ہے صرف اتنا فرق ہے کہ تینوں اِجْعَلْہُ کی جگہ اِجْعَلْھَا اور شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا کی جگہ شَافِعَۃً وَّمُشَفَّعَۃً پڑھیں جب یہ دعا پڑھ چکیں تو پھر ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں اور اس مرتبہ بھی ہاتھ نہ اٹھائیں اور اس تکبیر کے بعد سلام پھیر دیں جس طرح نماز میں سلام پھیرتے ہیں اس نماز میں التحیات اور قرآن مجید کی قرأت وغیرہ نہیں ہے **مسئلہ** نماز جنازہ امام اور مقتدی دونوں کے حق میں یکساں ہے صرف اسقدر فرق ہے کہ امام تکبیریں اور سلام بلند آواز سے کہیگا اور مقتدی آہستہ آواز سے باقی چیزیں یعنی ثنا اور درود اور دعا مقتدی بھی آہستہ آواز سے پڑھیں گے اور امام بھی آہستہ آواز سے پڑھے گا **مسئلہ** جنازے کی نماز میں مستحب ہے کہ حاضرین کی تین صفیں کر دی جائیں۔ یہاں تک کہ اگر صرف سات آدمی ہوں تو ایک آدمی اُن میں امام بنا دیا جائے اور پہلی صف میں تین آدمی کھڑے ہوں اور دوسری میں دو اور تیسری میں ایک (ردالمحتار) **مسئلہ** جنازے کی نماز بھی ان چیزوں سے فاسد ہو جاتی ہے جن چیزوں سے دوسری نمازوں میں فساد آتا ہے صرف اس قدر فرق ہے کہ جنازے کی نماز میں قہقہے سے وضو نہیں جاتا اور عورت کی محاذات سے بھی اس میں فساد نہیں آتا **مسئلہ** جنازے کی نماز اس مسجد میں پڑھنا مکروہ تحریمی ہے جو پنجوقتی نمازوں یا جمعہ یا عیدین کی نماز کے لئے بنائی گئی ہو۔ خواہ جنازہ مسجد کے

Marfat.com

اندر ہو یا مسجد سے باہر ہو اور نماز پڑھنے والے اندر ہوں ہاں جو خاص جنازے کی نماز کیلئے بنائی گئی ہو اس میں مکروہ نہیں (ردّالمحتار و دُرِّ مختار و بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** میت کی نماز میں اس غرض سے زیادہ تاخیر کرنا کہ جماعت زیادہ ہو جائے مکروہ ہے (درمختار و بحرالرائق وغیرہ) **مسئلہ** جنازے کی نماز بیٹھ کر یا سواری کی حالت میں پڑھنا جائز نہیں جبکہ کوئی عذر نہو (دُرِّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر ایک ہی وقت میں کئی جنازے جمع ہو جائیں تو بہتر یہ ہے کہ ہر جنازے کی نماز علیحدہ پڑھی جائے اور اگر سب جنازوں کی ایک ہی نماز پڑھی جائے تب بھی جائز ہے اور اس وقت چاہئے کہ سب جنازوں کی صف قایم کردی جائے جسکی بہتر صورت یہ ہے کہ ایک جنازے کے آگے دوسرا جنازہ رکھدیا جائے کہ سب کے پیر ایک طرف ہوں اور سب کے سر ایک طرف اور یہ صورت اسلئے بہتر ہے کہ اس میں سب کا سینہ امام کے محاذی ہو جائیگا جو مسنون ہے **مسئلہ** اگر جنازے مختلف اصناف کے ہوں تو اس ترتیب سے اُنکی صف قایم کی جائے کہ امام کے قریب مَردوں کے جنازے اُن کے بعد لڑکوں کے اُن کے بعد بالغہ عورتوں کے اُنکے بعد نابالغہ لڑکیوں کے (دُرِّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی شخص جنازے کی نماز میں ایسے وقت پہنچا کہ کچھ تکبیریں اسکے آنے سے پہلے ہو چکی ہوں تو جس قدر تکبیریں ہو چکی ہیں اُن کے اعتبار سے وہ شخص مسبوق سمجھا جائیگا اور اُسکو چاہئے کہ فوراً آتے ہوئے مثل اور نمازوں کے تکبیر تحریمہ کہکر شریک ہو جائے بلکہ امام کی تکبیر کا انتظار کرے جب امام تکبیر کہے تو اُسکے ساتھ یہ بھی تکبیر کہے اور یہ تکبیر اُسکے حق میں تکبیر تحریمہ ہوگی پھر جب امام سلام پھیرے تو یہ شخص اپنی گئی ہوئی تکبیروں کو ادا کرلے اور اس میں کچھ پڑھنے کی ضرورت نہیں اگر کوئی شخص ایسے وقت پہنچے کہ امام چوتھی تکبیر بھی کہہ چکا ہو تو وہ شخص اس تکبیر کے حق میں مسبوق نہ سمجھا جائیگا اور اس کو چاہئے کہ فوراً تکبیر کہکر شریک ہو جائے اور بعد ختم نماز کے اپنی گئی ہوئی تکبیروں کا اعادہ کرلے

Marfat.com

**مسئلہ** اگر کوئی شخص تکبیر تحریمہ یعنی پہلی تکبیر یا کسی اور تکبیر کے وقت موجود تھا اور نماز میں شرکت کیلئے مستعد تھا تو اسکو فوراً تکبیر کہکر شریک نماز ہو جانا چاہئے امام کی دوسری تکبیر کا اس کو انتظار نکرنا چاہئے اور جس تکبیر کے وقت حاضر تھا اس تکبیر کا اعادہ اسکے ذمے نہوگا بشرطیکہ قبل اسکے کہ امام دوسری تکبیر کہے یہ اس تکبیر کو ادا کرے گو امام کی معیت نہو (بحر الرائق وغیرہ) **مسئلہ** جنازے کی نماز کا مسبوق جب اپنی گئی ہوئی تکبیروں کو ادا کرے اور خوف ہو کہ اگر دعا پڑھے گا تو دیر ہوگی اور جنازہ اٹھ جائیگا تو دعا نہ پڑھے **مسئلہ** جنازے کی نماز میں اگر کوئی شخص لاحق ہو جائے تو اس کا وہی حکم ہے جو اور نمازوں کے لاحق کا ہے (بحر الرائق) **مسئلہ** جنازے کی نماز میں امامت کا استحقاق سب سے زیادہ بادشاہ وقت کو ہے گو تقوے اور ورع میں اس سے بہتر لوگ بھی وہاں موجود ہوں اگر بادشاہ وقت وہاں نہو تو اسکا نائب یعنی جو شخص اسکی طرف سے حاکم شہر ہو وہ مستحق امامت ہے گو ورع اور تقوی میں اس سے افضل لوگ وہاں موجود ہوں اور وہ بھی نہو تو قاضی شہر وہ بھی نہو تو اس کا نائب ان لوگوں کے ہوتے ہوئے دوسرے کا امام بنانا بلا انکے اذن کے جائز نہیں انہیں کا امام بنانا واجب ہے اگر یہ لوگ کوئی وہاں موجود نہوں تو اس محلے کا امام مستحق ہے بشرطیکہ میت کے اعزہ میں کوئی شخص اس سے افضل نہو ورنہ میت کے وہ اعزہ جن کو حق ولایت حاصل ہے امامت کے مستحق ہیں یا وہ شخص جسکو وہ اجازت دیں اگر بے اجازت ولی میت کے کسی ایسے شخص نے نماز پڑھا دی ہو جس کو امامت کا استحقاق نہیں تو ولی کو اختیار ہے کہ پھر دوبارہ نماز پڑھے حتیٰ کہ اگر میت دفن ہو چکی ہو تو اسکی قبر پر نماز پڑھ سکتا ہے تاوقتیکہ نعش کے پھٹ جانیکا خیال نہو **مسئلہ** اگر بے اجازت ولی میت کے کسی ایسے شخص نے نماز پڑھا دی ہو جس کو امامت کا استحقاق ہے تو پھر ولی میت نماز کا اعادہ نہیں کرسکتا اسی طرح اگر ولی میت نے بحالت نہ موجود

Marfat.com

ہونے بادشاہِ وقت وغیرہ کے نماز پڑھادی ہو تو بادشاہ وقت وغیرہ کو اعادہ کا اختیار
نہیں ہے بلکہ صحیح یہ ہے کہ اگر ولی میت بحالتِ موجود ہونے بادشاہِ وقت وغیرہ
کے نماز پڑھ لے . . . . . . . . . . . . تب بھی بادشاہِ وقت
وغیرہ کو اعادہ کا اختیار نہ ہوگا گو ایسی حالت میں بادشاہِ وقت کے امام نہ بنانے سے
ترک واجب کا گناہ اولیائے میت پر ہوگا (رد المختار) حاصل یہ کہ ایک جنازہ کی نماز
کئی مرتبہ پڑھنا جائز نہیں مگر ولی میت کو جبکہ اس کی بے اجازت کسی غیر مستحق نے نماز
پڑھادی ہو۔ دوبارہ پڑھنا درست ہے۔

## دفن کے مسائل

**مسئلہ** میت کا دفن کرنا فرض کفایہ ہے جس طرح اُس کا غسل اور نماز **مسئلہ**
جب میت کی نماز سے فراغت ہو جائے تو فوراً اسکو دفن کرنیکے لئے جہاں قبر
کھدی ہو لیجانا چاہیئے **مسئلہ** اگر میت کوئی شیرخوار بچہ یا اُس سے کچھ بڑا ہو تو
لوگوں کو چاہیئے کہ اس کو دست بدست لیجائیں یعنی ایک آدمی اُسکو اپنے دونوں
ہاتھوں پر اٹھالے پھر اس سے دوسرا آدمی لیلے اسی طرح بدلتے ہوئے لیجائیں
اور اگر میت کوئی بڑا آدمی ہو تو اُس کو کسی چارپائی وغیرہ پر رکھکر لے جائیں اور اُسکے
چاروں پایوں کو ایک ایک آدمی اٹھائے میت کی چارپائی ہاتھوں سے اٹھاکر
شانوں پر رکھنا چاہیئے مثل مال اسباب کے شانوں پر لادنا مکروہ ہے اسی طرح
اسکا کسی جانور یا گاڑی وغیرہ پر رکھکر لیجانا بھی مکروہ ہے **مسئلہ** جنازے کے اٹھانے
کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ پہلے اس کا اگلا داہنا پایہ اپنے داہنے شانے پر رکھکر اور
کم سے کم دس قدم چلے بعد اُس کے پچھلا داہنا پایہ داہنے شانے پر رکھکر کم سے کم
دس قدم چلے بعد اسکے اگلا بایاں پایہ اپنے بائیں شانے پر رکھکر پھر پچھلا بایاں

Marfat.com

پایا بائیں شانے پر رکھکر کم سے کم دس قدم چلے تاکہ چاروں پایوں کو ملاکر چالیس قدم ہوجائیں **مسئلہ** جنازہ کا تیز قدم لیجانا مسنون ہے مگر نہ اس قدر کہ نعش کو حرکت و اضطراب ہونے لگے (ردالمحتار) **مسئلہ** جو لوگ جنازے کے ہمراہ جائیں اُن کو قبل اسکے کہ جنازہ شانوں سے اُتارا جائے بیٹھنا مکروہ ہے ہاں اگر کوئی ضرورت بیٹھنے کی پیش آئے تو کچھ مضائقہ نہیں (ردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** جو لوگ جنازے کے ساتھ نہ ہوں بلکہ کہیں بیٹھے ہوئے ہوں اُن کو جنازے کو دیکھکر کھڑا ہوجانا نہ چاہئے (ردالمحتار و دُرّمختار وغیرہ) **مسئلہ** جو لوگ جنازے کے ہمراہ ہوں اُن کو جنازے کے پیچھے چلنا مستحب ہے اگرچہ جنازے کے آگے چلنا بھی جائز ہے ہاں اگر سب لوگ جنازے کے آگے ہوجائیں تو مکروہ ہے اسی طرح جنازے کے آگے کسی سواری پر چلنا بھی مکروہ ہے (ردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** جنازے کے ہمراہ پیادہ پا چلنا مستحب ہے اور اگر کسی سواری پر ہو تو جنازے کے پیچھے چلے (دُرّمختار وغیرہ) **مسئلہ** جنازے کے ہمراہ جو لوگ ہوں ان کو کوئی دعا یا ذکر بلند آواز سے پڑھنا مکروہ ہے (دُرّمختار وغیرہ) **مسئلہ** میت کی قبر کم سے کم اُسکے نصف قد کے برابر گہری کھودی جائے اور قد سے زیادہ نہ ہونا چاہئے اور موافق اس کے قد کے لمبی ہو اور بغلی قبر بہ نسبت صندوق کے بہتر ہے ہاں اگر زمین بہت نرم ہو کہ بغلی کھودنے میں قبر کے بیٹھ جانے کا اندیشہ ہو تو پھر بغلی قبر نہ کھودی جائے (بحرالرائق وغیرہ) **مسئلہ** یہ بھی جائز ہے کہ اگر بغلی نہ کھُد سکے تو میت کو کسی صندوق میں رکھکر دفن کردیں خواہ صندوق لکڑی کا ہو یا پتھر کا یا لوہے کا مگر بہتر یہ ہے کہ اس صندوق میں مٹی بچھادی جائے (بحرالرائق و دُرّمختار وغیرہ) **مسئلہ** جب قبر تیار ہوچکے تو میت کو قبلے کی طرف سے قبر میں اُتار دیں اسکی صورت یہ ہے کہ جنازہ قبر سے قبلے کی جانب رکھا جائے اور اُتارنے والے قبلہ رو کھڑے ہو کر میت

Marfat.com

کو اٹھا کر قبر میں رکھدیں مسئلہ قبر میں اتارنے والوں کا طاق یا جفت ہونا مسنون نہیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی قبر مقدس میں چار آدمیوں نے اتارا تھا (ردالمختار) مسئلہ قبر میں رکھتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ کہنا مستحب ہے مسئلہ میت کو قبر میں رکھکر داہنے پہلو پر اسکو قبلہ رو کر دینا مسنون ہے (ردالمختار) مسئلہ قبر میں رکھنے کے بعد کفن کی وہ گرہ جو کفن کھلجانیکے خوف سے دی گئی تھی کھولدی جائے (بحرالرائق وغیرہ) مسئلہ بعد اسکے کچی اینٹوں یا نرکل سے اسکو بند کر دیں پختہ اینٹوں یا لکڑی کے تختوں سے بند کرنا مکروہ ہے ہاں جہاں زمین بہت نرم ہو کہ قبر کے بیٹھ جانیکا خوف ہو تو پختہ کوٹھیاں یا لکڑی کے تختے رکھدینا بھی جائز ہے (درمختار وغیرہ) مسئلہ عورت کو قبر میں رکھتے وقت پردہ کر کے رکھنا مستحب ہے اور اگر میت کے بدن کے ظاہر ہو جانے کا خوف ہو تو پردہ کرنا واجب ہے (ردالمحتار) مسئلہ مردوں کے دفن کے وقت قبر پر پردہ کرنا نہ چاہئے ہاں اگر عذر ہو مثلاً پانی برس رہا ہو یا برف گر رہی ہو یا دھوپ سخت ہو تو پھر جائز ہے (ردالمحتار وغیرہ) مسئلہ جب میت کو قبر میں رکھ چکیں تو جسقدر مٹی اس کی قبر سے نکلی ہو وہ سب اسپر ڈالدیں اس سے زیادہ مٹی ڈالنا مکروہ ہے جبکہ بہت زیادہ ہو کہ قبر ایک بالشت سے بہت زیادہ اونچی ہو جائے اور اگر تھوڑی سی ہو تو پھر مکروہ نہیں (ردالمحتار) مسئلہ قبر میں مٹی ڈالتے وقت مستحب ہے کہ سرہانے کی طرف سے ابتدا کی جائے اور ہر شخص اپنے دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر قبر میں ڈالدے اور پہلی مرتبہ پڑھے مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ اور دوسری مرتبہ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ اور تیسری مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى (ردالمحتار) مسئلہ بعد دفن کے تھوڑی دیر تک قبر پر ٹھیرنا اور میت کیلئے دعائے مغفرت کرنا یا قرآن مجید پڑھکر اس کا ثواب اسکو پہنچانا مستحب ہے (درمختار وغیرہ) مسئلہ بعد مٹی ڈال چکنے کے قبر پر پانی چھڑک دینا مستحب ہے (ردالمحتار وغیرہ)

Marfat.com

مسئلہ کسی میت کو چھوٹا ہو یا بڑا امکان کے اندر دفن کرنا نہ چاہیئے اسلئے کہ یہ بات انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص ہے (درمختار) مسئلہ قبر کا مربع بنانا مکروہ ہے مستحب یہ ہے کہ اٹھی ہوئی مثل کوہان شتر کے بنائی جائے اسکی بلندی ایک بالشت یا اس سے کچھ زیادہ ہونا چاہیئے (درمختار و ردالمحتار) مسئلہ قبر کا ایک بالشت سے بہت زیادہ بلند کرنا مکروہ تحریمی ہے قبر پر گچ کرنا یا اس پر مٹی لگانا مکروہ ہے (درمختار وغیرہ) مسئلہ بعد دفن کر چکنے کے قبر پر کوئی عمارت مثل گنبد یا قبے وغیرہ کے بنانا بغرض زینت حرام ہے اور مضبوطی کی نیت سے مکروہ ہے (ردالمحتار وغیرہ) میت کی قبر پر کوئی چیز بطور یادداشت کے لکھنا جائز ہے بشرطیکہ کوئی ضرورت ہو ورنہ جائز نہیں (ردالمحتار وغیرہ) لیکن اس زمانے میں چونکہ عوام نے اپنے عقائد اور اعمال کو بہت خراب کر لیا ہے اور ان مفاسد سے مباح بھی ناجائز ہو جاتا ہے اسلئے ایسے امور بالکل ناجائز ہوں گے اور جو جو ضرورتیں یہ لوگ بیان کرتے ہیں سب نفس کے بہانے ہیں جنکو وہ دل میں خود بھی سمجھتے ہیں۔

## شہید کے کام

اگرچہ شہید بھی بظاہر میت ہے مگر عام موتی کے سب احکام اس میں جاری نہیں ہو سکتے اور فضایل بھی اسکے بہت ہیں اسلئے اسکے احکام علیحدہ بیان کرنا مناسب معلوم ہوا۔ شہید کے اقسام احادیث میں بہت وارد ہوئے ہیں بعض علمانے ان اقسام کے جمع کرنے کیلئے مستقل رسالے بھی تصنیف فرمائے ہیں مگر ہمکو شہید کے جو احکام یہاں بیان کرنا مقصود ہیں وہ اس شہید کے ساتھ خاص ہیں جس میں یہ چند شرطیں پائی جائیں شرط (۱) مسلمان ہونا پس غیر اہل اسلام کیلئے کسی شہادت ثابت نہیں ہو سکتی شرط (۲) مکلف یعنی عاقل بالغ ہونا پس جو شخص حالت جنون وغیرہ

Marfat.com

میں مارا جائے یا عدم بلوغ کی حالت میں تو اُسکے لئے شہادت کے وہ احکام جنکا ہم ذکر آگے کرینگے ثابت ہونگے شرط (۳) حدث اکبر سے پاک ہونا اگر کوئی شخص حالت جنابت میں یا کوئی عورت حیض و نفاس میں شہید ہو جائے تو اُسکے لئے بھی شہید کے وہ احکام ثابت ہونگے شرط (۴) بیگناہ مقتول ہونا پس اگر کوئی شخص بے گناہ نہیں مقتول ہوا بلکہ کسی جرم شرعی کی سزا میں مارا گیا ہو یا مقتول ہی نہوا ہو بلکہ یونہی مر گیا ہو تو اُسکے لئے بھی شہید کے وہ احکام ثابت نہونگے شرط (۵) اگر کسی مسلمان یا ذمی کے ہاتھ سے مارا گیا ہو تو یہ بھی شرط ہے کہ کسی آلۂ جارحہ سے مارا گیا ہو اگر کسی مسلمان یا ذمی کے ہاتھ سے بذریعۂ آلۂ غیر جارحہ کے مارا گیا ہو مثلاً کسی پتھر وغیرہ سے مارا جائے تو اسپر شہید کے حکم جاری نہونگے لیکن لوہا مطلقاً آلۂ جارحہ کے حکم میں ہے گو اس میں دھار نہو اور اگر کوئی شخص حربی کافروں یا باغیوں یا ڈاکہ زنوں کے ہاتھ سے مارا گیا ہو یا اُنکے معرکۂ جنگ میں مقتول ملے تو اُس میں آلۂ جارحہ سے مقتول ہونے کی شرط نہیں حتیٰ کہ اگر کسی پتھر وغیرہ سے بھی وہ لوگ ماریں اور مر جائے تو شہید کے احکام اُسپر جاری ہو جائینگے بلکہ یہ بھی شرط نہیں کہ وہ لوگ خود مرتکب قتل ہوئے ہوں بلکہ اگر وہ سبب قتل بھی ہوتے ہیں یعنی اُن سے وہ امور وقوع میں آئیں جو باعث قتل ہو جائیں تب بھی شہید کے احکام جاری ہو جائیں گے مثال (۱) کسی حربی وغیرہ نے اپنے جانور سے کسی مسلمان کو روند ڈالا اور خود بھی اُسپر سوار تھا (۲) کوئی مسلمان کسی جانور پر سوار تھا اس جانور کو حربی وغیرہ نے بھگایا جس کی وجہ سے مسلمان اس جانور سے گر کر مر گیا (۳) کسی حربی وغیرہ نے کسی مسلمان کے گھر یا جہاز میں آگ لگادی جس سے کوئی جلکر مر گیا (بحر الرائق وغیرہ) شرط (۶) اُس قتل کی سزا میں ابتداءً شریعت کی طرف سے کوئی مالی عوض نہ مقرر ہو بلکہ قصاص واجب ہوا ہو پس اگر مالی عوض مقرر ہوگا تب بھی اُس مقتول پر شہید کے احکام جاری نہونگے

Marfat.com

گو ظلماً مارا جاوے۔ مثال (۱) کوئی مسلمان کسی مسلمان کو غیر آلہ جارحہ سے قتل کر دے (۲) کوئی مسلمان کسی مسلمان کو آلہ جارحہ سے قتل کرے مگر خطاءً مثلاً کسی جانور پر یا کسی نشانے پر حملہ کر رہا ہو اور وہ کسی انسان کے لگ جائے (۳) کوئی شخص کسی جگہ سوا معرکہ جنگ کے مقتول پایا جائے اور کوئی قاتل اسکا معلوم نہو ان سب صورتوں میں چونکہ اس قتل کے عوض میں مال واجب ہوتا ہے قصاص نہیں واجب ہوتا اس لئے یہاں شہید کے احکام جاری نہوں گے مالی عوض کے مقرر ہونیمیں ابتداءً کی قید اس وجہ سے لگائی گئی کہ اگر ابتداءً قصاص مقرر ہوا ہو مگر کسی مانع کے سببسے قصاص معاف ہوکر اُسکے بدلے میں مال واجب ہوا ہو تو وہاں شہید کے احکام جاری ہوجائینگے مثال (۱) کوئی شخص آلہ جارحہ سے قصداً ظلماً مارا گیا لیکن قاتل میں اور ورثہ مقتول میں کچھ مال کے عوض صلح ہوگئی ہو تو اس صورت میں چونکہ ابتداءً قصاص واجب ہوا تھا اور مال ابتدا میں واجب نہیں ہوا تھا بلکہ صلح کے سببسے واجب ہوا اسلئے یہاں شہید کے احکام جاری ہوجائینگے (۲) کوئی باپ اپنے بیٹے کو آلہ جارحہ سے مار ڈالے تو اس صورت میں ابتداءً قصاص ہی واجب ہوا تھا مال ابتداءً نہیں واجب ہوا لیکن باپ کے احترام و عظمت کی وجہسے قصاص معاف ہوکر اُسکے بدلے میں مال واجب ہوا ہے لہذا یہاں بھی شہید کے احکام جاری ہوجائینگے شرط (۷) بعد زخم لگنے کے پھر کوئی امر راحت و تمتع زندگی کا مثل کھانے پینے سونے دوا کرنے خرید و فروخت وغیرہ کے اس سے وقوع میں نہ آئیں اور نہ بمقدار وقت ایک نماز کے اسکی زندگی حالت ہوش و حواس میں گذرے اور نہ اُسکو حالت ہوش میں معرکے سے اٹھا کر لائیں ہاں اگر جانوروں کے پامال کرنیکے خوف سے اٹھا لائیں تو کچھ حرج نہوگا پس اگر کوئی شخص بعد زخم کے زیادہ کلام کرے تو وہ بھی شہید کے احکام میں داخل نہوگا اسلئے کہ زیادہ کلام کرنا زندوں کی شان سے ہے اسی طرح اگر کوئی

Marfat.com

شخص وصیت کرے تو وہ وصیت اگر کسی دنیاوی معاملے میں ہو تو شہید کے حکم سے خارج ہو جائیگا اور اگر دینی معاملے میں ہو تو نہ خارج ہوگا اگر کوئی شخص معرکۂ جنگ میں شہید ہو اور اس سے یہ باتیں صادر ہوں تو شہید کے احکام سے خارج ہو جائیگا ورنہ نہیں لیکن یہ شخص اگر محاربین مقتول ہوا ہے اور ہنوز حرب ختم نہیں ہوئی تو باوجود مستحات مذکورہ کے بھی وہ شہید ہے **مسئلہ** جس شہید میں یہ سب شرائط پائے جائیں اُس کا ایک حکم یہ ہے کہ اُسکو غسل نہ دیا جائے اور اُس کا خون اُسکے جسم سے زایل نہ کیا جائے اسی طرح اُسکو دفن کردیں۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ جو کپڑے پہنے ہوئے ہو اُن کپڑوں کو اُسکے جسم سے نہ اتاریں ہاں اگر اس اُسکے کپڑے عددِ مسنون سے کم ہوں تو عددِ مسنون کے پورا کرنے کیلئے اور کپڑے زیادہ کردیئے جائیں اسی طرح اگر اس کے کپڑے کفن مسنون سے زیادہ ہوں تو زائد کپڑے اُتار لئے جاویں اور اگر اسکے جسم پر ایسے کپڑے ہوں جن میں کفن ہونے کی صلاحیت نہ ہو جیسے پوستیں وغیرہ تو اُن کو بھی اُتار لینا چاہئے ہاں اگر ایسے کپڑوں کے سوا اسکے جسم پر کوئی کپڑا نہ ہو تو پھر پوستین وغیرہ کو نہ اتارنا چاہئے ٹوپی جوتہ ہتیار وغیرہ ہر حال میں اُتار لیا جائیگا اور باقی سب احکام جو اور موتی کیلئے ہیں مثل نماز وغیرہ کے وہ سب ان کے حق میں بھی جاری ہونگے اگر کسی شہید میں ان شرائط میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے تو اسکو غسل بھی دیا جائیگا اور مثل دوسرے مردوں کے اسکو نیا کفن بھی پہنایا جاویگا۔

# جنازے کے متفرق مسایل

**مسئلہ** اگر میت کو قبر میں قبلہ رو کرنا یاد نہ رہے اور بعد دفن کرنے اور مٹی ڈالدینے کے خیال آئے تو پھر قبلہ رو کرنیکے لئے اسکی قبر کھولنا جائز نہیں ہاں اگر صرف تختے رکھے گئے ہوں مٹی نہ ڈالی گئی ہو تو وہاں تختے اٹھا کر اس کو قبلہ رو کرنا چاہئے۔ **مسئلہ**

Marfat.com

عورتوں کو جنازے کے ہمراہ جانا مکروہ تحریمی ہے (دُرّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** رونے والی عورتوں کا یا بیان کرنے والیوں کا جنازے کے ساتھ جانا ممنوع ہے (دُرّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** میّت کو قبر میں رکھتے وقت اذان کہنا بدعت ہے **مسئلہ** اگر امام جنازے کی نماز میں چار تکبیر سے زیادہ کہے تو حنفی مقتدیوں کو چاہئے کہ اُن زائد تکبیروں میں اس کا اتباع نہ کریں بلکہ سکوت کئے ہوئے کھڑے رہیں جب امام سلام پھیرے تو خود بھی سلام پھیر دیں ہاں یہ اگر زائد تکبیریں امام سے نہ سنی جائیں بلکہ مکبّر سے تو مقتدیوں کو چاہئے کہ اتباع کریں اور ہر تکبیر کو تکبیر تحریمہ سمجھیں یہ خیال کر کے کہ شاید اس سے پہلے جو چار تکبیریں مکبّر نقل کر چکا ہے وہ غلط ہوں امام نے اب تکبیر تحریمہ کہی ہو (ردالمحتار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کوئی شخص کشتی پر مر جائے اور زمین وہاں سے اس قدر دور ہو کہ نعش کے خراب ہو جانے کا خوف ہو تو اسوقت چاہئے کہ غسل و تکفین اور نماز سے فراغت کر کے اسکو دریا میں ڈالدیں اور اگر کنارہ اسقدر دور نہ ہو اور وہاں جلدی اُترنے کی اُمید ہو تو اُس نعش کو رکھ چھوڑیں اور زمین میں دفن کر دیں (دُرّ مختار وغیرہ) **مسئلہ** اگر کسی شخص کو نماز جنازے کی وہ دعا جو منقول ہے یاد نہ ہو تو اس کو صرف اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ کہدینا کافی ہے اگر یہ بھی نہ ہو سکے اور صرف تکبیروں پر اکتفا کیجائی تب بھی نماز ہو جائیگی اسلئے کہ دعا فرض نہیں۔ بلکہ مسنون ہے اور اسیطرح درود شریف بھی فرض نہیں ہے (بحرالرائق وغیرہ) **مسئلہ** جب قبر میں مٹی پڑ چکے تو اس کے بعد میت کا قبر سے نکالنا جائز نہیں ہاں اگر کسی آدمی کی حق تلفی ہوتی ہو تو البتہ نکالنا جائز ہے مثال (۱) جس زمین میں اسکو دفن کیا ہے وہ کسی دوسرے کی ملک ہو اور وہ اسکے دفن پر راضی نہ ہو (۲) کسی شخص کا مال قبر میں رہگیا ہو **مسئلہ** اگر کوئی عورت مر جائے اور اس کے پیٹ میں زندہ بچہ ہو تو اس کا پیٹ چاک کر کے وہ بچہ نکال لیا جائے اسی طرح اگر کوئی شخص کسی کا مال نگل کر مر جائے

Marfat.com

اور مال والا مانگے تو وہ مال اس کا پیٹ چاک کر کے نکال لیا جائے لیکن اگر مردہ مال چھوڑ کر مرا ہے تو اُسکے ترکے میں سے وہ مال ادا کر دیا جاوے (درمختار وغیرہ)

**مسئلہ** قبل دفن کے نعش کا ایک مقام سے دوسرے مقام میں دفن کرنیکے لئے لیجانا خلاف اولیٰ ہے جبکہ وہ دوسرا مقام ایک دومیل سے زیادہ ہو اور اگر اس سے زیادہ ہو تو جایز نہیں اور بعد دفن کے نعش کھود کر لیجانا تو ہر حالت میں ناجایز ہے

**مسئلہ** میت کی تعریف کرنا خواہ نظم میں ہو یا نثر میں جائز ہے بشرطیکہ تعریف میں کسی قسم کا مبالغہ نہو وہ تعریفیں بیان نہ کی جائیں جو اُس میں نہوں

**مسئلہ** میت کے اعزّہ کو تسکین و تسلی دینا اور صبر کے فضایل اور اُس کا ثواب اُن کو سُنا کر ان کو صبر پر رغبت دلانا اور ان کے اور نیز اس میت کیلئے دعا کرنا جایز ہے اسی کو تعزیت کہتے ہیں تین دن کے بعد تعزیت کرنا مکروہ تنزیہی ہے لیکن اگر تعزیت کرنیوالا یا میت کے اعزہ سفر میں ہوں اور تین دن کے بعد آئیں تو اس صورت میں تین دن کے بعد بھی تعزیت مکروہ نہیں جو شخص ایک مرتبہ تعزیت کر چکا ہو اسکو پھر دوبارہ تعزیت کرنا مکروہ ہے

**مسئلہ** اپنے لئے کفن تیار رکھنا مکروہ نہیں قبر کا تیار رکھنا مکروہ ہے (درمختار وغیرہ)

**مسئلہ** میت کے کفن پر بغیر روشنائی کے ویسے ہی انگلی کی حرکت سے کوئی دعا مثل عہدنامہ وغیرہ کے لکھنا یا اسکے سینے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور پیشانی پر کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لکھنا جایز ہے مگر کسی صحیح حدیث سے اس کا ثبوت نہیں اسلئے اسکے مسنون یا مستحب ہونیکا خیال نہ رکھنا چاہئے

**مسئلہ** قبر پر کوئی سبز شاخ رکھدینا مستحب ہے اور اسکے قریب کوئی درخت وغیرہ نکل آیا ہو تو اُس کا کاٹ ڈالنا مکروہ ہے (ردالمحتار)

**مسئلہ** ایک قبر میں ایک سے زیادہ نعش کا دفن کرنا نہ چاہئے مگر بوقت ضرورت شدیدہ جایز ہے پھر اگر سب مردے مرد ہی ہوں تو جو اُن سب میں افضل ہو اسکو آگے رکھیں باقی کو اُسکے

Marfat.com

پیچھے درجہ بدرجہ رکھدیں اور اگر کچھ مرد ہوں کچھ عورتیں تو مردوں کو آگے رکھیں اوران کے پیچھے عورتوں کو (عالمگیری) **مسئلہ** قبروں کی زیارت کرنا یعنی ان کو جاکر دیکھنا مردوں کیلئے مستحب ہے اور بہتر یہ ہے کہ ہر ہفتے میں کم سے کم ایک مرتبہ زیارت قبور کیجائے اور بہتر یہ ہے کہ وہ دن جمعے کا ہو بزرگوں کی قبروں کی زیارت کیلئے سفر کرکے جانا بھی جائز ہے جبکہ کوئی عقیدہ اور عمل خلاف شرع نہ ہو آجکل عرسوں میں مفاسد ہوتے ہیں

## مسجد کے احکام

یہاں ہم کو مسجد کے وہ احکام بیان کرنا مقصود نہیں جو وقف سے تعلق رکھتے ہیں اسلئے کہ اُن کا ذکر وقف کے بیان میں مناسب ہوتا ہے ہم یہاں اُن احکام کو بیان کرتے ہیں جو نماز سے یا مسجد کی ذات سے تعلق رکھتے ہیں **مسئلہ** مسجد کے دروازے کا بند کرنا مکروہ تحریمی ہے ہاں اگر نماز کا وقت نہ ہو اور مال و اسباب کی حفاظت کیلئے دروازہ بند کرلیا جائے تو جائز ہے **مسئلہ** مسجد کی چھت پر پائخانہ پیشاب یا جماع کرنا ایسا ہی ہے جیسا مسجد کے اندر **مسئلہ** جس گھر میں مسجد ہو اس پورے گھر کو مسجد کا حکم نہیں اسی طرح اس جگہ کو بھی مسجد کا حکم نہیں جو عیدین یا جنازے کی نماز کے لئے مقرر کیگئی ہو **مسئلہ** مسجد کے در و دیوار کا منقش کرنا اگر اپنے خاص مال سے ہو تو مناسب ہے اور اگر مسجد کی آمدنی سے ہو تو ناجائز ہے **مسئلہ** مسجد کے در و دیوار پر قرآن مجید کی آیتوں یا سورتوں کا لکھنا اچھا نہیں **مسئلہ** مسجد کے اندر یا مسجد کی دیوار پر تھوکنا یا ناک صاف کرنا بہت بُری بات ہے اور اگر نہایت ضرورت درپیش آئے تو اپنے کپڑے میں تھوک وغیرہ لے **مسئلہ** مسجد کے اندر وضو یا کلّی کرنا مکروہ تحریمی ہے **مسئلہ** جنب اور حائض کو مسجد کے اندر جانا گناہ ہے **مسئلہ** مسجد کے اندر خرید و فروخت کرنا مکروہ تحریمی ہے ہاں

Marfat.com

اعتکاف کی حالت میں بقدر ضرورت مسجد کے اندر خرید و فروخت کرنا جائز ہے ضرورت سے زیادہ اُس وقت بھی جائز نہیں مگر وہ چیز مسجد کے اندر موجود نہ ہونا چاہیے **مسئلہ** اگر کسی کے پیر میں مٹی وغیرہ بھر جائے تو اُسکو مسجد کی دیوار یا ستون سے پونچھنا مکروہ ہے **مسئلہ** مسجد کے اندر درختوں کا لگانا مکروہ ہے اس لئے کہ یہ دستور اہل کتاب کا ہے ہاں اگر اس میں مسجد کا کوئی فائدہ ہو تو جائز ہے مثلاً مسجد کی زمین میں نمی زیادہ ہو کہ دیواروں کے گر جانے کا اندیشہ ہو تو ایسی حالت میں اگر درخت لگایا جائے تو وہ نمی کو جذب کرلیگا **مسئلہ** مسجد کو راستہ قرار دینا جائز نہیں ہے ہاں اگر سخت ضرورت لاحق ہو تو گاہے ماہے ایسی حالت میں مسجد سے ہوکر نکل جانا جائز ہے **مسئلہ** مسجد میں کسی پیشہ ور کو اپنا پیشہ کرنا جائز نہیں اس لئے کہ مسجد دین کے کاموں خصوصاً نماز کے لئے بنائی جاتی ہے۔ اس میں دنیا کے کام ہونا چاہئیں حتیٰ کہ جو شخص قرآن وغیرہ تنخواہ لیکر پڑھاتا ہو وہ بھی پیشہ والوں میں داخل ہے اسکو مسجد سے علیحدہ بیٹھکر پڑھانا چاہیے ہاں اگر کوئی شخص مسجد کی حفاظت کیلئے مسجد میں بیٹھے اور ضمناً اپنا کام بھی کرتا جائے تو کچھ مضائقہ نہیں مثلاً کاتب یا درزی مسجد کے اندر بغرض حفاظت بیٹھے اور ضمناً اپنی کتابت یا سلائی بھی کرتا جائے تو جائز ہے۔

تتمۂ حصہ دوم بہشتی زیور کا تمام ہوا آگے تتمۂ حصہ سوم کا شروع ہوتا ہے

# تتمۂ حصۂ سوم بہشتی زیور

## روزے کا بیان

**مسئلہ** ایک شہر والوں کا چاند دیکھنا دوسرے شہر والوں پر بھی حجت ہے ان دونوں

Marfat.com

شہروں میں کتنا ہی فصل کیوں نہو حتے کہ اگر ابتداے مغرب میں چاند دیکھا جائے اور اسکی خبر معتبر طریقے سے انتہاے مشرق کے رہنے والوں کو پہنچ جائے تو ان پر اس دن کا روزہ ضروری ہوگا (در مختار و رد المحتار وغیرہ) مسئلہ اگر دو ثقہ آدمیوں کی شہادت سے رویت ہلال ثابت ہو جاوے اور اسی حساب سے لوگ روزہ رکھیں بعد تیس روزے پورے ہو جانے کے عید الفطر کا چاند نہ دیکھا جائے خواہ مطلع صاف ہو یا نہیں تو اکتیسویں دن افطار کر لیا جائے اور وہ دن شوال کی پہلی تاریخ سمجھی جائے (رد المحتار وغیرہ) مسئلہ اگر تیس تاریخ کو دن کے وقت چاند دکھلائی دے تو وہ شب آیندہ کا سمجھا جائیگا اور وہ دن آیندہ ماہ کی تاریخ نہ قرار دیا جائیگا خواہ یہ رویت زوال سے پہلے ہو یا زوال کے بعد (رد المحتار وغیرہ) مسئلہ جو شخص رمضان یا عید کا چاند دیکھے اور کسی سبب سے اسکی شہادت شرعاً قابل اعتبار نہ قرار پائے اسپر ان دونوں دنوں کا روزہ رکھنا واجب ہے (شامی) مسئلہ کسی شخص نے بسبب اس کے اسکو روزے کا خیال نہ رہا کچھ کھا پی لیا یا جماع کر لیا اور یہ سمجھا کہ میرا روزہ جاتا رہا اس خیال سے قصداً کچھ کھا پی لیا تو اس کا روزہ اس صورت میں فاسد ہو جائیگا مسئلہ کسی کو بے اختیار قے ہو گئی یا احتلام ہو گیا یا صرف کسی عورت وغیرہ کے دیکھنے سے انزال ہو گیا اور مسئلہ معلوم ہونیکے سبب سے وہ یہ سمجھا کہ میرا روزہ جاتا رہا اور بعد اس نے کھا پی لیا تو روزہ فاسد ہو گیا مسئلہ مرد اگر اپنے خاص حصے کے سوراخ میں کوئی چیز ڈالے تو وہ چونکہ جوف تک نہیں پہنچتی اسلئے روزہ فاسد نہ ہوگا (شامی) مسئلہ کسی نے مردہ عورت سے یا ایسی کمسن نابالغہ لڑکی سے جسکے ساتھ جماع کی رغبت نہیں ہوتی یا کسی جانور سے جماع کیا یا کسی کو لپٹایا بوسہ لیا یا جلق کا مرتکب ہوا اور ان سب صورتوں میں منی کا خروج ہو گیا تو روزہ فاسد ہو جانے گا مسئلہ کسی روزہ دار عورت سے زبردستی یا سونے کی حالت میں یا بحالت جنون جماع کیا تو روزہ فاسد ہو جائیگا۔

Marfat.com

مسئلہ وہ شخص جس میں روزے کے واجب ہونیکے تمام شرائط پائے جاتے ہوں رمضان کے اس ادائی روزے میں جسکی نیت صبح صادق سے پہلے کرچکا ہو عمداً منہ کے ذریعے سے جوف میں کوئی ایسی چیز پہنچائے جو انسان کی دوا یا غذا میں مستعمل ہوتی ہو یعنی اسکے استعمال سے کسی قسم کا نفع جسمانی یا لذت متصور ہو اور اسکے استعمال سے سلیم الطبع انسان کی طبیعت نفرت نکرتی ہو گو وہ بہت ہی قلیل ہو حتی کہ ایک تل کی برابر یا جماع کرے یا کرائے لواطت بھی اسی حکم میں ہے۔ جماع میں خاص حصے کے سر کا داخل ہوجانا کافی ہے منی کا خارج ہونا بھی شرط نہیں۔ ان سب صورتوں میں قضا اور کفارہ دونوں واجب ہوں گے مگر یہ بات شرط ہے کہ جماع ایسی عورت سے کیا جائے جو قابل جماع ہو بہت کم سن لڑکی نہ ہو جس میں جماع کی بالکل قابلیت نہ پائی جائے (بحر الرائق و رد المحتار) مسئلہ اگر کوئی شخص سر میں تیل ڈالے یا سرمہ لگائے یا مرد اپنے مشترک حصے کے سوراخ میں کوئی چیز داخل کرے تو چونکہ یہ چیزیں جوف تک نہیں پہنچتیں اسلئے نہ کفارہ واجب ہوگا نہ قضا مسئلہ جو لوگ حقہ پینے کے عادی ہوں یا کسی نفع کی غرض سے حقہ پئیں روزے کی حالت میں انپر بھی کفارہ اور قضا دونوں واجب ہوں گے مسئلہ اگر کوئی عورت کسی نابالغ بچے یا مجنون سے زنا کرائے تب بھی اسکو قضا اور کفارہ دونوں لازم ہوں گے مسئلہ جماع میں عورت اور مرد دونوں کا عاقل ہونا شرط نہیں حتی کہ اگر ایک مجنون ہو اور دوسرا عاقل تو عاقل پر کفارہ لازم ہوگا مسئلہ سونے کی حالت میں منی کے خارج ہونے سے جسکو احتلام کہتے ہیں اگرچہ بغیر غسل کیے ہوئے روزہ رکھے روزہ فاسد نہ ہوگا اسیطرح اگر کسی عورت کے یا اوسکا خاص حصہ دیکھنے سے یا محض ان باتکا خیال دلمیں کرنے سے منی خارج ہوجاوے جب بھی روزہ فاسد نہیں ہوتا (بحر الرائق وغیرہ) مسئلہ مرد کا اپنے خاص حصے کے سوراخ میں کوئی چیز مثل تیل یا پانی کے ڈالنا خواہ پچکاری

Marfat.com

کے ذریعے سے یا اسی طرح یا سلائی وغیرہ کا داخل کرنا اگرچہ یہ چیزیں مثانے تک پہنچ جائیں روزے کو فاسد نہیں کرتا (رد المحتار) **مسئلہ** کسی شخص نے بہ سبب اسکے کہ اس روزے کا خیال نہیں رہا یا ابھی کچھ رات باقی تھی اس لئے جماع شروع کر دیا یا کچھ کھانے پینے لگا اور بعد اس کے جیسے ہی روزے کا خیال آگیا جوں ہی صبح صادق ہوئی فوراً علیحدہ ہوگیا یا لقمے کو منہ سے پھینک دیا اگرچہ بعد علیحدہ ہوجانیکے منی بھی خارج ہوجائے تب بھی روزہ فاسد نہو گا اور یہ انزال احتلام کے حکم میں ہوگا **مسئلہ** مسواک کرنے سے اگرچہ بعد زوال کے ہو تازی لکڑی سے ہو یا خشک سے روزے میں کچھ نقصان نہ آویگا **مسئلہ** عورت کا بوسہ لینا اور اس سے بغلگیر ہونا مکروہ ہے جبکہ انزال کا خوف ہو یا اپنے نفس کے بے اختیار ہوجانیکا اور اس حالت میں جماع کرلینے کا اندیشہ ہو۔ اور اگر یہ خوف و اندیشہ نہو تو پھر مکروہ نہیں **مسئلہ** کسی عورت وغیرہ کے ہونٹ کا منہ میں لینا اور مباشرت فاحشہ یعنی خاص بدن برہنہ ملانا بدون دخول کے ہر حال میں مکروہ ہے خواہ انزال یا جماع کا خوف ہو یا نہیں (ردّ المحتار) **مسئلہ** اگر کوئی مقیم بعد نیت صوم کے مسافر بنجائے اور تھوڑی دور جاکر کسی بھولی ہوئی چیز کے لینے کو اپنے مکان واپس آئے اور وہاں پہنچکر روزے کو فاسد کردے تو اسکو کفارہ دینا ہوگا اس لئے کہ اسپر اسوقت مسافر کا اطلاق نہ تھا گو وہ ٹھہرنے کی نیت سے نہ گیا تھا اور نہ وہاں ٹھیرا **مسئلہ** سوا جماع کے اور کسی سبب سے اگر کفارہ واجب ہوا ہو اور ایک کفارہ ادا نکرنے پایا ہو کہ دوسرا واجب ہو جائے تو ان دونو کے لئے ایک ہی کفارہ کافی ہے اگرچہ دونو کفارے دو رمضانوں کے ہوں ہاں جماع کے سبب سے جو روزے فاسد ہوئے ہوں ہر ایک کا کفارہ علیحدہ رکھنا ہوگا اگرچہ پہلا کفارہ نہ ادا کیا ہو۔

# اعتکاف کے مسائل

Marfat.com

**مسئلہ** اعتکاف کیلئے تین چیزیں ضروری ہیں (۱) مسجد جماعت میں ٹھیرنا (۲) بہ نیت اعتکاف ٹھیرنا پس بے قصد وارادہ ٹھیر جانے کو اعتکاف نہیں کہتے چونکہ نیت کے صحیح ہونے کیلئے نیت کرنیوالے کا مسلمان اور عاقل ہونا شرط ہے لہٰذا عقل اور اسلام کا شرط ہونا بھی نیت کے ضمن میں آگیا (۳) حیض ونفاس سے خالی اور پاک ہونا اور جنابت سے پاک ہونا **مسئلہ** سب سے افضل وہ اعتکاف ہے جو مسجد حرام یعنی کعبہ مکرمہ میں کیا جائے اُسکے بعد مسجد نبوی کا اسکے بعد مسجد بیت المقدس کا اسکے بعد اس جامع مسجد کا جس میں جماعت کا انتظام ہو اگر جامع مسجد میں جماعت کا انتظام نہ ہو تو محلے کی مسجد اسکے بعد وہ مسجد جس میں زیادہ جماعت ہوتی ہو **مسئلہ** اعتکاف کی تین قسمیں ہیں۔ واجب سنت مؤکدہ۔ مستحب۔ واجب ہے اگر نذر کیجائے نذر خواہ غیر معلق ہو جیسے کوئی شخص بے کسی شرط کے اعتکاف کی نذر کرے یا معلق جیسے کوئی شخص یہ شرط کرے کہ اگر میرا فلاں کام ہو جائیگا تو میں اعتکاف کرونگا۔ اور سنت مؤکدہ ہے رمضان کے اخیر عشرے میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بالالتزام اعتکاف کرنا احادیث صحیحہ میں منقول ہے اور مستحب ہے اس عشرہ رمضان کے اخیر عشرے کے سوا اور کسی زمانے میں خواہ وہ رمضان کا پہلا دوسرا عشرہ ہو یا اور کوئی مہینا **مسئلہ** اعتکاف واجب کے لئے صوم شرط ہے جب کوئی شخص اعتکاف کریگا تو اس کو روزہ رکھنا بھی ضروری ہوگا بلکہ اگر یہ بھی نیت کرے کہ میں روزہ نہ رکھونگا تب بھی اس کو روزہ رکھنا لازم ہوگا اسی وجہ سے اگر کوئی شخص رات کے اعتکاف کی نیت کرے تو وہ لغو سمجھی جائیگی کیونکہ رات روزے کا محل نہیں ہاں اگر رات دن دونوں کی نیت کرے یا صرف کئی دنوں کی تو پھر رات ضمناً داخل ہو جائیگی اور رات کو بھی اعتکاف کرنا ضروری ہوگا اور اگر صرف ایک ہی دن کے اعتکاف کی نذر کرے تو پھر رات ضمناً بھی داخل نہ ہوگی۔ روزے کا خاص اعتکاف کے لئے رکھنا ضروری نہیں خواہ کسی

Marfat.com

غرض سے روزہ رکھا جائے اعتکاف کے لئے کافی ہے مثلاً کوئی شخص رمضان میں اعتکاف کی نذر کرے تو رمضان کا روزہ اس اعتکاف کیلئے بھی کافی ہے ہاں اس روزے کا واجب ہونا ضروری ہے نفل روزے اسکے لئے کافی نہیں مثلاً کوئی شخص نفل روزہ رکھے اور بعد اسکے اسی دن اعتکاف کی نذر کرے تو صحیح نہیں اگر کوئی شخص رمضان کے اعتکاف کی نذر کرے اور اتفاق سے رمضان میں نہ کر سکے تو کسی اور مہینے میں اسکے بدلے کر لینے سے اسکی نذر پوری ہو جائیگی مگر علے الاتصال روزے رکھنا اور ان میں اعتکاف کرنا ضروری ہوگا **مسئلہ** اعتکاف مسنون میں تو روزہ ہوتا ہی ہے اسلئے اسکے واسطے شرط کرنیکی ضرورت نہیں **مسئلہ** اعتکاف مستحب میں بھی احتیاط یہ ہے کہ روزہ شرط ہے **مسئلہ** اعتکاف واجب کم سے کم ایک دن ہو سکتا ہے اور زیادہ جسقدر نیت کرے اور اعتکاف مسنون ایک عشرہ اسلئے کہ اعتکاف مسنون رمضان کے اخیر عشرے میں ہوتا ہے اور اعتکاف مستحب کیلئے کوئی مقدار مقرر نہیں ایک منٹ بلکہ اس سے بھی کم ہو سکتا ہے مگر اس روز روزہ ہونا چاہئے **مسئلہ** حالت اعتکاف میں دو قسم کے افعال حرام ہیں یعنی انکے ارتکاب سے اگر اعتکاف مستحب ہے تو ختم ہو جائیگا اسلئے کہ اعتکاف مستحب کیلئے کوئی مدت مقرر نہیں **پہلی قسم** اعتکاف کی جگہ سے بے ضرورت باہر نکلنا ضرورت عام ہے خواہ طبعی ہو یا شرعی طبعی جیسے پائخانہ پیشاب غسل جنابت کھانا کھانا بھی ضرورت طبعی میں داخل ہے جبکہ کوئی شخص کھانا لانے والا نہو۔ شرعی ضرورت جیسے جمعے کی نماز **مسئلہ** جس ضرورت کیلئے اپنے اعتکاف کی مسجد سے باہر جائے بعد اسکے فارغ ہونیکے وہاں قیام نکرے اور جہانتک ممکن ہو ایسی جگہ اپنی ضرورت رفع کرے جو اس مسجد سے زیادہ قریب ہو مثلاً پائخانہ کیلئے اگر جائے اور اسکا گھر دور ہو اور اسکے کسی دوست وغیرہ کا گھر قریب ہو تو وہیں جائے۔ ہاں اگر اسکی طبیعت اپنے گھر سے مانوس ہو دوسری جگہ جانے

Marfat.com

سے اسکی ضرورت رفع نہ ہو تو پھر جائز ہے اگر جمعے کی نماز کیلئے کسی مسجد میں جائے اور بعد نماز کے وہیں ٹھیر جائے اور وہیں اعتکاف کو پورا کرے تب بھی جائز ہے مگر مکروہ ہے **مسئلہ** بھولے سے بھی اپنے اعتکاف کی مسجد کو ایک منٹ بلکہ اس سے بھی کم چھوڑ دینا جائز نہیں **مسئلہ** جو عذر کثیر الوقوع نہوں انکے لئے اپنے معتکف کو چھوڑ دینا منافی اعتکاف ہے مثلاً کسی مریض کی عیادت کے لئے یا کسی ڈوبتے ہوئے کو بچانے کیلئے یا آگ بجھانیکو یا مسجد کے گرنیکے خوف سے گو ان صورتوں میں معتکف سے نکلنا گناہ نہیں بلکہ جان بچانیکی غرض سے ضروری ہے مگر اعتکاف قائم نہ رہیگا اگر کسی شرعی یا طبعی ضرورت کیلئے نکلے اور اس درمیان میں خواہ ضرورت رفع ہونیکے پہلے یا اسکے بعد کسی مریض کی عیادت کرے یا نماز جنازے میں شریک ہو جائے تو کچھ مضائقہ نہیں (بحر وغیرہ) **مسئلہ** جمعے کی نماز کیلئے ایسے وقت جاوے کہ تحیۃ المسجد اور سنت جمعہ وہاں پڑھ سکے اور بعد نماز کے بھی سنت پڑھنے کیلئے ٹھیرنا جائز ہے اس مقدار وقت کا اندازہ اس شخص کی رائے پر چھوڑ دیا گیا ہے (ردالمختار) اگر اندازہ غلط ہو جائے یعنی کچھ پہلے سے پہنچ جائے تو کچھ مضائقہ نہیں **مسئلہ** اگر کوئی شخص زبردستی معتکف سے باہر نکال دیا جائے تب بھی اسکا اعتکاف قائم نہ رہیگا مثلاً کسی جرم میں حاکم وقت کی طرف سے وارنٹ جاری ہو اور سپاہی اسکو گرفتار کیجائیں یا کسیکا قرض چاہتا ہو اور وہ اسکو باہر نکالے اسیطرح اگر شرعی یا طبعی ضرورت سے نکلے اور راستے میں کوئی قرض خواہ روک لے یا بیمار ہو جائے اور پھر معتکف تک پہنچنے میں کچھ دیر ہو جائے تب بھی اعتکاف قائم نہ رہیگا **دوسری قسم** ان افعال کا جو اعتکاف میں ناجائز ہیں جماع وغیرہ کرنا خواہ عمداً کیا جائے یا سہواً اعتکاف کا خیال نہ رہنے کے سبب سے مسجد میں کیا جائے یا مسجد سے باہر ہر حال میں اعتکاف باطل ہو جائیگا۔ جو افعال کہ تابع جماع کے ہیں جیسے بوسہ لینا یا معانقہ کرنا وہ بھی بحالت اعتکاف میں ناجائز ہیں مگر ان سے اعتکاف باطل نہیں ہوتا تاوقتیکہ منی خارج ہو

Marfat.com

ہاں اگر ان افعال سے منی کا خروج ہو جائے تو پھر اعتکاف فاسد ہو جائیگا البتہ صرف خیال اور فکر سے اگر منی خارج ہو جائے تو اعتکاف فاسد نہ ہو گا **مسئلہ** حالتِ اعتکاف میں بے ضرورت کسی دنیاوی کام میں مشغول ہونا مکروہ تحریمی ہے مثلاً بے ضرورت خرید فروخت یا تجارت کا کوئی کام کرنا ہاں جو کام نہایت ضروری ہو مثلاً گھر میں کھانے کو نہو اور اسکے سوا کوئی دوسرا شخص قابل اطمینان خریدنیوالا نہو ایسی حالت میں خرید و فروخت کرنا جائز ہے مگر مبیع کا مسجد میں لانا کسی حال میں جائز نہیں بشرطیکہ اس کے مسجد میں لانے سے مسجد کے خراب ہو جانے یا جگہ رک جانیکا خوف ہو ہاں اگر مسجد کے خراب ہونے یا جگہ رک جانیکا خوف نہو تو بعض کے نزدیک جائز ہے (ردالمحتار) **مسئلہ** حالتِ اعتکاف میں بالکل چپ بیٹھنا بھی مکروہ تحریمی ہے ہاں بری باتیں زبان سے نہ نکالے جھوٹ نہ بولے غیبت نہ کرے بلکہ قرآن مجید کی تلاوت یا کسی دینی علم کے پڑھنے پڑھانے یا کسی اور عبادت میں اپنے اوقات صرف کرے خلاصہ یہ کہ چپ بیٹھنا کوئی عبادت نہیں۔

## زکوٰۃ کا بیان

**مسئلہ** سال گذرنا سب میں شرط ہے **مسئلہ** ایک قسم جانوروں کی جنمیں زکوٰۃ فرض ہے سائمہ ہیں اور سائمہ وہ جانور ہے جنمیں یہ باتیں پائی جاتی ہیں (۱) سال کے اکثر حصے میں اپنے منہ سے چر کے اکتفا کرتے ہوں اور گھر میں انکو کھڑے کر کے نہ کھلایا جاتا ہو اگر نصف سال اپنے منہ سے چر کے رہتے ہوں اور نصف سال ان کو گھر میں کھڑے کر کے کھلایا جاتا ہو تو پھر وہ سائمہ نہیں ہیں اسی طرح اگر گھاس انکے لئے گھر میں منگائی جاتی ہو خواہ وہ بقیمت یا بے قیمت تو پھر وہ سائمہ نہیں ہیں (۲) دودھ کی غرض سے یا نسل کے زیادہ ہونے کے لئے یا فربہ کرنیکے لئے رکھے گئے ہوں اگر دودھ اور نسل اور فربہی کی غرض سے نہ رکھے گئے ہوں بلکہ گوشت کھانیکے لئے یا سواری کیلئے تو پھر

Marfat.com

سائمہ نہ کہلائیں گے۔

## سائمہ جانوروں کی زکوٰۃ کا بیان

**مسئلہ** سائمہ جانوروں کی زکوٰۃ میں یہ شرط ہے کہ وہ اونٹ اونٹنی یا گائے بیل بھینس بھینسا بکرا بکری بھیڑ دُنبہ ہو جنگلی جانوروں پر جیسے ہرن وغیرہ زکوٰۃ فرض نہیں ہاں اگر تجارت کی نیت سے خرید کر رکھے جائیں تو ان پر تجارت کی زکوٰۃ فرض ہوگی جو جانور کسی دیسی اور جنگلی جانور سے ملکر پیدا ہوں تو اگر اُن کی ماں دیسی ہے تو وہ دیسی سمجھے جائینگے اور جنگلی ہے تو جنگلی سمجھے جائینگے **مثال** بکری اور ہرن سے کوئی جانور پیدا ہوا ہو تو وہ بکری کے حکم میں ہے اور نیل گاؤ اور گائے سے کوئی جانور پیدا ہو تو وہ گائے کے حکم میں ہے **مسئلہ** جو جانور سائمہ ہو اور سال کے درمیان میں اس کو تجارت کی نیت سے بیع کر دیا جائے تو اِس سال اُسکی زکوٰۃ نہ دینا پڑے گی اور جب سے اس نے تجارت کی نیت کی ہے اس وقت سے اس کا تجارتی سال شروع ہوگا **مسئلہ** جانوروں کے بچوں میں اگر وہ تنہا ہوں زکوٰۃ فرض نہیں ہاں اگر اُن کے ساتھ بڑا جانور بھی ہو تو پھر ان پر بھی زکوٰۃ فرض ہوگی اور زکوٰۃ میں وہی بڑا جانور دیا جائیگا اور سال پورا ہونیکے بعد اگر وہ بڑا جانور مرجائے تو زکوٰۃ ساقط ہو جائیگی (درمختار وغیرہ) **مسئلہ** وقف کے جانوروں پر زکوٰۃ فرض نہیں **مسئلہ** گھوڑوں پر جب وہ سائمہ ہوں اور نر و مادہ مخلوط ہوں زکوٰۃ ہے یا تو فی گھوڑا ایک دینار یعنی پونے تین روپے دیدے یا سب کی قیمت لگا کر اسی قیمت کا چالیسواں حصہ دیدے **مسئلہ** گدھے اور خچر پر جبکہ تجارت کے لئے نہوں زکوٰۃ فرض نہیں۔

## اونٹ کا نصاب

Marfat.com

یاد رکھو کہ پانچ اونٹ میں زکوٰۃ فرض ہے اس سے کم میں زکوٰۃ نہیں پانچ
میں ایک بکری اور دس میں دو اور پندرہ میں تین اور بیس میں چار بکریاں دینا فرض
ہے خواہ نر ہو یا مادہ مگر ایک سال سے کم نہ ہو اور درمیان میں کچھ نہیں پھر پچیس اونٹ میں
ایک ایسی اونٹنی جس کو دوسرا برس شروع ہوا اور چھبیس ۲۶ سے پینتیس ۳۵ تک کچھ نہیں
پھر چھتیس ۳۶ اونٹ میں ایک ایسی اونٹنی جس کو تیسرا برس شروع ہو چکا ہو اور سینتیس
سے پینتالیس ۴۵ تک کچھ نہیں پھر چھیالیس ۴۶ اونٹ میں ایک ایسی اونٹنی جس کو چوتھا
شروع ہوا اور سینتالیس ۴۷ سے ساٹھ ۶۰ تک کچھ نہیں پھر اکسٹھ ۶۱ اونٹ میں ایک ایسی اونٹنی
جس کو پانچواں برس شروع ہو۔ باسٹھ ۶۲ سے پچھتر ۷۵ تک کچھ نہیں پھر چھہتر ۷۶ اونٹ میں دو ۲
اونٹنیاں جن کو تیسرا برس شروع ہوا اور ستتر ۷۷ سے نوے ۹۰ تک کچھ نہیں پھر اکانوے ۹۱ اونٹ
میں دو اونٹنیاں جن کو چوتھا سال شروع ہوا اور بانوے ۹۲ سے ایک سو بیس ۱۲۰ تک کچھ نہیں
جب ایک سو بیس ۱۲۰ سے زیادہ ہو جائیں تو پھر نیا حساب کیا جائیگا یعنی اگر چار زیادہ ہیں
تو کچھ نہیں پھر جب زیادتی پانچ تک پہنچ جائے یعنی ایک سو پچیس ۱۲۵ ہو جائیں تو ایک بکری
اور دو ۲ اونٹنیاں جن کو چوتھا سال شروع ہو جاوے اور پچیس ۲۵ اونٹ بڑھ جائیں تو ایک
دو ۲ برس والی اونٹنی اور دو تین برس والی اور تیس ۳۰ اونٹ بڑھ جائیں تو ایک چوتھے برس
والی اونٹنی اس تیس میں اور دو چوتھے برس والی ایک سو بیس ۱۲۰ میں پس کل تین
چوتھے برس والی ہوئیں پھر جب اس سے بھی بڑھ جائیں تو پھر نئے سرے سے حساب ہے
یعنی پانچ اونٹ میں چوبیس ۲۴ تک فی پانچ اونٹ ایک بکری ان دو چوتھے برس والی اونٹنی
کے ساتھ اور پچیس ۲۵ میں ایک دوسرے برس والی اونٹنی اور چھتیس ۳۶ میں ایک تیسرے برس
والی اونٹنی پھر جب ایک سو چھیانوے ۱۹۶ ہو جاویں تو چار تین ۳ برس والی اونٹنی پھر جب
اس سے بھی بڑھ جاویں تو ہمیشہ اسی طرح حساب چلے گا جیسا اوپر بیان ہوئے
مسئلہ اونٹ کی زکوٰۃ میں اگر اونٹ دیا جائے تو مادہ ہونا چاہیے النیہ

Marfat.com

... اگر قیمت میں مادہ کے برابر ہو تو درست ہے۔

# گائے اور بھینس کا نصاب

گائے اور بھینس دونوں ایک قسم میں ہیں دونوں کا نصاب بھی ایک ہے اور اگر دونوں کے ملانے سے نصاب پورا ہوتا ہو تو دونوں کو ملالیں گے مثلاً بیس گائیں ہوں اور دس بھینسیں تو دونوں ملا کر تیس کا نصاب پورا کرلیں گے مگر زکوٰۃ میں وہی جانور دیا جائیگا جسکی تعداد زیادہ ہو یعنی اگر گائے زیادہ ہیں تو زکوٰۃ میں گائے دی جائیگی اور اگر بھینس زیادہ ہیں تو زکوٰۃ میں بھینس دی جائیگی اور جو دونوں برابر ہوں تو قسم اعلیٰ میں جو جانور کم قیمت کا ہو یا قسم ادنےٰ میں جو جانور زیادہ قیمت کا ہو دیا جاویگا پس تیس گائے بھینس میں ایک گائے یا بھینس کا بچہ جو پورے ایک برس کا ہو نر ہو یا مادہ تیس سے کم میں کچھ نہیں اور تیس کے بعد انتالیس تک بھی کچھ نہیں چالیس گائے بھینس میں پورے دو برس کا بچہ نر یا مادہ اکتالیس سے انسٹھ تک کچھ نہیں جب ساٹھ ہو جائیں تو ایک ایک برس کے دو بچے دئے جائینگے پھر جب ساٹھ سے زیادہ ہو جائیں تو ہر تیس میں ایک برس کا بچہ اور ہر چالیس میں دو برس کا بچہ مثلاً ستر ہو جائیں تو ایک ایک برس کا بچہ اور ایک دو برس کا بچہ کیونکہ ستر میں ایک تیس کا نصاب ہے اور ایک چالیس کا اور جب اسّی ہو جائیں تو دو برس کے دو بچے کیونکہ اسّی میں چالیس کے دو نصاب ہیں اور نوے میں ایک ایک برس کے تین بچے کیونکہ نوے میں تیس کے تین نصاب ہیں اور سو میں دو بچے ایک ایک برس کے اور ایک بچہ دو برس کا کیونکہ سو میں دو نصاب تیس کے ایک نصاب چالیس کا ہے جہاں کہیں دونوں نصابوں کا حساب مختلف نتیجہ پیدا کرتا ہے وہاں اختیار ہے چاہے جس کو اختیار کریں مثلاً ایک سو بیس ہیں چار نصاب تو تیس کے ہیں اور تین نصاب چالیس

کے پاس اختیار ہے کہ تیس ۳۰ کے نصاب کا اعتبار کر کے ایک برس کے چار بچے دیں خواہ چالیس کے نصاب کا اعتبار کر کے دو برس کے تین ۳ بچے دیں۔

## بکری بھیڑ کا نصاب

زکوٰۃ کے بارے میں بکری بھیڑ سب یکساں ہیں خواہ بھیڑ دُم دار ہو جس کو دُنبہ کہتے ہیں یا معمولی ہو اگر دونو کا نصاب پورا ہو تو دونوں کی زکوٰۃ علیحدہ دیجائیگی اور اگر ہر ایک کا نصاب تو پورا نہ ہو مگر دونو کے ملا لینے سے نصاب پورا ہو جاتا ہے تو دونو کو ملا لینگے اور جو زیادہ ہوگا تو زکوٰۃ میں وہی دیا جائیگا اور دونوں برابر ہوں تو اختیار ہے۔ چالیس بکری یا بھیڑ سے کم میں کچھ نہیں۔ چالیس بکری یا بھیڑ میں ایک بکری یا بھیڑ۔ چالیس کے بعد ایک سو بیس ۱۲۰ تک زائد میں کچھ نہیں پھر ایکسو اکیس ۱۲۱ میں دو ۲ بھیڑ یا بکریاں۔ اور ایک سو بائیس ۱۲۲ سے دو سو تک زائد میں کچھ نہیں پھر دو سو ایک ۲۰۱ میں تین بھیڑ یا بکریاں۔ دو سو دو ۲۰۲ سے تین سو ننانوے ۳۹۹ تک زائد میں کچھ نہیں۔ پھر چار سو ۴۰۰ میں چار بکریاں یا بھیڑیں۔ پھر چار سو ۴۰۰ سے زیادہ میں ہر سو ۱۰۰ میں ایک بکری کے حساب سے زکوٰۃ دینا ہوگی سو ۱۰۰ سے کم زیادتی میں کچھ نہیں **مسئلہ** بھیڑ بکری کی زکوٰۃ میں نر مادہ کی قید نہیں ہاں ایک سال سے کم کا بچہ نہونا چاہئے خواہ بھیڑ ہو یا بکری (بحر الرائق)

## زکوٰۃ کے متفرق مسائل

**مسئلہ** اگر کوئی شخص حرام مال کو حلال مال کے ساتھ ملا دے تو سب کی زکوٰۃ اسکو دینا ہوگی **مسئلہ** اگر کوئی شخص زکوٰۃ واجب ہونیکے بعد مر جائے تو اسکے مال کی زکوٰۃ نہ لیجائے گی ہاں اگر وہ وصیت کر گیا ہو تو اسکا تہائی مال زکوٰۃ میں لیا جائیگا

Marfat.com

گویہ تہائی پوری زکوٰۃ کو کفایت نہ کرے اور اگر اسکے وارث تہائی سے زیادہ دینے پر راضی ہوں تو جس قدر وہ اپنی خوشی سے دیدیں لے لیا جائیگا **مسئلہ** اگر ایک سال کے بعد قرضخواہ اپنا قرض مقروض کو معاف کردے تو پھر زکوٰۃ اس ایک سال کی اُس کو نہ دینا پڑیگی۔ہاں اگر وہ مدیون مالدار ہے تو اُسکو معاف کرنا مال کا ہلاک کرنا سمجھا جائیگا اور دائن کو زکوٰۃ دینی پڑیگی کیونکہ زکوٰتی مال کے ہلاک کردینے سے زکوٰۃ ساقط نہیں ہوتی (بحر الرائق) **مسئلہ** فرض و واجب صدقات کے علاوہ صدقہ دینا اسی وقت میں مستحب ہے جب کہ مال اپنی ضرورتوں اور اپنے اہل وعیال کی ضرورتوں سے زائد ہو ورنہ مکروہ ہے اسی طرح اپنے کل مال کا صدقے میں دیدینا بھی مکروہ ہے ہاں اگر وہ اپنے نفس میں توکل اور صبر کی صفت بہ یقین جانتا ہو اور اہل وعیال کو بھی تکلیف کا احتمال نہ ہو تو پھر مکروہ نہیں بلکہ بہتر ہے **مسئلہ** اگر کسی نابالغ لڑکی کا نکاح کردیا جائے اور وہ شوہر کے گھر میں رخصت کردی جائے تو اگر وہ مالدار ہے تب تو اُس کے مال میں صدقۂ فطر واجب ہے اور اگر مالدار نہیں تو دیکھنا چاہئے کہ اگر قابل خدمت شوہر کے یا اُس کے موانست کے ہے تو اس کا صدقۂ فطر نہ باپ پر واجب ہے نہ شوہر پر اور اگر وہ قابل خدمت کے اور قابلِ موانست کے نہ ہو تو اس کا صدقۂ فطر اس کے باپ کے ذمے واجب رہے گا اور اگر شوہر کے گھر میں رخصت نہیں کی گئی تو گو وہ قابل خدمت کے اور قابلِ موانست کے ہو ہر حال میں اُس کے باپ پر اس کا صدقۂ فطر واجب ہوگا (ردالمحتار وغیرہ)

**تتمہ حصہ سوم بہشتی زیور کا تمام ہوا حصہ چہارم کا تتمہ نہیں ہے**

**آگے تتمہ حصہ پنجم کا شروع ہوتا ہے**

Marfat.com

# تتمہ حصہ پنجم بہشتی زیور

## بالوں کے متعلق احکام

مسئلہ پورے سر پر بال رکھنا نرمہ گوش تک یا کسیقدر اس سے نیچے یا پورا سر منڈوا دینا سنت ہے اور کترانا بھی درست ہے مگر سب کترانا اور آگے کیطرف کسیقدر بڑے رکھنا جو کہ آجکل کا فیشن ہے جائز نہیں اور کچھ حصہ منڈانا کچھ رہنے دینا درست نہیں ابھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ آجکل بابری رکھنی چند والکھلانے یا اگلے حصہ سر کے بال بغرض گلانی چھوڑنے کا جو دستور ہے درست نہیں مسئلہ اگر بال بہت بڑھالئے تو عورتوں کی طرح جوڑا باندھنا درست نہیں مسئلہ عورت کو سر منڈانا بال کترانا حرام ہے حدیث میں لعنت آئی ہے مسئلہ لبوں کا کترانا اسقدر کہ لب کے برابر ہو جاوے سنت ہے اور منڈانے میں اختلاف ہے بعضے بدعت کہتے ہیں بعضے اجازت دیتے ہیں لہذا نہ منڈانے میں احتیاط ہے مسئلہ مونچھ دونوں طرف دراز رہنے دینا درست ہے بشرطیکہ لبیں دراز نہوں مسئلہ داڑھی منڈانا کترانا حرام ہے البتہ ایک مشت سے جو زائد ہو اسکا کترا دینا درست ہے اسیطرح چاروں طرف سے تھوڑا تھوڑا لے لینا کہ سڈول برابر ہو جاوے درست ہے مسئلہ رخسارہ کیطرف جو بال بڑھ جاویں انکو برابر کر دینا یعنی خط بنوانا درست ہے اسیطرح اگر دونوں ابرو کسیقدر لے لی جاویں اور درست کر دی جاویں یہ بھی درست ہے مسئلہ حلق کے بال منڈانا نہ چاہئے مگر ابو یوسف سے منقول ہے کہ اسمیں بھی کچھ مضائقہ نہیں مسئلہ ریش بچہ کے جانبین لب زیریں کے بال منڈوانے کو فقہا نے بدعت لکھا ہے اسلئے بچنا چاہئے

Marfat.com

اسی طرح کنگھی کے بال نوچنے کو بھی فقہا نے مکروہ لکھا ہے **مسئلہ** بغرض زینت سفید بال کا چننا ممنوع ہے البتہ مجاہد کو دشمن پر رعب و ہیبت ہونے کے لیے دور کرنا بہتر ہے **مسئلہ** ناک کے بال اکھیڑنا نہ چاہیے قینچی سے کتر ڈالنا چاہیے **مسئلہ** سینہ اور پشت کے بال بنانا جائز ہے مگر خلاف ادب اور غیر اولیٰ ہے **مسئلہ** موئے بغل میں اولیٰ تو یہ ہے کہ موچنے وغیرہ سے دور کیے جاویں اور استرہ سے مونڈنا بھی جائز ہے **مسئلہ** موئے زیر ناف میں مرد کے لیے استرے سے دور کرنا بہتر ہے مونڈنے کے وقت ابتدا ناف کے نیچے سے کرے اور ہڑتال وغیرہ کوئی دوا لگا کر زائل کرنا بھی جائز ہے اور عورت کے لیے موافق سنت کے چٹکی یا چمٹی سے دور کرنا ہے استرہ نہ لگاوے **مسئلہ** اس کے علاوہ اور تمام بدن کے بال نہ منڈانا رکھنا دونوں درست ہیں **مسئلہ** ہاتھ پیر کے ناخن دور کرنا بھی سنت ہے البتہ مجاہد کے لیے دار الحرب میں ناخن اور مونچھ کا نہ کٹانا مستحب ہے **مسئلہ** ہاتھ کے ناخن اس ترتیب سے کٹانا بہتر ہے کہ داہنے ہاتھ کے انگشت شہادت سے شروع کرے اور چھنگلیا تک بہ ترتیب کتر کر بائیں چھنگلیا سے بہ ترتیب کٹاوے اور داہنے انگوٹھے پر ختم کرے اور پیر کی انگلیوں میں داہنی چھنگلیا سے شروع کرکے بائیں چھنگلیا پر ختم کرے یہ ترتیب بہتر ہے اور اولیٰ ہے اس کے خلاف بھی درست ہے **مسئلہ** کٹے ہوئے ناخن اور بال دفن کر دینا چاہیے دفن نہ کرے تو کسی محفوظ جگہ ڈال دے یہ بھی جائز ہے مگر نجس گندی جگہ نہ ڈالے اس سے بیمار ہو جانے کا اندیشہ ہے **مسئلہ** ناخن کا دانت سے کاٹنا مکروہ ہے اس سے برص کی بیماری ہو جاتی ہے **مسئلہ** حالت جنابت میں بال بنانا ناخن کاٹنا موئے زیر ناف وغیرہ دور کرنا مکروہ ہے **مسئلہ** ہر ہفتے میں ایک مرتبہ موئے زیر ناف و بغل و ناخن وغیرہ دور کرکے نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا افضل ہے اور سب سے بہتر جمعہ کا دن ہے قبل نماز جمعہ فراغت کرکے نماز کو جاوے ہر ہفتہ نہ ہو تو پندرہویں دن ہی اور انتہا درجہ چالیسویں دن

اس کے بعد رخصت نہیں اگر چالیس دن گذر گئے اور اُمور مذکورہ سے صفائی حاصل کی تو گنہگار ہوگا۔ فقط

## شفعہ کا بیان

مسئلہ جب وقت شفیع کو خبر بیع کی پہنچی اگر فوراً منہ سے نہ کہا کہ میں شفعہ لونگا تو شفعہ باطل ہوجاویگا اس شخص کو دعوے کرنا جائز نہیں حتیٰ کہ اگر شفیع کے پاس خط پہنچا اور اس کے شروع میں یہ خبر لکھی ہے کہ فلاں مکان فروخت ہوا اور اس وقت اس نے زبان سے نہ کہا کہ میں شفعہ لوں گا یہانتک کہ تمام خط پڑھ گیا اور پھر کہا کہ میں شفعہ لوں گا تو اس کا شفعہ باطل ہوگیا مسئلہ اگر شفیع نے کہا کہ مجکو اتنا روپیہ دو تو اپنے حق شفعہ سے دست بردار ہوجاؤں تو اس صورت میں چونکہ اپنا حق ساقط کرنے پر رضامند ہوگیا اس لئے شفعہ تو ساقط ہوا لیکن چونکہ یہ رشوت ہے اس لئے یہ روپیہ لینا دینا حرام ہے مسئلہ اگر ہنوز حاکم نے شفعہ نہیں دلایا تھا کہ شفیع مرگیا اسکے وارثوں کو شفعہ نہ پہنچے گا اور اگر خریدار مرگیا شفعہ باقی رہیگا مسئلہ شفیع کو خبر پہنچی کہ اسقدر قیمت کو مکان بکا ہے اس نے دست برداری کی پھر معلوم ہوا کہ کم قیمت کو بکا ہے اس وقت شفعہ لے سکتا ہے اسی طرح پہلے سنا تھا کہ فلاں شخص خریدار ہے پھر سنا کہ نہیں بلکہ دوسرا خریدار ہے یا پہلے سُنا تھا کہ نصف بکا ہے پھر معلوم ہوا کہ پورا بکا ہے۔ ان صورتوں میں پہلی دست برداری سے شفعہ باطل نہوگا۔

## مزارعت یعنی کھیتی کی اور مساقاۃ یعنی پھل کی بٹائی کا بیان

مسئلہ ایک شخص نے خالی زمین کسی کو دیکر کہا کہ تم اس میں کھیتی کرو جو پیدا ہوگا اُس کو فلاں نسبت سے تقسیم کرلینگے یہ مزارعت ہے اور جائز ہے مسئلہ ایک شخص نے باغ

Marfat.com

لگایا اور دوسرے شخص سے کہا کہ تم اس باغ کو سینچو خدمت کرو جو پھل آویگا خواہ ایک دو سال یا دس بارہ سال تک نصفا نصف یا تین تہائی تقسیم کر لیا جاویگا یہ مساقاۃ ہے اور یہ بھی جائز ہے **مسئلہ** اِس معاملے کی درستی کیلئے اتنی شرطیں ہیں نمبرا زمین کا قابل زراعت ہونا۔ زمیندار و کسان کا عاقل و بالغ ہونا۔ مدت زراعت کا بیان کرنا۔ بیج کا بیان کر دینا کہ زمیندار کا ہوگا یا کسان کا۔ جنس کاشت کا بیان کر دینا کہ گیہوں ہونگے یا جو مثلاً کسان کے حصے کا ذکر ہو جانا کہ کل پیداوار میں کس قدر ہوگا۔ زمین کو خالی کر کے کسان کے حوالے کرنا زمین کی پیداوار میں کسان اور مالک کا شریک رہنا۔ زمین اور تخم ایک شخص کا ہونا اور بیل اور محنت وغیرہ امور دوسرے کے ہونے یا ایک کی فقط زمین ہو اور باقی چیزیں دوسرے کے متعلق ہوں **مسئلہ** اگر اِن شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو تو مزارعت فاسد ہو جاویگی **مسئلہ** مزارعت فاسدہ میں سب پیداوار بیج والے کی ہوگی اور دوسرے شخص کو اگر وہ زمین والا ہے تو زمین کا کرایہ موافق دستور کے ملیگا اور اگر وہ کاشتکار ہے تو مزدوری موافق دستور کے ملیگی مگر یہ مزدوری اور کرایہ اس قدر سے زیادہ نہ دیا جاویگا جو آپس میں دونوں کے ٹھہر چکا تھا یعنی اگر مثلاً بالمناصفہ مزارعت ٹھہری تھی تو کل پیداوار کی نصف سے زیادہ نہ دیا جاویگا **مسئلہ** بعد معاملۂ مزارعت کے اگر دونوں میں سے کوئی شرط کے بموجب کام کرنے سے انکار کرے تو اُس سے بزور کام لیا جاویگا لیکن اگر بیج والا انکار کرے تو اسپر زبردستی نہ کیجاویگی **مسئلہ** اگر دونوں عقد کرنیوالوں میں سے کوئی مرجاوے تو مزارعت باطل ہو جاویگی **مسئلہ** اگر مدت معینہ مزارعت کی گذر جاوے اور کھیتی کچی ہو تو کسان کو زمین کی اجرت اُسجگہ کے دستور کے موافق دینی ہوگی اِن زائد ایام کے عوض میں **مسئلہ** بعض جگہ دستور ہے کہ بٹائی کی زمین میں جو غلہ پیدا ہوتا ہے اُس کو تو

Marfat.com

حسب معاہدہ باہم تقسیم کر لیتے ہیں اور جو اجناس چری وغیرہ پیدا ہوتی ہے اسکو تقسیم
نہیں کرتے بلکہ بگیھوں کے حساب سے کاشتکار سے نقد لگان وصول کرتے ہیں سو
ظاہراً تو بوجہ اسکے کہ یہ شرط خلاف مزارعت ہے ناجائز معلوم ہوتا ہے مگر اس
تاویل سے کہ اس قسم کے اجناس کو پہلے ہی سے خارج از مزارعت کہا جاوے
اور باعتبار عرف کے معاملہ سابقہ میں یوں تفصیل کیجاوے کہ دونوں کی مراد یہ تھی کہ
فلاں اجناس میں عقد مزارعت کرتے ہیں اور فلاں جناس میں زمین بطور اجارہ دیجاتی
ہے اسطرح جائز ہو سکتا ہے مگر اس میں جانبین کی رضامندی شرط ہے **مسئلہ**
بعض زمینداروں کی عادت ہے کہ علاوہ اپنے حصہ بٹائی کے کاشتکار کے حصے
میں سے کچھ اور حقوق ملازموں اور کمینوں کے بھی نکال لیتے ہیں سو اگر بالمقطع ٹھہرالیا
کہ ہم دو من یا چار من ان حقوق کا لیں گے یہ تو ناجائز ہے اور اگر اسطرح ٹھہرایا کہ
ایک من میں ایک سیر مثلاً تو یہ درست ہے **مسئلہ** بعض لوگ اس کا تصفیہ
نہیں کرتے کہ کیا بویا جاویگا پھر بعد میں تکرار و قضیہ ہوتا ہے یہ جائز نہیں یا تو اس
تخم کا نام تصریحاً لیلے یا عام اجازت دیدے کہ جو چاہے بونا **مسئلہ** بعض جگہ رسم
ہے کہ کاشتکار زمین میں تخم پاشی کرکے دوسرے لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے
اور یہ شرط ٹھہرتی ہے کہ تم اس میں محنت و خدمت کرو جو کچھ حاصل ہوگا ایک تہائی
مثلاً ان تینوں کا ہوگا سو یہ بھی مزارعت ہے جس جگہ زمیندار اصلی اس معاملے کو
نہ روکتا ہو وہاں جائز ہے ورنہ جائز نہیں ہے **مسئلہ** اس اوپر کی صورت میں بھی
مثل صورت سابقہ عرفاً تفصیل ہے بعض اجناس تو ان عاملوں کو
بانٹ دیتے ہیں اور بعض میں فی بگیھہ کچھ نقد دیتے ہیں پس اس میں بھی ظاہراً
وہی شبہ عدم جواز کا اور وہی تاویل جواز کی جاری ہے **مسئلہ** اجارہ یا مزارعت
میں بارہ سال یا کم وبیش مدت تک زمین سے متنفع ہو کر موروثیت کا دعوی کر

جیسا اسوقت رواج ہے محض باطل و حرام اور ظلم و غصب ہے بدون طیب خاطر مالک کے ہرگز اس سے نفع حاصل کرنا جائز نہیں اگر ایسا کیا تو اس کا پیداوار بھی خبیث ہے اور کھانا اس کا حرام ہے مسئلہ مساقاۃ کا حال سب باتوں میں مثل مزارعۃ کے ہے مسئلہ اگر پھل لگے ہوئے درخت پرورش کو دئے اور پھل ایسے ہوں کہ پانی دینے اور محنت کرنے سے بڑھتے ہوں تو درست ہے اور اگر انکا بڑھنا پورا ہو چکا ہو تو مساقاۃ درست نہ ہوگی جیسے مزارعۃ کہ کھیتی تیار ہونیکے بعد درست نہیں مسئلہ اور عقد مساقاۃ جب فاسد ہو جاوے تو پھل سب درخت والے کے ہونگے اور کام کرنیوالے کو معمولی مزدوری ملیگی جس طرح مزارعۃ میں بیان ہوا۔

## پانی کے احکام

مسئلہ کسی شخص کی مملوک زمین میں کنواں یا چشمہ یا حوض یا نہر ہو دوسرے لوگوں کو پانی پینے سے یا جانوروں کو پانی پلانے یا وضو و غسل و پارچہ شوئی کے لئے پانی لینے سے یا دس پانچ گھڑے بھر کر اپنے گھر کے ایک آدھ درخت یا کیاری میں پانی دینے سے منع نہیں کر سکتا کیونکہ اس میں سب کا حق ہے اور اگر اپنی زمین میں آنے سے روکنا چاہے تو دیکھا جاویگا کہ پانی لینے والے کا کام دوسری جگہ سے بآسانی چل سکتا ہے مثلاً کوئی دوسرا کنواں وغیرہ قریب ہے یا اس کا کام بند ہو جائیگا اور تکلیف ہوگی اگر اسکی کارروائی دوسری جگہ سے ہو سکے تو خیر ورنہ اس کنویں والے سے کہا جاویگا کہ یا تو اس شخص کو اپنے کنویں پر آنے کی اجازت دو ورنہ اُسکو جس قدر پانی کی حاجت ہے تم خود نکالکر یا نکلوا کر اسکے حوالے کرو البتہ اپنے کھیت یا باغ کو پانی دینا بدون اس شخص کی اجازت کے دوسرے لوگوں کو جائز نہیں اس سے ممانعت کر سکتا ہے یہی حکم ہے خودرو گھاس کا اور جس قدر نباتات بے تنہ ہیں سب گھاس کے حکم میں

Marfat.com

ہیں البتہ نہ دار درخت زمین والے کا مملوک ہے **مسئلہ** اگر ایک شخص دوسرے کے کنویں یا نہر سے کھیت کو پانی دینا چاہے اور وہ اس سے کچھ قیمت لے تو جائز ہے یا نہیں اس میں اختلاف ہے مشایخ بلخ نے فتویٰ جواز کا دیا ہے **مسئلہ** جو پانی برتن یا مشک میں بھر لیا جاوے اس میں دوسرے شخص کا کوئی استحقاق نہیں البتہ اگر پیاس سے بیقرار ہو جاوے تو زبردستی بھی چھین لینا جائز ہے جبکہ پانی والے کی حاجت سے زاید موجود ہو اور بقیمت بھی نہو

# نشے دار چیزوں کا بیان

**مسئلہ** جو چیز پتلی بہنے والی نشے دار ہو خواہ شراب ہو یا تاڑی یا اور کچھ اور اسکے زیادہ پینے سے نشہ ہو جاتا ہو اسکا ایک قطرہ بھی حرام ہے اگرچہ اس قلیل مقدار سے نشہ نہو اسی طرح دوا میں استعمال کرنا خواہ پینے میں یا لیپ کرنے میں نیز ممنوع ہے خواہ وہ نشے دار چیز اپنی اصلی ہیئت پر رہے خواہ کسی تصرف سے دوسری شکل ہو جاوے ہر حال میں ممنوع ہے یہاں سے انگریزی دواؤں کا حال معلوم ہو گیا جنمیں اکثر اس قسم کی چیزیں ملائی جاتی ہیں **مسئلہ** اور جو چیز نشے دار ہو مگر پتلی نہو بلکہ اصل سے منجمد ہو جیسے تماکو جائفل افیون وغیرہ اس کا حکم یہ ہے کہ جو مقدار بالفعل نشہ پیدا کرے یا اس سے ضرر شدید ہو وہ تو حرام ہے اور جو مقدار نشہ نہ لاوے نہ اس سے کوئی ضرر پہنچے وہ جائز ہے اور اگر ضماد وغیرہ میں استعمال کیا جاوے تو کچھ بھی مضائقہ نہیں۔

# شرکت کا بیان

شرکت دو طرح کی ہے ایک شرکت املاک کہلاتی ہے جیسے ایک شخص مرگیا اور اسکے ترکے میں چند وارث شریک ہیں یا روپیہ ملا کر دو شخصوں نے ایک چیز خرید کی یا ایک شخص نے دو شخصوں کو کوئی چیز ہبہ کر دی اسکا حکم یہ ہے کہ کسی کو کوئی تصرف

Marfat.com

لا اجازت دوسرے شریک کے جائز نہیں دوسری شرکت عقود ہے یعنی دو شخصوں
نے باہم معاہدہ کیا کہ ہم تم شرکت میں تجارت کرینگے اِس شرکت کے اقسام و احکام
ہیں مسئلہ ایک قسم شرکت عنان ہے یعنی دو شخصوں نے تھوڑا تھوڑا روپیہ باہم
ملا کر اتفاق کیا کہ اس کا کپڑا یا غلہ یا اور کچھ خرید کر تجارت کریں اس میں یہ شرط ہے
راس المال نقد ہو خواہ روپیہ یا اشرفی یا پیسے سو اگر دونوں آدمی کچھ اسباب غیر
نقد شامل کر کے شرکت سے تجارت کرنا چاہیں یہ شرکت صحیح نہیں ہوگی مسئلہ شرکت
عنان میں جائز ہے کہ ایک کا مال زیادہ ہو ایک کا کم اور نفع کی شرکت باہمی رضامندی
سے ہے یعنی اگر یہ شرط ٹھیرے کہ مال تو کم و زیادہ ہے مگر نفع برابر تقسیم ہوگا یا مال برابر
ہے مگر نفع تین تہائی ہوگا تو بھی جائز ہے مسئلہ اس شرکت عنان میں ہر شریک کو
مال شرکت میں ہر قسم کا تصرف متعلق تجارت کے جائز ہے۔ بشرطیکہ خلاف معاہدہ
نہ ہو لیکن ایک شریک کا قرض دوسرے سے نہ مانگا جاویگا مسئلہ اگر بعد قرار پانے
اس شرکت کے کوئی چیز خریدی نہیں گئی اور مال شرکت تمام یا ایک شخص کا مال تلف
ہو گیا تو شرکت باطل ہو جائیگی اور ایک شخص بھی کچھ خرید چکا ہے اور دوسرے کا مال
ہلاک ہو گیا تو شرکت باطل نہوگی مال خرید دونوں کا ہوگا اور جسقدر اس مال میں دوسرے
شریک کا حصہ ہے اُس حصے کیموافق زر ثمن اس دوسرے شریک سے وصول کر لیا
جاویگا مثلاً ایک شخص کے دس روپے تھے اور دوسرے کے پانچ دس روپے والے نے
مال خرید لیا تھا اور پانچ روپے والیکے روپے ضایع ہو گئے سو پانچ روپے والا اس
مال میں ثلث کا شریک ہے اور دس روپے والا اِس سے دس روپے کا ثلث نقد
واپس کریگا یعنی تین روپے پانچ آنے چار پائی اور آیندہ یہ مال شرکت پر فروخت
ہوگا مسئلہ اس شرکت میں دونوں شخصوں کو مال کا مخلوط کرنا ضرور نہیں۔
صرف زبانی ایجاب و قبول سے یہ شرکت منعقد ہو جاتی ہے مسئلہ نفع

Marfat.com

نسبت سے مقرر ہونا چاہئے یعنی آدھا آدھا یا تین تہائی مثلاً اور اگر یوں ٹھیرا کہ ایک
شخص کو سو روپے ملینگے باقی دوسرے کا یہ جائز نہیں مسئلہ ایک قسم شرکت
کی شرکت صناع کہلاتی ہے اور شرکت تقصیل بھی کہتے ہیں جیسے دو درزی یا
دو رنگریز باہم معاہدہ کرلیں کہ جو کام جسکے پاس آوے اُسکو قبول کرلے اور جو مزدوری
ملے وہ آپس میں آدھوں آدھ یا تین تہائی یا چوتھائی وغیرہ کے حساب سے بانٹ لیں یہ
جائز ہے مسئلہ جو کام ایک نے لے لیا دونوں پر لازم ہوگیا مثلاً ایک شریک نے ایک
کپڑا سینے کیلئے لیا تو صاحب فرمایش جس طرح اسپر تقاضا کرسکتا ہے دوسرے
شریک سے بھی سلوا سکتا ہے اسی طرح جیسے یہ کپڑا سینے والا مزدوری مانگ سکتا ہے
دوسرا بھی مزدوری لے سکتا ہے اور جس طرح اصل کو مزدوری دینے سے مالک سبکدوش
ہوجاتا ہے اسی طرح اگر دوسرے شریک کو دیدی تو بھی بری الذمہ ہوسکتا ہے مسئلہ
ایک قسم شرکت وجوہ ہے یعنی نہ انکے پاس مال ہے نہ کوئی ہنر و پیشہ ہے صرف باہمی یہ قرار
دیا کہ دوکانداروں سے اُدھار مال لیکر بیچا کریں اس شرکت میں بھی ہر شریک دوسرے
کا وکیل ہوگا اور اس شرکت میں جس نسبت سے شرکت ہوگی اسی نسبت سے نفع کا
استحقاق ہوگا یعنی اگر خریدی ہوئی چیزوں کو بالنصف مشترک قرار دیا گیا تو نفع نصف
نصف تقسیم ہوگا اور اگر مال کو تین تہائی مشترک ٹھیرایا گیا تو نفع بھی تین تہائی
تقسیم ہوگا۔

تتمہ حصہ پنجم بہشتی زیور کا تمام ہوا حصہ ششم ۔ ہفتم ۔ ہشتم ۔ دھم
کا تتمہ نہیں ہے آگے حصہ نہم
کا تتمہ آتا ہے

Marfat.com

# تتمہ حصہ نہم بہشتی زیور

## تمہید

چونکہ بہشتی زیور میں مسایل مخصوص بالرجال اسی طرح اُسکے حصہ نہم میں امراض مخصوص بالرجال نہیں لکھے گئے اور اُنکی تتمیم و تکمیل کے لئے بہشتی گوہر لکھا گیا ہے اسلئے حصہ مسائل کے ختم ہونیکے بعد مناسب معلوم ہوا کہ معالجات مخصوص بالرجال بھی اس میں شامل کردیے جاویں اسکے کاتب بھی مولوی حکیم محمد مصطفےٰ صاحب ہیں فقط

کتبہ اشرف علی عفی عنہ

## مردوں کے امراض

جریان اسکو کہتے ہیں کہ پیشاب سے پہلے یا پیشاب کے بعد چند قطرے سفید دودھ کے سے رنگ کے گریں اِس سے ضعف دن بدن بڑھتا ہے اور چاہے کیسی ہی عمدہ غذا کھائی جاوے مگر بدن کو نہیں لگتی آدمی ہمیشہ دُبلا اور کمزور زرد رہتا ہے اور جب بڑھ جاتا ہے تو معدہ بھی خراب ہوجاتا ہے بھوک نہیں لگتی اور جو کچھ کھایا جائے ہضم نہیں ہوتا دست آجاتے ہیں یا قبض ہوجاتا ہے جریان کے مریض کو جب بہت ہوجاتا ہے تو علاج بھی مشکل ہوجاتا ہے کیونکہ اکثر دوائیں جریان کی قابض ہوتی ہیں اُن سے قبض بڑھتا ہے اور قبض سے جریان کو زیادتی ہوتی ہے اسواسطے اسکے علاج سے غفلت مناسب نہیں شروع ہی میں غور سے علاج کریں۔ جریان کی کئی قسمیں ہیں ایک یہ کہ مزاج میں گرمی بڑھ کر

Marfat.com

خون اور منی میں حرارت آجائے اسکی علامت یہ ہے کہ وہ قطرے جو پیشاب سے پہلے
یا بعد میں آتے ہیں بالکل سفید نہوں بلکہ کسی قدر زردی مایل ہوں اور سوزش کے ساتھ
نکلیں بلکہ پیشاب میں بھی جلن پیدا ہوتی ہو اور اور علامات بھی خون کی گرمی کی
موجود ہوں جیسے گرمی کے موسم میں جریان کو زیادتی ہونا اور سردی میں کم ہو جانا
یا سرد پانی سے نہانے سے آرام پانا۔

**علاج** یہ سفوف کھائیں۔ گوند ببول۔ کتیرا۔ چینی گوند۔ طباشیر کشتہ قلعی۔ ست بہروزہ
دانہ الائچی خورد۔ پھلی ببول۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موچرس
گوند نیم۔ اندر جو شیریں سب تین تین ماشہ کوٹ چھانکر کچی کھانڈ پونے چار تولہ ملاکر نو
نو ماشے کی پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیا ہر روز گائے کی تازی چھاچھ پاؤ بھر کے ساتھ
پھانکیں اگر گائے کی چھاچھ میسر نہو تو بھینس کی سہی اگر یہ بھی نہ ملے تو مصری کے
شربت کے ساتھ کھائیں یہ سفوف سوزاک کیلئے بھی مفید ہے **پرہیز** گائے کے
گوشت اور جملہ گرم چیزوں سے جیسے مٹھی۔ بیگن۔ مولی۔ گڑ۔ تیل وغیرہ جریان
کی اس قسم میں کسی قدر ترشی کا استعمال چنداں مضر نہیں بشرطیکہ بہت پرانا
ہو گیا ہو۔

**دوسرا سفوف** نہایت مقوی اور سوزش پیشاب اور اُس جریان کو مفید جو
گرمی سے ہو۔ چھوٹی مائیں۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ تالمکھانہ۔ بیج بند۔ سرخ
گلاب۔ زیرہ۔ دھنیا۔ پوست برون پستہ۔ دانہ الائچی خورد۔ چھالیہ کے پھول
سب چھ چھ ماشہ املی کے بیج کی گری دو دو تولہ کوٹ چھان کر برگد کے دودھ
میں بھگوئیں اور سایہ میں خشک کرلیں پھر موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ شقاقل مصری
ثعلب مصری سب چار چار ماشہ کوٹ چھانکر ملاکر مصری چار تولہ پیسکر ملاکر چھ چھ ماشہ
کی پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیہ ہر روز دودھ کی لسی کے ساتھ پھانکیں۔

Marfat.com

**تیسرا سفوف** گرم جریان کے لئے اور بھوک بڑھاتا ہے اور ممسک بھی ہے۔ ثعلب مصری۔ تخم خرفہ کشتہ قلعی۔ بنسلوچن۔ کہربائے شمعی۔ گلنار۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ بہمن سرخ سب چھہ چھہ ماشہ مصطگی رومی دو ماشہ۔ مازو۔ تخم ریحان۔ تین تین ماشہ کوٹ چھان کر مصری چار تولہ۔ آٹھ ماشہ پیسکر ملا کر تین تین ماشے کی پڑیاں بنالیں پھر ایک پڑیہ صبح اور ایک شام مصری کے شربت کے ساتھ پھانکیں۔

**جریان کی دوسری قسم** وہ ہے کہ مزاج میں سردی اور رطوبت بڑھکر پٹھے کمزور ہوکر پیدا ہو۔ علامت یہ ہے کہ مادہ منی نہایت رقیق ہو اور احتلام اگر ہو تو ہونیکی خبر بھی نہ ہو اور منی ذرا ارادے سے یا بالکل بلا ارادہ خارج ہوجاتی ہو۔ **علاج** یہ دوا کھائیں۔ اندر جو شیریں۔ سمندر پھل۔ تخم کونچ۔ تخم پیاز۔ تخم اوٹنگن عاقر قرحا۔ ریوند چینی۔ سب ساڑھے دس دس ماشہ کوٹ چھان کر تین پڑیاں بنالیں پھر ایک انڈا لیں اور سفیدی اسکی نکالڈالیں اور زردی اسی میں رہنے دیں۔ پھر ایک پڑیہ دوائے مذکور کی لیکر اس انڈے میں ڈالیں اور سوراخ آٹے سے بند کر کے بھوبل میں انڈے کو نیم برشت کر کے کھالیں اسی طرح تین دن تک کھائیں۔

**سفوف مغلظ منی اور ممسک** سنگھاڑہ خشک۔ گوند ببول چھہ چھہ ماشہ۔ مازو۔ مصطگی رومی۔ تین تین ماشہ۔ نشاستہ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری چار چار ماشہ۔ کوٹ چھان کر مصری ڈھائی تولہ ملا کر سفوف بنالیں اور پانچ ماشے سے سات ماشے تک تازے پانی کے ساتھ کھائیں۔ اور اس قسم میں جوارش کمونی ایک تولہ ہر روز کھانا بہت مفید ہے۔

**ایک قسم جریان** کی وہ ہے کہ گردہ بہت ضعیف ہوجانے اور چربی اس کی پگھل کر بصورت منی نکلنے لگے یہ حقیقت میں جریان نہیں ہے

صرف جریان کے مشابہ ہونے سے اس کو جریان کہہ دیتے ہیں اس کی علامت یہ ہے کہ بعد پیشاب یا قبل پیشاب ایک سفید چیز بلا ارادہ نکلے اور مقدار بہت زیادہ ہو اور اسکے نکلنے سے ضعف بہت محسوس ہو۔ نیز امراض گردہ پہلے سے موجود ہوں جیسے درد گردہ پتھری ریگ وغیرہ **علاج** معجون لبوب کبیر بہت مفید ہے گردہ کو طاقت دیتی ہے اور ضعف باہ اور چربی پیشاب میں آنے کو دور کرتی ہے اور مقوی تمام بدن ہے نسخہ یہ ہے۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز بادام شیریں۔ حبۃ الخضرا۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ مغز حب الزلم۔ ماہی روبیان۔ خولنجان۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید تودری سرخ۔ تودری زرد۔ سونٹھ۔ تل چھلے ہوئے دارچینی قلمی سب پونے نو نو ماشہ بالچھڑ۔ ناگرموتھا۔ لونگ۔ کبابہ۔ حب الفلفل۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم تخم ترب۔ تخم پیاز۔ تخم اسپست۔ تخم ہلیون اصیل۔ اندر جو شیریں۔ درونج عقربی۔ نرکچور۔ سوا پانچ پانچ ماشہ۔ جوزبوا۔ جوتری۔ چھڑیلہ۔ پیپل ساڑھے تین تین ماشہ ثعلب مصری۔ مغز نارجیل۔ چڑوں کا مغز یعنی بھیجا۔ تخم خشخاش سفید ساڑھے سترہ سترہ ماشہ۔ سورنجان شیریں۔ بوزیدان۔ پودینہ خشک۔ سب سات سات ماشہ عود غرقی ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران مصطگی رومی سات سات ماشہ۔ سب چھیالیس دوائیں ہیں کوٹ چھان کر شہد خالص ایک سو پانچ تولہ کا قوام کر کے ملالیں اور عنبر ساڑھے چار ماشہ اور مشک اصلی سوا دو ماشہ پیسکر ملالیں اور ورق نقرہ پچیس ۲۵ عدد اور ورق طلا پندرہ ۱۵ عدد تھوڑے شہد میں حل کر کے خوب ملالیں اور چھ ماشہ ہر روز کھائیں اگر قیمت کم کرنا چاہیں عنبر نہ ڈالیں اور اگر تخم ہلیون اصلی نہ ملے نہ ڈالیں۔ معجون نہایت مقوی اور باہ کو بڑھانے والی ہے مگر کسیقدر گرم ہے جن کے مزاج میں گرمی زیادہ ہو وہ اس دوسرے معجون کو کھائیں اس کا نام معجون لبوب بارد ہے مغز بادام شیریں۔ تخم خشخاش سفید۔ مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ

Marfat.com

مغز تخم کدوے شیریں سوختہ۔ خولنجان۔ شقاقل مصری۔ دس دس ماشہ۔ مغز تخم خربزہ تخم خرفہ۔ چھ چھ ماشہ تخم پیاز چار ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ تخم گزر تخم بلیون اصیل دو دو ماشہ کوٹ چھان کر ترنجبین خراسانی بائیس تولے کا قوام کر کے ملالیں خوراک سات ماشہ معجون لبوب کا ایک اور نسخہ اس کا نام معجون لبوب صغیر ہے قیمت میں کم اور نفع میں معجون لبوب کبیر کے قریب ہے مقوی دماغ و گردہ و مثانہ اور دافع نسیان اور رنگ نکالنے والی اور منی پیدا کرنے والی ہے مغز بادام شیریں مغز اخروٹ مغز پستہ مغز حبۃ الخضراء مغز چلغوزہ حب الزلم مغز فندق مغز نارجیل مغز حب الفلفل تخم خشخاش سفید تودری سرخ تودری سفید تل دھوئے ہوئے تخم جرجیر تخم پیاز تخم شلغم تخم اسپست اصیل بہمن سفید بہمن سرخ سونٹھ پیپل کبابہ فرفہ دارچینی قلمی خولنجان۔ شقاقل مصری تخم بلیون اصیل سب ایک ایک تولہ کل ستائیس دوائیں ہیں) خوب کوٹ کر شہد اکیاسی تولہ میں ملالیں پھر سات ماشہ سے ایک تولہ تک کھائیں۔

## ضعف باہ اور سرعت کا بیان

ضعف باہ کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ خواہش نفسانی کم ہو جائے دوسرے یہ کہ خواہش بدستور رہے مگر عضو مخصوص میں فتور پڑ جائے جس سے مجامعت پر پوری قدرت نہ رہے بعضوں کو ان دونوں صورتوں میں سے ایک صورت پیش آتی ہے اور بعضوں میں دونوں جمع ہوتی ہیں جس کو صرف پہلی صورت پیش آتی ہے اسکو کھانے کی دوا کی ضرورت ہے اور جس کو صرف دوسری صورت پیش آوے ان کو لگانے کی دوا کی احتیاج ہے اور اگر دونوں صورتیں جمع ہوں تو کھانے اور لگانے دونوں قسموں کی ضرورت ہے۔ ضعف باہ کا بالکل صحیح بات یہ ہے کہ علاج طبیب بھی

Marfat.com

بہت غور کے بعد کر سکتا ہے اس لئے اقسام اور اسباب چھوڑ کر یہاں کثیر الوقوع قسمیں اور سہل سہل علاج لکھے جاتے ہیں۔

**ضعف باہ کی پہلی صورت** یعنی خواہش نفسانی کا کم ہو جانا۔ اس کے کئی سبب ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ آدمی بوجہ غذا خاطر خواہ نہ ملنے یا عرصے تک بیمار رہنے یا کسی صدمے کے دبلا اور کمزور ہو جائے جب تمام بدن میں ضعف ہوگا تو قوت باہ میں ضرور ضعف ہو جائے گا۔

**علاج** یہ ہے کہ غذا عمدہ کھائیں اور دل سے صدمہ اور رنج کو جس طرح ممکن ہو ہٹائیں اور سویا زیادہ کریں اور جب تک قوت بحال ہو عورت سے علیحدہ رہیں اور معجون لبوب کبیر اور معجون صغیر اور معجون لبوب بارد اس کے لئے نہایت مفید ہیں۔ یہ تینوں نسخے جریان کے بیان میں گذر چکے ہیں۔

ایک سبب خواہش نفسانی کے کم ہونیکا یہ ہے کہ دل کمزور ہو اس کی علامت یہ ہے کہ ذرا سے خوف اور صدمے سے بدن میں لرزہ سا محسوس ہونے لگے اور مزاج میں شرم و حیا حد سے زیادہ ہو۔

**علاج** یہ ہے کہ دوا المسک اور مفرح دوائیں اور زیادہ شرم کو بتکلیف کم کریں دوا المسک کا نسخہ حصہ نہم بہشتی زیور میں گذر چکا اور مفرح نسخے آگے آتے ہیں انشاء اللہ تعالے۔ ایک سبب خواہش نفسانی کے کم ہونے کا یہ ہے کہ دماغ زیادہ کمزور ہو جائے علامت یہ ہے کہ مجامعت سے درد سر یا ثقل سماعت یا پریشانی حواس پیدا ہو۔

**علاج** قوت دماغ کے لئے حریرہ پئیں یا میوہ کھایا کریں۔ حریرے کا نسخہ جو مقوی دماغ اور مسمن اور مقوی باہ ہے مغز تخم کدوے شیریں۔ مغز تخم مغز تخم میٹھا۔ مغز بادام شیریں سب چھ چھ ماشہ پانی میں پیکر

سنگھاڑے کا آٹا۔ ثعلب مصری پسی ہوئی چھ چھ ماشہ ملا کر گھی چار تولہ سے بگھار کر مصری سے میٹھا کر کے پیا کریں میوے کی ترکیب یہ ہے کہ ناریل اور چھوارہ اور مغز بادام شیریں اور کشمش اور مغز چلغوزہ پاؤ پاؤ بھر اور پستہ آدھ پاؤ ملا کر رکھ لیں اور تین چار تولے ہر روز کھایا کریں اور اگر مرغوب ہو تو بھنے ہوئے چنے ملا کر کھائیں کہ نہایت مجرب ہے اور چند نسخے مقوی دماغ حلوے وغیرہ کے آگے آتے ہیں ایک سبب خواہش نفسانی کے کم ہونیکا یہ ہے کہ گردے میں ضعف ہو یہ قسم اُن لوگوں کو ہوتی ہے جن کو کوئی مرض گردے کا رہتا ہے جیسے پتھری ریگ وغیرہ **علاج**۔ اگر پتھری یا ریگ کا مرض ہو تو اس کا علاج باقاعدہ طبیب سے کرائیں اور اگر پتھری یا ریگ کی شکایت نہ ہو تو گردے کی طاقت کے لئے معجون لبوب کبیر یا معجون لبوب صغیر یا معجون لبوب بارد کھائیں یہ تینوں نسخے جریان کے بیان میں گذر چکے کبھی خواہش نفسانی کم ہونیکا سبب یہ ہوتا ہے کہ معدہ یا جگر میں کوئی مرض ہوتا ہے علامت اس کی بھوک نہ لگنا اور کھانا ہضم نہ ہونا ہے اس کا علاج بھی باقاعدہ طبیب سے کرائیں اور ان امراض سے صحت ہو جانے کے بعد معجون زرعونی کھائیں اس کا نسخہ آگے آتا ہے۔

## ضعف باہ کیلئے چند دواؤں اور غذاؤں کا بیان

**حلوا مقوی باہ مغلظ منی دافع سرعت مقوی قلب و دماغ و گردہ**

ثعلب مصری دو تولہ۔ چھوارہ آدھ پاؤ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ۔ ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر سب ولایتی عمدہ کدوکش میں نکالے ہوئے آدھ سیر ان سب کو گائے کے پانچ سیر دودھ میں پکائیں کہ کھویا سا ہو جائے پھر آدھ سیر گھی میں بھون لیں کہ پانی بالکل نہ رہے

Marfat.com

اور سرخ ہو جائے پھر تین انڈوں کی زردی کو علیحدہ ہلکا سا جوش دیکر ملالیں اور خوب یکذات کرلیں پھر کچی کھانڈ ڈیڑھ سیر ڈالکر ایک جوش دے لیں کہ حلوا بن جائیگا پھر ناریل اور پستہ اور مغز بہدانہ چار چار تولہ مغز بادام شیریں پانچ تولہ مغز فندق دو دو تولہ خوب کوٹ کر ملالیں اور جوز بوا جوتری چھ چھ ماشہ زعفران دو ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑہ چار تولہ میں کھرل کرکے خوب آمیز کرلیں۔ خوراک دو تولہ سے چھ تولہ تک۔ جسکو انڈا موافق نہ ہو نہ ڈالے

## حلوا مقوی باہ مقوی معدہ بھوک لگانیوالا رافع خفقان مقوی دماغ چہرے پر رنگ لانیوالا

سوجی پاؤ بھر۔ گھی آدھ سیر میں بھونیں پھر مصری آدھ سیر ملاکر حلوا بنالیں پھر سلاجیت۔ دانہ الائچی خرد دارچینی قلمی۔ چھ چھ ماشہ گاؤزبان گل گاؤزبان ایک ایک تولہ ثعلب مصری چار تولہ کوٹ چھان کر ملالیں اور مغز بادام شیریں تین تولہ مغز نارجیل مغز کدو شیریں چار چار تولہ خوب کوٹ کر ملالیں اور مشک ڈیڑھ ماشہ زعفران ایک ماشہ عرق کیوڑہ چار تولہ میں گھسکر ملالیں اور چاندی کے ورق تین ماشہ تھوڑے شہد میں حل کرکے سارے حلوے میں خوب ملالیں اور دو تولہ سے چار تولہ تک کھائیں اگر کم قیمت کرنا ہو تو مشک نہ ڈالیں یہ حلوا زچہ عورتوں کو بھی نہایت موافق ہے۔ یہ حلوا ضعف باہ کی اس قسم میں بھی مفید ہے جو ضعف قلب سے ہو

## گاجر کا حلوا

مقوی باہ مغلظ منی مقوی دل و دماغ فربہی لانیوالا دافع سرعت و مقوی گردہ گاجر دیسی سرخ رنگ تین سیر چھیل کر ہڈی دور کرکے کدوکش میں کرالیں اور مغز نارجیل اور چھوارہ پاؤ بھر ان دونوں کو بھی کدوکش میں نکالیں پھر ثعلب مصری شقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید موصلی سفید

موصلی سیاہ۔ سب ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان کر ان سب کو گائے کے دودھ چار سیر میں پکائیں کہ کھویا سا ہو جائے پھر ایک سیر گھی میں بھونیں اور شکر سفید دو سیر ڈال کر حلوا بنا لیں۔ پھر گوند ناگوری چار تولہ کشتہ قلعی جوز بوا جوتری چھ چھ ماشہ۔ اندر جو شیریں۔ ستاور دو دو تولہ الائچی خورد چھ ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں اور مغز بادام شیریں مغز پستہ مغز تخم کدوے شیریں پانچ پانچ تولہ کوٹ کر ڈالیں اور زعفران تین ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑہ میں حل کر کے خوب آمیز کر لیں خوراک دو تولہ سے پانچ تولہ تک اگر کم قیمت کرنا ہو مشک نہ ڈالیں یہ حلوا بھی ضعف باہ کی اس قسم میں جو ضعف قلب سے ہو مفید ہے

## گھیکوار کا حلوا

تقوی باہ و حفظ و دفع درد کمر و درد [illegible] مغز گھیکوار آدھ سیر گھی آدھ سیر میں بھونیں اور شکر سفید آدھ سیر ملا کر حلوا کر لیں اور چار تولہ روز چالیس دن تک کھائیں [illegible] ان لوگوں کے لئے ہے جن کے مزاج میں بہت سردی ہو یا جوڑوں میں درد [illegible] یا فالج یا لقوہ کبھی ہو چکا ہو سرد مزاج عورتوں کے لئے بیحد مفید ہے بعض [illegible] کو سرعت انزال کی شکایت بہت زیادہ ہو جاتی ہے اسمیں [illegible] ایک یہ بھی نقصان ہے کہ اولاد نہیں ہوتی وہ اس گولی کا استعمال [illegible] طباشیر مصطگی رومی جدوار۔ جوتری دارچینی قلمی ثعلب مصری شقاقل مصری بہمن سرخ و سفید درونج عقربی پوست بیرون پستہ نشاستہ [illegible] چلغوزہ سونٹھ بزرالبنج سفید سب چار چار رتی۔ [illegible] شیریں ایک دانہ زعفران دو رتی خوب باریک پیس کر [illegible] ساڑھے چار ماشہ پانی میں گھول کر ادویہ مذکورہ ملائیں پھر مشک خالص دو رتی عنبر خالص [illegible] رتی ورق نقرہ سات عدد ورق طلا ساڑھے تین عدد کھرل کرکے خوب ملائیں

Marfat.com

اور کالی مرچ کی برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی تین گھنٹے قبل مجامعت سے کھائیں اگر دودھ موافق ہو دودھ کے ساتھ ورنہ ایک گھونٹ پانی کے ساتھ۔ جن کو نزلہ زکام اکثر رہتا ہو وہ زکام سے آرام ہونے کے بعد چند روز تک ایک گولی ہر روز بوقت صبح کھاتے رہیں تو آئندہ زکام نہ ہو اور اگر افیون کھانیوالا افیون چھوڑ کر چند روز اسے کھائے تو افیون کی عادت چھوٹ جاتی ہے پھر تدریج اسکو بھی چھوڑ دے۔

## دوسری کم قیمت گولی

مانع سرعت۔ عاقرقرحا۔ مازوے سبز چھ چھ ماشہ دانہ الائچی کلاں دو تولہ۔ تخم ریحان تین تولہ مصطگی رومی ایک تولہ کوٹ چھان کر پانی سے گوندھکر دو دو ماشہ کی گولیاں بنالیں پھر تین گولی مجامعت سے دو تین گھنٹے پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

## غذا مقوی باہ اور مغلظ منی

اُورد کی دال پاؤ بھر لیں اور پیاز کا عرق اتنا اس میں ڈالیں کہ اچھی طرح تر ہو جاوے ایک رات بھیگا رہنے دیں پھر سایہ میں خشک کرلیں اسی طرح تین دفعہ تر و خشک کرکے چھلکے دور کرکے رکھ لیں پھر ہر روز پونے دو تولہ اس دال میں سے لیکر بیکر کچی کھانڈ پونے دو تولہ اور گھی پونے دو تولہ ملا کر بلا پکائے ہوئے کھایا کریں چالیس دن کھائیں اور عورت سے علحدہ رہیں پھر اثر دیکھیں جریان کے واسطے بھی ازبس مفید ہے۔

## غذا مقوی باہ مولد منی دافع درد کمر مقوی گردہ وغیرہ

گائے کا گھی اور گائے کا دودھ اور پستے کا تیل پاؤ پاؤ بھر لیں اور ملاکر پکائیں یہانتک کہ پاؤ بھر رہجائے پھر ایک صاف برتن میں رکھ لیں اور ہر روز صبح کو دو دو تولہ سے چار تولہ تک کھایا کریں۔

## غذا مقوی باہ و گردہ مولد منی اور قریب باعتدال

چنے عمدہ بڑی

دانے کے لیں اور پیاز کے پانی میں بھگوئیں اور سایہ میں خشک کریں اسی طرح سات دفعہ اور کم از کم تین دفعہ کرکے پیسکر مصری ہموزن ملاکر رکھ لیں اور ایک تولہ صبح کو اور چھ ماشہ رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھایا کریں۔

## غذا مقوی باہ[1] سرد مزاجوں کیلئے

پیاز کا پانی نچوڑا ہوا پاؤ بھر شہد خالص پاؤ بھر ملاکر پکائیں کہ پاؤ بھر رہ جائے پھر ڈیڑھ تولہ سے تین تولہ تک گرم پانی یا چاء کے ساتھ سوتے وقت کھایا کریں۔

## غذا مقوی باہ و مقوی بدن مولد منی اور فربہی لانیوالی

مغز حب الفلفل مغز بادام شیریں مغز فندق[2] مغز اخروٹ[3]۔ پانچ پانچ تولہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ سات سات تولہ سب کو الگ الگ کوٹیں پھر اڑسٹھ تولہ قند سفید کا گاڑھا قوام کریں اور ایک ماشہ مشک خالص اور تین ماشہ زعفران عرق کیوڑہ میں حل کرکے اسی قوام میں ملاکر مغزیات مذکورہ بالا خوب ملالیں اور ڈیڑھ تولہ ہر روز کھایا کریں۔ اگر کم قیمت کرنا ہو مشک نہ ڈالیں۔

## حلوہ[5] مقوی باہ و معدہ

چنے عمدہ پاؤ بھر لیں اور پیاز کے پانی میں یا خالص پانی میں بھگوئیں جب پھول جائیں گا ٹیکے گھی میں یا کسی اور گھی میں خفیف بھون لیں پھر برابر ان کے مغز چلغوزہ لیں اور دونوں کو اتنے شہد میں ملیں کہ جسمیں گوندھ جائے پھر مصطگی رومی اور دارچینی قلمی ایک ایک تولہ باریک پیسکر ملالیں اور چینی میں ڈالکر جمائیں اور قتلیاں کاٹ کر رکھ لیں اور دو تولہ سے پانچ تولہ تک کھایا کریں۔

## دوا[6] کم خرچ مقوی باہ

چنے عمدہ بڑے بڑے چھانٹ کر دو تولہ رات کو پانی میں بھگو رکھیں صبح کو چنے پانی میں سے نکالکر ایک ایک کرکے کھالیں بعد ازاں وہ پانی شہد ملاکر پی لیں بعض لوگوں کو اس سے بجید نفع ہوا۔

---

[1] قانون ۱۲ [2] فی القانون صفحہ ۵۴۳ جلد ۳ مکانہ البندق لکن وجدنا فی المخزن البندق ہو الجلوز وفی القانون ایضاً فی ہذہ النسخۃ الجلوز فوضعنا مکان البندق بدلہ اعنی الجوز ومکان الجوز ایضاً بدلہ اعنی حب الصنوبر ۱۲ [5] قانون ۱۲ [6] قادری ۱۲

Marfat.com

# بطور اختصار چند مقوی باہ غذاؤں کا ذکر

گوشت مرغ۔ گوشت گوسپند نر فربہ۔ پرندوں کا گوشت۔ نیم برشت انڈا۔ خاصکر دارچینی اور کالی مرچ اور خولنجان کے ساتھ یا نمک سلیمانی کے ساتھ مچھلی کے انڈے چڑیوں اور کبوتروں کے سر۔ گھی۔ دودھ۔ دودھ چاول۔ انڈوں کا خریز یعنی خاگینہ۔

## معجون زعونی کا نسخہ

کالی مرچ پیپل۔ سونٹھ۔ خرفہ۔ دارچینی قلمی۔ لونگ ایک ایک ماشہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ بہمن سفید۔ بوزیدان۔ اندر جو شیریں۔ قسط شیریں۔ ناگرموتھ۔ بالچھڑ تین تین ماشہ کوٹ چھان کر شہد خالص ساڑھے بارہ تولہ میں ملا کر رکھ لیں اور ایک تولہ روز کھایا کریں یہ معجون طبیعت میں جوش پیدا کرتی ہے اور جس کو پیشاب زیادہ آتا ہو اسکو بیحد مفید ہے۔

## معجون مقوی باہ مولد منی مقوی اعصاب و دماغ

مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ مغز بادام شیریں مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ انجیر۔ مغز نارجیل۔ حب السمنہ۔ تخم خشخاش سفید ایک ایک تولہ کشمش پانچ تولہ۔ خوبانی چھ ماشہ۔ خوب کوٹ کر مرہم سا کر کے رکھ لیں پھر بہدانہ دو تولہ۔ حب القرطم تین تولہ۔ بنولہ تین تولہ ان تینوں کو کچلکر آدھ سیر پانی میں پکائیں جب جوش خوب آجاوے ملکر چھان کر شہد ۴۲ تولہ قند سفید اڑتالیس تولہ اور وہ پسے ہوئے میوے ملا کر شربت سے گاڑھا قوام کریں پھر شقاقل مصری۔ خولنجان۔ ستاور۔ زنجبیل قلمی ایک ایک تولہ۔ بسباسہ۔ لونگ۔ جائفل۔ عاقرقرحا مالکنگنی چھ چھ ماشہ کوٹ چھان کر ملالیں پھر چاندی کے ورق ڈیڑھ ماشہ سونے کے ورق چھ رتی یا گنتی میں بیس عدد ذرا سے شہد میں خوب حل کر کے

Marfat.com

ملالیں خوراک ایک تولہ ہر روز دودھ کے ساتھ یا بلا دودھ کے۔ یہ معجون قریب باعتدال ہے ہر مزاج کے موافق ہے اگر اس میں دو ماشہ کشتہ خبث الحدید اور ملالیں اور ایک تولہ ہر روز ایک مربے کے آملہ کے ساتھ کھائیں اور اوپر سے عرق کیوڑہ چار تولہ پئیں اور غذا صبح کو انڈے کا خاگینہ اور شام کو فیرینی جس میں چھوارے بھی پڑے ہوں کھایا کریں اسی طرح ایک چلہ پورا کریں اور عورت سے علیحدہ رہیں تو بیرون از قیاس نفع دیکھیں یہ معجون مقوی قلب بھی بہت ہے اسلئے اس ضعف باہ کو بھی مفید ہے جو ضعف قلب سے ہو۔

**معجون مقوی باہ مولد منی اور کم قیمت** بھوبلے ہوئے اور چھلے ہوئے چنوں کا آٹا انڈے کی زردی پانچ عدد پانی میں پکائیں جب حلوا سا ہو جائے گائے کا گھی یا جو گھی ملجائے پانچ تولہ شہد خالص پانچ تولہ ملاکر معجون کا سا قوام کرلیں اور چار تولہ روز کھایا کریں مجرب ہے

## ضعف باہ کی دوسری صورت کا بیان

وہ یہ ہے کہ خواہش نفسانی بحال خود ہو مگر عضو تناسل میں کوئی نقص پڑ جائے جس کی وجہ سے جماع پر قدرت نہ ہو اسکی کئی صورتیں ہیں ایک یہ کہ صرف ضعف اور ڈھیلاپن ہو علاج یہ ہے کہ یہ طلا بنالیں اور حسب ترکیب مندرجہ لگائیں۔ ہڑتال طبقی سنکھیا سفید۔ میٹھا تیلیہ نوشادر یہ چاروں دوائیں دو دو تولہ لیں اور خوب باریک پیس کر گائے کے خالص گھی پاؤ بھر میں ملائیں اور پارہ دو تولہ اس میں خوب حل کرلیں پھر لوہے کے کڑچھے میں ڈالکر ہلکی آنچ پر پکائیں یہانتک کہ دوائیں جلکر کوئلہ ہو جائیں پھر اوپر اوپر کا گھی نتھار کر چھانکر شیشی میں رکھ لیں پھر بوقت شب اس میں پھریری ڈبو کر ہلکا ہلکا عضو تناسل پر لگائیں اس طرح کہ حشفہ یعنی سپاری

Marfat.com

اور نیچے کی جانب جسے سیون کہتے ہیں بچی رہے اور اوپر سے بنگلہ پان اور اگر نہ ملے تو دیسی پان ذرا گرم کر کے لپیٹ دیں اور صبح کو کھول ڈالیں سات روز یا چودہ روز یا اکیس روز ایسا ہی کریں اور زمانہ استعمال تک ٹھنڈے پانی اور جماع سے پرہیز رکھیں اور اگر اسکے استعمال کے زمانے میں روٹی اور نیبر غذا رکھیں تو بیحد مفید ہے۔ اس طلا سے تکلیف بہت کم ہوتی ہے اور آبلہ وغیرہ کچھ نہیں ہوتا بعضوں کو بالکل بھی تکلیف نہیں ہوتی اگر کسی کو اتفاقاً تکلیف ہو تو ایک دو دن کو ناغہ کریں یا کافور گائے کے مسکے میں ملا کر ملدیں۔

اور ایک صورت یہ ہے کہ عضو تناسل میں خم پڑ جاوے اسکا علاج یہ ہے کہ پہلے گرہ کے نرم کرنے کی تدبیر کیجاوے بعد ازاں قوت کی۔

**نرم کرنیکی دوا یہ ہے** بیخ سوسن چھ ماشہ۔ آدھ پاؤ پانی میں پکائیں جب خوب جوش ہو جائے ملکر چھان کر روغن بابونہ دو تولہ ملا کر پھر پکائیں کہ پانی جلکر تیل رہجائے پھر مرغی کی چربی۔ گائے کی نلی کا گودہ موم زرد دو دو تولہ ملا کر آگ پر رکھکر یکذات کرلیں اور شیشی میں حفاظت سے رکھ لیں پھر صبح کے وقت گرم کر کے عضو تناسل پر ملیں اور ہاتھ سے سیدھا کریں اور آدھے گھنٹے کے بعد گل بابونہ۔ اکلیل الملک بنفشہ چھ چھ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکا کر چھان کر اس پانی سے دھاریں تین چار دن یا ایک ہفتہ غرض جب تک کجی دور ہو اسکو استعمال کریں پھر قوت کے واسطے وہ طلا جو پہلی قسم میں گذر چکا ہے بترکیب مذکور لگائیں نہایت مجرب ہے۔

**اور یہ طلا بھی مفید ہے** مغز تخم کرنجوہ۔ جائفل۔ لونگ دو دو ماشہ باریک پیکر سینڈھ کے دودھ سے گوندھ کر گولیاں بنالیں پھر وقت ضرورت ذراسی گولی مل کے تین چار بوند تیل میں گھسکر لگائیں اور اوپر سے بنگلہ پان

Marfat.com

گرم کرکے باندھ دیں ایک ہفتہ یا چودہ دن ایسا ہی کریں۔

**اور ایک صورت یہ ہے** کہ عضو تناسل جڑ میں سے پتلا اور آگے سے موٹا ہو جائے یہ مرض اکثر جلق سے یا لواطت سے پیدا ہو جاتا ہے

**علاج** مینڈک کی چربی سوا تولہ عاقرقرحا ساڑھے دس ماشہ۔ گائے کا گھی ساڑھے تین تولہ اول گھی کو گرم کریں پھر چربی ملا کر تھوڑی دیر تک آنچ پر رکھکر اتار لیں اور عاقرقرحا باریک پیسکر ملا کر ایک گھنٹے تک خوب حل کریں کہ مرہم سا ہو جائے پھر نیم گرم لیپ کرکے پان رکھکر کچے سوت سے لپیٹ دیں رات کو لپٹیں اور صبح کو کھول ڈالیں ایک ہفتے تک ایسا ہی کریں **تنبیہ** مینڈک دریائی لینا چاہیئے کیونکہ خشکی کے مینڈک کی چربی ناپاک ہے استعمال اسکا جائز نہیں دریائی کی پہچان یہ ہے کہ اسکی انگلیوں کے بیچ میں پردہ ہوتا ہے جیسا بط کی انگلیوں میں ہوتا ہے اگر دریائی مینڈک ملنا دشوار ہو تو بجائے اسکی چربی کے روغن زیتون یا روغن بلسان یا گائے کی چربی یا مرغی کی چربی یا بط کی چربی ڈالیں۔

**اس مرض کے واسطے سینک کا نسخہ** ہاتھی دانت کا برادہ دو تولہ۔ مالکنگنی۔ کالے تل۔ نو نو ماشہ۔ آنبہ ہلدی ایک تولہ میدہ لکڑی مصطگی رومی۔ دارچینی قلمی۔ عاقرقرحا تین تین ماشہ۔ لونگ دو ماشہ۔ بچ پانچ ماشہ۔ کوٹ چھان کر پوٹلی میں باندھکر تل کے تیل میں بھگو کر گرم کرکے سینک کریں ایک ہفتہ یا کم از کم تین دن سینک کریں ایک پوٹلی تین دن کام آسکتی ہے عمدہ تدبیر یہ ہے کہ پہلے ایک ہفتہ وہ لیپ کریں جس میں مینڈک کی چربی ہے اس کے بعد ایک ہفتہ یا تین دن یہ سینک کریں اگر کچھ کسر باقی رہے تو ایک ہفتہ یا چودہ دن وہ طلا لگائیں جو پہلی قسم میں گذرا جس میں نوشادر اور پارہ بھی ہے۔

Marfat.com

## تیسری قسم ضعف باہ کی

یہ ہے کہ خواہش نفسانی بھی کم ہو اور عضو میں بھی فرق ہو ایسکے لئے کھانے کی د
بھی ضرورت ہے، اور لگانے کی بھی کھانیکی دوائیں قسم اول میں اور لگانے کی قسم د
میں بیان ہوئیں غور کر کے اِن ہی میں سے نکال لیں۔

## چند کام کی باتیں

باہ کی دوائیں بسا اوقات ایسی بھی ہوتی ہیں جن میں کچلہ یا اور کوئی زہریلی دوا ہو
ہے لہذا احتیاط رکھیں کہ مقدار سے زیادہ نہ کھائیں اور ایسی جگہ نہ رکھیں جہاں بچوں
کا ہاتھ پہنچ جائے مبادا کوئی کھالے خاص کر طلا وغیرہ خارجی استعمال کی دواؤ
میں ضرور اس کا خیال رکھیں کیونکہ طلا بہت کم زہر سے خالی ہوتے ہیں طلا کی شی
پر اس کا نام بلکہ لفظ (زہر) ضرور لکھدیں اگر کوئی غلطی سے کھانیکی زہریلی دوا یا طلا
کھالے تو سب سے بہتر یہ ہے کہ جس سے وہ دوا یا طلا منگایا ہو اُس سے دریافت
کریں کہ اس میں کونسا زہر تھا پھر طبیب یا ڈاکٹر سے علاج کرائیں۔

## کثرت خواہش نفسانی کا بیان

بعض دفعہ اس خواہش کے کم کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے اسواسطے یہ علاج بھی
لکھا جاتا ہے اگر خواہش نفسانی کی زیادتی بوجہ جوش جوانی اور تجرد کے ہو تو سب سے
عمدہ علاج شادی کرنا ہے اور اگر میسر نہ ہو تو یہ دوا کھائیں۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ ہر ایک تین
ماشہ۔ دھنیا ساڑھے دس ماشہ۔ گلنار۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ سات سات ماشہ کافور ایک
ماشہ کوٹ چھان کر اسپغول مسلم ساڑھے دس ماشہ ملا کر سفوف بنالیں اور نو ماشہ ہر روز

Marfat.com

[illegible] کمر پر گُردے کی جگہ باندھیں اور ترش چیزیں زیادہ کھائیں اور ٹھنڈے پانی سے نہایا کریں۔

بعض لوگوں کو یہ مرض ہوتا ہے کہ اگر جماع کا اتفاق ہو تو بیحد ضعف ہوجاتا ہے یا احتلام کی کثرت ہوتی ہے یا خفیف بخار آنے لگتا ہے اور دماغ پریشان ہوتا ہے انکا علاج یہ ہے کہ پہلے تولید منی کی کمی کی کوشش کریں بعدازاں قوت اور غلظت کی اس طرح کہ پہلے وہ سفوف کھائیں جو گرم جریان کے علاج میں بیان ہوا جس میں پہلی دوا گوند ببول ہے اور گائے کی چھاچھ کے ساتھ کھایا جاتا ہے اسمیں تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ گل نیلوفر۔ تخم خیارین تین تین ماشہ اور بڑھالیں۔ اور کم ازکم ایک ماہ تک جماع سے بالکل پرہیز رکھیں اگرچہ اس اثنا میں جریان کی یا کثرت احتلام کی شکایت پیدا ہو بعد ایک ماہ کے غلظت اور قوت کیلئے معجون لبوب بارد یا گاجر کا حلوا مقوی کھائیں انکے نسخے ضعف باہ کے بیان میں گذر چکے ہیں

## کثرت احتلام

یہ کبھی گرمی سے ہوتا ہے کبھی سردی سے اس کا علاج وہی جو جریان کا لکھا جریان کے باب میں سے غور کرکے نکال لیں اور سوتے وقت سیسے کا ٹکڑا کمر میں گردوں کے برابر باندھنا مجرب ہے۔

**فائدہ**۔ جماع فعل طبعی ہے اور بقائے نسل کیلئے ضروری ہے مگر کثرت اسکی اتنے امراض پیدا کرتی ہے ضعف بصر۔ ثقل سماعت۔ چکر۔ رعشہ۔ درد کمر۔ درد گردہ۔ کثرت [illegible] ضعف معدہ۔ ضعف قلب۔ خصوصاً جس کو ضعف بصر یا ضعف معدہ یا [illegible] ہو اسکو جماع نہایت مضر ہے کر غذا سے کم ازکم تین گھنٹے کے بعد جماع کا عمدہ وقت ہے اور زیادہ پیٹ بھرے پر اور بالکل خلو اور تکان میں مضر ہے اور بعد فراغ فوراً پانی پی لینا سخت مضر ہے خص[illegible] اگر ٹھنڈا ہو۔

Marfat.com

فائدہ جس کو کثرت جماع سے نقصان پہنچا ہو وہ سردی و گرمی سے بچے اور آرام سونے میں مشغول ہو اور خون بڑھانے اور خشکی دور کرنیکی تدبیر کرے مثلاً دودھ پیے یا گاجر کھائے یا نیمبرشت انڈا یا گوشت کی یخنی استعمال کرے اگر ہاتھ پیروں میں رعشہ محسوس ہو دماغ اور کمر پر بلکہ تمام بدن پر چمیلی کا تیل یا بابونہ کا تیل ملے اور رعشہ کیلئے یہ دوا مفید ہے شہد دو تولہ لیکر چاندی کے ورق تین عدد اس میں خوب حل کرکے چاٹ لیا کریں جس کو جماع سے ضعف بصارت ہو گیا ہو وہ دماغ پر بکثرت روغن بنفشہ یا روغن بادام یا روغن چمیلی ملے اور آنکھ پر بالائی باندھے اور گلاب ٹپکائے اگر ہمیشہ بعد جماع کوئی مقوی چیز جیسے دودھ یا حلوائے گاجر یا انڈا کھا لیا کریں اور ان تدابیر کے پابند رہیں جو ابھی ذکر ہوئیں تو ضعف کی نوبت بھی نہ آئے اور رعشہ وغیرہ کوئی مرض پیدا نہ ہو اس بارے میں سب سے عمدہ وہ دودھ ہے جس میں سونٹھ کی ایک گرہ یا چھوارے اوٹائے گئے ہوں۔

فائدہ امساک کی زیادہ ہوس اخیر میں نقصان لاتی ہے خصوصاً اگر کچلہ یا دھتورہ وغیرہ زہریلی دوائیں کھائی جاویں امساک کے لئے وہ گولی کافی سمجھیں جو سرعت کے بیان میں مذکور ہوئی جس میں سونے کے ورق بھی ہیں۔

## چند متفرق نسخے

### طلا مقوی اعصاب اور عضو میں درازی اور فربہی لانیوالا

چیونٹے بڑے بڑے سات عدد قبرستان میں سے لائیں ایک ایک کو مار کر فوراً دو تولہ روغن چمیلی خالص میں ڈالتے جائیں پھر شیشی میں کرکے کاگ مضبوط لگا کر ایک دن رات بکری کی مینگنیوں میں دفن کریں پھر نکال کر خوب رگڑیں کہ چیونٹے تیل میں حل ہو جائیں پھر نیم گرم ملیں ترکیب ملنے کی یہ ہے کہ پہلے عضو کو ایک موٹے کپڑے [illegible] سرخی پیدا ہو جائے

Marfat.com

فوراً یہ تیل ملکر چھوڑدیں پندرہ بیس روز ایسا ہی کریں۔

**دوا مجفف رطوبت و مضیق** مازو ۲ ماشہ۔ شگوفہ اذخر ایک ماشہ کوٹ چھانکر ایک کپڑا گلاب میں بھگوکر اس دوا سے آلودہ کر کے استعمال کریں

**لڈو مقوی باہ** چھوارے۔ چنے بھنے ہوئے پاؤ پاؤ بھر کوٹ چھانکر پیاز کے پانی سے گوندھکر اخروٹ کے برابر لڈو بنالیں اور ایک صبح اور ایک شام کھایا کریں چھوارے کو مع گٹھلی کے کوٹیں یا گٹھلی علیحدہ نکال کر آٹا کر کے ملالیں

**معجون نہایت مقوی باہ** شہد پینتیس ۳۵ تولہ کا قوام کریں۔ بیضہ مرغ بیس عدد ابالکر ان کی زردی نکال لیں اور سفیدی پھینک دیں پھر زردی کو اس شہد میں ملاکر خوب حل کریں کہ معجون سی ہو جائے پھر عاقرقرحا۔ لونگ سونٹھ۔ ہر ایک پونے چونتیس ماشہ کوٹ چھان کر ملالیں اور ایک تولہ ہر روز کھایا کریں۔

# آتشک

یہ نہایت خبیث مرض ہے اس میں پیشاب کے مقام پر اور اس کے آس پاس آبلے یا زخم ہو جاتے ہیں اور بہت سوزش ہوتی ہے اسکے آبلے پھیپاؤ میں زیادہ اور ابھار میں کم ہوتے ہیں اور زخموں کے آس پاس نیلا پن یا اودا پن ہوتا ہے اکثر پہلے یہ زخم پیشاب کے مقام سے شروع ہوتے ہیں پھر تمام بدن میں ... جاتے ہیں اسکے ساتھ گٹھیا بھی ہو جاتی ہے یہ مرض کئی کئی پشت تک ... پہنچتا ہے اسکے لیے ایک ہفتہ تک یہ دوا پئیں۔ افتیمون پوٹلی میں باندھا ہوا مہندی خشک منڈی برادہ چوب چینی عشبہ۔ برٹنڈی۔ ہر ایک سب پانچ پانچ ماشہ۔ برگ شاہترہ حنظل

Marfat.com

بسفائج فستقی۔ چھ چھ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی دو دو ماشہ سب
میں پکائیں جب آدھا رہ جائے چھانکر شربت عناب دو تولہ ملا کر پئیں اگر
میں سورنجان شیریں تین ماشہ اور بڑھا لیں اگر اس سے دست آویں تو غذا
کھائیں ورنہ شوربا چپاتی بعد سات دن کے یہ گولی کھائیں۔ مغز جمالگوٹا
ہوا اور بیچ کا پردہ نکالا ہوا۔ پرانا ناریل۔ پرانا چھوارہ سب ایک ایک ماشہ۔ پرانا گڑ
ماشہ خوب باریک پیسکر جب مرہم سا ہو جاوے چنے کی برابر گولیاں بنالیں اور چار گولی
روز بوقت صبح تازے پانی کے ساتھ کھائیں اس سے دست ہونگے ہر دست کے
بعد بھی تازہ پانی پئیں اگلے دن گولی نہ کھائیں بلکہ یہ دوا پئیں لعاب ریشہ خطمی پانچ
ماشہ پانی میں نکال کر شربت عناب دو تولہ ملا کر پئیں پھر تیسرے دن گولی حسب ترکیب
مذکور کھائیں اور چوتھے دن ٹھنڈائی اور پانچویں دن گولی اور چھٹے دن ٹھنڈائی
استعمال کریں اور احتیاطاً مناسب ہے کہ ساتویں اور آٹھویں دن بھی ٹھنڈائی پی لیں غذا
ان آٹھ دنوں میں سوائے کھچڑی یا ساگودانہ کے اور کچھ نہ ہو۔ اسکے بعد مہینہ بیس روز
یہ عرق پئیں۔ چوب چینی برادہ کی ہوئی۔ عشبہ پانچ پانچ تولہ۔ برگ شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ
دانہ الائچی خرد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ نیلکنٹھی۔ برمنڈی۔ برادہ صندلین
دو دو تولہ۔ سنا رکی تین تولہ۔ رات کو پانچ سیر پانی میں بھگو رکھیں اور صبح کو دو سیر دودھ
گائے کا ڈالکر عرق ساڑھے پانچ سیر کشید کر لیں اور تین دن رکھنے کے بعد چھ تولہ عرق
شربت عناب دو تولہ ملا کر پیا کریں۔ ان تدبیروں سے آتشک کے زخم بھی بلا خارجی دوا
کے بھر جاتے ہیں اور اگر خارجی دوا کی ضرورت ہو تو یہ مرہم لگائیں۔ چھالیہ۔ کچلہ۔ پونے
چار چار تولہ۔ کتھہ پاپڑیا ساڑھے آٹھ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں سوا تولہ۔ مردار سنگ
سنگجراحت۔ مرچ سیاہ سوا چار چار ماشہ۔ نیلا تھوتھہ ساڑھے آٹھ رتی دھوا ہوا پھٹکری
کے یہاں کا تین ماشہ سب دواؤں کو اس طرح بھونیں کہ جل نہ جائیں پھر باریک پیسکر

Marfat.com

[illegible] میں ملا کر کافور سوا چار ماشہ پیس کر ملا لیں اور زخموں پر لگائیں
[illegible] بھی نہایت مفید ہے۔ **فائدہ**۔ آتشک والے کو زیادہ گرم
چیزوں سے جیسے گائے کا گوشت۔ تیل۔ بیگن۔ میتھی وغیرہ ہمیشہ کو پرہیز چاہیے اور
زیادہ ٹھنڈی چیزیں بھی جیسے تربوز۔ ککڑی وغیرہ بھی کم کھائے اور چنا بہت مفید ہے۔

## سوزاک کا بیان

پیشاب کے مقام میں اندر زخم پڑ جانے کو سوزاک کہتے ہیں اس کا علاج شروع میں
آسانی سے ہو سکتا ہے اور پرانا ہو جانے کے بعد نہایت دشوار ہے۔
**علاج**۔ پہلے زخم کے صاف ہونے کی بعد ازاں بھرنے کی تدبیر کریں اس طرح کہ ارنڈی
کا تیل چار تولہ دودھ میں ملا کر شکر سے میٹھا کر کے پئیں اور دست کے بعد گرم پانی پئیں
دوپہر کو ساگودانہ دودھ میں پکا ہوا شام کو دودھ چاول کھائیں اگلے دن یہ ٹھنڈائی
پئیں۔ لعاب ریشہ خطمی پانچ ماشہ۔ تخم خرفہ پانچ ماشہ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ
دو تولہ حل کر کے پئیں اور اگر بہروزہ کا تیل مل جائے تو دو بوند وہ بھی بتاشے میں کھائیں
تیسرے دن پھر ارنڈی کا تیل بموجب ترکیب مذکور اور چوتھے دن ٹھنڈائی اور پانچویں
دن پھر ارنڈی کا تیل اور چھٹے دن ٹھنڈائی پئیں غذا برابر ساگودانہ اور دودھ چاول
رہے تینوں مسہلوں کے بعد یہ سفوف کھائیں۔ شورہ قلمی تین تولہ۔ سنگجراحت مغز تخم
خیارین تخم خرفہ۔ تخم کاسنی۔ خارخسک۔ نشاستہ۔ نو نو ماشہ گل ارمنی صمغ عربی۔ ریوند چینی
خب کا کنج ست بہروزہ۔ مغز تخم تربوز۔ دم الاخوین۔ چھ چھ ماشہ کوٹ چھان کر کہ
گیا تولہ ملا کر نو نو ماشہ کی پڑیاں بنا لیں پھر ایک پڑیا کھا کر اوپر سے تخم خیارین پانچ ماشہ
پانی میں پیس کر چھان کر شربت بزوری بارد دو تولہ ملا کر پئیں پندرہ دن یا کم از کم ہفتہ بھر
کھائیں غذا دودھ چاول یا ٹھنڈی ترکاریاں اور گوشت ہو۔ بعد ازاں یہ سفوف کھائیں

Marfat.com

اگر کچھ ضرورت باقی رہی ہو۔ طباشیر۔ گندک زرد سات سات ماشہ۔ مغز تخم خیارین چودہ ماشہ۔ تخم خرفہ۔ کتیرا۔ بلدی۔ چار چار رتی مرمکی دو رتی۔ گلنار چھ رتی۔ رز شک افیون خالص۔ رراوند مدحرج ایک ایک ماشہ تل دُھلے ہوئے ساڑھے تیرہ ماشہ کوٹ چھان کچی کھانڈ برابر ملا کر نو نو ماشہ کی پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیا ہر روز تازہ پانی کے ساتھ پھانکیں اگر قبض کرے تو دو دو تولہ منقے رات کو سوتے وقت کھالیا کریں کم از کم پندرہ دن یہ سفوف کھائیں بعد صحت مہینہ بیس دن وہ عرق مصفی پئیں جو آتشک کے بیان میں گذرا جس میں پہلا جزو چوب چینی ہے سوزاک والے کو مرچ کم کھانی چاہئے اور کچنال کی کلی بہت مفید ہے اور جو پرہیز آتشک کے بیان میں گذرا وہ یہاں بھی ہے۔

## پچکاری نافع سوزاک

توتیا کھیل کیا ہوا تین ماشہ۔ سرمہ پسا ہوا۔ دم الاخوین پھٹکری سفید بریاں۔ سنگ جراحت چھ چھ ماشہ خوب باریک پیس کر انگور کے پتوں کے پانی اور مہندی کے پتوں کے پانی چھٹانک چھٹانک بھر اور بکری کے دودھ آدھ پاؤ میں ملا کر دو تہ کپڑے میں چھان کر کانچ کی پچکاری سے صبح و شام پچکاری لیں۔ یہ ایک نسخہ چار دن کو کافی ہے توتیا کی کھیل اس طرح ہوتی ہے کہ اس کو پیس کر کسی برتن میں ملکے آگ پر رکھیں اور چلاتے رہیں جب رنگ ہلکا پڑ جائے کام میں لائیں۔

فائدہ کبھی سوزاک میں پیشاب کا مقام بند ہو جاتا ہے اس صورت میں گرم پانی سے دھاریں یا بابونہ پانی میں پکا کر دھاریں اگر کسی طرح نہ کھلے ڈاکٹر سے سلائی دلوائیں۔

## خصیہ کا اوپر کو چڑھ جانا

اس مرض سے چنک بھی ہو جاتی ہے اور پیشاب میں تکلیف ہوتی ہے۔

علاج۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک۔ تخم کتان۔ سبوس گندم۔ دو سیر پانی میں پکا کر دھاریں



Marfat.com

اور ہینگ۔ مرزنجوش۔ فرفیون۔ اکلیل الملک۔ گل بابونہ تین تین ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں ملاکر نیمگرم لیپ کریں اور معجون کمونی یا جوارش زرعونی کھائیں اس کا نسخہ ضعف باہ کے بیان میں گذرا۔ غذا بھی مقوی کھائیں۔

## آنت اترنا اور فوطے کا بڑھنا

پیٹ میں آنتوں پر چاروں طرف سے کئی جھلیاں لپٹی ہوئی ہیں ان میں سے بیچ کی ایک جھلی میں فوطوں کے قریب دو سوراخ ہیں ان سوراخوں کے بڑھ جانے یا پھٹ جانے سے اندر کی جھلی مع آنتوں کے یا بلا آنتوں کے یا اندر کی جھلی بھی پھٹکر آنتیں فوطوں میں لٹک پڑتی ہیں اسکو آنت اترنا کہتے ہیں عربی میں اس کا نام قیلہ و رفتق ہے اور کبھی فوطوں میں پانی آجاتا ہے اسکو عربی میں اُدرہ کہتے ہیں اور کبھی صرف ریاح آجاتے ہیں اس کو قیلہ ریحی کہتے ہیں اس بحث کو تین قسم میں بیان کیا جاتا ہے۔

**قسم اوّل** ۔ آنت اترنے کے بیان میں یہ مرض بہت بوجھ اٹھانے یا کودنے یا بہت شکم سیری پر جماع کرنے وغیرہ سے ہوجاتا ہے۔

**علاج** چت لیٹ کر آہستہ آہستہ دبا کر اوپر کو چڑھائیں اگر دبانے سے نہ چڑھے تو گرم پانی سے دھاریں اور روغن بابونہ گرم کر کے ملیں اور خطمی پانی میں پکا کر باندھیں جب نرم ہوجائے دبا کر اوپر کو چڑھادیں جب چڑھ جائے یہ لیپ کریں تاکہ آئندہ نہ اترے گلنار۔ اقاقیا۔ مازوے سبز۔ ایلوہ۔ کندر۔ جوزالسرو۔ دال۔ کوکنار۔ اہل سب چھ چھ ماشہ کوٹ چھان کر سرش ہری مکوہ کے پانی میں پکا کر لیپ کریں اور اوپر سے روئی باندھدیں اور تین روز تک چت لٹا رکھیں یہ لیپ فتق کی تینوں قسموں کو مفید ہے خواہ آنت اتری ہو یا ریاح ہوں یا پانی ہو۔ اور غذا صرف شوربا دیں بعد تین دن کے آہستہ اٹھادیں اور ٹہلنے دیں اور یہ لیپ دوبارہ کریں اور لنگوٹ باندھے رہا کریں ایک

Marfat.com

تدبیر نہایت مفید یہ ہے کہ ایک پیٹی میں ایک ڈبل پیسہ یا اور کوئی سخت چیز لتے [illegible]
سیکر اس پیٹی کو لنگوٹ کی طرح ایسا باندھیں کہ پیسہ اس جگہ رہے جہاں آنت اترنے [illegible]
وقت پھولا پن معلوم ہوتا تھا کہ اس سے وہ جگہ ہر وقت دبی رہے اس سے چند روز
میں وہ سوراخ بند ہو جاتا ہے اور آنت اترنے کا اندیشہ بالکل نہیں رہتا اس ترکیب
کو نالہ لگانا کہتے ہیں ایسی پیٹیاں انگریزی بنی ہوئی بھی بکتی ہے۔

## آنت اترنے کے واسطے پینے کی دوا

معجون فلاسفہ سات ماشہ یا معجون کمونی ایک تولہ کھا کر اوپر سے سولف پانچ ماشہ پانی میں پکا کر گلقند آفتابی دو تولہ ملا کر پئیں معجون فلاسفہ متواتر چند روز تک کھانا جملہ اقسام فتق کو مفید ہے۔ بادی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

## قسم دوم قیلہ ریحی یعنی فوطے میں ریاح آجانیکے بیان میں

باجرہ اور نمک اور بھوسی دو دو تولہ لیکر دو پوٹلی بنا کر گلاب میں ڈال کر سینکیں اور دارچینی قلمی پیکر بابونہ کے تیل میں ملا کر اکثر ملا کریں اور یہ گولی کھایا کریں۔ تخم کرفس۔ انیسون رومی۔ اسپند۔ مصطگی۔ زعفران سب سات سات ماشہ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ آملہ۔ ساڑھے دس دس ماشہ سکبینج۔ گوگل ساڑھے تین تین ماشہ۔ پودینہ خشک قسط شیریں۔ نرکچور۔ سودوج عقربی۔ اسارون پوٹے دو دو ماشہ۔ سکبینج اور گوگل کو پانی میں گھونکر باقی دوائیں کوٹ چھانکر ملا کر گولیاں چنے کی برابر بنالیں اور ساڑھے چار ماشہ ہر روز پھانک لیا کریں۔ اور معجون فلاسفہ یا معجون کمونی بھی کافی ہے چند روز متواتر کھائیں غذا میں بتھوا اور مولی زیادہ مفید ہیں اور بادی چیزوں سے پرہیز ضرور ہے۔

## قسم سوم فوطوں میں پانی آجانے کے بیان میں

پانی کم پیا کریں اور دوا وہی کھائیں جو قیلہ ریحی



Marfat.com

... زیرہ سیاہ ایک تولہ باریک پیس کر مویز منقی چھ تولہ ملا کر اتنا کوٹیں کہ یکذات ہو کر مثل مرہم کے ہو جائے پھر گرم کر کے صبح شام لیپ کریں جب پانی زیادہ آ جائے تو عمدہ علاج ڈاکٹر سے نکلوا دینا ہے۔

**فائدہ**۔ چونکہ ان تینوں قسموں کے علاج میں زیادہ فرق نہیں ہر قسم کی علامتیں تفصیل کے ساتھ نہیں بیان کیں مختصر سا فرق یہ ہے کہ اگر قسم اول ہو خواہ فقط جھلی لٹک آئی ہو یا آنت کے اتری ہو تو مشکل سے اوپر کو چڑھتی ہے اور اگر ریاح ہوں تو ذرا دبانے سے چڑھ جاتی ہے اور اگر پانی ہو تو کسی طرح نہیں چڑھ سکتا اور فوطہ چمکدار معلوم ہوتا ہے اور جلد جلد بڑھتا ہے لنگوٹ باندھے رہنا جملہ اقسام میں مناسب ہے اور حرکت قوی اور بوجھ اٹھانے اور زیادہ چلانے اور بادی چیزوں سے پرہیز لازم ہے فتق کی اور بھی چند قسمیں ہیں جنکا علاج بلا رائے طبیب کے نہیں ہو سکتا۔ آنت اترنے کے علاج میں کبھی سہل کی ضرورت ہوتی ہے اس میں طبیب کے رائے لینا ضرور ہے **فائدہ** کبھی فوطے بڑھ جاتے ہیں بدون اسکے کہ آنت اترے یا ریاح آ جائیں یا پانی ہو اسکی علامت یہ ہے کہ تکلیف مطلق نہ ہو اور نہ فوطوں کی کھال چمکدار ہو نہ دبانے سے سخت معلوم ہوں۔ علاج معجون فلاسفہ کچھ عرصہ تک کھائیں اور پھٹکری سفید تیل میں گھس کر لیپ کریں یا دوسرا لیپ یہ ہے پنڈول نیم ماشہ شورہ دو ماشہ سرکے میں خوب پیس کر لیپ کریں یہ مرض بعض مقامات میں کثرت سے ہوتا ہے مشکل سے جاتا ہے اسلئے مناسب ہے کہ شروع ہی میں علاج کریں اور کچھ عرصے تک نہ چھوڑیں

## فوطے یا عضو تناسل کا درد

کبھی ان اعضا میں درد ہونے لگتا ہے بدون اسکے کہ ورم ہو یا آنت اترے ... ملیں کہ اکثر اقسام میں مفید ہے اگر اس سے نہ جائے تو طبیب سے پوچھیں۔

## فوطوں یا جنگاسوں میں خراش ہو جانا

یہ اکثر پسینے کی شوریت سے ہو جاتا

---

... قانون جلد صفحہ ... کان فیہ ... فیہ لناہ اجا فرفرحاتہ ... الوزن ... المفردات ووزن الترتیب ... ۱۲
... قادری ۱۲ ... قانون ۱۲ ... اگر ... طب اکبر یا قادری ۱۲

Marfat.com

اسیواسطے گرمی کے موسم میں زیادہ ہوجاتا ہے۔ علاج گرم پانی اور صابون سے کریں تاکہ میل نہ جمے اور سفیدۂ کاشغری روغن گل میں ملاکر لگائیں اور اگر خراش ہو یہ مرہم لگائیں۔ کندر۔ دم الاخوین۔ مرمکی نو نو ماشہ۔ ایلوہ۔ مردار سنگ انزروت تین تین ماشہ باریک پیسکر روغن گل سات تولہ میں ملاکر خوب گھوٹیں کہ مرہم ہوجائے۔ جسکو فوطوں اور جنگاسوں میں پسینہ زیادہ آتا ہو مہندی کا پانی یا ہرے دھنیے کا پانی یا سرکہ پانی میں ملاکر لگایا کرے۔

**عضو تناسل کا ورم** اگر اس میں سوزش و تکلیف زیادہ ہو تو سرکہ اور روغن گل ملاکر ملیں اور اگر زیادہ سوزش نہ ہو تو چھوارے کی گٹھلی اور خطمی سرکے میں گھسکر لگائیں۔

قد وقع الفراغ عنہ للخامس عشر من ذیقعدۃ سنۃ ۱۳۲۴ نی میں تمہ فالحمد للہ الذی بعزتہ وجلالہ تتم الصلحت وصلے اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ و اصحابہ بعدد الکائنات۔ ۔ ۔ ۔

---


**تمت**

**البراہین القاطعہ**

چونکہ رد بدعۃ ہم لوگوں کا دین و ایمان ہے اور اتباع سنت کے لئے ہمیشہ اسی قسم کی کتب کی اشاعت کا خیال رہتا ہے چنانچہ اس قسم کے رسائل مثل تحفۂ میلاد۔ فتویٰ میلاد۔ صاعقۃ الرحمٰن علی حزب الشیطان۔ فوائد نیجہ۔ ترغیب الصلوٰۃ وغیرہ اسی مطلب کے لئے شائع کئے گئے ہیں اور بہت سے کتب ملاحظہ ناظرین سے گذر رہی ہیں مگر اس بارہ میں البراہین القاطعہ علیٰ ظلام الانوار الساطعہ جو پہلے بھی چھپ چکی ہے ایسی عجیب و غریب واقع ہوئی ہے کہ جسکی تعریف نہیں ہو سکتی بس اس سے زیادہ تعریف اس کتاب کی ضروری نہیں معلوم ہوتی۔ کہ حضرت مولنا **رشید احمد** صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نہایت پسند فرماکر ان کے آخر میں اس کی تعریف پر تقریظ تحریر فرمائی ہے۔ اس کتاب میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ صرف رسوم کی تردید اور بدعت ہونے کی تشریح و تفصیل پر اکتفا نہیں کیا بلکہ مبتدعین کی ایک ایک قول کا مدلل جواب تحریر ہے اہل سنت کو ایسی کتابوں کا اپنے پاس رکھنا نہایت ضروری ہے قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲ / ۱

ہر قسم کی کتابیں مولوی محمد یحییٰ صاحب مالک کتبخانہ امدادیہ گنگوہ (سہارنپور) سے طلب فرمائیں


Marfat.com

# حضرت مولانا مولوی رشید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف

| | | |
|---|---|---|
| امداد السلوک | (مطبوعہ جدید) ترجمہ رسالہ مکیہ جو تصوف کا ایک مستند رسالہ ہے جسکو حضرت مولانا نے اوائل شباب میں بارشاد حضرت حافظ محمد ضامن صاحب رحمۃ اللہ علیہ ترجمہ فرمایا تھا۔ فارسی ..... | [illegible] |
| ہدایۃ الشیعہ | ہادی علی لکھنوی شیعی کے دس سوالوں اور ایک اشتہار کا جواب نہایت مدلل دیا ہے۔ جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے یہ رسالہ کئی بار چھپا مگر اب جو کمیاب ہو گیا تھا اس لئے مع اصل اشتہار و سوالات پھر طبع ہوا ........ | [illegible] |
| زبدۃ المناسک | بحمد اللہ مسائل حج میں ایسی جامع اور مفید کتاب تالیف ہوئی ہے چھوٹی تقطیع [illegible] میں رہنے کے لائق ہے اس کے آخر میں ضروری روزمرہ کی عربی بول چال بھی درج ہے۔ | [illegible] |
| سبیل الرشاد | یہ رسالہ مسائل مختلفہ اہل حدیث و حنفیہ [illegible] حضرت مولانا نے تحریر فرمایا [illegible] مخالفین دونوں سے [illegible] ........ | |
| [illegible] | بعض استفسارات متعلقہ آیات [illegible] و روایات و شرح [illegible] | |
| [illegible] | [illegible] | |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | |
| [illegible] | [illegible] | |
| [illegible] | [illegible] | |
| [illegible] | | |

[illegible]

Marfat.com

## تالیفات حضرت حاجی امداد اللہ صاحب تھانوی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۱ر | ارشاد مرشد | ۰ر |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۲ر | در رفتار بحیات | [illegible] |
| [illegible] | | مثنوی تحفۃ العشاق | ۱ر | کلیات امدادیہ | ۱۰ر |
| ترجمہ ضیاء القلوب | ۴ر | رسالہ وحدت الوجود | [illegible] | — | — |

## تالیفات حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ

جس نے مولانا کی تقریر سنی ہوگی وہ تو جانتا ہی ہوگا اور جس نے نہیں سنی وہ آپ کی تالیفات سے دریافت کر سکتا ہے کہ آپ کو حق تعالیٰ نے کس درجہ کا علم و فہم عطا فرمایا تھا۔

**آبحیات** کے مضامین نہ کبھی دیکھے نہ سنے یہ کتاب آپ نے سفر حج میں حضرت مرشد برحق کو سنا کر صلہ دعاء و تحسین کا خلعت لیا تھا اس میں حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی حیات کا ثبوت ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ہدیۃ الشیعہ ... | ۸ر | یہ تینوں رسائل جواب اعتراضات شیعہ میں تالیف فرمائے ہیں |
| اجوبہ اربعین ... | ۸ر | |
| انتباہ المومنین | ۱ر | |
| تقریر دلپذیر | ۸ر | ان دونوں میں دلائل حقانیت دین اسلام ہیں |
| حجۃ الاسلام مع تتمہ | [illegible] | |
| مباحثہ شاہجہانپور | ۶ر | ان چاروں رسائل میں وہ مباحثہ درج ہیں جو مولانا نے غیر مذہب والوں سے کئے تحریر فرماتے ہیں |
| میلا خدا شناسی | ۲ر | |
| انتصار الاسلام | ۲ر | |
| [illegible] ... | ۵ر | |
| تصفیۃ العقائد ... | ۲ر | سید احمد خان کی ایک تحریر کا جواب |
| توثیق الکلام ... | ۱ر | بحث قرأت فاتحہ خلف الامام |
| دلیل محکم ... | [illegible] | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحفہ لحمیہ ... | ۰ر | مناظرہ عجیبہ | ۴ر | قصائد قاسمی | ۲ر | | |
| فیوض قاسمیہ | ۲ر | تحذیر الناس | ۲ر | اسرار قرآنی | ۱ر | | |

## تالیفات حضرت مولانا اشرف علی صاحب دام مجدہم

| | | |
|---|---|---|
| تعلیم الدین قدیم | ضروریات مسائل تصوف و اشغال و مراقبات و مکاشفات ...... | ۲ر |
| صفائی معاملات | فقہ کی ضروری باتیں جنکی ہر فرد بشر کو ضرورت رہتی ہے معاملات خرید فروخت و ٹھیکہ وغیرہ | ۱۰ر |
| جزاء الاعمال | بھلے برے اعمال کے ساتھ جزا سزا کا لازمی تعلق ..... | ۱ر |
| اصلاح الخیال | نیچریہ خیالات کی اصلاح بجواب ایک طولانی خط کے ..... | ۲ر |
| حق السماع | گانا سننے پر محققانہ مضمون ... | [illegible] |
| شجرہ مع تعلیم الطالب | حضرت حاجی صاحب کے شجرہ میں مقام دفن مشائخ و تاریخ وفات اضافہ کئے گئے ہیں | ۱ر |
| اقتصاد | در بحث تقلید و الاجتہاد احادیث صحیحہ سے تقلید کا اثبات و اجتہاد کی مفصل بحث اور شروط .. | ۲ر |
| اصلاح الرسوم | پیدایش کیوقت سے مرنے وقت تک کی رسوم مروجہ غیر مشروعہ کی اصلاح یا تردید ہے | ۴ر |
| قصد السبیل الی المولی الجلیل | تصوف کی تفہیم اور ہر شخص کے مناسب حال اسکو اس فن شریف کی تعلیم و ہدایت | ۱ر |
| تفسیر سورۂ بقرہ تمام | یہ اس تفسیر کا پہلا پارہ ہے جسکا عرصہ سے انتظار اور تقاضا تھا۔ | [illegible] |
| کلید مثنوی | مع شرح ترجمہ مثنوی مولانا روم از حضرت مولانا مدظلہم العالی دفتر اول | [illegible] |
| مناجات مقبول | کلام اللہ شریف میں جو دعائیں آئی ہیں وہ اور اس کا ترجمہ [illegible] | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق المہدی | [illegible] | حفظ الایمان | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| تحقیق تعلیم انگریزی | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| اصلاح ترجمہ نذیریہ | ۱ر | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| فروع الایمان | ۲ر | نور الصراط | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

**المشتہر مولوی محمد یحییٰ تاجر کتب رشیدیہ گنگوہ و سہارنپور**


Marfat.com